MD MUSTAFA

هُوالشّافی

کتاب المجرّبات

(منتخب مجرّبات اطبّائے پاکستان)



جنھیں پنجاب، سندھ، بلوچستان، سرحد اور آزاد کشمیر کے اطبّاء نے
انٹرویو کے وقت آیورویدک و یونانی طبّی بورڈ کو پیش کیا۔

ٹیکسٹ بک کمیٹی

بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن پاکستان



MD MUSTAFA

میرے والد والدہ

کے لئے دعائے مغفرت کریں

اور آپ حضرات اپنی دعاؤں میں

مجھ خاکسار کو بھی یاد رکھیں

آمین ثم آمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰

نحمدہٗ ونصلی علی رسولہ الکریم

التماس

محترم اطباء کرام !

بورڈ آف یونانی اینڈ آیورویدک سسٹم آف میڈیسن۔ پاکستان نے رجسٹریشن کے وقت اطبائے کرام سے مجرب نسخہ جات عطا کرنے کی جو اپیل کی تھی اس کا ہمارے اطبائے کرام نے فراخدلانہ طور پر خیر مقدم کرتے ہوتے بلا بخل اپنے مجرب نسخہ جات بورڈ کو عطا کئے۔ حسب وعدہ طبی بورڈ نے مجرب نسخہ جات کے اس مجموعے کو شائع کرنے کا اہتمام کیا اور ان کی تصحیح و تدوین کی خدمت مجھے تفویض کی گئی۔

میں نے جناب پروفیسر حکیم سید علی احمد نیر واسطی صاحب ستارہ خدمت صدر طبی بورڈ اور جناب حکیم ملک عبدالحفیظ صاحب رجسٹرار طبی بورڈ کی راہنمائی میں حتیٰ المقدور نسخہ جات کی از سر نو ترتیب و تبویب کا فرض ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اپنی بے بضاعتی، علمی کم مائیگی اور امدادی کتب کی کمی کے باوجود نسخہ جات کی بنیادی خامیاں جو کہیں اجزائے نام میں اور کہیں ترکیب اور مقدار خوراک میں پائی گئیں دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ اس کے باوجود بعید نہیں کہ اس کتاب میں خامیاں یا اغلاط نہ ہوں۔ کیونکہ

الانسان مرکب من الخطاء والنسیان

قارئین سے ملتمس ہوں کہ خامیوں سے درگذر فرمائیں اور ان کو دور کرنے کیلئے اپنی بیش قیمت آراء اور تجاویز سے آگاہ فرماتے رہیں تاکہ اسقام و اغلاط کو درست کر کے نقش ثانی کو نقش اول سے بہتر بنایا جا سکے۔

آخر میں حکیم عبدالباسط چشتی صاحب کا شکر گزار ہوں جن کی کوشش سے میں اس فرض کی ادائیگی سے عہدہ برآ ہو سکا۔ نیز میں ادارہ تحقیقات طبیہ لاہور، حکیم محمد حنیظ صاحب، حکیم غلام نبی صاحب، حکیم عبدالغفور عرشی صاحب، حکیم فضل حکیم فیضی صاحب، حکیم محمد عبداللہ صاحب و دیگر اطباء جن کے ناموں کا احاطہ یہاں نہیں ہو سکتا کے قیمتی مشوروں اور تعاون کیلئے بھی شکر گزار ہوں علاوہ ازیں برخوردار حکیم محمد احمد اور حکیم محمد حامد کے لئے بھی دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر سے نوازے جن کے تعاون اور مدد سے میں اس کار خیر کی تکمیل کر کے یہ ہدیہ پیش خدمت کر۔

آخر میں دعا کرتا ہوں کہ خدائے کریم اور مشافی مطلق میری اس کاوش کو مقبول اور نافع خاص و عام بنائے۔ آمین

احقر العباد

حکیم محمد نور الدین نظامی (حکیم حاذق)

طفیل شہید روڈ۔ بورے والا۔ ضلع ملتان، مورخہ ۳۱ اگست ۹۱ء

امراض الراس صفحہ ۲۲

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱	صداع دائمی	اطریفل صداع دائمی
۲	صداع شرکی معدی	حب صداع بارد مزمن
۳	صداع بارد ہمہ اقسام	حب صداع ہمہ اقسام
۴	صداع بعہ نزلہ دائمی	حب دافع صداع
۵	صداع ضعفی	حریرہ مقوی دماغ
۶	صداع مع کمزوری دماغ	دوائے صداع
۷	صداع بارد شدید	دوائے صداع
۸	صداع نزلاوی	دوائے صداع
۹	صداع دائمی	دوائے صداع
۱۰	"	دوائے صداع
۱۱	"	روغن دافع صداع
۱۲	صداع ہمہ اقسام	روغن اوجاع
۱۳	صداع ہمہ اقسام	سفوف صداع دائمی
۱۴	صداع شدید	سفوف اسطوخودوس
۱۵	صداع نزلاوی	سفوف انیس الارواح
۱۶	صداع دائمی	سفوف دافع صداع
۱۷	صداع صفراوی	شیرہ بارد
۱۸	صداع ہمہ اقسام	ضماد صداع
۱۹	شقیقہ	معجون مشک
۲۰	صداع ہمہ اقسام	معجون صداع
۲۱	صداع شدید	لفوخ صداع
۲۲	صداع دودی	روغن قاتل کرم دماغ
۲۳	شقیقہ	اکسیر شقیقہ
۲۴	شقیقہ وعصابہ	حب شقیقہ
۲۵	شقیقہ	حریرہ دافع شقیقہ
۲۶	شقیقہ	دوائے شقیقہ
۲۷	"	" "
۲۸	"	" "
۲۹	"	" "
۳۰	"	" "

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۳۱	شقیقہ	سفوف اسطوخودوس
۳۲	"	سفوف شقیقہ
۳۳	"	"
۳۴	"	سفوف دافع شقیقہ
۳۵	"	ضماد شقیقہ
۳۶	"	علاج شقیقہ
۳۷	"	قطور شقیقہ
۳۸	"	"
۳۹	"	"
۴۰	"	قیروطی دافع اوجاع
۴۱	"	کشتہ زرنیخ ابیض
۴۲	"	معجون مغزیات
۴۳	"	لفوخ شقیقہ
۴۴	"	نسوار شقیقہ
۴۵	"	ہلاس شقیقہ
۴۶	"	" "
۴۷	"	" "
۴۸	"	" "
۴۹	سرسام	شربت تمر ہندی
۵۰	سہر	حب سہر
۵۱	سدر و دوار	اکسیر سدر و دوار
۵۲	"	حب سدر و دوار
۵۳	"	" "
۵۴	"	حب دوار
۵۵	"	سفوف سدر و دوار
۵۶	"	معجون سدر و دوار
۵۷	نسیان	اکسیر نسیان
۵۸	"	"
۵۹	"	"
۶۰	"	"
۶۱	"	حب نسیان
۶۲	"	حب دافع نسیان

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۶۳	نسیان	حب نسیان بارد
۶۴	"	حب دافع نسیان
۶۵	"	حلوائے دافع نسیان
۶۶	"	حلوائے نسیان
۶۷	"	حریرۂ نسیان
۶۸	"	دوائے نسیان
۶۹		سفوف نسیان
۷۰	"	"
۷۱	"	معجون نسیان
۷۲	"	"
۷۳	"	معجون برہمی
۷۴	"	معجون نسیان
۷۵	"	"
۷۶	مالیخولیا	اطریفل افتیمون
۷۷	"	حب مالیخولیا
۷۸	مالیخولیائے مراقی	حب مالیخولیائے مراقی
۷۹	مالیخولیا	حب مالیخولیا
۸۰	"	دوائے مالیخولیا
۸۱	مالیخولیائے مراقی	دوائے مراقی
۸۲	مالیخولیا	دوائے مالیخولیا
۸۳	"	"
۸۴	"	دوائے اسرول
۸۵	"	روغن مالیخولیا
۸۶	"	"
۸۷	"	روغن برہمی
۸۸	"	سفوف اسطوخودوس
۸۹	"	سفوف برہمی
۹۰	"	سفوف مالیخولیا مراقی
۹۱	"	سفوف مالیخولیا
۹۲	"	شربت افتیمون
۹۳	"	شربت گڑہل مرکب
۹۴	"	شربت دافع مالیخولیا
۹۵	مالیخولیا	شربت مالیخولیا
۹۶	"	شربت منقی دماغ
۹۷	"	شربت مالیخولیا
۹۸	"	شربت ابریشم
۹۹	"	ماء الجبن
۱۰۰	"	معجون مالیخولیا
۱۰۱	"	معجون مالیخولیا
۱۰۲	صرع	حب منقی دماغ
۱۰۳	صرع و اختناق الرحم	حب جندعود
۱۰۴	صرع	حب صرع
۱۰۵	"	حب جند
۱۰۶	"	حب صرع
۱۰۷	صرع اطفال	حب صرع فرفیون والی
۱۰۸	صرع	حب صرع
۱۰۹	"	دوائے صرع
۱۱۰	صرع و نزلہ زکام	دوائے صرع مداری
۱۱۱	صرع	روغن شمام
۱۱۲	"	کشتہ شاخ گاؤمیش
۱۱۳	"	معجون صرع
۱۱۴	منقی دماغ	"
۱۱۵	صرع	مطبوخ صرع
۱۲۶	"	معجون لبسفائج
۱۱۷	"	نفوخ صرع
۱۱۸	صرع دودی	"
۱۱۹	"	ہلاس برائے صرع
۱۲۰	سکتہ	ہلاس برائے سکتہ
۱۲۱	فالج لقوہ وجع المفاصل	حب اذاراقی مرکب
۱۲۲	فالج نزلہ زکام بارد	حب اذاراقی
۱۲۳	فالج لقوہ	حب اذاراقی
۱۲۴	فالج، وجع المفاصل	حب فالج شنگرفی
۱۲۵	فالج۔ لقوہ۔ رعشہ	حب فالج
۱۲۶	فالج لقوہ اعصابی امراض	"

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ	نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۲۷	فالج لقوہ وجع المفاصل	حب عشرہ	۱۵۹	لقوہ	حب قرنفل
۱۲۸	فالج لقوہ رعشہ	حب مشک	۱۶۰	″	حب لقوہ
۱۲۹	فالج واوجاع	حب فالج	۱۶۱	″	حب مقوی اعظم
۱۳۰	فالج	حلوائے بیضہ	۱۶۲	″	دوائے لقوہ
۱۳۱	فالج لقوہ استرخا	دوائے فالج	۱۶۳	″	روغن دافع لقوہ
۱۳۲	فالج لقوہ	دوائے فالج	۱۶۴	″	روغن اکسیر
۱۳۳	فالج	دلک فالج	۱۶۵	″	روغن سہانجنہ
۱۳۴	فالج	روغن دافع فالج	۱۶۶	″	زنجفر مدبر
۱۳۵	فالج لقوہ رعشہ	روغن فالج	۱۶۷	″	سفوف لقوہ
۱۳۶	فالج وجع المفاصل	کشتہ تانبا	۱۶۸	″	ضماد دافع لقوہ
۱۳۷	فالج۔ خدر	کشتہ بارہ سنگھا	۱۶۹	″	قطور لقوہ
۱۳۸	فالج تشنج۔ ذات الصدر	کشتہ بارہ سنگھا	۱۷۰	″	معجون مقوی
۱۳۹	فالج	کشتہ بارہ سنگھا (گھیکوار والا)	۱۷۱	″	مطبوخ لقوہ
۱۴۰	فالج۔ رعشہ	کشتہ سیماب	۱۷۲	نزلہ و زکام	اطریفل کشنیز
۱۴۱	فالج لقوہ کزاز	لعوق فالج	۱۷۳	نزلہ بارد	حب نزلہ بارد
۱۴۲	فالج لقوہ زہر خوردہ	معجون فالج	۱۷۴	نزلہ زکام	حب زعفران
۱۴۳	تشنج	اکسیر تشنج	۱۷۵	″ ″	حب قنب
۱۴۴	″	حب تشنج	۱۷۶	نزلہ دائمی	حب نزلہ دائمی
۱۴۵	″	سفوف تشنج	۱۷۷	″ ″	حب زنجفر عنبری
۱۴۶	″	دوائے تشنج	۱۷۸	نزلہ زکام	حب لوز
۱۴۷	″	″	۱۷۹	″ ″	حب نزلہ و زکام
۱۴۸	″	کشتہ شنگرف	۱۸۰	″ ″	حب دافع نزلہ
۱۴۹	″	کشتہ شنگرف	۱۸۱	نزلہ حار و بارد	حب اذاراقی
۱۵۰	لقوہ	برشعشا	۱۸۲	نزلہ زکام و سعال	حب نزلہ و زکام
۱۵۱	″	حب بندق	۱۸۳	نزلہ دائمی	حب توابل
۱۵۲	″	حب اذاراقی	۱۸۴	″ ″	حب نزلہ دائمی
۱۵۳	″	″	۱۸۵	نزلہ	حب اسطوخودوس
۱۵۴	″	حب تنبول	۱۸۶	نزلہ زکام کھانسی	حب نزلہ و زکام
۱۵۵	″	حب بندق	۱۸۷	نزلہ زکام	حب نزلہ و زکام
۱۵۶	″	حب جند بید ستر	۱۸۸	نزلہ	جوشاندہ نزلہ و زکام
۱۵۷	″	حب سلاطین	۱۸۹	نزلہ و سعال بلغمی	دوائے نزلہ و زکام
۱۵۸	″	حب طمرخون	۱۹۰	نزلہ زکام	″ ″ ″

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۹۱	نزلہ دائمی مقوی دماغ	روغن مالکنگنی
۱۹۲	نزلہ زکام سعال	سفوف نزلہ زکام
۱۹۳	نزلہ زکام	سفوف نزلہ
۱۹۴	نزلہ زکام	سفوف بادیان
۱۹۵	نزلہ دائمی	سفوف اسطوخودوس
۱۹۶	نزلہ دائمی مقوی دماغ	سفوف مقوی دماغ
۱۹۷	نزلہ زکام مقوی دماغ و بصر	سفوف برہمی
۱۹۸	نزلہ دائمی	سفوف نزلہ دائمی
۱۹۹	نزلہ زکام کہنہ	شربت زوفا مرکب
۲۰۰	نزلہ دائمی	شربت نزلہ دائمی
۲۰۱	نزلہ زکام	کشتہ حلزون
۲۰۲	نزلہ دائمی	کشتہ عقیق
۲۰۳	" "	کشتہ نقرہ برائے دائمی نزلہ زکام
۲۰۴	" "	معجون منڈی
۲۰۵	" "	معجون نزلہ دائمی
۲۰۶	" "	معجون بزرالبنج
۲۰۷	" "	معجون نزلہ
۲۰۸	نزلہ وبائیہ	مطبوخ نزلہ وبائیہ
۲۰۹	نزلہ بند متعفنہ و بیہوشی	ہلاس نزلہ و زکام
۲۱۰	صداع	ہلاس نزلہ
۲۱۱	ضعف دماغ	اکسیر مقوی دماغ
۲۱۲	" "	اطریفل اسطوخودوس
۲۱۳	" "	اکسیر ضعف دماغ
۲۱۴	مقوی دماغ	حب اکسیر دماغ
۲۱۵	" "	حب مقوی دماغ
۲۱۶	" "	حب مقوی دماغ و اعصاب
۲۱۷	" "	حب مقوی دماغ
۲۱۸	" "	دوا ضعف دماغ
۲۱۹	" "	حلوائے مقوی دماغ
۲۲۰	" "	حریرہ ضعف دماغ
۲۲۱	" "	حریرہ ضعف دماغ
۲۲۲	" "	دوا ضعف دماغ
۲۲۳	مقوی دماغ	روغن مقوی دماغ
۲۲۴	" "	" " "
۲۲۵	" "	سفوف اسطوخودوس
۲۲۶	" "	سفوف دافع ضعف دماغ
۲۲۷	" "	شربت مقوی دماغ
۲۲۸	" "	غذا ضعف دماغ
۲۲۹	" "	کشتہ نقرہ
۲۳۰	" "	کشتہ مرجان
۲۳۱	" "	کشتہ مرجان مرکب
۲۳۲	" "	کشتہ سبع الحجار
۲۳۳	" "	لعوق مقوی دماغ
۲۳۴	" "	معجون مقوی دماغ
۲۳۵	" "	معجون مقوی دماغ
۲۳۶	" "	معجون لبوب
۲۳۷	ضعف اعصاب	اکسیر مقوی اعصاب
۲۳۸	" "	اکسیر مقوی و مسکن اعصاب
۲۳۹	" "	حب اذاراقی مرکب
۲۴۰	" "	حب اذاراقی
۲۴۱	" "	حب اذاراقی تریاقی
۲۴۲	" "	حب مرکب
۲۴۳	" "	حب مرکب
۲۴۴	" "	حب مقوی اعصاب
۲۴۵	" "	حب عنبر مقوی
۲۴۶	" "	حب کچلہ
۲۴۷	" "	حب مقوی اعصاب
۲۴۸	" "	دوا مقوی اعصاب
۲۴۹	" "	دوا ضعف اعصاب
۲۵۰	" "	شربت مقوی اعصاب
۲۵۱	" "	کشتہ زنجفر
۲۵۲	" "	کشتہ نقرہ مرکب
۲۵۳	" "	معجون مقوی دماغ و اعصاب
۲۵۴	" "	معجون مقوی اعصاب

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۵۵	تنقیہ دماغ	حب منقی دماغ
۲۵۶	" "	دواء " "

امراض العین صفحہ ۸۰

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۵۷	رمد	پوٹلی آشوب چشم
۲۵۸	بیاض	کحل بیاض بوجہ جدری
۲۵۹	"	کحل بیاض العین
۲۶۰	نزول الماء	کحل نزول الماء

امراض الاذن صفحہ ۸۹

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۶۱	وجع الاذن	دواء وجع الاذن
۲۶۲	" "	غسول وجع الاذن
۲۶۳	" "	روغن وجع الاذن
۲۶۴	سیلان الاذن	روغن سیلان الاذن
۲۶۵	" "	روغن نیب
۲۶۶	" "	سفوف دافع سیلان الاذن
۲۶۷	" "	قطور
۲۶۸	" "	شافہ سیلان الاذن

امراض الانف صفحہ ۹۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۶۹	رعاف	حب رعاف
۲۷۰	"	دواء سرخ
۲۷۱	رعاف نفث الدم	سفوف نزف الدم
۲۷۲	رعاف	شربت صندل مرکب
۲۷۳	رعاف ونفث الدم	ہلاس رعاف

امراض الاسنان ولثہ صفحہ ۹۳

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۷۴	وجع الاسنان	سنون وجع الاسنان
۲۷۵	لثہ دامیہ	سنون لثہ دامیہ
۲۷۶	" "	" " "
۲۷۷	" "	" " "

امراض الصدر والریہ صفحہ ۹۴

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۲۷۸	ضیق النفس	اکسیر ضیق النفس
۲۷۹	" "	حب ضیق النفس
۲۸۰	" "	" "
۲۸۱	" "	دوائے ضیق النفس
۲۸۲	" "	" "
۲۸۳	" "	سفوف ضیق النفس
۲۸۴	" "	" " "
۲۸۵	" "	شربت ضیق النفس
۲۸۶	" "	شربت ضیق النفس
۲۸۷	" "	عرق دافع ضیق النفس
۲۸۸	" "	کشتہ شنگرف
۲۸۹	" "	کشتہ مرجان
۲۹۰	سعال	اکسیر سعال
۲۹۱	"	اکسیر سعال رطب
۲۹۲	"	حب سعال
۲۹۳	"	حب جدوار
۲۹۴	"	حب رب السوس
۲۹۵	"	حب سعال
۲۹۶	"	" "
۲۹۷	"	" "
۲۹۸	"	حب سرفہ
۲۹۹	"	حب سعال
۳۰۰	"	" "
۳۰۱	"	حب کاکڑا سنگی
۳۰۲	"	حب کندر
۳۰۳	"	حب عروق الصدر
۳۰۴	"	حب میعہ
۳۰۵	"	" "
۳۰۶	"	حب مرمکی
۳۰۷	"	دوائے سرفہ

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۳۶۶	وجع المعدہ	سفوف وجع المعدہ
۳۶۷	"	سفوف دافع اوجاع معدہ
۳۶۸	"	سیال معدی
۳۶۹	"	سیال ہاضم
۳۷۰	"	سفوف درد معدہ
۳۷۱	"	طلاء وجع المعدہ
۳۷۲	سوء ہضم	اکسیر ہضم
۳۷۳	"	امرت دھارا قدیمی
۳۷۴	"	حب سہاگنا
۳۷۵	"	حب سوء ہضم
۳۷۶	"	حب سوء ہضم
۳۷۷	"	دواء سوء ہضم
۳۷۸	"	دواء مقوی ہضم
۳۷۹	"	دواء سوء ہضم
۳۸۰	"	سفوف کمون
۳۸۱	"	سفوف وج
۳۸۲	"	سفوف سوء ہضم
۳۸۳	"	سفوف ملینت
۳۸۴	"	سفوف ہاضم
۳۸۵	"	سفوف ہاضم
۳۸۶	"	سفوف کمون
۳۸۷	"	سفوف پودینہ
۳۸۸	"	معجون قسط
۳۸۹	ہیضہ	تریاق ہیضہ
۳۹۰	"	حب ہیضہ آہکی
۳۹۱	"	حب حشیش
۳۹۲	"	حب عشر
۳۹۳	"	حب عشر دیگر
۳۹۴	"	حب فودنج
۳۹۵	"	حب فلفل
۳۹۶	"	حب فلفل احمر
۳۹۷	"	حب فلفل
۳۹۸	ہیضہ	حب ہیضہ قبضی
۳۹۹	"	حب ہیضہ
۴۰۰	"	دوائے ہیضہ
۴۰۱	"	دوائے ہیضہ
۴۰۲	"	"
۴۰۳		"
۴۰۴	"	سفوف پودینہ
۴۰۵	"	سیال ہاضم
۴۰۶	نفخ شکم	جوارش بسفائج
۴۰۷	"	جوارش طباشیر
۴۰۸	"	حب مرکب
۴۰۹	"	حب نانخواہ
۴۱۰	"	سفوف افسنتین
۴۱۱	"	سفوف تنکار
۴۱۲	"	سفوف دافع نفخ
۴۱۳	"	سفوف سماق
۴۱۴	"	سفوف ہاضم
۴۱۵	قے	اکسیر طباشیر
۴۱۶	"	حب کافوری
۴۱۷	"	حب اصل العشر
۴۱۸	"	دوائے قے
۴۱۹	فواق	بخور فواق
۴۲۰	"	حب فواق
۴۲۱	"	سفوف شونیز
۴۲۲	"	سفوف فواق
۴۲۳	"	سفوف فواق
۴۲۴	"	سفوف کرفس
۴۲۵	"	قہوہ دافع فواق
۴۲۶	"	مطبوخ بصل
۴۲۷	"	معجون فواق
۴۲۸	وجع الفواد	اکسیر زعفرانی
۴۲۹	"	حب وجع الفواد

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۴۹۲	قبض	اکسیر دافع قبض
۴۹۳	"	حب بسفائج
۴۹۴	"	حب ملینیت
۴۹۵	"	حب دند
۴۹۶	"	حب دافع قبض
۴۹۷	"	حب سقمونیا
۴۹۸	"	" "
۴۹۹	"	حب صبر
۵۰۰	"	حب صبر مرکب
۵۰۱	"	حب عصارہ
۵۰۲	"	" "
۵۰۳	"	" "
۵۰۴	"	حب قبض کشا
۵۰۵	"	حب مصطگی
۵۰۶	"	حب مسہل
۵۰۷	"	" "
۵۰۸	"	سفوف اطریفل
۵۰۹	"	سفوف بادیان
۵۱۰	"	سفوف جلاپا مرکب
۵۱۱	"	سفوف سنا
۵۱۲	"	سفوف سنامکی
۵۱۳	"	سفوف ملین
۵۱۴	"	سفوف مسہل
۵۱۵	"	سفوف ہاضم
۵۱۶	"	قرص جلاپا
۵۱۷	"	معجون ملین

امراض المقعد صفحہ ۵۵۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۵۱۸	بواسیر ریحی	تریاق بواسیر
۵۱۹	" "	حب بادنجان دشتی
۵۲۰	" "	حب بندق
۵۲۱	" "	حب بواسیر

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۵۲۲	بواسیر ریحی	حب بواسیر
۵۲۳	" "	" "
۵۲۴	" "	حب بواسیر مقلی
۵۲۵	" "	حب بواسیر
۵۲۶	" "	" "
۵۲۷	" "	" "
۵۲۸	" "	" "
۵۲۹	" "	" "
۵۳۰	" "	" "
۵۳۱	" "	حب بواسیر مرکب
۵۳۲	" "	حب بواسیر
۵۳۳	" "	" "
۵۳۴	" "	" "
۵۳۵	بواسیر دموی	حب چشتخام
۵۳۶	" "	حب رتن جوت
۵۳۷	" "	حب زہرہ
۵۳۸	" "	حب صفراء
۵۳۹	بواسیر ریحی	حب طوطیا
۵۴۰	بواسیر دموی	خیساندہ بواسیر
۵۴۱	بواسیر	دوائے بواسیر
۵۴۲	"	دوائے بواسیر
۵۴۳	"	روغن بواسیر
۵۴۴	"	روغن دافع بواسیر
۵۴۵	"	روغن زیب
۵۴۶	"	سفوف بکاین
۵۴۷	"	سفوف بواسیر
۵۴۸	"	سفوف ناگ کیسر
۵۴۹	"	سفوف بواسیر
۵۵۰	"	سفوف قنب
۵۵۱	"	ضماد بواسیر
۵۵۲	"	علاج بواسیر
۵۵۳	"	مرہم رس کپور

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۵۵۴	بواسیر	مرہم بواسیر
۵۵۵	"	"
۵۵۶	نواسیر	حب نواسیر
۵۵۷	"	دوائے نواسیر
۵۵۸	"	روغن نواسیر
۵۵۹	"	"
۵۶۰	"	روغن مغز تخم بندق
۵۶۱	"	کشتہ طوطیا
۵۶۲	"	مرہم ناسور
۵۶۳	"	مرہم ناسور
۵۶۴	خروج مقعد	طلاء خروج مقعد

امراض الکبد صفحہ ۱۶۷

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۵۶۵	ضعف کبد	اکسیر جگر فولادی
۵۶۶	"	اکسیر الکبد
۵۶۷	"	تریاق الکبد
۵۶۸	"	حب افسنتین
۵۶۹	"	حب کبد
۵۷۰	"	حب فولاد
۵۷۱	سوء القنیہ	حب ہلیلہ
۵۷۲	ضعف کبد	دوائے ضعف کبد
۵۷۳	"	دوائے مقوی کبد
۵۷۴	وجع الکبد	سفوف ابرک
۵۷۵	ضعف کبد وتپ خفیف	سفوف افسنتین
۵۷۶	جملہ امراض الکبد	سفوف تباشیر
۵۷۷	"	سفوف ساذج
۵۷۸	یرقان ضعف کبد	سفوف شب
۵۷۹	ضعف کبد وعظم کبد	سفوف ریوند
۵۸۰	ضعف کبد	سفوف فولادی
۵۸۱	"	سفوف مقوی کبد
۵۸۲	"	سیال فولاد
۵۸۳	"	سیال نوشادری
۵۸۴	ضعف کبد	شربت افسنتین مرکب
۵۸۵	"	شربت دینارفیری
۵۸۶	"	شربت کماذریوس
۵۸۷	"	شربت کبد
۵۸۸	"	کشتہ فولاد مدبر
۵۸۹	"	معجون خبث الحدید
۵۹۰	ورم کبد استسقاء	حب اکسیر جگر
۵۹۱	ورم کبد	حب ریوند
۵۹۲	ضعف کبد	حب لیسری
۵۹۳	ورم کبد	حب کبد
۵۹۴	عظم کبد	حب گردندہ
۵۹۵	جملہ امراض کبد	حب افسنتین
۵۹۶	سدہ کبد وعظم کبد	سفوف تنکار
۵۹۷	ورم کبد	سفوف ریباس مرکب
۵۹۸	جملہ امراض کبد	سفوف ریوند مرکب
۵۹۹	ورم کبد	سفوف دخلی
۶۰۰	ورم کبد	سفوف دافع ورم کبد
۶۰۱	ضعف کبد	سیال ریوند
۶۰۲	ورم کبد	کشتہ زاج اخضر
۶۰۳	سدہ کبد	عرق بادنجان
۶۰۴	ورم کبد	محلول انگوزہ
۶۰۵	عظم الکبد	محلول کبدی
۶۰۶	ورم جگر	نوشادر سیال
۶۰۷	وجع الکبد	حب سیر
۶۰۸	استسقاء	اکسیر استسقاء
۶۰۹	"	حب استسقاء
۶۱۰	استسقاء زقی	حب استسقاء زقی
۶۱۱	استسقاء ہمہ اقسام	حب استسقاء
۶۱۲	استسقاء سوء القنیہ	حب جوز القی
۶۱۳	استسقاء زقی، یرقان	حب حنظل
۶۱۴	استسقاء	حب زراوند
۶۱۵	استسقاء ہمہ اقسام	دوائے استسقاء

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۶۷۴	وجع الکلیہ	حب فلفل
۶۷۵	〃	دوائے درد گردہ
۶۷۶	وجع الکلیہ وسوء ہضم	دوائے وجع الکلیہ
۶۷۷	وجع الکلیہ	سرکہ خردلی
۶۷۸	〃	سفوف اصل الخروع
۶۷۹	〃	سفوف تنکار
۶۸۰	〃	سفوف جدوار والا
۶۸۱	وجع الکلیہ وحصاۃ گردہ	سفوف خار خسک
۶۸۲	وجع الکلیہ	سفوف ریوند
۶۸۳	〃	سفوف رعی الحمام
۶۸۴	〃	سفوف رعی
۶۸۵	وجع الکلیہ ریحی	سفوف زاج
۶۸۶	〃 〃	سفوف شب مدبر
۶۸۷	〃 〃	سفوف شورہ
۶۸۸	وجع الکلیہ	سفوف طین
۶۸۹	〃	سفوف مسکن وجع الکلیہ
۶۹۰	〃	سفوف ملحین
۶۹۱	〃	شربت برگ انگور
۶۹۲	〃	کشتہ حجر الیہود مدبر
۶۹۳	〃	کشتہ حجر الیہود
۶۹۴	〃	〃 〃
۶۹۵	وجع الکلیہ ومرارہ	محلول حلتیت

ذیابیطس صفحہ ۲۰۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۶۹۶	ذیابیطس	اکسیر ذیابیطس
۶۹۷	ذیابیطس شکری	حب اسپند
۶۹۸	〃 〃	حب بانقراس مرواریدی
۶۹۹	〃 〃	حب ذیابیطس
۷۰۰	〃 〃	حب زنجفر
۷۰۱	〃 〃	حب زمرد
۷۰۲	〃 〃	حب سلاجیت
۷۰۳	〃 〃	حب زمرد عنبری
۷۰۴	ذیابیطس	حب زنجفر
۷۰۵	ذیابیطس شکری	حب گڑمار
۷۰۶	ذیابیطس	حب مغز بنبہ دانہ
۷۰۷	〃	حب مغیلان
۷۰۸	〃	دوائے جوز بوار
۷۰۹	〃	دوائے ذیابیطس
۷۱۰	〃	دوا یمانی
۷۱۱	〃	سفوف لبد
۷۱۲	〃	سفوف بلوط
۷۱۳	〃	سفوف جامن
۷۱۴	〃	سفوف جواہر
۷۱۵	〃	سفوف خرفہ
۷۱۶	〃	سفوف دال
۷۱۷	〃	سفوف سروالی
۷۱۸	〃	سفوف سمندر سوکھ
۷۱۹	〃	سفوف قثاء الحمار
۷۲۰	〃	سفوف کرنب الماء
۷۲۱	〃	سفوف کریلا
۷۲۲	〃	سفوف کندر
۷۲۳	〃	سفوف گڑمار
۷۲۴	〃	سفوف سلاجیت
۷۲۵	〃	سفوف نار شک
۷۲۶	〃	سفوف نیب
۷۲۷	〃	سفوف موچرس
۷۲۸	〃	ضماد ذیابیطس
۷۲۹	〃	عرق گڑمار
۷۳۰	〃	کشتہ جہنار
۷۳۱	〃	کشتہ ساق برز
۷۳۲	〃	محلول بیضہ مرغ

حصات کلیہ ومثانہ صفحہ ۲۱۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۷۳۳	حصات مثانہ	جوہر نوشادر

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۴۳۴	حصاۃ کلیہ و مثانہ	جوہر نوشادر قلمی
۴۳۵	حصاۃ کلیہ	دوائے اربتی
۴۳۶	"	دوائے حصات
۴۳۷	حصاۃ کلیہ و مثانہ	دوائے حصات کلیہ و مثانہ
۴۳۸	" "	" " "
۴۳۹	" "	" " "
۴۴۰	" "	دوائے مفتت
۴۴۱	" "	روغن دفلی
۴۴۲	" "	دوائے حجر الیہود
۴۴۳	" "	سفوف بلادری
۴۴۴		سفوف بلادر کبریتی
۴۴۵	" "	سفوف حجر السمک
۴۴۶	" "	سفوف مفتت کلیہ و مثانہ
۴۴۷	" "	سفوف نوشادر
۴۴۸	" "	سیال مفتت حصات
۴۴۹	" "	شربت حب القلت
۴۵۰	" "	شربت مفتت حصات
۴۵۱	" "	شیرہ بکن بوٹی
۴۵۲	" "	شیرہ کٹائی
۴۵۳	" "	شیر مفتت
۴۵۴	" "	علاج حصاۃ کلیہ و مثانہ
۴۵۵	" "	کشتہ حجر الیہود
۴۵۶	" "	کشتہ حجر الیہود بندق
۴۵۷	" "	کشتہ حجر الیہود
۴۵۸	" "	کشتہ حجر الیہود عقربی
۴۵۹	" "	کشتہ حجر الیہود
۴۶۰	" "	نمک مفتت
۴۶۱	" "	محلول شورہ قلمی

امراض البول صفحہ ۲۱۹

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۴۶۲	سلسل البول	حب مقوی مثانہ
۴۶۳	"	دوائے سلسل البول
۴۶۴	سلسل البول	دوائے سلسل البول
۴۶۵		سفوف بلوط
۴۶۶	بول فی الفراش	سفوف حابس البول
۴۶۷	سلسل البول جریان احتلام ذیابیطس	سفوف سعد
۴۶۸	سلسل البول	سفوف سلاجیت زعفرانی
۴۶۹	بول فی الفراش	سفوف سلسل البول
۴۷۰	" "	سفوف کندر
۴۷۱	تقطیر البول کثرت احتلام	سفوف ماسک البول
۴۷۲	سلسل البول ذیابیطس	کشتہ زنجفر
۴۷۳	سلسل البول	کشتہ مغیلان
۴۷۴	"	معجون سلسل بول
۴۷۵	حبس بول	دوائے مدر بول
۴۷۶	حبس بول	دوائے مدر بول
۴۷۷	احتباس بول و ورم غدہ مذی	سفوف زردچوب
۴۷۸	مدر بول	سفوف ریوند
۴۷۹	"	سفوف شب یمانی
۴۸۰	"	سفوف مدر نوشادری
۴۸۱	"	سفوف مدر بول
۴۸۲	"	"
۴۸۳	"	"
۴۸۴	"	شیر مدر البول

حرقت البول۔ سوزاک صفحہ ۲۲۴

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۴۸۵	سوزاک، حرقت البول	اکسیر سوزاک
۴۸۶	" "	اکسیر حرقت البول
۴۸۷	" "	حب توتیا
۴۸۸	" "	حب سرد چینی
۴۸۹	" "	حب قاتل کبار
۴۹۰	سلسل البول احتباس البول ورم و درد مثانہ	حب قنہ
۴۹۱	حرقت البول	دوائے حرقت البول
۴۹۲	"	زردق
۴۹۳	"	دوائے حرقت البول

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۷۹۴	حرقۃ البول	دوائے حرقۃ البول
۷۹۵	"	دوائے حرقۃ البول
۷۹۶	"	دوائے سوزاک
۷۹۷	سوزاک	دوائے حرقۃ البول (سوزاک)
۷۹۸	"	روغن مقل
۷۹۹	حرقۃ البول	سفوف جوہر قنۃ
۸۰۰	"	سفوف ریباس جو کھار والا
۸۰۱	"	سفوف سنگجراحت
۸۰۲	"	سفوف طباشیر
۸۰۳	"	سفوف کبابہ ضروری
۸۰۴	"	سفوف گلنار
۸۰۵	"	سفوف مغیلاں
۸۰۶	"	علاج حرقۃ البول
۸۰۷	"	روغن زبان سگ
۸۰۸	آتشک بواسیر جرب و حکہ	کشتہ توتیا
۸۰۹	سوزاک کہنہ	کشتہ سرمہ سفید
۸۱۰	جملہ امراض بول	کشتہ صدف مرواریدی

امراض مخصوص بہ مرداں صفحہ ۲۲۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۸۱۱	ضعف باہ	حب اذاراقی مرکب
۸۱۲	"	حب جدوار عنبری
۸۱۳	"	حب شنگرف
۸۱۴	"	حب عاقرقرحا
۸۱۵	"	حب مالکنگنی
۸۱۶	"	حب قوی باہ مرکب
۸۱۷	"	حب مقوی باہ
۸۱۸	"	"
۸۱۹	"	"
۸۲۰	"	"
۸۲۱	"	حب مقوی باہ لعبلی
۸۲۲	"	حب نقرہ
۸۲۳	"	دوائے ضعف باہ
۸۲۴	ضعف باہ اوجاع ہمہ اقسام	سفوف اذاراقی مرکب
۸۲۵	ضعف باہ و سرعت انزال	سفوف عاقرقرحا
۸۲۶	ضعف باہ	سفوف مقوی باہ
۸۲۷	ضعف باہ و رقت منی	سفوف مغلظ
۸۲۸	ضعف باہ	شربت زنجفر
۸۲۹	"	کشتہ زنجفر
۸۳۰	"	کشتہ زنجفر
۸۳۱	"	کشتہ عقیق
۸۳۲	جریان و احتلام	حب اسپند
۸۳۳	"	حب دافع جریان
۸۳۴	"	حب عقرقرحا
۸۳۵	"	حب سرس
۸۳۶	"	حب مغیلان
۸۳۷	"	سفوف بادیان
۸۳۸	"	سفوف بیج بند
۸۳۹	"	سفوف بیج مغیلاں
۸۴۰	"	سفوف تالمکھانہ
۸۴۱	"	سفوف تخم ریحاں
۸۴۲	"	سفوف ثعلب
۸۴۳	جریان منی	سفوف جریان منی
۸۴۴	جریان و احتلام	سفوف دافع جریان
۸۴۵	"	سفوف ستاور
۸۴۶	"	سفوف شقاقل مصری
۸۴۷	"	سفوف کشنیز
۸۴۸	"	سفوف کشتہ قلعی والا
۸۴۹	"	سفوف کمرکس
۸۵۰	"	سفوف کوکنار
۸۵۱	"	سفوف موچرس
۸۵۲	"	سفوف موصلی
۸۵۳	"	سفوف نارجیل دریائی
۸۵۴	"	کشتہ نقرہ
۸۵۵	"	کشتہ پوست بیضہ مرغ

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۸۵۶	جریان و احتلام	کشتہ نقرہ مرکب
۸۵۷	"	معجون ثعلب

امراض مخصوص بہ نسواں صفحہ ۲۴۲

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۸۵۸	عقر	حب مرکی
۸۵۹	"	حب مشک
۸۶۰	"	حمول دافع عقر
۸۶۱	"	دوائے عقر
۸۶۲	"	سفوف بامیہ
۸۶۳	"	سفوف دافع عقر
۸۶۴	"	سفوف دافع عقر
۸۶۵	"	سفوف عاج
۸۶۶	"	سفوف قلب الحجر
۸۶۷	"	سفوف معین حمل
۸۶۸	"	شربت مختار
۸۶۹	"	علاج عقر
۸۷۰	"	حمول معین حمل
۸۷۱	اسقاط حمل	جوشاندہ دافع اسقاط حمل
۸۷۲	"	سفوف انجبار
۸۷۳	"	سفوف فادزہر
۸۷۴	"	سفوف محافظ حمل
۸۷۵	"	حب انجبار
۸۷۶	"	سفوف پیشنام
۸۷۷	"	حب حجر القلب
۸۷۸	"	حب رسوت
۸۷۹	"	سفوف کہربا
۸۸۰	"	حب مروارید
۸۸۱	"	کشتہ ہڑتال گئودنتی
۸۸۲	کثرت طمث	دوائے کثرت طمث
۸۸۳	"	کشتہ شب یمانی
۸۸۴	"	کشتہ سنگجراحت
۸۸۵	"	سفوف اسرنج

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۸۸۶	کثرت طمث	سفوف حابس الدم
۸۸۷	"	سفوف راتینج
۸۸۸	"	سفوف سنگجراحت
۸۸۹	"	سفوف کہربا
۸۹۰	"	سفوف مصطگی
۸۹۱	"	شافہ حابس
۸۹۲	"	کشتہ پوست بیضہ مرغ
۸۹۳	"	کشتہ زنجفر
۸۹۴	"	کشتہ سنگجراحت
۸۹۵	احتباس طمث	جوشاندہ مدر حیض
۸۹۶	"	حب ارواح
۸۹۷	"	حب افسنتین
۸۹۸	"	حب ریوند
۸۹۹	"	حب زعفران
۹۰۰	"	حب سورنجان
۹۰۱	"	حب صبر
۹۰۲	"	حب عروسک
۹۰۳	"	سفوف مدر
۹۰۴	"	حب مدر حیض
۹۰۵	"	حب مر زعفرانی
۹۰۶	"	دوائے احتباس طمث
۹۰۷	"	سفوف ریباس
۹۰۸	"	سفوف مدر حیض
۹۰۹	"	سفوف مر
۹۱۰	"	شافہ مدر حیض
۹۱۱	سیلان الرحم	پنجیری
۹۱۲	"	حب مرواریدی
۹۱۳	"	سفوف بیل
۹۱۴	"	سفوف بزرین
۹۱۵	"	سفوف ستاور
۹۱۶	"	سفوف سروالی
۹۱۷	"	سفوف عفص

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۹۱۸	سیلان الرحم	سفوف فوفل
۹۱۹	"	سفوف کہربا
۹۲۰	"	سفوف گل پستہ
۹۲۱	"	سفوف گل فوفل
۹۲۲	"	سفوف لک
۹۲۳	"	سفوف لودھ
۹۲۴	"	سفوف مغیلان
۹۲۵	"	کشتہ صدف عقفصی
۹۲۶	ورم رحم	شیافہ مخرج بار رحم
۹۲۷	"	شیافہ ورم رحم
۹۲۸	"	"
۹۲۹	"	ضماد محلل ورم رحم
۹۳۰	"	فرزجہ
۹۳۱	"	قطور محلل ورم رحم
۹۳۲	اختناق الرحم	حب ابہل
۹۳۳	"	حب اسرول
۹۳۴	"	حب اسرول
۹۳۵	"	حب تنبول
۹۳۶	"	حب جند بیدستر
۹۳۷	"	حب دافع اختناق
۹۳۸	"	حب زعفرانی
۹۳۹	"	حب عود صلیب
۹۴۰	"	حب عود صلیب
۹۴۱	"	سفوف اسرول والا
۹۴۲	"	سفوف حلتیت
۹۴۳	"	سفوف دافع اختناق الرحم
۹۴۴	عقر	حب لباسہ
۹۴۵	"	حب حل نیم
۹۴۶	"	حب چشتخام
۹۴۷	"	حب سرو
۹۴۸	"	حب صدفی
۹۴۹	"	حب عود صلیب

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۹۵۰	مایوس اولاد نرینہ	حب بکن
۹۵۱	"	حب جواہر
۹۵۲	"	سفوف شونیز
۹۵۳	"	سفوف عاج
۹۵۴	عسر الولادت	دوائے عسر ولادت
۹۵۵	"	"
۹۵۶	"	تصدیق بالا دوائے عسر ولادت
۹۵۷	"	معجون عسر ولادت
۹۵۸	ضبط تولید	دوائے ضبط تولید
۹۵۹	"	" "
۹۶۰	"	" "
۹۶۱	"	" "
۹۶۲	"	" "
۹۶۳	"	" "
۹۶۴	حمی نفاسیہ	حب ماثل
۹۶۵	"	حب مزو
۹۶۶	"	دوائے حمی نفاسیہ
۹۶۷	"	شیافہ حمی نفاسیہ
۹۶۸	"	دوائے حمی نفاسیہ
۹۶۹		حمول حمی نفاسیہ
۹۷۰		زنجفر مدبر

امراض عامہ صفحہ ۲۷۱

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۹۷۱	وجع القطن	حب اذاراقی
۹۷۲	"	دوائے وجع القطن
۹۷۳	"	روغن دافع اوجاع
۹۷۴	وجع المفاصل	حب اسگند
۹۷۵	"	حب اسگند مرکب فلفلین
۹۷۶	"	حب زنجفر
۹۷۷	"	حب سورنجان
۹۷۸	"	حب سورنجان مرکب
۹۷۹	"	حب مقل

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۹۸۰	وجع المفاصل	حب مقل مرکب
۹۸۱	〃	حب مقل
۹۸۲	〃	حب نانخواہ
۹۸۳	〃	حب ہلیلہ صبری
۹۸۴	〃	حلوائے گھیکوار
۹۸۵	〃	دوائے وجع المفاصل
۹۸۶	〃	روغن اوجاع
۹۸۷	〃	روغن برگ مدار
۹۸۸	〃	روغن شاخ گوزن
۹۸۹	〃	روغن قسط
۹۹۰	〃	سفوف خولنجان
۹۹۱	〃	سفوف سورنجان
۹۹۲	〃	سفوف سورنجان کمونی
۹۹۳	〃	سفوف سورنجان
۹۹۴	〃	سفوف عنبر
۹۹۵	نقرس	حب اذاراقی
۹۹۶	〃	حب بوزیدان
۹۹۷	〃	حب فاریقون
۹۹۸	〃	روغن سہ برگ
۹۹۹	〃	روغن سورنجان
۱۰۰۰	〃	روغن زنجبیل مدبر
۱۰۰۱	〃	سفوف عاقرقرحا
۱۰۰۲	〃	سفوف سورنجان
۱۰۰۳	〃	ملح اربعہ
۱۰۰۴	عرق النساء	حب تربد
۱۰۰۵	〃	حب سورنجان
۱۰۰۶	〃	حب فودنج
۱۰۰۷	〃	حب قصب الزریرہ
۱۰۰۸	〃	حب قسط
۱۰۰۹	〃	حب مثلث
۱۰۱۰	〃	حلوائے پیاز
۱۰۱۱	〃	روغن سُرخ
۱۰۱۲	عرق النساء	سفوف سورنجان سنائی
۱۰۱۳	〃	سفوف سورنجاں شیریں
۱۰۱۴	〃	عرق فودنج مرکب
۱۰۱۵	شری	حب جل نیم
۱۰۱۶	〃	حب گھیکوار
۱۰۱۷	〃	دوائے شری
۱۰۱۸	〃	سفوف قسط
۱۰۱۹	〃	معجون نارمشک
۱۰۲۰	دُمل	مرہم دُمل
۱۰۲۱	〃	مرہم دُمل
۱۰۲۲	خنازیر	اکسیر خنازیر
۱۰۲۳	〃	حب چشخام
۱۰۲۴	〃	حب خنازیر
۱۰۲۵	〃	حب دارچکنا
۱۰۲۶	〃	حب رسکپور کبریتی
۱۰۲۷	〃	حب زنجفر
۱۰۲۸	〃	کشتہ توتیا
۱۰۲۹	〃	مرہم خنازیر
۱۰۳۰	〃	مرہم سام ابرص
۱۰۳۱	سعفہ	روغن سعفہ
۱۰۳۲		ضماد سعفہ
۱۰۳۳	حکہ و جرب	حب جرجیر
۱۰۳۴	〃	دوائے جرب
۱۰۳۵	〃	دوائے جرب و حکہ
۱۰۳۶	〃	سفوف بابچی
۱۰۳۷	〃	سفوف کبریتی
۱۰۳۸	〃	طلاء جرب و حکہ
۱۰۳۹	〃	〃 〃
۱۰۴۰	〃	〃 〃
۱۰۴۱	〃	〃 〃
۱۰۴۲	〃	〃 〃
۱۰۴۳	〃	مرہم جرب

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۰۴۴	حکہ و جرب	مطبوخ ہفت دوزہ
۱۰۴۵	داد	روغن زرنیخ
۱۰۴۶	"	روغن کبریت
۱۰۴۷	"	شافہ کبریتی
۱۰۴۸	"	ضماد مقل
۱۰۴۹	"	طلائے حب سلاطین
۱۰۵۰	"	طلائے داد
۱۰۵۱	"	طلائے داد
۱۰۵۲	چنبل	حب کتائی
۱۰۵۳	"	روغن شاخ بز
۱۰۵۴	"	روغن پوست بادام
۱۰۵۵	"	روغن توتیا اخضر
۱۰۵۶	"	طلائے دافع چنبل
۱۰۵۷	"	مرہم چنبل
۱۰۵۸	"	" "
۱۰۵۹		
۱۰۶۰	آتشک	اکسیر آتشک
۱۰۶۱	"	جوہر دار چکنہ
۱۰۶۲	"	حب بلادری
۱۰۶۳	"	حب توتیا
۱۰۶۴	"	حب خرمہرہ
۱۰۶۵	"	حب دار چکنہ
۱۰۶۶	"	حب رسکپور
۱۰۶۷	"	حب سیماب
۱۰۶۸	"	دوائے آتشک
۱۰۶۹	"	علاج آتشک
۱۰۷۰	"	حب رسکپور
۱۰۷۱	"	عرق مصفی خون
۱۰۷۲	"	کشتہ توتیا
۱۰۷۳	"	مرہم رسکپور
۱۰۷۴	"	مرہم آتشک
۱۰۷۵	قروح	ذرور عشری

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۰۷۶	قروح	مرہم بلادری
۱۰۷۷	"	مرہم زنجفر
۱۰۷۸	"	مرہم زنگار
۱۰۷۹	"	مرہم قروح
۱۰۸۰	"	مرہم عشری
۱۰۸۱	"	" "
۱۰۸۲	برص	حب برص
۱۰۸۳	"	حب تین
۱۰۸۴	"	دوائے برص
۱۰۸۵	"	دوائے برص
۱۰۸۶	"	" "
۱۰۸۷	"	سفوف سرس
۱۰۸۸	"	ضماد برص
۱۰۸۹	"	عرق دافع برص
۱۰۹۰	"	علاج برص
۱۰۹۱	حرق النار	مرہم زال
۱۰۹۲	"	مرہم کیلا

حمیات صفحہ ۳۰۴

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۰۹۳	حمی دق	اکسیر دق وسل
۱۰۹۴	"	اکسیر عشری
۱۰۹۵	"	حب دق
۱۰۹۶	"	حب دافع تپ دق
۱۰۹۷	"	حب سرطان
۱۰۹۸	"	دوائے تپ دق
۱۰۹۹	"	سفوف دافع تپ دق
۱۱۰۰	"	سفوف سل و دق
۱۱۰۱	"	سفوف ست گلو والا
۱۱۰۲	حمی محرقہ شدیدہ	سفوف کافوری
۱۱۰۳	حمی کہنہ وجدید وسل	شب مدبر
۱۱۰۴	حمی دق وسل	شربت مرکب
۱۱۰۵	حمی کہنہ	عرق کچنال

امراض متفرقہ صفحہ ۲۲۱

امراض الاطفال صفحہ ۲۲۶

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۱۶۷	عطاش	جوشاندہ زرشک
۱۱۶۸	"	خیساندہ زرشک
۱۱۶۹	"	سفوف تباشیر
۱۱۷۰	"	سفوف فادزہر
۱۱۷۱	"	سفوف نارجیل
۱۱۷۲	ام الصبیان	اکسیر ام الصبیان
۱۱۷۳	"	حب ام الصبیان
۱۱۷۴	"	" "
۱۱۷۵	"	" "
۱۱۷۶	"	" "
۱۱۷۷	"	" "
۱۱۷۸	"	حب جدوار
۱۱۷۹	"	حب مرجبند
۱۱۸۰	"	حب جند بیدستر
۱۱۸۱	ام الصبیان وکزاز	حب جوز
۱۱۸۲	" وصرع اطفال	حب حلتیت مرکب
۱۱۸۳	" " "	حب زعفران
۱۱۸۴	" " "	حب سلحفاۃ
۱۱۸۵	ام الصبیان	حب صبر مرکب
۱۱۸۶	"	حب کندر
۱۱۸۷	"	حب مشک
۱۱۸۸	"	دوائے ام الصبیان
۱۱۸۹	"	" "
۱۱۹۰	"	" "
۱۱۹۱	"	سفوف عود صلیب
۱۱۹۲	"	لعوق کرنڈ
۱۱۹۳	"	معجون ام الصبیان
۱۱۹۴	قلاع	دوائے قلاع
۱۱۹۵	"	ذرور قلاع
۱۱۹۶	"	" "
۱۱۹۷	ورم لوزتین اطفال	ضماد ورم لوزتین اطفال
۱۱۹۸	ضیق النفس اطفال	دوائے ضیق الاطفال
۱۱۹۹	" "	" " "
۱۲۰۰	سعال واسہال سبز اطفال	حب شکر تیغال
۱۲۰۱	سعال اطفال (شہیقہ)	سفوف ترکٹا والا
۱۲۰۲	سعال اطفال	سفوف تنکار
۱۲۰۳	شہیقہ اطفال	سفوف خارخسک
۱۲۰۴	شہقہ	حب شہقہ
۱۲۰۵	"	"
۱۲۰۶	"	"
۱۲۰۷	"	"
۱۲۰۸	"	"
۱۲۰۹	"	"
۱۲۱۰	"	"
۱۲۱۱	"	دوائے موز
۱۲۱۲	"	سفوف اصل السوس
۱۲۱۳	"	سفوف شہقہ
۱۲۱۴	"	سفوف کاکڑا سنگی والا
۱۲۱۵	"	سفوف کٹائی
۱۲۱۶	"	لعوق شہقہ
۱۲۱۷	ذات الریہ اطفال	حب توتیا
۱۲۱۸	" "	حب رب السوس
۱۲۱۹	" "	حب عصارہ
۱۲۲۰	" "	حب فرفیون
۱۲۲۱	" "	دوائے ذات الریہ
۱۲۲۲	" "	جوشاندہ ذات الریہ اطفال
۱۲۲۳	" "	سفوف جند
۱۲۲۴	" "	سفوف تنکار
۱۲۲۵	" "	سلاجیت
۱۲۲۶	اسہال	سفوف بادیان رومی
۱۲۲۷	اسہال	سفوف طباشیر
۱۲۲۸	اسہال صفراوی اطفال	" "

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۲۲۹	اسہال	سفوف حابس
۱۲۳۰		سفوف گرد سماق
۱۲۳۱	اسہال اطفال بہر اقسام	سفوف کات
۱۲۳۲	" "	سفوف گل
۱۲۳۳	" "	سفوف گل انار
۱۲۳۴	" "	نارجیل دریائی
۱۲۳۵	دق الاطفال	حب بادیان
۱۲۳۶	" "	حب حجر الیہود
۱۲۳۷		حب دق اسرولی
۱۲۳۸		حب دق الاطفال زعفرانی
۱۲۳۹		حب دق الاطفال عود صلیب والی
۱۲۴۰		حب کات
۱۲۴۱	اسہال	حب کبد
۱۲۴۲	"	سفوف برگ تنب
۱۲۴۳	"	سفوف سرطان اسگندی
۱۲۴۴	"	سفوف شونیز
۱۲۴۵	"	سفوف خاکسی مدبر

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۲۴۶	دق الاطفال و ذات الریہ	شربت عنبر
۱۲۴۷	دق الاطفال	سفوف کبد الماعز
۱۲۴۸	نزلہ زکام اطفال	جوشاندہ نزلہ اطفال
۱۲۴۹	جمیع امراض شکم اطفال	گھٹی اصل السوس
۱۲۵۰	اسہال و دق الاطفال	حب کنول
۱۲۵۱	اکثر امراض شکم اطفال	حب مقوی معدہ
۱۲۵۲	اسہال و دق سوء ہضم اطفال	حب نارجیل دریائی
۱۲۵۳	" " "	سفوف ایتس
۱۲۵۴	جملہ امراض اطفال	سفوف فودنج
۱۲۵۵	نزلہ و زکام	سفوف قرفہ
۱۲۵۶	اسہال، دق الاطفال	شربت شبت
۱۲۵۷	سعال بارد اطفال	گھٹی حار
۱۲۵۸	جملہ امراض باردہ وحارہ	گھٹی فودنج

امراض متعدیہ

نمبر شمار نسخہ	نام مرض	نام نسخہ
۱۲۵۹	امراض متعدیہ اطفال	علاج امراض متعدیہ اطفال

امراض الراسؒ

صُداع

۱۔ **اطریفل صُداع دائمی**: اجزاء: پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ مقشر، تربد مجوف ہر ایک ۹ ماشہ بادیان، مصطگی رومی ہر ایک ۱ تولہ ۹ ماشہ، اسطوخودوس ایک تولہ ۱۰ ماشہ، سقمونیا مشوی ۱ تولہ ۱۰ ماشہ، بیخ ریباس ۱ تولہ ۱ ماشہ عسل خالص سہ چند ادویہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزا کو حسب دستور کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ تا ۹ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

افعال وخواص: صداع دائمی، امراض دماغ، معدے اور امعا کے امراض میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب بلاک نمبر ۳ مکان نمبر ۳۵۴ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

۲۔ **حبّ صداع بارد مزمن**: اجزاء: صبر ۱ تولہ، بزر البنج ۶ ماشہ، شحم حنظل ۳ ماشہ، غاریقون مغربل ۶ ماشہ، عصارہ ریوند ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور سب اجزا کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: حسب رائے طبیب۔

افعال وخواص: صداع شرکی معدی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالوہاب خاں صاحب طبی فارمیسی ۱/۴۰۸ خداداد کالونی۔ کراچی ۵

۳۔ **حبّ صداع ہمہ اقسام**: اجزاء: پوست بیخ شیطرج ہندی ۱ تولہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، تخم جوز مائل سیاہ ۱ ماشہ

ترکیب ساخت: سب کو حسب دستور کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ حب

افعال وخواص: صداع باردہ ہر اقسام میں مفید ہے، علاوہ ازیں دیگر اوجاع میں بھی فائدہ مند ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ مختار النبی صاحب کامل الطب والجراحت ۹ گیان سٹریٹ، گرونانک روڈ، کرشن نگر۔ لاہور

۴۔ **حبّ دافع صُداع**: اجزاء: قسط شیریں، سعد کوفی، نارمشک ہر ایک ۱ تولہ، مال کنگنی ۲ تولہ، خولنجان ۶ ماشہ عنبر ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام

افعال و خواص : صداع، نزلہ دائمی نیز تقویت معدہ کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام حسن صاحب بازار دینا چوک چوڑیگراں متصل باغیچہ گوجرانوالہ

۵۔ **حریرہ مقوی دماغ** : اجزاء : شیر گاؤ ۱ پاؤ، شیرہ مغز بادام شیریں، ۱۰ عدد، شیرہ مغز تخم کدوئے شیریں ۳ ماشہ، شیرہ تخم خشخاش سفید ۳ ماشہ، شیرہ تخم کاہو ۳ ماشہ مصری کوزہ ۲ تولہ۔

ترکیب استعمال : سب اجزاء کو دودھ میں رگڑ کر شیرہ بنالیں اور آگ پر جوش دے لیں اور بوقت خواب نیم گرم پلائیں۔

افعال و خواص : صداع صفتی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید بشیر حسین شاہ صاحب بخاری، دربار حضرت سلطان باہوؒ صاحب۔ ضلع جھنگ

۶۔ **دواء صداع** : اجزاء : طباشیر کبود ۱/۲ ۲ تولہ، زنجبیل ۱/۲ ۲ تولہ، لاجورد مغسول ۱ تولہ، کشتہ صدف مروارید ی ۲ ماشہ، کشتہ یاقوت ۲ ماشہ، کہربا شمعی ۳ ماشہ، برگ بید مشک ۱/۲ ۱ سیر آب تازہ ۶ سیر نبات سفید ۲ سیر

ترکیب ساخت : اول برگ بید مشک کا حسب دستور ۱/۲ ۲ سیر عرق کشید کریں۔ بعد ازاں بقیہ ادویہ کو عرق بید مشک سے کھرل کر کے خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ پھر عرق مذکور میں نبات سفید کا قوام کریں اور جملہ ادویہ مسحوقہ ڈال کر مانند برفی تیار کریں اور ورق نقرہ لگا کر ٹکڑے کاٹ لیں۔

مقدار خوراک : بقدر ضرورت مناسب مقدار صبح و شام ۱ تولہ کھلائیں۔

افعال و خواص : صداع کے علاوہ دافع درد معدہ، قولنج، درد شکم بھی ہے۔ مسکن حرارت، مقوی قلب اور دماغ بھی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حسن صاحب ٹنگی۔ شاہی بازار کنڈیارو ضلع نواب شاہ

۷۔ **دواء صداع** : اجزاء : دار شیشعاں رکائے پھل، ایک تولہ

ترکیب ساخت : نہایت باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ گرم دیں۔

افعال و خواص : صداع بارد شدید میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں وجع المعدہ میں بھی فائدہ مند ہے۔

عطیہ : حکیم سردار محمد صاحب مصری شاہ لاہور

۸۔ **دواء صداع** : اجزاء : سورنجاں شیریں ۳ تولہ، کشنیز خشک۔ ۱ تولہ، اسطوخودوس ۵ تولہ، بیش مدبر ۱ تولہ، نبات سفید ۶ تولہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : صداع، نزلہ زکام بارد کے لئے مفید ہے۔ اوجاع مفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم امید علی خاں صاحب پشاور

۹۔ **دوا صداع** : اجزاء : اسطوخودوس ۵ تولہ، جدوار خطائی ۲ تولہ، قرفہ ۱ تولہ، نبات سفیدہ تولہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و رات کو کھلائیں۔ اگر قبض ہو تو رفع کریں۔

افعال و خواص : صداع دائمی و عارضی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یوسف خضر صاحب، سکنہ زمان۔ ضلع بہاول پور

۱۰۔ **روغن صداع** : اجزاء : ملح النار (نوشادر) ڈنڈا ۴ ماشہ، روغن نارجیل ۲ تولہ

ترکیب ساخت : نوشادر کو روغن میں ملا کر گرم کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال : مقام درد پر مالش کریں۔

افعال و خواص : مالش سے درد کو آرام ہو گا۔ صداع کے علاوہ اوجاع عام میں بھی مقام درد پر مالش کرنے سے صحت ہو گی

عطیہ : حکیم نور احمد صاحب کوٹ فتح دین خاں قصور

۱۱۔ **روغن دافع صداع** : اجزاء : تخم مالنگنی ۲ تولہ، خولنجان ۶ ماشہ، نارمشک ۱ تولہ، برہم ڈنڈی بوٹی ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، وج ۱ تولہ، روغن کنجد ۱ پاؤ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو جوکوب کر کے پانی اسیر میں پکائیں۔ چوتھائی پانی رہنے پر اتار کر مل چھان لیں اور روغن کنجد ملا کر دوبارہ جوش دیں۔ پانی خشک ہونے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ بوقت خواب سر پر مالش کریں۔

افعال و خواص : صداع دائمی کو دور کرتا ہے اور تقویت دماغ کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام حسن صاحب دواخانہ نوائے صحت چوک چوڑی گراں بازار دینا متصل باغیچہ۔ گوجرانوالہ

۱۲۔ **روغن اوجاع** : اجزاء : ست اجوائن ۳ ماشہ، ست پودینہ ۳ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، روغن دارچینی ۳ ماشہ روغن قرنفل ۳ ماشہ، روغن گاؤ ۵ تولہ، موم اصلی ۱ تولہ

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کھلے منہ کی شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ جملہ اشیاء پانی ہو جائیں گی۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : حسب ضرورت مقام درد پر لگائیں۔

افعال و خواص : صداع ہمہ اقسام میں مفید ہے۔ اس کے علاوہ حکہ و جرب، زہریلے جانوروں کے کاٹے ہوتے مقام پر مالش مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد عبداللہ صاحب رحمانیہ دواخانہ۔ مسجد بازار میاں چنوں۔

۱۳۔ **سفوف صداع دائمی** : اجزاء : فلفل موریہ ۵ تولہ، اسطوخودوس ۲½ تولہ

ترکیب ساخت : حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۱/۲ ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و رات ۲ بار
افعال و خواص : صداع دائمی میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب سکنہ گوٹھ کروڑ پکا تحصیل لودھراں، ضلع ملتان

۱۴- **سفوف اسطوخودوس** : اجزاء : اسطوخودوس ۵ تولہ، جدوار ۲ تولہ، قرفہ ۱ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو مثل غبار پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص : شدید درد سر میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم معراج دین صاحب چک ۲۰۹ تحصیل چشتیاں۔ ضلع بہاول نگر

۱۵- **سفوف انس الارواح** : اجزاء : برگ اسطوخودوس ۵ تولہ، مغز کشنیز خشک ۱/۲ ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۱/۲ ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : سب کو جدا جدا کوٹ چھان کر صحیح وزن کر کے ملائیں اور دو گھنٹہ خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۱ ماشہ ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان دن میں تین بار۔
افعال و خواص : صداع بوجہ نزلہ زکام، سوء مزاج حار ساذج، رقیق نزلہ یا خشک نزلہ اور نسیان کے لئے مفید ہے۔
ہدایت : نسخہ کم مقدار میں تیار کریں۔ اس لئے کہ تین ماہ بعد اس کے اثرات بدل جاتے ہیں۔
عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ

۱۶- **سفوف دافع صداع** : اجزاء : تخم جوز ماثل سیاہ (تخم دھتورہ سیاہ) ۲۰ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، بیخ ریباس ۱۰ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲۰ تولہ، بزرالبنج ۳ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۹ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۱ ماشہ ہمراہ شربت انار کھلائیں۔
افعال و خواص : صداع دائمی، رمد، بخار، نزلہ زکام اور اعضاء شکنی میں مفید ہے۔ صاحب نسخہ کا قول ہے کہ یہ اسپرین، انٹی پائیرین، فنسٹین وغیرہ کا بدل ہے۔
عطیہ : حکیم نذر حسین صاحب لغاری سکنہ کرملاواں۔ تحصیل کہوٹہ۔ ضلع راولپنڈی

۱۷- **شیرہ بارد** : اجزاء : لعاب بہیدانہ ۳ ماشہ، شیرہ عناب ۵ دانہ، شیرہ تخم مغز کدو شیریں ۵ ماشہ، عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ، شربت نیلوفر ۴ تولہ، ورق نقرہ ۱ عدد، مربہ آملہ ۱ عدد۔
ترکیب استعمال : اول مربہ آملہ کو ورق نقرہ لپیٹ کر کھلائیں اوپر سے مفردات کا شیرہ پلائیں۔
افعال و خواص : صداع صفراوی کے لئے نافع ہے
عطیہ : محسن یونانی دواخانہ۔ عقب پٹرول پمپ لیاقت آباد۔ کراچی

۱۸- **ضماد صداع** : اجزاء : صندل سفید ۶ ماشہ، آملہ خشک ۶ ماشہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ، افیون ۴ رتی، زعفران

۴ رتی، کافور ۴ رتی، سرکہ خالص ہموزن ادویہ۔
ترکیب ساخت: سب اجزاء کو حسب دستور پیس کر سرکہ میں کھرل کرکے قرص بنا کر رکھیں۔
ترکیب استعمال: بوقت ضرورت پانی میں حل کرکے ضماد تیار کریں۔ اور پیشانی پر ضماد کریں۔
افعال وخواص: صداع ہمہ اقسام میں مفید ہے۔
ھدایت: اندرونی طور پر اطریفل کشنیزی ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ گرم بوقت خواب کھلائیں۔
عطیہ: حکیم بشیر الحق صاحب۔ لائل پور

۱۹۔ **معجون مشک**: اجزاء: فلفل دراز، بادیان، جوزبوا، مصطگی رومی، قرفہ، کندر ہر ایک ا تولہ، مشک خالص ۲ ماشہ، تخم جوز ماثل سیاہ ۱½ تولہ،
ترکیب ساخت: سب کو باریک پیس کر عسل خالص سہ چند میں ملا کر معجون تیار کریں۔ چالیس روز زیر زمین دفن کرنے کے بعد قابل استعمال ہوگی۔
مقدار خوراک: ۲ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔
افعال وخواص: کثیر المنافع ہے۔ صداع۔ شقیقہ۔ مالیخولیا، سہر، صرع، ضعف معدہ، سعال مزمن، نفث الدم، استسقاء، سلسل البول، کثرت احتلام، سرعت انزال، وجع المفاصل، وجع الکلیہ نیز امراض بارہ مزمنہ میں مفید ہے
عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب نورانی دواخانہ، قصہ خوانی بازار پشاور

۲۰۔ **معجون صداع**: اجزاء: بزرالبنج، صمغ عربی، نشاستہ، اصل السوس مقشر ہر ایک ا تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ۔ آرد حب القطن (مغز تخم بنولہ) ہر ایک ۲ تولہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، عسل خالص ۲۰ تولہ۔
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو باریک کرکے ملا کر کھرل کریں اور ورق نقرہ ایک ایک کرکے ملائیں اور کھرل کرتے جائیں جب ورق ختم ہو جائیں تو خوب کھرل کریں اور عسل خالص ملا کر معجون تیار کریں ایک ماہ بعد استعمال کریں۔
مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ حسب برداشت ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم روزانہ صبح
افعال وخواص: صداع ہمہ اقسام، نزلہ زکام، جریان و احتلام میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم خواجہ محمد عطاء اللہ صاحب، سرائے بھاڑیاں۔ سیالکوٹ۔

۲۱۔ **نفوخ صداع**: اجزاء: ملح النار (نوشادر)، کافور ہر ایک ا تولہ۔
ترکیب ساخت: دونوں اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ½ رتی ناک میں نفوخ کریں۔
افعال وخواص: صداع کو فوری طور پر دور کرتا ہے۔ وجع الاسنان کے لئے بھی مفید ہے۔
عطیہ: مولوی محمد یعقوب صاحب القاسمی، جہانگیر پورہ، پشاور شہر۔

صداع دودی

۲۲۔ **روغن قاتل کرم دماغ** : اجزاء : برگ نیب ۴ تولہ، برگ شفتالو ۴ تولہ، بیخ ترب (مولی) ۴ تولہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ
موم سفید ۲ ماشہ، دم الاخوین ۲ ماشہ، گل ارمنی ۲ ماشہ، انزروت ۲ ماشہ، سفیدہ کاشغری ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت : برگ نیب، برگ شفتالو، بیخ ترب کو روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب جھاگ مر جائے تو چھان لیں اور گرم گرم تیل میں موم حل کر لیں، باقی ادویہ باریک کر کے تیل میں ملا کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال : چند یوم متواتر ناک میں ٹپکائیں۔ مزید سر پر مالش بھی کریں۔

افعال وخواص : کرم دماغ کو دور کرنے کے لئے اکسیر صفت ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال (مدون۔ حکیم محمد نور الدین نظامی)

شقیقہ (آدھا سیسی)

۲۳۔ **اکسیر شقیقہ** : اجزاء : برگ تبت ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ ماشہ، مشک خالص ۱ رتی، قرنفل ۱۱ عدد۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۳ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : شقیقہ اور عصابہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم امیر الدین صاحب چشتیہ دواخانہ، مین بازار، ہارون آباد۔ ضلع بہاولنگر

۲۴۔ **حب شقیقہ** : اجزاء : تخم جوز ماثل ۲ ماشہ، بیخ ریباس ۲½ ماشہ، زنجبیل ½ ۱ ماشہ، اسپرین ۲۰۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر ملا لیں اور سحق بلیغ کریں۔ بعد ازاں اسپرین ملا کر ہمراہ لعاب صمغ عربی حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام دیں۔

افعال وخواص : شقیقہ، عصابہ کے علاوہ جملہ اقسام اوجاع میں نافع ہے۔

ہدایت : اسپرین کو گوند کیکر کے ذریعے سے دیر سے حل ہونے والے مرکب میں تبدیل کر لیجئے زخم معدہ کا خطرہ ہے (نظامی)

عطیہ : حکیم عبدالحمید صاحب جان عالم دربار نفیر آباد شریف شالامار ٹاؤن۔ لاہور

۲۵۔ **حریرہ دافع شقیقہ** : اجزاء : اسطوخودوس ۶ ماشہ، مغز کشنیز ۴ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ عدد مغز بادام ۴ عدد، دانہ ہیل کلاں ۱ عدد، مغز فندق ۲ عدد۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو بوقت خواب پانی ۱ پاؤ میں بھگو کر صبح خوب اچھی طرح گھوٹ کر چھان لیں اور مصری یا نبات سفید سے میٹھا کریں۔

ترکیب استعمال: قبل از طلوع آفتاب کھڑے ہو کر تمام شیرہ پلا دیں، تنقیہ دماغ کا بھی خیال رکھیں۔

افعال وخواص: شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید منور علی شاہ صاحب مکنہ بھلیاں تحصیل بنڈدادنخاں ضلع رحیم یار خاں۔

۲۶- دوائے شقیقہ: اجزاء: اسطوخودوس ۹ ماشہ، کشنیز ۹ ماشہ، مغز تخم کدو شیریں ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۱۲ عدد، گل بابونہ ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: اس نسخہ کے تین حصہ کریں ایک حصہ کا پانی اباؤ میں رگڑ کر شیرہ تیار کریں۔

مقدار خوراک: شیرہ مذکور کو طلوع آفتاب سے قبل پلائیں اسی طرح باقی ایک حصہ کا بھی شیرہ تیار کر کے ۱۲ بجے دن پلائیں تیسرے حصہ کا شیرہ تیار کر کے غروب آفتاب کے وقت پلائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ خواہ کسی سبب سے بھی ہو ہفتہ عشرہ میں مکمل صحت حاصل ہو جاتی ہے گی۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو ہر دوسرے روز بوقت دوپہر برگ کشنیز سفید کی نسوار لیں۔

عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب بشیر امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ،

۲۷- دوائے شقیقہ: اجزاء: اسطوخودوس ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ دانہ، مغز بادام شیریں ۴ دانہ، کشنیز خشک ۳ ماشہ

ترکیب ساخت: گھوٹ کر چھان لیں۔ قدرے کھانڈ ملا لیں۔

ترکیب استعمال: قبل از طلوع آفتاب مریض شقیقہ کو پلائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ اور عصابہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فضل دین صاحب۔ لاہور

۲۸- دوائے شقیقہ: اجزاء: افسنتین ۲/۱ ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲/۱ ۲ تولہ، کشنیز خشک ۵ تولہ، اسطوخودوس ۲/۱ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: کوٹ چھان کر باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: اول مربہ سیب ۵ تولہ کھلائیں بعد ازاں ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب کھلائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب موضع بنگلہ گنڈا سنگھ والا تحصیل قصور ضلع لاہور

۲۹- دوائے شقیقہ: اجزاء: گل اسطوخودوس۔ کشنیز خشک۔ زنجبیل۔ فلفل سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ بنات سفید ۲/۱ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: بنات سفید کے علاوہ باقی اشیاء کو رات کو بھگو دیں اور بوقت سحر اسے خوب گھوٹ کر چھان کر بنات سفید سے میٹھا کر کے پلائیں۔

ترکیب استعمال: مرض کی نوبت سے ایک گھنٹہ پیشتر مریض کو پلائیں بصورت قبض گلقند بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ کی جملہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی عبدالرحمان صاحب یونانی دواخانہ کلری ضلع میانوالی۔

دوائے شقیقہ : اجزاء : گل بنفشہ، اسطوخودوس، چہار مغز، ہر ایک ۶ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۷ عدد، بادیان ۹ ماشہ
ہیل خورد۔ کشنیز خشک ہر ایک ۱/۲ ۱ ماشہ، خشخاش سفید ۶ ماشہ، مغز بادام مقشر ۱۱ عدد۔

ترکیب ساخت : حسب دستور جملہ ادویہ کو پانی ایک پاؤ میں رات کو بھگوئیں اور صبح حسب دستور ان کا شیرہ بنالیں۔

مقدار خوراک : قبل از طلوع آفتاب مریض کو کھڑا کرکے اس کا منہ سورج کی طرف کریں اور شیرہ مذکور کا گلاس
اسے پلائیں۔ تین یوم کے استعمال سے فائدہ ہوگا۔

انعال وخواص : شقیقہ کی شدت میں اس سے کمال فائدہ ہوتا ہے۔ تنقیہ دماغ کے لئے بھی مستعمل ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی تاج محمد صاحب۔ صدر بازار نزد گھنٹہ گھر ریلوے روڈ۔ کمالیہ۔

۳۱۔ سفوف اسطوخودوس : اجزاء : اسطوخودوس ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، مغز بادام شیریں ۲ تولہ، چہار مغز ۲ تولہ
خشخاش سفید ۲ تولہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو حسب دستور خوب پیسیں اور سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ تا ۱ تولہ ہمراہ آب تازہ قبل از طلوع آفتاب کھلائیں۔

انعال وخواص : شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اقبال صاحب۔ جام نگر ضلع بہاول پور

۳۲۔ سفوف شقیقہ : اجزاء : جدوار خطائی ۱ تولہ، اسطوخودوس ۱/۲ ۲ تولہ، دارچینی ۳ ماشہ، مصری کوزہ ۱/۲ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

انعال وخواص : شقیقہ اور عصابہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فیروز دین صاحب۔ ملتانی

۳۳۔ سفوف شقیقہ : اجزاء : پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ، اسطوخودوس ۱/۲ ۱ تولہ، بادیان ۶ ماشہ، کشنیز خشک ۹ ماشہ
فلفل سیاہ ۲ ماشہ، دانہ قاقلہ کبار ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف صبح اور رات ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

انعال وخواص : شقیقہ اور عصابہ میں مفید ہے۔

۳۴۔ سفوف دافع شقیقہ : اجزاء : اسطوخودوس، باذان، بیخ ریباس، ملح البحر (نمک سمندر) ہر ایک ۲ تولہ

کشنیز خشک ا تولہ، ملح النار (نوشادر) ا تولہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور معروف پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ قبل از طلوع آفتاب اور شام بعد از غروب آفتاب کھلائیں۔ صداع کے لئے کسی بھی وقت استعمال کیا جا سکتا ہے۔

افعال وخواص : صداع، شقیقہ کے لئے مفید ہے

عطیہ : حکیم محمد شاہ زماں خاں صاحب الوری دواخانہ بازار سرفراز گنج۔ مردان

۲۵۔ **ضماد شقیقہ** : اجزاء : صمغ عربی ۳ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، زعفران ا ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ ا عدد

ترکیب ساخت : پہلی تینوں اشیاء کو خوب باریک پیس کر پھر سفیدی بیضہ مرغ ملا کر خوب کھرل کریں اور شیاف بنا کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت عرق گلاب میں حل کر کے کنپٹی پر لیپ کریں اگر تنقیہ کی ضرورت ہو تو تنقیہ بھی کر لیا جاتے۔

افعال وخواص : شقیقہ میں ضماداً مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید منور علی شاہ صاحب سکنہ محلیال تحصیل پنڈ دادن خاں ضلع جہلم۔

۲۶۔ **علاج شقیقہ** : اجزاء : فلفل سیاہ ۸ عدد، دار چینی ا ماشہ، کشنیز خشک ۴ ماشہ، مغز بادام شیریں ۶ عدد

اطریفل اسطوخودوس ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : اطریفل کے علاوہ باقی اشیاء کو ایک پیالی پانی جوش دیکر جوشاندہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : اوّل اطریفل کھلائیں اوپر سے جوشاندہ پلائیں۔ بوقت خواب اور صبح نہار منہ۔

افعال وخواص : شقیقہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد سلطان صاحب۔ سلطان پورہ لاہور۔

۲۷۔ **قطور شقیقہ** : اجزاء : برگ نیب ۲ عدد، فلفل سیاہ ا عدد، فلفل دراز ا عدد

ترکیب ساخت واستعمال : پانی میں پیس کر قدرے ناک میں ٹپکائیں۔

افعال وخواص : شقیقہ و عصابہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم اللہ بخش صاحب، کوٹلی پیر عبدالرحمٰن۔ لاہور

۲۸۔ **قطور شقیقہ** : اجزاء : عود العطاس (نک چھکنی)، پوست بندق (ریٹھا)، ہر ایک ا تولہ، ملح النار (نوشادر) ۶ ماشہ۔ آب تازہ ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو ۱۰ تولہ پانی میں بوقت خواب بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بذریعہ ڈراپر جانب درد کے مخالف نتھنے میں ۲ قطرے ٹپکائیں۔ سارے سر میں درد ہو تو

دونوں نتھنوں میں ٹپکائیں۔ دانت اور کان میں بھی مخالف سمت میں ٹپکائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ اعصابہ کے علاوہ صداع عام، وجع الاسنان اور وجع الاذن میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم میراں بخش صاحب شاہدرہ ٹاؤن۔ لاہور

۳۹۔ **قطور شقیقہ**: اجزاء: شحم حنظل مصفیٰ ۱ ماشہ، روغن گاؤ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: شحم کو روغن گاؤ میں سوختہ کریں اور روغن چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت مخالف سمت کے نتھنے میں قبل از نوبت ایک بوند ٹپکائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ میں فائدہ مند ہے۔

عطیہ: حکیم محمد حسن صاحب

۴۰۔ **قیروطی دافع اوجاع**: اجزاء: روغن کنجد ۶ تولہ، اذاراقی ۲½ تولہ، موم دیسی ۵ تولہ، روغن دارچینی ۲½ تولہ، کافور ۱ تولہ، ست پودینہ ۶ ماشہ، ست اجوائن ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: اول آخری چاروں اشیاء کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں حل ہونے پر محفوظ رکھیں، بعدازاں اذاراقی کو روغن کنجد میں سوختہ کرکے نکال دیں اب اس تیل میں موم گرم کرکے حل کریں اور اتار کر اس روغن میں روغن دارچینی وغیرہ ڈال کر ملا دیں۔ ایک کھلے منہ کی شیشی میں سب کو ملا کر رکھ دیں۔ اس لئے کہ روغن سرد ہونے پر جم جائے گا۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر روغن مذکور کی مالش کریں۔

افعال وخواص: شقیقہ اور اوجاع ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سراج دین صاحب چک ۲۰۹ تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر۔

۴۱۔ **کشتہ زرنیخ ابیض**: اجزاء: ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ، لبن العشر (آک کا دودھ) ۵ا تولہ

ترکیب ساخت: ہڑتال گئودنتی کو پیس کر تھوڑا تھوڑا شیر ملا کر کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام شیر ختم ہو جائے۔ بعدازاں ٹکیہ بنا کر خشک کرکے گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال لیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ آب تازہ دن میں چار بار۔

افعال وخواص: شقیقہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ: طبیبہ مریم صدیقہ صاحبہ حمیدیہ دواخانہ۔ جامع مسجد روڈ۔ راولپنڈی شہر

۴۲۔ **معجون مغزیات**: اجزاء: ہلیلہ کابلی ۴۰ تولہ، مغز کشنیز ۶۰ تولہ، برگ بادیان ۴۰ تولہ، چہار مغز ۲۰ تولہ، مغز بادام شیریں ۲۰ تولہ، روغن گاؤ ۴۰ تولہ، نبات سفید ۸۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: ہلیلہ کابلی کو جو کرم خوردہ نہ ہو لیں۔ پھر اس کا درخت سے لگا ہوا سرا اوپر کی طرف کر کے ریت میں دبا دیں سات یوم متواتر اسے پانی دیتے رہیں تاکہ خوب پھول جائے۔ پھر نکال کر اس کا پوست الگ کریں اور خشک کر کے پیس لیں پھر بادیان اور کشنیز کا بھی سفوف بنالیں۔ پھر ان ہر سہ کو علیحدہ علیحدہ روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ سرخ ہونے پر الگ رکھیں۔ اب مغز بادام اور چہار مغز کو پیس کر سب کو ملا کر نبات سفید کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ اور نزلہ دائمی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم بشیر احمد صاحب۔ سید مٹھا بازار۔ لاہور شہر۔

۴۳- **نفوخ شقیقہ:** اجزاء: دارشیشعاں۔ برگ تبت۔ برگ کنیر ہموزن۔

ترکیب ساخت: نہایت باریک پیس کر مانند غبار سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ارتی بطور نسوار استعمال کرائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب جنگلہ گنڈا سنگھ والا تحصیل قصور ضلع لاہور

۴۴- **نسوار شقیقہ:** اجزاء: گل دفلی ابیض (گل کنیر سفید) ۱ تولہ، شیر عشر (آک کا دودھ) ۵ تولہ، برنج ساٹھی ۲/۱ تولہ

ترکیب ساخت: اول چاول ساٹھی کو چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر شیر مدار ڈال کر خشک کریں۔ پھر سب کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ارتی بطور نسوار کام میں لائیں۔

افعال وخواص: شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم ابراہیم صاحب۔ حسین آگاہی۔ ملتان شہر

۴۵- **ہلاس شقیقہ۔** اجزاء: تخم سرس سفید۔ پوست بندق ہندی۔ ملح النار (نوشادر) ہر ایک تولہ

ترکیب ساخت: کوٹ پیس کر مانند غبار تیار کریں۔

ترکیب استعمال: قبل از طلوع آفتاب، مخالف نتھنے میں نسوار لیں۔ تین یوم کے استعمال سے کلی فائدہ ہوگا۔

افعال وخواص: شقیقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد حسن صاحب کاتب۔ محلہ قدیر آباد۔ ملتان شہر۔

۴۶- **ہلاس شقیقہ:** اجزاء: برنگ کابلی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۳ ماشہ۔ ملح النار (نوشادر) ۱۲ ماشہ

ترکیب ساخت: باریک پیس کر نسوار تیار کریں اور بوقت ضرورت ارتی ہلاس لیں۔

افعال وخواص: شقیقہ اور صداع عام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حشمت علی. گلزار بلڈنگ. خیبر ہوٹل صدر بازار کراچی ۳۔

۴۷۔ **ہلاس شقیقہ**: اجزاء: برگ فرزبرہ (کنیر) خشک. برگ تبت. دانہ ہیل خورد ہر ایک ا تولہ. دارشیشعاں ۶ ماشہ. ملح انار (نوشادر) ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہلاس بنالیں۔

ترکیب استعمال: ارتی ہلاس استعمال کریں۔

افعال وخواص: شقیقہ کو رفع کرنے اور فضلات ردیہ دماغی کو خارج کرنے میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم انوار حسین صاحب سکنہ حسن پور تحصیل لیاقت پور ضلع رحیم یار خاں۔

۴۸۔ **ہلاس شقیقہ**: اجزاء: دارشیشعاں (کائپھل) ۳ تولہ. ملح انار (نوشادر) ا تولہ.

ترکیب ساخت: نہایت باریک مثل غبار پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: ارتی بطور نسوار استعمال کریں۔

افعال وخواص: درد شقیقہ کے علاوہ بند نزلہ کو فوراً جاری کرتی ہے۔

عطیہ: حکیم سردار محمد صاحب. مصری شاہ. لاہور

سرسام

۴۹۔ **شربت تمر ہندی**: اجزاء: آلو بخارا. تمر ہندی ہر ایک ۱۵ تولہ، عناب ۳ تولہ، نیلوفر ۵ تولہ، تخم کاسنی ۵ تولہ، گل بنفشہ ۶ تولہ، گل سرخ ۴ تولہ. نبات سفید ا سیر۔

ترکیب ساخت: حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تولہ شربت میں پانی ملا کر دن میں متعدد بار پلائیں۔

افعال وخواص: سرسام دموی وصفراوی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم میر محمد خاں توم بلوچ چک ۲۱۵ تحصیل وضلع جھنگ۔

سہر

۔ **حب سہر**: اجزاء: حلتیت. کافور ہم وزن

ترکیب ساخت: دونوں ادویہ کو خوب کھرل کر کے حبوب بقدر تین رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ حب ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: بے خوابی میں مفید ہے اور ہاضم بھی ہیں۔

عطیہ: حکیم محمد اسحاق صاحب۔ اقبال دواخانہ۔ منڈی عثمان والا۔

سدر و دوار

۵۱۔ **اکسیر سدر و دوار:** اجزاء: ۵ بورہ منسول۔ حجر الیشب۔ فاد زہر معدنی۔ صدف مروارید۔ بیخ مرجان ہر ایک ۱ تولہ۔ عرق گلاب ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور معروف جملہ اجزا کو پیس کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۵ رتی ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: سدر دوار میں مفید ہے۔ مقوی قلب بھی ہے۔

عطیہ: حکیم قاضی نذیر احمد صاحب۔ بھٹیری پڑک۔ خیرپور رایا۔ خیرپور میرس۔

۵۲۔ **حب سدر و دوار:** اجزاء: اسطوخودوس۔ بادرنجبویہ۔ جدوار، عود صلیب ہر ایک ۱ تولہ شہد خالص حسب ضرورت

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ نہایت باریک پیس کر ہمراہ شہد حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ حب ہمراہ آب دن میں تین بار۔

افعال وخواص: سدر و دوار اور صداع خفیف میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد احمد صدیقی مکان نمبر ۵، ۱۴ مچھلی مارکیٹ۔ گولیمار نمبر ۲ کراچی۔

۵۳۔ **حب سدر و دوار:** اجزاء: تخم حنظل، صبر زرد، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، تربد سفید مجوف صمغ القتاد (کتیرا)، سنا مکی، مقل ازرق، گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ حب ہمراہ آب گرم بوقت خواب دیں یا ہمراہ شیر گاؤ گرم کھلائیں۔

افعال وخواص: سدر و دوار کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں تنقیہ دماغ کے لئے بہترین ہے۔

عطیہ: حکیم غلام احمد صاحب اعوان دواخانہ چاچڑاں شریف ضلع رحیم یار خاں۔

۵۴۔ **حب دوار:** اجزاء: صبر زرد، سقمونیا مشوی۔ لسفائج مقشر۔ تربد سفید مجوف۔ حب النیل ہر ایک ۱ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو خوب باریک پیس کر ہمراہ آب حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ حب ہمراہ آب بوقت خواب

افعال وخواص: منقیٔ دماغ ہے۔ دماغ سے غلبۂ سوداویت کو دور کرنے میں نہایت اہم ہے۔

عطیہ: حکیم غلام نبی صاحب مستند طبیہ کالج لاہور۔ باغبانپورہ لاہور۔

۵۵۔ **سفوف سدر و دوار**: اجزاء: بادیان، فلفل سیاہ۔ اسطوخودوس، منڈی، برہمی بوٹی، کشنیز، پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ، آملہ، ہلیلہ سیاہ، مغز بادام شیریں ہر ایک ۵ تولہ۔ نبات سفید ۳ چھٹانک

ترکیب ساخت: جملہ اشیاء کو حسب دستور خوب پیس کر سفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: سدر و دوار، صداع، شقیقہ، نزلہ، زکام اور ضعف دماغ میں نہایت مفید ہے عینک اتر جاتی ہے

عطیہ: حکیم فقیر احمد صاحب۔ احمدیہ دواخانہ۔ ربوہ ضلع جھنگ:

۵۶۔ **معجون سدر و دوار**: اجزاء: سکبینج۔ ایارج فیقرا، شحم حنظل۔ تربد سفید مجوف۔ فاریقون معزبل، سورنجاں شیریں، مصطگی رومی۔ آشق ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ، سقمونیا ولائتی ۲ تولہ، روغن بادام خالص ۵ تولہ عسل خالص کف گرفتہ حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور باریک کر کے روغن بادام سے چرب کریں اور عسل خالص کف گرفتہ میں ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۹ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

افعال وخواص: سدر و دوار کے علاوہ ریاحی، بلغمی، سوداوی امراض دماغی میں اکسیر ہے۔ لقوہ، فالج، جگر معدہ طحال کے جملہ امراض خصوصاً تنقیۂ دماغی میں نہایت مفید ہے۔ امراض نسواں، باؤ گولہ، نفخ رحم، صلابت الرحم، حمیات بلغمی وسوداوی، وجع المفاصل، عرق النساء۔ نقرس، دائمی قبض وجع القطن اور نزلہ کو بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم رحمت علی صاحب انصاری۔ سکنہ درولا تحصیل بھلوال۔ ضلع سرگودھا۔

نسیان

۵۷۔ **اکسیر نسیان**: اجزاء: برنج بادیان، ہیل خورد، مغز بادام شیریں، برہمی بوٹی، فلفل سیاہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ا تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح قبل از ناشتہ اور بوقت خواب بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص: نسیان اور تقویت دماغ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ایم دریام الدین صاحب راجپوت مکان ۸ - بی/۲۰۱ تل پاڑ - ساہیوال

۵۸ - **اکسیر نسیان** اجزاء : مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ، چورہ ورق نقرہ ۱ ماشہ، روح کیوڑہ ۱۰ تولہ، مغز بادام شیریں طباشیر کبود ۱ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۳ عدد، مسکہ گاؤ ۲ تولہ، مصری کوزہ ۲ تولہ

ترکیب ساخت : پہلی دونوں اشیاء کو روح کیوڑہ میں سحق بلیغ کریں۔ بعدازاں باقی ادویہ کو پیس کر مسکہ گاؤ میں ملائیں۔ اس کے بعد سب اشیاء کو ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا مربہ آملہ یا خمیرہ گاؤزبان سادہ صبح قبل از ناشتہ کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع نسیان اور مقوی دماغ ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد رحمت اللہ صاحب حبیبہ دواخانہ۔ بوریوالہ ضلع ملتان۔

۵۹ - **اکسیر نسیان** : اجزاء : کشتہ لاجورد، کشتہ نقرہ، کشتہ عقیق، کشتہ یاقوت ہموزن

ترکیب ساخت : سب کشتہ جات کو یکجان کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ برنج ہمراہ شربت برہمی بوٹی و آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان۔ مالیخولیا اور تقویت قلب کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خان محمد صاحب چک نمبر ۲۰۱۳ ولانیاوالا تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

۶۰ - **اکسیر نسیان** : اجزاء : برہمی بوٹی ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۳ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، کشتہ مرجان ۳ ماشہ

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو پیس کر محفوظ کر لیں

مقدار خوراک : ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سردار محمد خاں صاحب سکنہ چلڑ تحصیل بھلوال ضلع سرگودھا۔

۶۱ - **حب نسیان** : اجزاء : بہمن سفید، سنبل الطیب، دارچینی، مرکی، بیخ سوسن ہر ایک ۶ ماشہ، ابریشم مقرض ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اشیاء کو حسب دستور خوب پیس کر ہمراہ آب خوب کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان اور ضعف دماغ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خدا بخش صاحب چک نمبر ۱۴۴ تحصیل میلسی ضلع ملتان

۶۲ **حب دافع نسیان** : اجزاء : برہمی بوٹی ۲½ تولہ، مغز بادام شیریں ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں، دانہ ہیل خورد، کشتہ مرجان ہر ایک ۶ ماشہ، ورق نقرہ ½ ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح شام کھلائیں۔

افعال وخواص: نسیان اور تقویت دماغ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی محمد حیات صاحب اضیالہ ضلع شیخوپورہ۔

۶۳- **حب نسیان بارد :** اجزاء : حنظل تازہ سالم عدد ۱، تخم اسپند ½۱ تولہ، تخم سداب ½۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : آخری دونوں چیزوں کو صاف کر کے وزن کر کے رکھ لیں۔ حنظل کے اوپر سے ایک گول ٹکڑا کاٹ کر گول سوراخ پیسے کی مانند کریں پھر اس میں دونوں اشیاء بھر دیں بعد ازاں وہی ٹکڑا اوپر رکھ کر تند سیاہ کھنہ لگا دیں اور گل حکمت کر کے خشک کریں اور بھوبھل میں دبا دیں۔ صبح احتیاط سے اندرونی دوا اسپند و تخم سداب نکال کر کھرل کر کے بقدر فلفل سیاہ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح نہار منہ کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان کے علاوہ فالج۔ جنون۔ استسقاء۔ عرق النساء، وجع المفاصل، ریحی درد میں نہایت ہی نافع ہے۔

ھدایت : حنظل کو بھوبھل میں دباتے وقت اس کا کاٹا ہوا سرا اوپر کو رکھیں۔

عطیہ : حکیم صوفی منظور احمد صاحب چشتی۔ صابری نفیری پشاور شہر۔

۶۴- **حب دافع نسیان :** اجزاء : فلفل دراز گٹھاں، آدھ سیر، کشتہ رصاص ابیض (کشتہ قلعی) ½۱ تولہ۔ کشتہ فولاد ½۲ تولہ، کشتہ مرجان ½۱ تولہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : ادویہ کوٹ کر چھلنی نمبر ۸۰ سے چھان کر کشتہ جات کو ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ پانی تازہ کے ساتھ لیدی بنا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و رات کو کھلائیں۔

افعال وخواص: دافع نسیان ہے اور مقوی دماغ ہے۔ نیز جریان میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد لئیق خان صاحب کوارٹر نمبر ۵، ۲۰۰، پی۔ آئی۔ بی کالونی۔ کراچی۔

۶۵- **حلوا دافع نسیان :** اجزاء : تخم خشخاش سفید، مغز کشنیز خشک، مغز بادام شیریں ہر ایک ۱۰ تولہ، مغز بادیان ۲۰ تولہ دال مونگ ۱۰ چھٹانک۔ روغن گاؤ ½۱ سیر۔ نبات سفید ½۱ سیر۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو پیس کر جدا جدا روغن گاؤ میں بریاں کریں پھر ملا کر نبات سفید کے قوام میں حسب دستور حلوہ تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بطور ناشتہ صبح کھلائیں۔

افعال و خواص : نسیان، صداع، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے متواتر استعمال سے نزلہ دائمی کو بھی مفید ہے

عطیہ : حکیم رحمت اللہ صاحب سکنہ مراجیوالہ ضلع گوجرانوالہ۔

۶۶۔ **حلوہ نسیان** : اجزاء : مغز بادام شیریں، مغز چلغوزہ، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز کدوئے شیریں، دانہ ہیل خورد، چہار مغز، سبوس اسبغول، نارجیل ہر ایک ۱ تولہ۔ سوجی ۵ تولہ، روغن گاؤ ۲ چھٹانک۔ نبات سفید ۲ چھٹانک۔

ترکیب ساخت : حسب دستور حلوہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ۵ تولہ صبح نہار اور بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال و خواص : نسیان اور دماغی تقویت کے لئے از حد مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اصغر صاحب شہر فرید، تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر۔

۶۷۔ **حریرہ نسیان** : اجزاء : برہمی بوٹی تازہ ۳ ماشہ۔ چہار مغز ۶ ماشہ، مغز بادام شیریں مقشر ۱۰ عدد، قاقلہ صغار ۱ ماشہ، فلفل سیاہ ۷ عدد۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو بوقت خواب پانی میں بھگو کر صبح گھوٹ کر حریرہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : روزانہ بوقت صبح قبل از ناشتہ پلائیں۔

افعال و خواص : مقوی حافظہ اور مقوی دل و دماغ ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالعزیز صاحب۔

۶۸۔ **دواء نسیان** : اجزاء : نمک برہمی بوٹی، نمک سنکھاہولی بوٹی، نمک ترپھلہ۔ کتور ہر ایک ۲ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ۔ مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر ملا کر مزید کھرل کر کے یک جان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر میں رکھ کر صبح نہار منہ کھلائیں۔

افعال و خواص : نسیان اور تقویت دماغ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم علی احمد صاحب چک نمبر ۱۲۶/۱۰.۵ جہانیاں منڈی تحصیل خانیوال ضلع ملتان۔

۶۹۔ **سفوف نسیان** : اجزاء : برہمی مصفی و بریاں ۱۰ تولہ، مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز پستہ ۲ تولہ، چہار مغز ۵ تولہ طباشیرہ تولہ، دانہ الائچی خورد ۲½ تولہ، کشنیز خشک مقشرہ تولہ، روغن گاؤ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : برہمی ۱۰ تولہ کو قدرے پانی میں تر کریں۔ پتے نرم ہونے پر بقیہ پانی کو صاف کپڑے سے خشک کر کے روغن زرد میں بریاں کر لیں، بعد ازاں سب ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر کھرل کر کے محفوظ رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ضعف دماغ و نسیان میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم چوہدری شاہ نواز خاں صاحب۔ کہوٹہ ضلع راولپنڈی۔

۷۰۔ **سفوف نسیان** : اجزاء : برنج بادیان، مغز بادام شیریں، مغز کشنیز خشک، دانہ ہیل خورد، اسطوخودوس فلفل سیاہ، گل حنا، گل گاؤزبان ہر ایک ا تولہ بنات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور معروف پیس کر لائیں اور بنات سائیڈ ملا کر خوب کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نسیان اور ضعف دماغ میں مفید ہے۔

۷۱۔ **معجون نسیان** : اجزاء : نشاستہ ۳ تولہ، مغز بادام شیریں، مغز کدوئے شیریں، مغز تخم خیارین، مغز گردگان مغز تخم خربزہ، مغز تخم تربوز، مغز پستہ، نارجیل، مغز فندق ہر ایک ۵ تولہ، دانہ ہیل کلاں ا تولہ، ورق نقرہ ا دفتری، روغن گاؤ ۱/۲ اسیر۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر روغن زرد میں بریاں کر بنات سفید ۱/۲ اسیر کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں

مقدار خوراک : ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح نہار اور بوقت خواب کھلائیں۔

افعال و خواص : اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ ہے۔ نسیان سے نجات دلاتی ہے۔ دماغی قوٰی کو بیدار کرتی اور عقل کو بڑھاتی ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی ثناء اللہ صاحب۔ سکنہ بھسین چک نمبر ۱۴، تحصیل چونیاں ضلع لاہور

۷۲۔ **معجون نسیان** : اجزاء : گل بابونہ، سعد کوفی، کندر، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، خولنجاں ہر ایک ا تولہ، آملہ مقشر، پوست ہلیلہ زرد، زرنباد، سورنجاں شیریں، ثعلب مصری، مویز منقیٰ ہر ایک ۲ تولہ، عسل خالص چھ چھٹانک۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح نہار اور رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

افعال و خواص : نسیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد منیر صاحب۔ صدر بازار، منڈی بہاؤالدین۔ ضلع گجرات۔

۷۳۔ **معجون برہمی** : اجزاء : برہمی بوٹی مصفیٰ ۲۵ تولہ، خصیۃ الثعلب ۵ تولہ، مغز بادام شیریں ۲۰ تولہ، مالکنگنی ا تولہ، ہیل خورد ۴ تولہ، ستاور ۲ تولہ، مغز تخم خیارین ۲ تولہ، مغز تخم تربوز ۲ تولہ، مغز تخم کدوئے شیریں ۲ تولہ، ست گلو اصلی ۲ تولہ، مصری کوزہ ڈیڑھ سیر۔

ترکیب ساخت : برہمی بوٹی کو ایک سیر پانی میں جوش دیں نصف رہنے پر مل چھان کر روغن گاؤ ا سیر میں جوش دیں جب

صرف روغن رہ جائے تو باقی اشیاء کو مثل غبار کر کے مصری کے قوام میں شامل کر کے معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ تا ۳ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح نہار و رات سوتے وقت کھلائیں۔

افعال وخواص : مرض نسیان کو دُور کر کے حافظہ کو اس قدر قوت دیتی ہے کہ نظیر نہیں ملتی۔

عطیہ : حکیم محمد ذاکر صاحب صابر۔ صابری شفاخانہ چک ۲۲۰ تحصیل چنیوٹ۔ ضلع جھنگ

۷۴۔ **معجون نسیان** : اجزاء : فرفر، خولنجاں، سازج ہندی ہر ایک ۶ ماشہ، زنجبیل ا تولہ، قرنفل ا تولہ، جوزبوا ۶ ماشہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، درونج عقربی ۲ تولہ، ورق طلا ۲ رتی، ورق نقرہ ا ماشہ، مشک خالص ۲ رتی، عسل خالص حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : حسب دستور معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان اور تقویت دماغ کے علاوہ، مقوی معدہ، مقوی جگر و اعضاء رئیسہ ہے۔ مشتہی ہے۔ گھی دودھ خوب ہضم کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب چک ۱۳۱۔ ۹۔ ایل تحصیل و ضلع ساہیوال۔

۷۵۔ **معجون نسیان** : اجزاء : گل کماذریوس، گل منڈی، مغز بادام شیریں، بیخ کشنیز، بیخ بادیاں ہر ایک ۵ تولہ، مغز تخم کدوئے شیریں ا تولہ، مغز تخم خیارین ا تولہ، مغز چلغوزہ، حب السمنہ (چرونجی) خصیۃ الثعلب (بنجہ) خشخاش سفید، بہمن سرخ، بہمن سفید، اسگند ناگوری، اکرکس ہر ایک ا تولہ، مصطگی رومی، طباشیر کبود، دانہ ہیل خورد ہر ایک ۴ ماشہ، فلفل سیاہ ۹ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، برہمی بوٹی ا تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو پیس کر روغن زرد میں بریاں کریں ایک سیر شکر سفید اور عسل خالص آدھ سیر کے قوام میں ملا کر حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح دو ساعت قبل از ناشتہ اور ۲ تولہ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : نسیان اور تقویت بصارت کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حسن خالد صاحب چشتی صابری۔ لاہور

مالیخولیا

۷۶۔ **اطریفل افتیمون** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، پوست ہلیلہ ا تولہ، آملہ مقشر ا تولہ، ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ، افتیمون ولایتی ۴ تولہ، بسفائج فستقی ۲ تولہ، تربد سفید مجوف ۲ تولہ، اسطوخودوس ۲ تولہ، غاریقون مغربل ۴ ماشہ، لاجورد مغسول ½ تولہ، سقمونیا مشوی ۹ ماشہ، عسل خالص پچاس تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ تا ۶ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: مالیخولیا، امراض سوداوی اور تنقیہ دماغ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید عارف حسین شاہ صاحب چوک شیرانوالہ۔ غلام محمد آباد کالونی۔ لائل پور

۶۶۔ **حب مالیخولیا:** اجزاء: صبر زرد، حب النیل، شحم حنظل ہر ایک ۹ ماشہ، سقمونیا مشوی، ترbud سفید مجوف، فاریقون معزل، زعفران ہر ایک ۶ ماشہ، بسفائج فستقی، عود بلسان، حب بلسان، ملح اسود، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۳ ماشہ، بادرنجبویہ ۵ ماشہ، ملح البحر ۲ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر کھرل کر کے ہمراہ شہد حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح اور رات کو بوقت خواب کھلائیں۔

افعال و خواص: مالیخولیا، کابوس اور خفقان کے علاوہ دیگر کئی امراض میں مفید ہے۔ حسب مزاج استعمال کریں۔

عطیہ: حکیم امیر الدین صاحب چک نمبر ۱۰۱ تحصیل فورٹ عباس۔ ضلع بہاول نگر۔

۶۸۔ **حب مالیخولیا مراقی:** اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، رب افسنتین ۲ تولہ، عسل خالص بقدر ضرورت

ترکیب ساخت: اول افسنتین آدھ سیر کو دس سیر پانی میں رات بھگو کر صبح جوش دیں۔ نصف رہنے پر اتار کر مل چھان لیں۔ پھر آگ پر رکھیں۔ قوام غلیظ ہونے پر سفوف اذاراقی مدبر ڈال دیں اور خوب کھرل کریں اور بقدر ضرورت عسل خالص سے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: مالیخولیا مراقی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد اسلم خاں صاحب چک ۴۵ گ۔ب تحصیل سمندری ضلع لائل پور۔ بہ قدرے تصرف حکیم عبد الصمد صاحب۔ لاہور

۶۹۔ **حب مالیخولیا:** اجزاء: افسنتین ۵ تولہ، عود ہندی ۲ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، گل سرخ ۳ تولہ، گاؤزبان ۳ تولہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ شہد کف گرفتہ حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: مالیخولیا، مراق، نفخ معدہ، دحشت، جنون، گھبراہٹ، اور امراض جگر میں بھی مفید ہے۔ اختلاج قلب جو بوجہ تبخیر ہو اس میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد انور بیگ انور صاحب چک نمبر ۱۹۴ پتوکی تحصیل چونیاں۔ ضلع لاہور۔

۸۰۔ **دوائے مالنخولیا** : اجزاء : طباشیر کبود، دانہ ہیل خورد، کشتہ مرجان، کشتہ سنگ یشب، کشتہ عقیق، ورق نقرہ، طلاء ہر ایک ۱ تولہ
ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور باریک پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ قبل از ناشتہ بوقت صبح کھلائیں
افعال وخواص : مالنخولیا اور جنون وغیرہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد عبداللہ صاحب، رحمانیہ دواخانہ، مسجد بازار۔ میاں چنوں۔

۸۱۔ **دوائے مراق** : اجزاء : افسنتین رومی ۱۵ ماشہ، گل سرخ، گل گاؤزبان ہر ایک ۹ ماشہ، عود خام ۶ ماشہ۔
مصطگی رومی ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، ہیل خورد ۳ ماشہ، نبات سفید ہموزن ادویہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر نبات سفید سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۹ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح شام کھلائیں۔
افعال وخواص : مالنخولیا مراقی اور جملہ امراض سوداویہ میں مفید ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۸۲۔ **دوائے مالنخولیا** : اجزاء : سنکھاہولی بوٹی ۶ ماشہ، برہمی بوٹی ۳ ماشہ، فلفل سیاہ ۵ دانہ۔
ترکیب ساخت : پہلی دونوں اشیاء کو رات پانی میں بھگوئیں اور صبح فلفل سیاہ شامل کر کے سب کو گھوٹ چھان کر شیرہ تیار کریں۔
مقدار خوراک : یہ صرف ایک خوراک ہے۔ سات روز روزانہ صبح کو پلائیں۔
افعال وخواص : مالنخولیا اور جنون میں نافع ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالحبیب خاں صاحب گنیش بلڈنگ بوہرہ پیر، رنچھوڑ لائن کراچی۔

۸۳۔ **دوائے مالنخولیا** : اجزاء : چوب چینی، کشنیز خشک، اسرول ہر ایک ۵ تولہ، گل سرخ مصفیٰ ۱۰ تولہ
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر پارچہ بیز کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۴ رتی ہمراہ آب تازہ یا عرق گلاب ۱۰ تولہ
افعال وخواص : مالنخولیا میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں مسکن، منوم ہے اور فشار الدم کے لئے اکسیر ہے۔
عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب چک نمبر ۱۲۲ ج۔ب نور پور ضلع لائل پور

۸۴۔ **دوائے اسرول** : اجزاء : اسرول ۱ پاؤ، طباشیر کبود ½ پاؤ، الائچی خورد ½ تولہ، صندل سفید ½ تولہ، کشنیز خشک ½ تولہ
ترکیب تیاری : حسب دستور سب ادویہ باریک کوٹ پیس کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک : تین ماشہ۔
ترکیب استعمال : برہمی تازہ ۱ تولہ، مغز بادام مقشر ۱۰ عدد، مغز تخم کدو ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۵ عدد۔ سب ادویہ

کا شیرہ نکال کر شربت صندل ۲ تولہ ملا کر ۳ ماشہ دوائی کے ساتھ پلائیں۔

افعال وخواص : مراق، مالیخولیا، ریاح معدی، خفقان، اختلاج قلب، اختناق الرحم میں مؤثر ہے۔

عطیہ : الحاج حکیم مولوی عبدالرحمان المعروف بہما والے دواخانہ رحمانیہ سمندری ضلع لاہور۔

۸۵ روغن مالیخولیا: اجزاء : روغن کدو، روغن بادام، روغن کاہو، روغن خشخاش، روغن گاؤ ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب روغنیات کو باہم ملا کر یک جان کریں۔

ترکیب استعمال : روزانہ سر کی مالش کریں۔

افعال وخواص : مالیخولیا میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسماعیل صاحب چک نمبر ۲۲۸ تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ۔

۸۶ روغن مالیخولیا : اجزاء : روغن کاہو، روغن کدو، روغن گل، روغن خشخاش، روغن بادام، روغن بابونہ ہر ایک ۵ تولہ

ترکیب ساخت : تمام روغن باہم ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : کنپٹیوں اور سر کے درمیانی حصہ (تالو) پر خوب مالش کریں۔

افعال وخواص : مالیخولیا میں مفید ہے۔ مندرجہ بالا نسخہ کے ساتھ اس روغن کا استعمال بھی جاری رکھیں۔

ہدایت : اس کے ساتھ ہی شربت مالیخولیا نسخہ ۹۴ بھی استعمال کریں۔

عطیہ : حکیم صوفی احمد یار صاحب مقام پکا کھنجیرہ ڈاکخانہ واں بھچراں ضلع میانوالی۔

۸۷ روغن برہمی (برہمی گھرت) اجزاء : آب برہمی بوٹی مروق ۱/۲ سیر، روغن گاؤ اسیر، چوب زرد (ہلدی)، گل نسرین (گل سیوتی)، اصل السوس مقشر، تربد مجوف ہر ایک ۲ تولہ فلفل دراز، بڑنگ کابلی اور ٹکیہ بنا کر ملح البحر (نمک لاہوری) ہر ایک ۶ ماشہ

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر آب مروق میں خوب کھرل کر کے نغدہ بنائیں اور ٹکیہ بنا کر روغن گاؤ میں بریاں کریں اور سرد ہونے پر روغن گاؤ کو چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ چمچہ چائے ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ صبح و رات پلائیں۔

افعال وخواص : مالیخولیا، جنون اور صرع میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم دی ایم بی خاں صاحب عتیقی۔ لاہور۔

۸۸۔ سفوف اسطوخودوس : اجزاء : اسطوخودوس، مغز بادام شیریں، اسرول، فلفل سیاہ ہر ایک ا تولہ، کشنیز مقشر ۳ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب کا سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا دو ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مالیخولیا مراقی کے علاوہ کابوس، نسیان، صداع مزمنہ، شقیقہ میں مفید ہے۔ مقوی قلب و معدہ ہے۔

عطیہ: حکیم بشیر احمد صاحب نقشبندی دواخانہ، کمہار پورہ۔ لاہور۔

۸۹۔ **سفوف برہمی والا:** اجزاء: برہمی بوٹی ۵ تولہ، بادرنجبویہ۔ صندل سفید، بادیان، تخم کاہو، ابریشم مقرض ہر ایک ۲ تولہ، تخم خشخاش سفید ۳ تولہ۔ جدوار ایک تولہ، تخم قنب ا تولہ، افیون ۳ ماشہ

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر ملا کر مزید خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: مالنخولیا اور جنون کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد امیر صاحب چک نمبر ۵، ۵ تحصیل لیہ۔ ضلع مظفر گڑھ۔

۹۰۔ **سفوف مالنخولیا مراقی:** اجزاء: افسنتین رومی ۱۰ ماشہ، گل گاؤ زبان ۶ ماشہ، گل سرخ ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۴ ماشہ، عود صلیب ۴ ماشہ، طباشیر کبود ۴ ماشہ دانہ ہیل خورد (الائچی خورد) ۳ ماشہ، عرق کیوڑہ ۳ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور جدا جدا پیس کر عرق کیوڑہ میں کھرل کریں اور خشک ہونے پر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: مالنخولیا مراقی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شعیب صاحب چشتی یونانی دواخانہ عید گاہ روڈ۔ بہاول نگر۔

۹۱۔ **سفوف مالنخولیا:** اجزاء: سنبل الطیب ۶ ماشہ، تربد سفید مجوف ۷ ماشہ، غاریقون مغربل ۹ ماشہ، افسنتین ۱½ تولہ، گل فلفل سرخ ۳ ماشہ، عود ھندی ۶ ماشہ، ہیل خورد ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: مالنخولیا مراقی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم منور خاں صاحب۔ کشمیر فلم پروڈکشن۔

۹۲۔ **شربت افتیمون:** اجزاء: افتیمون ولایتی، گل سرخ، گل گاؤ زبان، گل نیلوفر، برگ ریحان، تخم کاسنی، مغز تخم خیارین، آلو بخارا، ا ماشہ، تربد سفید مجوف، غاریقون مغربل، افسنتین رومی ہر ایک ا تولہ، نبات سفید ا سیر۔

ترکیب ساخت: حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲½ تولہ ہمراہ آب تازہ صبح شام پلائیں۔

افعال وخواص: مالنخولیا مراقی میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ: حکیم قاضی حسین بخش۔ کوٹلہ جام۔

۹۳۔ **شربت گڑہل مرکب:** اجزاء: اسطوخودوس، افتیمون، گل سرخ، گل بنفشہ، افسنتین، ابریشم مقرض

سنبل الطیب ہر ایک ۳ تولہ، گل گڑہل ۶ تولہ نبات سفید ا سیر۔
ترکیب ساخت: حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۵ تولہ شربت ہمراہ عرق گلاب ۱۰ تولہ صبح شام پلائیں۔
افعال وخواص: مالنخولیا میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد اسماعیل صاحب چک نمبر ۲۲۸ تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ

۹۴۔ **شربت دافع مالنخولیا**: اجزاء: افتیمون ولایتی ۵ تولہ، اسطوخودوس ۵ تولہ، بسفائج فستقی ۵ تولہ، آب گرم ۲ ا سیر نبات سفید ۲ پاؤ
ترکیب ساخت: حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: پہلے روز ۲ تولہ ہمراہ ماء الجبن ۲۰ تولہ پھر روزانہ ایک تولہ بڑھاتے جائیں۔ سات یوم تک سات تولہ
بعد ازاں اسی طرح کم کرتے جائیں اور ۲ تولہ تک پہنچ جائیں اور ۲ روز پلا کر ختم کریں۔
ہدایت: ماء الجبن سرخ بکری کے دودھ سے جو جنگل میں چرتی ہو تیار کریں۔
افعال وخواص: مالنخولیا اور جنون میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم اللہ بخش صاحب سیال شہداں شمالی۔ ڈاکخانہ جنڈانوالا تحصیل بھکر ضلع میانوالی

۹۵۔ **شربت مالنخولیا**: اجزاء: بسفائج فستقی، اسطوخودوس، مویز منقی، سنا مکی، برگ گاؤزبان، گل سرخ ہر ایک ۵ تولہ
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو رات پانی پانچ سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں، چوتھائی حصہ پانی رہنے پر مل چھان لیں
اور نبات سفید ا سیر ملا کر حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: پانچ تولہ شربت شیر گاؤ ۱ پاؤ میں حل کر کے روغن بادام ۶ ماشہ تا ۱ تولہ ملا کر پلائیں۔ سر پر روغن مالنخولیا خشخاش کی مالش کریں۔
افعال وخواص: مالنخولیا کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: حکیم صوفی احمد یار صاحب مقام پکا گھنجیرہ۔ ڈاکخانہ واں بھچراں۔ ضلع میانوالی۔

۹۶۔ **شربت منقی دماغ**: اجزاء: گل گاؤزبان ۱ تولہ، گاؤزبان ۳ تولہ، اسطوخودوس ۲ تولہ، بادرنجبویہ ۲ تولہ، گل
سرخ ۲ تولہ، افتیمون ولایتی، گل بنفشہ، نیلوفر، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۱/۲ ۱ تولہ نبات سفید ۳ پاؤ۔
ترکیب ساخت: حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: حسب رائے طبیب۔ ۲ تولہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ ملا کر پلائیں۔ صبح و رات۔
افعال وخواص: مالنخولیا کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد قاسم صاحب کامل طب والجراحت مزنگ۔ لاہور

۹۷۔ **شربت مالنخولیا**: اجزاء: برگ گاؤزبان ۳ تولہ، گل گاؤزبان ۲ تولہ، بادرنجبویہ ۱ تولہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، کونپل نیلوفر
۱ تولہ، گل سرخ ۱ تولہ، عرق بید مشک، عرق گاؤزبان، عرق گلاب ہر ایک ۲ سیر، قند سفید ا سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ تولہ ہمراہ آب ۲ بار دن میں پلائیں۔

افعال وخواص : مالیخولیا مراقی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید اقبال حسین شاہ صاحب، منڈی چوہڑکانہ ضلع شیخوپورہ۔

۹۸۔ **شربت ابریشم** : اجزاء : ابریشم مقرض ۵ تولہ، بسفائج فستقی، ذرنج عقربی، اسطوخودوس، پوست ترنج ہر ایک ۱/۲ ا تولہ، زرنباد، گاؤزبان، بادرنجبویہ، گل گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ، قند سفید ۳ پاؤ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۵ تولہ شربت ہمراہ حسب ذیل ماء الجبن میں ملا کر پلائیں۔

۹۹۔ **ماء الجبن** : اجزاء : افتیمون ولایتی صرہ بستہ ۳ ماشہ، برگ سنا مکی ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ کابلی ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۳ ماشہ، اسطوخودوس ۳ ماشہ، ابریشم مقرض ۳ ماشہ، سرکہ انگوری خالص ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سوائے سرکہ باقی اشیاء کورات پانی گرم میں بھگو کر علی الصبح تین جوش دے کر چھان کر سرکہ شامل کر لیں۔ بعدازاں شیر بز تازہ بقدر ضرورت لے کر دیگچی قلعی دار میں ڈال کر جوش دیں اور سرکہ والا پانی ڈال دیں ایک دو جوش آنے پر شیر بز پھٹ جائے گا۔ اتار کر کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : بقدر ضرورت شربت مذکورہ میں ملا کر پلائیں۔

افعال وخواص : مالیخولیا، جنون، وحشت، کابوس، وہم، صرع، مالیخولیا مراقی، دائمی قبض میں مفید ہے۔ امراض مستورات اختناق الرحم، احتباس طمث اور جملہ حیض ونفاس کے امراض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم امیر احمد صاحب عباسی موضع کھاڑک بھٹیاں، تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ۔

۱۰۰۔ **معجون مالیخولیا** : اجزاء : اسطوخودوس، تربد سفید مجوف، بسفائج فستقی، افتیمون ولایتی، ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ لاجورد مغسول ہر ایک ۱ تولہ، نبات سفید ۸ تولہ، عسل خالص ۱۴ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۵ ماشہ، حسب رائے طبیب استعمال کریں۔

افعال وخواص : مالیخولیا میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد قاسم صاحب کامل الطب والجراحت۔ مزنگ لاہور

۱۰۱۔ **معجون مالیخولیا** : اجزاء : اسطوخودوس، بادرنجبویہ، افتیمون ولایتی، گل سرخ ہر ایک ۱ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ پوست ہلیلہ ۲ تولہ، آملہ مقشر ۲ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۱ تولہ، عسل خالص ۳۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملاکر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: مالیخولیا اور قبض کو دور کرتی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد اسماعیل صاحب چک نمبر ۲۲۸ تحصیل چنیوٹ۔ ضلع جھنگ۔

صرع (مرگی)

۱۰۲۔ **حب منقی دماغ:** اجزاء: صبر زرد ۲ ماشہ، افسنتین رومی، پوست ہلیلہ زرد، تربد سفید مجوف، صمغ القتاد (کتیرا)، گل سرخ، مصطگی رومی ہر ایک ۹ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ آب حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: تنقیہ دماغ کے لئے نہایت مفید ہے

عطیہ: حکیم عبدالقدیر صاحب پشاور صدر۔

۱۰۳ **حب جند عود:** اجزاء: بسباسہ، جوزبوا، فلفل دراز، اسگند ناگوری، عود صلیب، فلفل ابیض ہر ایک ۶ ماشہ زعفران، صمغ عربی، جند بیدستر ہر ایک ۳ ماشہ، خولنجان، زنجبیل ہر ایک ۱½ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ عرق بادیان صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: صرع کے علاوہ اختناق الرحم اور وجع الرحم میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم شاہنواز صاحب کوچہ چابک سواراں۔ لاہور

۱۰۴ **حب صرع:** اجزاء: اسرول، تربد سفید مجوف، بزرالبنج ہر ایک ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو حسب دستور پیس کر لعاب اسبغول میں کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بعد از غذا بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: صرع، سہر، جنون، مالیخولیا، فشار الدم قوی، درد معدہ ریحی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فاروق احمد صاحب معرفت حکیم محمد حسن صاحب حسن آباد ضلع رحیم یار خاں۔

۱۰۵۔ **حب جند:** اجزاء: جند بیدستر، عود صلیب، جوزبوا، مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر عرق بادیان میں گوندھ کر حب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤ زبان صبح اور ایک حب بوقت خواب کھلائیں، موسم سرما میں اس کا استعمال زیادہ موزوں ہے۔

افعال وخواص : صرع کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد قمر الزماں صاحب۔ مینچن آباد۔ ضلع بہاول نگر۔

۱۰۶ **حب صرع** : اجزاء : حلتیت ۴ ماشہ، کونین ۴ ماشہ، کافور ۲ ماشہ، جند بیدستر ۴ ماشہ، جدوار خطائی ۱ تولہ

ترکیب تیاری : سب ادویہ حسب دستور کوٹ چھان کر آب تازہ ملا کر حب بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ یا مناسب بدرقہ صبح وشام۔

افعال وخواص : صرع میں موثر ہے۔

۱۰۷ **حب صرع فرفیون والی** : اجزاء : مرکی، فرفیون، عصارہ ریوند، حلتیت خالص ہر ایک ۱ تولہ، گلقند ۴ تولہ

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو باریک کرکے گلقند میں ملا کر حب کنار دشتی کے برابر بنائیں۔

مقدار خوراک : بچہ کو نصف، جوان کو ۲ حب ہمراہ عرق بادیان کھلائیں۔

افعال وخواص : صرع اطفال میں خصوصاً اور مرض صرع کے لئے بالعموم مفید ہے ہر عمر کے مریض کیلئے نافع ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بخش صاحب بلوچ محلہ قدیر آباد۔ ملتان۔

۱۰۸۔ **حب صرع** : اجزاء : کافور، حلتیت، جند بیدستر، افیون ہر ایک ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور باریک کرکے حبوب بقدر ۳ رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : صرع میں مفید ہے۔

۱۰۹۔ **دوائے صرع** : اجزاء : جدوار خطائی، عود صلیب ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کو خوب پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ ماشہ پان میں رکھ کر دیں اور ہدایت کریں کہ یک نگل لے۔ صبح اور شام دو پان روزانہ کھلائیں

افعال وخواص : صرع کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : باداجی حکیم شیخ ریاض حسین صاحب معرفت حکیم شیخ اللہ رکھا صاحب منڈی چوہڑکانہ ضلع شیخوپورہ

۱۱۰۔ **دوائے صرع مداری** : اجزاء : چاول باسمتی ۵ تولہ، لبن العشر (شیر مدار) بقدر ضرورت، شیر گاؤ بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : اول چاول کو شیر مدار میں بھگوئیں کہ دو انگل اوپر رہے۔ خشک ہونے پر یہی عمل پھر کریں۔ اس عمل کو سات بار دہرائیں۔ پھر اسی طرح سات بار شیر گاؤ میں تر و خشک کریں اور پھر پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : زیادہ سے زیادہ ۲ ماشہ حب العمر ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ دودھ گھی بکثرت کھلائیں۔

افعال وخواص : صرع و نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب قریشی۔ ہری اوم سٹریٹ نمبر ۱۲ بلڈنگ نمبر ۳ رام نگر۔ چو برجی۔ لاہور

۱۱۱۔ **روغن سام** : اجزاء : چھپکلی خانگی ۱ عدد۔ روغن سرشف (سرسوں) ۶ تولہ۔

ترکیب ساخت : کسی قلعی دار برتن میں تیل کو گرم کریں اور اس میں چھپکلی کو ڈال دیں۔ جب یہ جانور جل جاتے۔ تو نکال کر پھینک دیں اور تیل کو صاف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت دورہ مریض کی ناک میں دونوں طرف دو دو قطرہ ٹپکائیں۔

افعال وخواص : صرع کے لئے مفید ہے۔ صاحب نسخہ تحریر کرتے ہیں کہ دو دفعہ استعمال سے پھر کبھی دورہ نہ پڑیگا۔

عطیہ : حکیم محمد اسحٰق صاحب۔ اقبال دواخانہ۔ منڈی عثمان والا۔

۱۱۲۔ **کشتہ شاخ گاؤمیش** اجزاء : شاخ گاؤمیش (بھینا) حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : شاخ گاؤمیش کو برادہ کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ کشتہ ہمراہ عسل خالص ۱ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : صرع کے لئے از حد مفید ہے۔

عطیہ : سلطانی دواخانہ۔ شاہ پور شہر ضلع سرگودھا۔

۱۱۳۔ **معجون صرع** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ، عقرقرحا، اسطوخودوس ہر ایک ۲ تولہ، عود صلیب ۱ تولہ، مویز منقیٰ ۱۰ تولہ، عسل خالص ۶ چھٹانک۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور خوب پیس کر عسل خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۱ تولہ معجون بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : بعد از تنقیہ دماغ صرع میں فائدہ مند ہے۔ تنقیہ دماغ کا نسخہ درج ذیل ہے۔

۱۱۴۔ **معجون صرع** : اجزاء : پوست ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ، آملہ مقشر، گل سرخ۔ روغن بادام ہر ایک ۱۰ تولہ۔ مغز حب السلاطین مدبر ۳ تولہ۔ نبات سفید ۱/۲ ۱ سیر۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر نبات سفید کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں، چالیس روز دھوپ میں رکھنے کے بعد اکیس یوم غلہ جو میں دبا دیں۔ زیادہ سے زیادہ چالیس یوم جو میں دفن رکھیں۔ بعد ازاں نکال لیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ ورق نقرہ میں ملفوف کر کے ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص : صرع، سکتہ، رعشہ، ضیق النفس، فالج، لقوہ، بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں حرقتہ البول بادزنگ، قے، دست، قبض اور سلسل البول میں بھی مفید ہے۔
ھدایت : مسہل شدید ہے۔ قوی المزاج اشخاص کو دیں۔

۱۱۵۔ **مطبوخ صرع :** اجزاء : اسطوخودوس ۶ ماشہ، عود صلیب ۵ ماشہ، بادیان ۵ ماشہ
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو عرق گاؤزبان ۱/۲ پاؤ میں جوش دے کر جوشاندہ میں شربت عناب ملا کر پلائیں
افعال وخواص : صرع کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم لال خاں صاحب، شاہی بازار۔ نواب شاہ (سندھ)

۱۱۶۔ **معجون لسفائج :** اجزاء : اسطوخودوس، لسفائج فستقی، عاقرقرحا، افتیمون ولایتی ہر ایک ۱ تولہ عسل خالص ۱۲ تولہ
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۳ ماشہ معجون ہمراہ عرق گاؤزبان بوقت خواب کھلائیں۔
افعال وخواص : صرع میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم غلام حسین صاحب خطیب جامع مسجد۔ شادیوال۔ ضلع لاہور

۱۱۷۔ **نفوخ صرع :** اجزاء : آب مرزنجوش، عاشق الشجر (آب برگ عشق پیچاں مروق) ۵ تولہ عین الدیک الابیض (گھونگچی سفید) ۱ تولہ
ترکیب ساخت : عین الدیک کو باریک سفوف بنا کر آب مروق میں خوب کھرل کر کے خشک کر کے رکھیں۔
ترکیب استعمال : ۱ تا ۲ چاول صبح و شام نفوخ کریں اور متواتر ۳۰۲ یوم استعمال کریں۔
افعال وخواص : صرع کے لئے مفید ہے۔ صاحب نسخہ نے تحریر کیا ہے کہ تمام عمر کبھی دورہ نہیں پڑے گا تصدیق کے لئے تیار کریں اور استعمال کریں۔
عطیہ : حکیم عبدالغنی صاحب ارچھیاں۔ ڈاک خانہ بارو۔

۱۱۸۔ **نفوخ صرع :** اجزاء : خرمہرہ زرد، ۱ ماشہ، کرم ہائے الف شتر (کرم بینی شتر)، عدد ۱، فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ راس سنگ پشت خشک (کچھوے کا سر) ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : سب اجزا کو باریک پیس کر عطوس تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال : بقدر ۳ رتی کسی نلکی کے ذریعہ ناک میں نفوخ کریں۔
افعال وخواص : اس نفوخ کے استعمال سے کیڑا خارج ہو کر صرع دوری سے ہمیشہ کے لئے نجات مل جائے گی۔ تین چار بار مریض کو استعمال کرائیں۔
عطیہ : حکیم حافظ میاں غلام رسول صاحب۔

۱۱۹۔ ہلاس صرع : اجزاء : مشک خالص ۱ ماشہ، کرم ہائے انف شتر، کرم مینی شتر، کف شتر، اونٹ کے سر کا جھاگ ہر ایک ۱ ماشہ

ترکیب ساخت : سب کو کھرل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال : ایک رتی بطور نسوار روزانہ صبح و شام۔

افعال و خواص : صرع و دوری کے لئے نافع ہے۔

عطیہ : سلطانی دواخانہ۔ شاہ پور شہر ضلع سرگودھا۔

سکتہ

۱۲۰۔ ہلاس سکتہ : اجزاء : مرارہ اسپ نر ۱ عدد۔ فلفل سیاہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : مرارہ میں فلفل سیاہ بھر کر لٹکا دیں۔ گیارہ یوم کے بعد فلفل سیاہ نکال کر پیس لیں۔

ترکیب استعمال : بطور نسوار استعمال کریں۔

افعال و خواص : ایک ہفتہ کے استعمال سے مرض سکتہ کلی طور پر دور ہو جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید بشیر حسین شاہ صاحب بخاری دربار حضرت سلطان باہو صاحب۔ ضلع جھنگ

فالج

۱۲۱۔ حب اذاراقی مرکب : اجزاء : اذاراقی مدبر ۱۰ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، صبر زرد ۵ تولہ

ترکیب ساخت : اذاراقی کا پتہ دور کرنے کے بعد دودھ میں جوش دیں بعد ازاں روغن گاؤ میں بریاں کریں سرخ ہونے پر پیس کر باقی ادویہ پیس کر ملا کر کھرل کریں شہد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : فالج کے علاوہ لقوہ، وجع المفاصل اور ریحی امراض کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سکندر علی (مرحوم) چک نمبر ۱/۲۵۹ ۔بی بورے والا ضلع ملتان۔

۱۲۲۔ حب اذاراقی : اجزاء : اذاراقی مدبر، خرمائے خشک، زنجبیل، فلفل سیاہ ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ چائے میں روغن گاؤ ۱/۲ تولہ شامل کر کے بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : فالج اور امراض باردہ رطبیہ میں اکسیر ہے۔ نزلہ زکام بارد میں بھی فائدہ مند ہے۔

عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب چک نمبر ۱۲۵ تحصیل وہاڑی ضلع ملتان۔

۱۲۳۔ **حب اذاراقی** :اجزاء: اذاراقی مدبر، بیخ حنظل، فلفل سیاہ ہر ایک ۱ تولہ، عسل خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر ہمراہ عسل خالص کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج، لقوہ اور اوجاع ریحی میں مفید ہے۔

عطیہ :

۱۲۴ **حب فالج شنگرفی** :اجزاء: عقل ارزق ۵ تولہ، شیر گاؤمیش (بھینس) ۳ سیر، شنگرف رومی ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، جوز بوا ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : اول کو گل بھینا کو شیر گاؤمیش میں پکائیں، کھویہ ہونے پر نکال کر ہاون دستہ میں کوٹ کر یکجان کریں۔ بعد ازاں باقی ادویہ سحوقہ ملا کر یک جان کریں اور حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : فالج اور وجع المفاصل میں ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عاشق حسین صاحب۔

۱۲۵ **حب فالج** :اجزاء: اذاراقی مدبر، فلفل سیاہ ہر ایک ۱۰ ماشہ، بیخ طرخون (عاقر قرحا)، قرفہ، زنجبیل ہر ایک ۴ ماشہ، مصطگی رومی ۲ ماشہ، زعفران کشمیری ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اشیاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ عسل کف گرفتہ خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح شام کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج کے علاوہ لقوہ، رعشہ اور وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب لطیفیہ دواخانہ چکوال۔

۱۲۶۔ **حب فالج** :اجزاء: اذاراقی مدبر ۴ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ، نانخواہ ۵ تولہ، ملح اسود ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول کچلہ کو پانی اسیر اور نمک ایاد میں ڈال کر آگ پر رکھ کر جوش دیں۔ پانی ختم ہونے پر اتار کر پھر اسی طرح جوش دیں۔ اسی طرح پانی اور نمک میں تین بار جوش دے کر نکال لیں اور چھلکا اور پتہ دور کریں۔ بعد ازاں شیر گاؤ ۲ سیر میں جوش دیں کچلہ مدبر ہو جائے گا۔ پانی اور شیر جو کچھ بچے گڑھے میں دبا دیں۔ اب سب ادویہ کو خوب پیس کر گڑ دا کھیکوار ۲۰ تولہ میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ حب ہمراہ آب بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج، لقوہ، رعشہ اور اعصابی امراض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالخالق شاہ صاحب۔ غوث پورہ۔ تحصیل وضلع سرگودھا۔

۱۲۷۔ **حب عشرہ** : اجزاء : فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، شیرہ آملہ، سعد کوفی، مصطگی رومی، دارچینی، سلیخہ، اسارون، صبر سقوطری ہر ایک ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو حسب دستور پیس کر خوب کھرل کریں اور ہمراہ آب کرفس خوب کھرل کر کے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج، لقوہ، رعشہ اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام قادر صاحب۔ ساکن فتحپور تحصیل میلسی۔ ضلع ملتان۔

۱۲۸۔ **حب مشک** : اجزاء : مشک خالص حسب ضرورت، آب موز (کیلا) مروق حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : مشک کو آب موز مروق میں چالیس روز خوب سحق بلیغ کریں اور سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : روز اول نصف برنج بعد ازاں ہر روز نصف برنج اضافہ کریں۔ چالیس روز کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ صرع۔ نزلہ جمیع امراض باردہ۔ بلغمی۔ اعصابی اور دماغی میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں صداع، باہ۔ امساک۔ تحفظ شباب و دافع شیب غیر طبعی اور محافظ حرارت غریزی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب راز جنرل سیکرٹری طبی کانفرنس کراچی۔

۱۲۹۔ **حب فالج** : اجزاء : سورنجان شیریں، شحم حنظل، مقل ارزق، قرنفل ہر ایک ۱ تولہ، مصطگی رومی، اذاراقی مدبر ہر ایک ۲ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور معروف پیس کر یکجان کر کے کھرل کریں اور ہمراہ عسل خالص حبوب نخودی تیار کریں

مقدار خوراک : ۱ حب ہمراہ آب بعد از غذا صبح شام کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج کے علاوہ جملہ اقسام اوجاع میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فضل کریم صاحب انبالوی۔

۱۳۰۔ **حلوہ بیضہ** : اجزاء : زردی بیضہ مرغ ۲۱ عدد، آب سیر (لہسن) ۱ پاؤ۔ آب پیاز ۱ پاؤ۔ تالنگنی ۵ تولہ، زعفران ۱ تولہ عسل خالص آسیر، روغن گاؤ خالص ۱ پاؤ، دارچینی ۵ تولہ، قرنفل ۵ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : پہلے خشک ادویہ کو پیس کر علیحدہ رکھیں بعد ازاں باقی شہد اور پانیوں کو قلعی دار برتن میں آگ پر رکھ کر پکائیں قوام بننے پر اتار لیں اور زردی بیضہ مرغ کو گھی میں بھون کر شامل کریں، بعد ازاں کھرل شدہ ادویہ کا سفوف ملالیں۔ حلوہ بن جائیگا محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج اور اس کے جملہ اثرات ختم ہو جاتے ہیں۔

عطیہ : حکیم حافظ فضل حق صاحب سکنہ ز شہرہ۔ تحصیل میلسی۔ ضلع ملتان۔

۱۴۱۔ **دوا، فالج** : اجزاء: فرفیون ۱ ماشہ، آب سیر دلہسن ۲ ماشہ

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کو باہم ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : یہ صرف ایک خوراک ہے روزانہ ایک خوراک کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج۔ لقوہ۔ استرخا میں مفید ہے۔

ھدایت : دوا، بہت تیز زہریلی اور خطرناک ہے۔ قوی المزاج اشخاص کو دیں۔

عطیہ : حکیم رشید احمد صاحب۔ چشتی صابری امرتسری۔ دواخانہ رشیدیہ۔ بغریب کالونی ساہیوال

۱۴۲۔ **دوا، فالج** : اجزاء : انجیر زرد ۲ تولہ، مویز منقیٰ ۱ تولہ، خاکسی ۶ ماشہ، گلقند ۵ تولہ، دارچینی ۲ ماشہ، ہیل کلاں ۳ ماشہ

ترکیب ساخت : جملہ مفردات کو رات پانی ۱/۲ سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں ایک پاؤ رہنے پر اتارلیں۔ اب گل قند کو اس میں رگڑ کر چھان لیں۔

مقدار خوراک : اس شیرہ کی ۳ خوراک بنائیں اور ایک دن میں صبح۔ دوپہر و شام پلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ، فالج میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بشیر صاحب معرفت رحیم بخش عطار۔ جڑانوالہ ضلع لائل پور

۱۴۳۔ **دلک فالج** : اجزاء : سورنجان تلخ، قرنفل، بسباسہ، جوزبوا، مصطگی رومی ہر ایک ۶ ماشہ، روغن کنجد ۵ تولہ۔ موم سفید ۱ تولہ

ترکیب ساخت : اول پانچ اجزاء کو جدا جدا پیس کر یکجان کرکے رکھیں، روغن کنجد کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ گرم ہونے پر موم ڈال دیں۔ جب تیل میں حل ہو جائے تو مذکورہ سفوف اس میں ملا کر حل کریں اور اتار لیں۔

ترکیب استعمال : مریض کو اوندھا لٹا کر ریڑھ کی ہڈی پر روغن مذکور کی مالش کریں۔ نمی اور سردی سے مریض کو بچانا ضروری ہے۔

افعال وخواص : روغن مذکور فالج کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مظہر حسین صاحب ولادری ۹۵۲/۱ نور گلی۔ لال حویلی۔ اندرون موچی گیٹ۔ لاہور

۱۴۴۔ **روغن دافع فالج** : اجزاء : مقل ازرق، جوزبوا، قرنفل، فلفل دراز، قسط تلخ، زنجبیل، مالکنگنی، وج ہر ایک ا تولہ۔ روغن کنجد ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت : تمام مفردات کو جو کوب کرکے بوقت رات اڑھائی سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح اس قدر پکائیں کہ پانی چوتھائی رہ جائے مل چھان کر اس پانی میں روغن ملا کر آگ پر رکھیں۔ پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے تو اتار کر سرد کرکے کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ رات کو ہوا سے بچا کر مقام ماؤف پر مالش کریں۔

افعال وخواص : فالج کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم سید امیر علی شاہ صاحب ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول منڈی یزمان۔ ضلع بہاول پور

۱۳۵ **روغن فالج** : اجزاء : فرلق ہندی سیاہ (کوڑ)، قرنفل، جوز بوا ہر ایک ٦ ماشہ، برگ عشر ڈاک کچے پات، ا برگ بید انجیر لدھ، ٥ اعدد روغن کنجد ا سیر

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو نیم کوفتہ روغن کنجد میں ملاکر آگ پر رکھیں جل جانے پر چھان کر روغن محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت عضو ماؤف پر روغن مذکور کی مالش کریں اور ہوا سے محفوظ رکھیں۔

افعال وخواص : فالج۔ لقوہ۔ رعشہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید عبدالودود صاحب۔

۱۳۶۔ **کشتہ تانبہ** : اجزاء : مس خالص (تانبہ) ا تولہ، آب ترہندی ٥ تولہ آب نمک سمندر ہ تولہ، شیر عشرہ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول تانبہ کو آگ میں خوب سرخ کرکے آب مذکورہ اور شیر میں بالترتیب بجھاؤ دیں۔ پھر باریک پیس کر شیر مدار مزید ا تولہ میں خوب کھرل کرکے قرص بنا کر خشک کریں اور دو کٹھالیوں میں رکھ کر منہ مضبوط بند کرکے خوب گل حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ دیں، کشتہ بزنگ سفید ہوگا۔

مقدار خوراک : نصف برنج تا ۲ برنج ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر کھلائیں۔

(دودھ، گھی بکثرت کھلائیں محمد نور الدین نظامی)

افعال وخواص : فالج کے علاوہ وجع المفاصل اور نامردی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی محمد اشرف منصور صاحب نقشبندی مجددی B ۹ ، ۲۰۲ اے محلہ مومن پورہ۔ راولپنڈی۔

۱۳۷۔ **کشتہ بارہ سنگا** : اجزاء : شاخ گوزن (بارہ سنگا) حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : شاخ گوزن کوٹ کر مینڈک کے منہ میں ڈال کر بند کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر معہ خاکستر مینڈک کھرل کریں اور دوسرے مینڈک کے پیٹ میں ڈال کر یہی عمل دہرائیں جو کچھ برآمد ہو محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ چاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ حسب العمر کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج کے علاوہ خدر، لقوہ، ام الصبیان، استسقاء ہمہ اقسام، عرق النساء، وجع المفاصل ڈبہ اطفال ضیق النفس وغیرہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم کریم نثار بیگ۔

۱۳۸۔ **کشتہ بارہ سنگا** : اجزاء : قرن الایل (بارہ سنگا)، عسل خالص، نانخواہ ہر ایک ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت : اجوائن کو کوب کرکے شہد میں ملاکر اس میں قرن الایل کو لت پت کریں۔ بعد ازاں باقی کو کوزہ گلی میں

قرن الایل کے فرش ولحاف کرکے گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر شیر مدار سے سحق بلیغ کرکے بدستور آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آب برس مروق میں ڈبو کر بدستور آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ ہر گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج، تشنج اور ذات الصدر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم اشفاق احمد صاحب انصاری، سکنہ ترگڑھ، تحصیل میلسی، ضلع ملتان۔

۱۳۹۔ **کشتہ بارہ سنگا (گھیکوار والا)** اجزاء : قرن الایل ۱ تولہ، گودا گھیکوار ۲ سیر، عسل خالص ۱ سیر، روغن گاؤ ۱ سیر۔

ترکیب ساخت : اول قرن الایل گودہ گھیکوار میں رکھ کر گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے یہ عمل پانچ بار کریں۔ بعد ازاں ایک جوان مرغ لے کر ذبح کریں اور پیٹ کو آلائش سے پاک کرکے اس میں قرن الایل مذکورہ رکھ کر اور شہد ڈال کر شکم کو سی دیں۔ بعد ازاں آہنی کڑاہی میں روغن گاؤ ڈال کر اس میں بریاں کریں۔ پھر مرغ سوختہ کے پیٹ سے قرن الایل نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی ہمراہ یخنی کبوتر کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب، منڈی بہاؤالدین، ضلع گجرات۔

۱۴۰۔ **کشتہ سیماب :** اجزاء : فلفل احمر ۱ پاؤ، سیماب مصفیٰ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : اوّل پارہ کو ایک بوتل میں ڈال کر پٹرول ۵ تولہ ڈالیں اور بوتل کا منہ بند کرکے اسے خوب ہلائیں اور پارہ نکال لیں اس طرح پارہ صاف ہو جائے گا۔ فلفل احمر کے چھلکے لے کر خوب پیس کر نغدہ بنائیں۔ درمیان میں پارہ رکھ کر دو عدد بڑی تھاپیاں (راچک) لے کر ان میں گڑھا کھود کر اس میں پارہ مع نغدہ رکھ دیں اب اسے اچھی طرح گل حکمت کریں اور تھوڑی سی آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب سرخ ہو جائے تو آگ بند کر دیں۔ سیماب کشتہ ہو جائے گا۔

مقدار خوراک : بقدر دانہ مسور ہمراہ مسکہ گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص : فالج اور رعشہ کے لئے مفید ہے۔

ہدایت : پارہ مصفیٰ کی پہلے آب خشخاش میں کھرل کرکے گولی بنائیں۔

عطیہ : حکیم محمد عبداللہ صاحب بہاولنگر۔

۱۴۱۔ **لعوق فالج :** اجزاء : گل سرخ، سنا مکی، خیار شنبر مصفیٰ، عناب ولایتی، منقیٰ، اصل السوس مقشر ہر ایک ۲ تولہ، نبات سفید ۱ سیر

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر نبات سفید کے قوام میں ملا کر لعوق تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۵ تولہ لعوق میں ۱ پاؤ پانی ملا کر مانند چائے روزانہ ۲ بار پلائیں۔

انفعال وخواص : فالج، لقوہ، تشنج، رعشہ، کزاز، صرع، کابوس، خدر سکتہ اور اختلاج وغیرہ امراض میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب ہوشیار پوری، درویشی دواخانہ اضافی بستی منڈی بوریوالہ وہاڑی روڈ ضلع ملتان۔

۱۴۲۔ **معجون فالج** : اجزاء : زنجبیل ۱ ماشہ، ساذج ہندی، قرفہ، خولنجان، سنبل الطیب، جوزبوا ہر ایک ۲ ماشہ، قرنفل ازر ورونج عقربی ۲ تولہ، ورق طلاء ۲ رتی، ورق نقرہ ایک ماشہ، مشک خالص ۲ رتی، عسل خالص سہ چنداودیہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۹ ماشہ یونہی منہ میں ڈال کر چبا کر کھائیں۔ اگر مریض کمزور ہو تو قہوہ کی طرح بنا کر صبح وشام پلائیں۔ تندرست حضرات شیر گاؤ آدھ سیر کے ساتھ کھائیں۔ کثیر النفع ہے۔

انفعال وخواص : فالج۔ لقوہ۔ رطوبات فاسدہ بلغمیہ۔ جمود۔ رعشہ۔ اعصاب کو نافع ہے۔ زہرہ خوردہ۔ گزیدن جانوران زہرناک کو مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید امیر علی شاہ صاحب ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول۔ منڈی یزمان۔ ضلع بہاول پور

تشنج

۱۴۳۔ **اکسیر تشنج** : اجزاء : سیماب مصفیٰ ۱ تولہ۔ کبریت آملہ سار مصفیٰ ۱ تولہ، قرفہ ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جوزبوا ۱ تولہ، بسباسہ ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول سیماب اور کبریت کو اس قدر کھرل کریں کہ سیماب کی چمک باقی نہ رہے۔ بعدازاں باقی ادویہ کو حسب دستور سفوف بنا کر اس میں ملائیں اور خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی سفوف ہمراہ شوربا گوشت بز یا یخنی بٹیر یا کبوتر یا مرغ کھلائیں۔

انفعال وخواص : تشنج، فالج، لقوہ، رعشہ، صرع، کزاز، استرخاء اور امراض بلغمی میں اکسیر اعظم ہے۔

عطیہ : حکیم دلبر خاں صاحب قوم راجپوت، مہاجر جالندھری۔

۱۴۴۔ **حب تشنج** : اجزاء : جند بیدستر، عود صلیب، جدوار خطائی، عاقرقرحا، شورہ قلمی، مصطگی رومی، فاد زہر حیوانی، دگاؤ لوچن، صبر زرد، زعفران ہر ایک ۱ تولہ، مشک خالص ۱ ماشہ، مویز منقیٰ آدھ پاؤ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور باریک کر کے ملا کر ان میں مویز شامل کر کے رگڑ کر حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

انفعال وخواص : تشنج۔ تمدد۔ ام الصبیان اور اختناق الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد امین صاحب۔ بہاول پور،

۱۴۵۔ **سفوف تشنج** : اجزاء : اسطوخودوس، سنبل الطیب، عود صلیب، جند بیدستر ہر ایک ۶ ماشہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو باریک کرکے ملا کر کھرل کرکے رکھیں۔
مقدار خوراک : ۴ ماشہ ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : تشنج اور لقوہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد حنیف صاحب۔ جہلم۔

۱۴۶۔ **دوائے تشنج** : اجزاء : زعفران ۶ ماشہ، جند بیدستر ۶ ماشہ، عود صلیب ۶ ماشہ، سلاجیت ۶ ماشہ، عصارہ جزو (لوبان) ۶ ماشہ۔ ست نانخواہ ۶ ماشہ، مرکی ۶ ماشہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : جوان کے لئے ۱ تا ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔
افعال وخواص : تمام تشنجی امراض میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد یوسف صاحب گوجرانوالہ۔

۱۴۷ **دوائے تشنج** : اجزاء : فلفل دراز، حلتیت ہر ایک ۱ ماشہ، عسل خالص بقدر ضرورت۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔
مقدار خوراک : یہ ایک خوراک ہے۔ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : تشنج۔ تمدد اور کزاز میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم میاں محمد شفیع صاحب سکنہ کوراہ تحصیل خوشاب۔ ضلع سرگودھا۔

۱۴۸ **کشتہ شنگرف** : اجزاء : شنگرف رومی ۱ تولہ، سیر لہسن) آدھ سیر
ترکیب ساخت : ایک آہنی کڑاہی میں نصف لہسن نیم کوفتہ رکھیں۔ اس کے اوپر شنگرف رکھ کر بقیہ لہسن اس کے اوپر ڈال کر ہر طرف سے بند کر دیں۔ کڑاہی کو آگ پر رکھیں اور دو چوبی نرم آگ جلائیں۔ جب صرف چوبی جلنے سے رہ جائے اور باقی سب جل جائے تو شنگرف کو نکال کر کھرل کرکے محفوظ کریں۔
مقدار خوراک : ۱/۲ رتی تا ۱ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر کھلائیں۔
افعال وخواص : تشنج میں بالخاصہ مفید ہے۔ لقوہ اور فالج وغیرہ میں خصوصاً مفید ہے۔

۱۴۹۔ **کشتہ شنگرف** اجزاء : شنگرف رومی ایک تولہ، شیر عشرہ تولہ، سوت ۸ تولہ۔
ترکیب ساخت : اول شنگرف رومی کو شیر مدار میں خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کرکے کپڑے کی پوٹلی میں لپیٹ

کراوپر سوت لپیٹ دیں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک چاول در مویز منقیٰ ہمراہ ماءالعسل کھلائیں۔

افعال وخواص: تشنج کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالمجید صاحب، نواب شاہ۔ سندھ

لقوہ

۱۵۰۔ **برشعشا** : اجزاء : فلفل سیاہ، فلفل ابیض۔ بزرالبنج ہر ایک ۵ تولہ، افیون ۲ تولہ، زعفران ۱/۲ تولہ، سنبل الطیب، عقرقرحا، فرفیون ہر ایک ۳ ماشہ، عسل خالص سہ چند ادویہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر عسل میں ملا کر تین ماہ تک جو میں دفن کر دیں۔ بعد ازاں استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ فالج۔ نزلہ زکام، استسقاء، اور حمیٰ ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ابوالفضل صاحب کال دوا خانہ۔ آگرہ پارچہ باف ایریا۔ لانڈھی کالونی۔ کراچی۔

۱۵۱۔ **حب بندق** : اجزاء : پوست بندق ۵ تولہ، قند سیاہ کہنہ صد سالہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : پوست بندق کو خوب اچھی طرح باریک کر لیں پھر قند سیاہ ملا کر خوب اچھی طرح کوٹ کر یک جان ہو جائے۔ حب بقدر نخود بنا کر ورق نقرہ میں ملفوف کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک حب بعد از غذا، ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمٰن صاحب نظامی سکنہ نارٹی جنوبی، تحصیل تونسہ، ضلع ڈیرہ غازی خاں۔
و حکیم محمد صادق حسن امرت سری، ۵۶ مین بازار کرشن نگر۔ لاہور۔

۱۵۲۔ **حب اذاراقی** : اجزاء : قند سیاہ کہنہ ۲ تولہ، نانخواہ، زنجبیل، کنجد سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۶ ماشہ، بلادر مدبر ۳ عدد، اذاراقی مدبر ۳ عدد۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب حب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں موسم گرما میں اگر گرمی محسوس ہو تو ایک حب سے زیادہ نہ کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ فالج اور اعصابی امراض میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بشیر صاحب گولڈ میڈلسٹ، چیف وارڈن، سول ڈیفنس۔ لاہور

۱۵۳۔ **حب اذاراقی** اجزاء: اذاراقی مدبر، فلفل سیاہ، فلفل سفید، فلفل دراز، سورنجان شیریں، اسگندناگوری ہر ایک ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۵ تولہ،

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ مویز منقیٰ خوب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں اگر شیر گاؤ یا عرق گاؤزبان سے کھلائیں تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

افعال وخواص: لقوہ۔ فالج، استرخاء اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر احمد صاحب، رحیمیہ خاندانی مطب ریل بازار، وزیر آباد، ضلع گوجرانوالہ۔

۱۵۴۔ **حب تنبول**: اجزاء: قرنفل، بسباسہ، قرنفل، اذاراقی مدبر، سورنجان شیریں، سورنجان تلخ، خولنجاں ہر ایک ۲ تولہ، آب برگ تنبول بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: حسب دستور جملہ ادویہ کو پیس کر ہمراہ آب پان جگر خوب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ۔ صبح و شام کھلائیں۔ مناسب پرہیز ضروری ہے۔

افعال وخواص: لقوہ اور اعصابی امراض میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید مقصود الحسن صاحب عرفانی دواخانہ لطیف آباد۔ حیدر آباد (سندھ)

۱۵۵۔ **حب بندق**: اجزاء: پوست بندق ہندی، فلفل سیاہ، تنکار بریاں ہر ایک ۲ تولہ، آب موز کیلا حسب ضرورت

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو خوب پیس کر ہمراہ آب کیلا خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ حلوہ مرغن ساختہ در روغن گاؤ خالص بعد از ناشتہ و طعام کھائیں۔

ھدایت: ترش اشیاء اور گوشت سے پرہیز کریں۔

افعال وخواص: لقوہ اور فالج میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد خاں صاحب بھون۔ تحصیل چکوال، ضلع جہلم۔

۱۵۶۔ **حب جندبیدستر** اجزاء: مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، زعفران کشمیری ہر ایک ۱ تولہ۔ جندبیدستر ۳ تولہ عود صلیب ۲ تولہ، ورق طلا ۵۰ عدد، عسل خالص حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو حسب دستور معروف باریک کر کے ہمراہ عسل خالص خوب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مسور بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ ماء العسل دن میں تین چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص: لقوہ اور فالج کے لئے مفید ہے۔ صاحب نسخہ تحریر کرتے ہیں، مجھے ذاتی طور پر اس سے فائدہ حاصل ہوا تھا۔

عطیہ : حکیم عبدالجبار صاحب۔ لاہور۔

۱۵۷۔ حب سلاطین : اجزاء: مغز تخم خایہ البلیس (مغز تخم کرنجوا)، زنجبیل، فلفل سیاہ، مغز حب السلاطین مدبر، قند سیاہ کہنہ ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور خوب باریک کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بوقت شب کھلائیں اور اکیس یوم تک کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ فالج۔ رعشہ اور امراض باردہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور خاں صاحب غوری، عوامی دروازہ۔ سیالکوٹ۔

۱۵۸۔ حب طرخون : اجزاء: اذاراقی مدبر (در آب گھیکوار و آب ادرک) ۲ تولہ، جوز بوا، بسباسہ، قرنفل، بیخ طرخون (عاقرقرحا)، زعفران کشمیری ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ عسل خالص حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ رعشہ اور فالج میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شیر خان صاحب پکا ڈیرہ۔ ڈاکخانہ ملیاں کلاں۔ ضلع شیخوپورہ۔

۱۵۹۔ حب قرنفل : اجزاء: دم الحمام (کبوتر کا خون) ۲ تولہ، دم الدجاج (مرغ کا خون) ۲ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۴ ماشہ، قرفہ ۱ ماشہ، زنجبیل ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر خوب کھرل کرکے سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی بتاشہ میں رکھ کر ہمراہ آب یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ کے لئے مفید ہے۔

ہدایت : مریض کو اندھیرے مکان میں ہوا سے دور رکھیں۔

عطیہ : حکیم صلابت خاں صاحب چک نمبر ۲۵/R ۔ ۸ تحصیل خانیوال ضلع ملتان۔

۱۶۰۔ حب لقوہ : اجزاء: اذاراقی مدبر ۲ ۱/۲ تولہ، زعفران رومی ۱ تولہ، قرفہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، عاقرقرحا، زنجبیل ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو باریک پیس کر پارچہ بیز کرکے ہمراہ آب حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ فالج اور نزلہ بارد کے لئے مفید ہے

عطیہ : حکیم شیر محمد صاحب چک نمبر ۱۴۰/۱۰ تحصیل و ضلع ساہیوال

۱۶۱۔ حب مقوی اعظم : اجزاء: اذاراقی مدبر ۳ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جوز بوا ۱ تولہ، بسباسہ ۶ ماشہ، سلاجیت ۲ تولہ، زعفران ۳ ماشہ، دواء المسک (کھان بید) ۲ تولہ، زرنباد ۲ تولہ، عرق نانخواہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر ہمراہ عرق اجوائین حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ، فالج ہر قسم میں مفید ہے۔ حتیٰ کہ قبل از وقت بال سفید ہونے کو بھی روکتی ہے اور سفید شدہ بالوں کو دوبارہ سیاہ کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد دین صاحب چک نمبر ۳۴۲ گ۔ب۔ ضلع لائل پور

۱۶۲۔ **دوا لقوہ :** اجزاء : زیرہ دشتی (کالی زیری)، زنجبیل، وج ترکی ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف عسل خالص میں ملا کر چٹائیں۔ صبح وشام

افعال وخواص : لقوہ اور فالج کے لئے مفید ہے۔

۱۶۳۔ **روغن دافع لقوہ :** اجزاء : زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، کمون اسود، جوزبوا، بزرالبنج ہم وزن، روغن کنجد سہ چند ادویہ۔

ترکیب ساخت : روغن کنجد کو آہنی کڑاہی میں جملہ ادویہ سمیت ڈال کر آگ پر پکائیں اور چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت عضو ماؤف پر مالش کریں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ رعشہ اور فالج میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رحیم بخش صاحب چک نمبر ۰۰ التحصیل وضلع رحیم یار خاں۔

۱۶۴ **روغن اکسیر :** اجزاء : مشک خالص، مروارید ناسفتہ، زعفران کشمیری، مرارۂ نگر مچھ، تخم حبات و تخم انگن، ہر ایک ایک تولہ، روغن زرد ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو باریک کر کے روغن زرد میں ملا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ایسے چولہے میں جہاں صبح سے شام تک آگ جلتی ہو اس میں ایک بالشت بھر گڑھا کھود کر دبا دیں۔ سات یوم کے بعد نکالیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تنکا با مصالحہ پان پر لگا کر کھلائیں۔ موسم گرما میں بتاشہ میں رکھ کر اوپر سے شربت پلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ کے علاوہ نہایت مقوی اعضاء رئیسہ ہے فالج، سرسام، ذات الریہ، خفقان، مالنخولیا، امراض معدہ وجگر میں اکسیر اعظم ہے

ہدایت : گڑھے میں دباتے وقت یہ ضروری ہے کہ آگ اور کوزہ گلی کا درمیانی فاصلہ ڈیڑھ انچ ہو۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب چک نمبر ۵ این۔پی تحصیل وضلع رحیم یار خاں۔

۱۶۵ **روغن سہانجنہ:** اجزاء: پوست درخت سہانجنا ۲ تولہ، چھاچھ گائے ۲۰ تولہ، روغن کنجد ۲ تولہ، گھونگچی سفید ۶ تولہ۔
ترکیب ساخت: ایک آہنی کڑاہی میں روغن کنجد، چھاچھ اور پوست سہانجنا سبز ڈال کر نرم آگ پر پکائیں۔ پھر اس میں گھونگچی سالم ڈال کر پکائیں۔ آنچ نرم رہے۔ جب صرف روغن باقی رہ جائے تو اتار لیں۔ سرد کر کے چھان کر محفوظ کر لیں۔
ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر بقدر ضرورت صبح و شام مالش کریں۔
افعال وخواص: لقوہ کے لئے مفید ہے۔ صاحب نسخہ کا بیان ہے کہ اس سے ۵۶ مریض دو ہفتہ کے استعمال سے صحت یاب ہوتے۔ ابتدائی لقوہ میں اس کا فائدہ توقع کے مطابق ہوگا۔
عطیہ: حکیم فیض احمد صاحب ایڈیٹر رسالہ آب حیات۔ بہاول پور۔

۱۶۶۔ **زنجفر مدبر:** اجزاء: زنجفر رومی ۱ تولہ، قرنفل، ہیل کلاں، قرفہ ہر ایک ۵ تولہ، روغن گاؤ ۱ پاؤ، چوزہ مرغ ۱ عدد، چوب بیر ۵ سیر۔
ترکیب ساخت: اول اجزاء مصالحہ کوٹ کر رکھیں۔ پھر چوزہ مرغ ذبح کر کے آلائش سے پاک کریں۔ اب اس کے شکم میں شنگرف کو مصالحہ کے درمیان رکھ کر سی دیں اور روغن گاؤ کو کڑاہی میں ڈال کر اس میں چوزہ مرغ چھوڑ دیں نیچے بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلائیں۔ جب چوزہ سرخ ہو جاتے اتار کر رکھیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کو نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک برنج تا ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص: لقوہ کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔
ہدایت: چوزہ مرغ بریاں بھی کھلایا جا سکتا ہے۔
عطیہ: حکیم نصیر الدین احمد صاحب چک ۳۱، گ۔ب تحصیل ٹوبہ ٹیک سنگھ ضلع لائل پور۔

۱۶۷۔ **سفوف لقوہ:** اجزاء: اسطوخودوس، سنبل الطیب، عود صلیب ہر ایک ۱ تولہ، جند بیدستر ۶ ماشہ
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو خوب باریک پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک: ۳ ماشہ ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: لقوہ میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد منیف صاحب بھلہ۔

۱۶۸ **ضماد دافع لقوہ:** اجزاء: روناس رمیٹھ، صبر، جوزلوا، مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۲ تولہ، زردی بیضہ مرغ ۴ عدد۔
ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ پیس کر ہمراہ زردی بیضہ مرغ کھرل کر کے ضماد تیار کریں۔
ترکیب استعمال: مقام ماؤف پر ضماد لگا کر اوپر برگ بیدانجیر باندھیں۔ تین یوم اس کا استعمال لازمی ہے۔

افعال وخواص : لقوہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم چوہدری محمد افضل صاحب موضع مراد پور۔ ضلع سیالکوٹ۔

۱۶۹۔ **قطور لقوہ** : اجزاء : ست لوبان، ست اجوائن، کافور ولایتی ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : ایک شفاف شیشی میں سب کو ڈال کر رکھیں۔ مانند پانی ہو جائے گا۔

مقدار خوراک : ۲ بوند بتاشہ میں ڈال کر دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ کے لئے اکسیر ہے۔ نزلہ زکام، سعال اور فواق میں ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

عطیہ : حکیم تاج الدین صاحب۔

۱۷۰۔ **معجون مقوی** : اجزاء : زعفران کشمیری، زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز، کمون سیاہ ہر ایک ۶ ماشہ، عسل خالص مصفی اسہ وزن

ترکیب ساخت : حسب دستور تمام اجزاء کو پیس کر عسل مصفیٰ میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : لقوہ۔ فالج۔ نسیان اور جمیع امراض بارد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد کاظم جیلانی صاحب۔ ملتان۔

۱۷۱۔ **مطبوخ لقوہ** اجزاء : کرفس۔ اسطوخودوس، افسنتین، بیخ بادیان۔ بیخ حب المحلب (کھرنی) ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو جوکوب کر کے پانی ۱ سیر میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں ۱/۲ رطل رہ جانے پر چھان کر اس میں عسل ۵ تولہ ملا کر رکھیں

مقدار خوراک : ۲ تولہ صبح وشام پلائیں اسی طرح ہفتہ عشرہ پلائیں۔ مریض کو اندھیرے میں رکھیں۔ سرد ہوا سے بچائیں۔

افعال وخواص : لقوہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نذر محمد صاحب، ساکنہ حشمت والی۔ تحصیل کبیر والا ضلع ملتان۔

نزلہ وزکام

۱۷۲۔ **اطریفل کشنیز** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ ہر ایک ۱ تولہ، کشنیز خشک ۸ تولہ، روغن بادام ۳ تولہ، روغن گاؤ ۳ تولہ، عسل خالص ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر روغن بادام و روغن گاؤ میں نیم بریاں کریں۔ عسل میں ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ وزکام اور تقویت قلب و دماغ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم معین الحق صاحب رحمانی مقام پنبہ۔ مشرقی بنگال۔

۱۷۳۔ حب نزلہ بارد : اجزاء : اسطوخودوس ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، دار شیشعاں کا چھلکا ۶ ماشہ، تخم جوز ماثل سیاہ ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : سب اجزا کو پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ آب گرم یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : نزلہ زکام اور اس سے عارض صداع وغیرہ میں بھی مفید ہے۔
عطیہ : حکیم اصغر حسین صاحب معرفت عبدالخالق صاحب کوارٹر ۹/۵۰۲ کورنگی۔کراچی۔

۱۷۴ حب زعفران اجزاء : زعفران، جدوار، صبر، پپلیہ ہم وزن۔
ترکیب ساخت : زعفران کے سوا باقی اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ بعد ازاں زعفران کو کھرل کرکے سفوف مذکورہ میں شامل کریں اور خوب کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : نزلہ زکام، سعال اور ذات الریہ میں مفید ہے۔

۱۷۵۔ حب قنب : اجزاء : صبر ۳ ماشہ، شاخ مرجان ۳ ماشہ، جدوار خطائی ۳ ماشہ، تخم قنب ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : سب کو جدا جدا پیس کر ہمراہ شہد خالص کھرل کریں اور حبوب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔
خوراک میں : صرف گھی اور روٹی دیں۔
افعال وخواص : نزلہ زکام کے علاوہ مریض تپ دق کے لئے بھی بہت مفید ہے۔

۱۷۶۔ حب زنجفر عنبری : اجزاء : زنجفر رومی، افیون، زعفران، مشک خالص، عنبر اشہب، جندبیدستر، سلاجیت، بسباسہ، جوزبوا، دار چینی ہر ایک ۱ ماشہ۔
ترکیب ساخت : حسب دستور سب ادویہ کو پیس کر ہمراہ شہد خوب کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مسور بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔
افعال وخواص : نزلہ دائمی اور قوت باہ کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم رحمت علی صاحب چک نمبر ۲۵۵ ای۔ بی تحصیل پاک پتن، ضلع ساہیوال۔

۱۷۷۔ حب نزلہ دائمی : اجزاء : صبر زرد، رب السوس، سورنجاں شیریں، پوست ہلیلہ زرد، سقمونیا مشوی ہر ایک ۱ تولہ۔
ترکیب استعمال : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ آب تازہ خوب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ دائمی میں مفید ہے۔ قبض دائمی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم منور حسین صاحب، بستی نور پور، منڈی چشتیاں، ضلع بہاول نگر۔

۱۷۸۔ **حب لوز** : اجزاء: افیون ۱ تولہ، لسان العصافیر (اندر جو)، طباشیر کبود، دانہ ہیل بوا، زعفران، لسبابہ ہر ایک ۱۲ ماشہ، مغز بادام شیریں ۱۰ عدد۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو خوب پیس کر کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ یا چائے دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید سلطان علی شاہ صاحب شفاخانہ اویسیہ۔

۱۷۹۔ **حب نزلہ وزکام** : اجزاء: تخم جوز ماثل ۶ ماشہ، مغز پنبہ دانہ، کمون ابیض (زیرہ سفید) مغز تخم کشنیز، کوکنار ہر ایک ۱ تولہ، ترپھلہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : ترپھلہ اور کوکنار کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح پکائیں۔ ایک پاؤ رہنے پر اتار لیں۔ بعدازاں باقی ادویہ کو پیس کر کھرل کریں اور ہمراہ جوشاندہ مذکورہ خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔ قبض ہو تو رفع کریں۔

افعال وخواص : نزلہ زکام کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب شافی دواخانہ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال

۱۸۰۔ **حب دافع نزلہ** : اجزاء: تخم جوز ماثل سیاہ، پوست خشخاش، صمغ عربی، جدوار خطائی ہر ایک ۱ تولہ عسل خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر ہمراہ عسل خالص حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ وزکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمود صاحب موضع بورے والا تحصیل چارسدہ ضلع پشاور

۱۸۱۔ **حب اذاراقی** : اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، مغز پنبہ دانہ (حب القطن) ۲ تولہ، مغز بادام شیریں ۳ تولہ، مویز منقی ۱۲ تولہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ حار اور بارد دونوں میں مفید ہے۔

۱۸۲۔ **حب نزلہ و زکام** : اجزاء : مغز بادام مقشر ۳½ تولہ، افیون خام، کوزہ مصری، زعفران ہر ایک ۳½ تولہ، شنگرف رومی ۲¾ تولہ، قرفہ ۳½ تولہ، رب السوس ۳½ تولہ،

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور خوب پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب صبح قبل ناشتہ اور رات بوقت خواب کھلائیں۔ قبض کو پہلے دُور کریں۔

افعال و خواص : نزلہ، زکام اور سعال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شبیر حسین صاحب۔ شاہدرہ لاہور

۱۸۳۔ **حب تواہل** : اجزاء : قرفہ، قرنفل، فلفل دراز، جوز بوا، زعفران، کبابہ، مصطگی رومی، خصیۃ الثعلب ہر ایک ۵ ماشہ، افیون ایک تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ حب ہمراہ عرق گاؤ زبان کھلائیں، اگر قبض ہو اور نزلہ کہنہ ہو تو اطریفل زمانی رات کو کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حشمت علی صاحب مقام دھوکہ دالی۔

۱۸۴۔ **حب نزلہ دائمی** : اجزاء : سیماب مصفیٰ، تخم جوز ماثل سیاہ، کبریت آملہ سار، فلفل سیاہ ہموزن۔

ترکیب ساخت : اول پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں کہ پارہ کی چمک باقی نہ رہے۔ بعد ازاں اس میں تخم جوز ماثل اور فلفل سیاہ سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں اور ہمراہ آب تازہ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤ زبان صبح شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ دائمی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حسین صاحب سکنہ کنوال تحصیل ڈسکہ گڑھ، ضلع سیالکوٹ

۱۸۵۔ **حب اسطوخودوس** : اجزاء : اسطوخودوس، قرفہ، گل بنفشہ کشمیری ہر ایک ۳ ماشہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ ۹ ماشہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤ زبان کھلائیں۔

افعال و خواص : ۴۱ یوم متواتر کھلانے سے نزلہ ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم محمد عرفان صاحب۔

۱۸۶۔ **حب نزلہ و زکام** : اجزاء : جدوار خطائی، فلفل سیاہ، صبر، رب السوس، افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ زکام اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی خلیل الرحمان صاحب قادری چشتی دواخانہ رفیق الصحت میراں پیر روک نزد موسیٰ لائن کراچی ۲

۱۸۷۔ **حب نزلہ و زکام** : اجزاء : جند بیدستر، زعفران کشمیری ہر ایک ۱ ماشہ، رب السوس، دارچینی، افیون ہر ایک ۳ ماشہ صمغ عربی، صمغ القتاد (کتیرا)، نشاستہ ہر ایک ۵ ماشہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب یا شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ زکام کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم منشی غلام محمد بیکانیری، چیلارام باڑہ نزد میر کا پلاٹ، میرپور خاص۔

۱۸۸۔ **جوشاندہ نزلہ و زکام** : اجزاء : برہمی بوٹی ۵ تولہ، پوست مغیلاں ۵ تولہ، گل بنفشہ ۱ تولہ، برگ ریحان ۱ تولہ، قرفہ ۳ تولہ دانہ ہیل کلاں ۱/۲ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور جملہ اجزاء کو کوٹ کر اور باریک چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ تا ۱ تولہ سفوف ایک پاؤ پانی میں پکائیں نصف رہنے پر نبات سفید ملا کر دیں اس دوا کی پہلی خوراک ہی اثر پذیر ہو جاتی ہے قبض کی صورت میں اطریفل زمانی ۱ تولہ سوتے وقت کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر احمد صاحب مسکین دواخانہ۔ فرید ٹاؤن۔ ضلع ساہیوال۔

۱۸۹۔ **دوائے نزلہ و زکام** : اجزاء : ملح النار (نوشادر)، تنکار، فلفل سیاہ، مرچ ہر ایک ۱ تولہ تخم جوزماثل سیاہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی ہمراہ شربت بنفشہ ۵ تولہ و عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔ بچوں کو نصف برنج تا ۱ رتی کھلائیں۔

افعال و خواص : نزلہ زکام اور سعال بلغمی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسلم صاحب نیا بازار۔ قصور۔ ضلع لاہور

۱۹۰۔ **دوائے نزلہ و زکام** : اجزاء : تخم جوزماثل ۳ تولہ، اجوائن خراسانی ۲ تولہ، مویز منقیٰ ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : تخم جوزماثل، اجوائن خراسانی کو آب تازہ ۳ پاؤ میں جوش دیں، چوتھائی رہنے پر چھان کر اس قدر جوشاندہ میں مویز منقیٰ ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ پانی خشک ہونے پر سایہ میں خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: موزنصف تا ا عدد کھلائیں۔ دن میں تین بار۔

افعال وخواص: نزلہ زکام میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم کبیر شاہ صاحب

۱۹۱۔ روغن مالکنگنی: اجزاء: تخم حنظل ا پاؤ، مالکنگنی ا پاؤ، روغن کنجد آدھ سیر، آب خالص ا سیر۔

ترکیب ساخت: پہلی دونوں ادویہ کو جو کوب کرکے ا سیر پانی میں شب کو بھگو دیں، صبح اس قدر جوش دیں کہ پانی صرف ا پاؤ رہ جائے مل چھان کر اس میں روغن کنجد ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف روغن باقی رہے تو اتار کر چھان لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: روزانہ بوقت خواب اس روغن کی سر پر مالش کریں۔

افعال وخواص: دائمی نزلہ زکام کو خصوصی طور پر دور کرنے کے علاوہ انتہائی مقوی دماغ بھی ہے اور اس سے بالوں کی سیاہی بھی برقرار رہتی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد صادق صاحب، اصلی دواخانہ۔ ڈی ٹائپ کالونی۔ لائل پور

۱۹۲۔ سفوف نزلہ زکام: اجزاء: اسطوخودوس ۲ تولہ، گل نیلوفر ا تولہ، بہیدانہ ۲ تولہ، آرد اصل السوس مقشر ا تولہ، تخم خطمی ½ ا تولہ، سعد کوفی ۹ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شربت بنفشہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: نزلہ زکام اور سعال کے لئے مفید ہے۔

۱۹۳۔ سفوف نزلہ: اجزاء: اسطوخودوس، ہلیلہ سیاہ، نمک سیاہ ہموزن۔

ترکیب تیاری: حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت خواب کھلائیں۔ گاہے بگاہے دن میں بھی کھلائیں۔

افعال وخواص: نزلہ زکام اور دائمی قبض میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم ذوالفقار علی صاحب ولد حکیم اللہ بخش مقام دارہ بھیھڑ ڈاکخانہ ہرن پور، تحصیل پنڈدادنخان جہلم

۱۹۴۔ سفوف بادیان: اجزاء: بادیان، کشنیز خشک، ہلیلہ سیاہ، مغز تخم کدو، مغز بادام شیریں، گوکھرو مسلم، مصری کوزہ ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور جملہ اجزاء کو پیس کر پارچہ بیز کرکے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ زکام دائمی اور ضعف دماغ میں موثر ہے۔

۱۹۵۔ **سفوف اسطوخودوس** : اجزاء : اسطوخودوس ۲½ تولہ، بادیاں نیم بریاں ۱۰ تولہ، بادیان خام ۱۰ تولہ، مغز بادام ۱/۴ چھٹانک پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ، مغز تخم تربوز ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء باریک پیس کر پارچہ بیز کرکے ملاکر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح یا رات کو بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد سلیمان صاحب مسجد مجددیہ، نیا محلہ۔ چکوال۔ ضلع جہلم۔

۱۹۶۔ **سفوف مقوی دماغ** : اجزاء : مغز بادام شیریں ۶ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۶ تولہ، بادیان مقشر ۶ تولہ، خشخاش سفید ۶ تولہ، ہیل خورد ۲ تولہ، کشتہ نقرہ ۱ ماشہ، مصری کوزہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب اجزاء کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : دائمی نزلہ وزکام کو دور کرنے کے علاوہ مقوی دماغ وحافظہ ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور صاحب۔

۱۹۷۔ **سفوف برہمی** : اجزاء : مغز بادیان، مغز کشنیز، خشخاش سفید، مغز بادام شیریں ہر ایک ۱ پاؤ۔ برہمی بوٹی، گل تج ہر ایک ½ پاؤ، پوست ہلیلہ زرد ۱ پاؤ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع نزلہ زکام نہایت ہی مقوی دماغ اور بصر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسماعیل صاحب۔ چک نمبر ۲۲۲ تحصیل چنیوٹ، ضلع جھنگ۔

۱۹۸۔ **سفوف نزلہ دائمی** : اجزاء : اسطوخودوس، قاقلہ صغار (الائچی خورد)، ملح النار (نوشادر) پوست سماق ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ وعرق بادیان ۵ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب کوٹ فتح دین خاں۔ قصور۔ ضلع لاہور۔

۱۹۹۔ **شربت زوفا مرکب** : اجزاء : گل نیلوفر ۲۰ تولہ، برگ بانسہ ۴۰ تولہ، گاؤزبان ۲۰ تولہ، اصل السوس مقشر ۲ تولہ
گل سرخ، زوفا، پوست خشخاش ہر ایک ۱۰ تولہ۔
ترکیب ساخت : تمام اجزا کا حسب دستور ۴ سیر پانی سے ۲ بوتل عرق کشید کریں۔ اس عرق میں نبات سفید ۲½ سیر
ملا کر شربت تیار کریں اور بوتلوں میں بھر لیں۔ اس شربت میں تکھار فی بوتل ۱½ ماشہ ملا دیں۔
مقدار خوراک : ایک تولہ کی مقدار میں شربت دن میں تین بار چٹائیں۔
افعال وخواص : نزلہ زکام کہنہ میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں کھانسی ہر قسم، سل و دق کی کھانسی اور ضعفِ شش
میں از حد مفید ہے۔

۲۰۰۔ **شربت نزلہ دائمی** : اجزاء : نانخواہ ۱ تولہ، پوست کوکنار، ابریشم مقرض، گاؤزبان ہر ایک ۱½ تولہ، عناب ۱½ تولہ
بادیان، عنب الثعلب، تخم کتان، تخم خطمی ہر ایک ۶ ماشہ، سپستان ۲۰ عدد، نبات سفید ۶۰ تولہ۔
ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ آب صبح و بوقت عصر پلائیں۔
افعال وخواص : نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

۲۰۱۔ **کشتہ حلزون** : اجزاء : حلزون ۱ تولہ، شیر عشر ۲۰ تولہ۔
ترکیب ساخت : حلزون کو شیر عشر میں بھگو کر حسب دستور گل حکمت کر کے ۵ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے
پر نکال کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک رتی تا ½ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔
افعال وخواص : نزلہ و زکام میں مفید ہے اس کے علاوہ بخار اور درد شقیقہ میں بھی مفید ہے

۲۰۲ **کشتہ عقیق** : اجزاء : عقیق یمنی احمر ۶ ماشہ، مغز بادام، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت : آخری ہر دو اجزا کو کوٹ کر نغدہ تیار کریں اور عقیق کو اس کے درمیان رکھ کر گل حکمت کر کے، سیر
اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر عرق بید مشک میں خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ رتی مسکہ گاؤ میں رکھ کر کھلائیں۔
ہدایت : قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں اگر قبض ہو تو اسے رفع کرلیں۔

افعال وخواص: نزلہ دائمی اور تقویت دماغ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید منور علی شاہ صاحب سکہ جھلیاں، تحصیل پنڈدادنخاں، ضلع جہلم۔

۲۰۳۔ **کشتہ نقرہ برائے دائمی نزلہ و زکام**: اجزاء: پترہ نقرہ خالص ۲ تولہ، آب مروق جل دھنیا بوٹی بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: پترہ نقرہ کو آگ میں سرخ کرکے آب مروق مذکورہ میں بجھا دیں۔ اسی طرح سے اکیس بار بجھا دیں۔ لیکن آب مروق ہر بار بدل دیا کریں۔ بعدازاں اسی بوٹی کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے پچیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں۔ کشتہ تیار ہوگا۔

مقدار خوراک: ایک برنج ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: دافع دائمی نزلہ زکام علاوہ ازیں مقوی دماغ اور قلب ہے۔

عطیہ: حکیم علی محمد صاحب چک نمبر ۲۹/H.R، تحصیل فورٹ عباس، ضلع بہاول نگر۔

۲۰۴۔ **معجون منڈی**: اجزاء: مغز بادام شیریں ۱۰ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۵ تولہ، مغز پستہ، مغز فندق، کشنیز خشک، اسطوخودوس ہر ایک ۲½ تولہ، منڈی بوٹی ۵ تولہ، طباشیر کبود، ۲ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ، آملہ مقشر ۱۰ تولہ، قند سفید ۲ سیر

ترکیب ساخت: حسب دستور معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ عرق بادیان صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: دائمی نزلہ زکام کے لئے مفید ہے اور نہایت مقوی دماغ ہے۔

۲۰۵۔ **معجون نزلہ دائمی**: اجزاء: بزرالبنج، پوست خشخاش، برگ بنگ ہر ایک ۲ تولہ، عقرقرحا، سنبل الطیب، فلفل سیاہ فلفل دراز، فلفل سفید ہر ایک ایک تولہ، افیون ۶ ماشہ، عسل خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم شوکت محمود خاں صاحب امرتسری پیام شفا دواخانہ۔ لاہور۔

۲۰۶۔ **معجون بزرالبنج**: اجزاء: بزرالبنج، پوست خشخاش ہر ایک ۳ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، افیون ۲ ماشہ، عسل خالص ۱۲ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالخالق صاحب بھنبہ کلاں، تحصیل قصور، ضلع لاہور

۲۰۷ **معجون نزلہ :** اجزاء : تخم کاہو ۲ تولہ، بزرالبنج ۹ ماشہ، خشخاس سفید ۱ تولہ، پوست خشخاش ۹ ماشہ، گل گاؤزبان،
تخم مورد، کشنیز خشک ہر ایک ۱/۲ تولہ، اسطوخودوس ۱/۲ تولہ،

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو خوب پیس کر عسل خالص میں ملاکر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۶ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔

افعال وخواص : حکیم غلام علی احمد صاحب۔نفیرآباد۔شالامار ٹاؤن۔باغبان پورہ۔لاہور

۲۰۸ **مطبوخ نزلہ وبائیہ :** اجزاء : قرفہ ۱ تولہ، بزرالبنج ۱ تولہ، عرق گاؤزبان ۱ بوتل۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کو عرق گاؤزبان میں جوش دیں اور چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : بقدر پانچ تولہ جوشاندہ پلائیں، صبح، عصر اور بوقت خواب۔

افعال وخواص : نزلہ وبائیہ (انفلوئنزا) اور اس کے اثرات کو رفع کرنے میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم انوار الحسن صاحب حال مقیم کراچی۔

(اس نسخہ میں بزرالبنج کی مقدار زیادہ ہے۔میرے خیال میں بزرالبنج کا وزن ۱ ماشہ چاہیئے کیونکہ اسکی خوراک ۲ رتی ہے۔ نورالدین نظامی)

۲۰۹۔ **ہلاس نزلہ وزکام :** اجزاء : صندل سرخ ۵ ماشہ، گل سرخ مصفی ۱ تولہ، برگ تبت ۱/۲ ۲ تولہ، پوست بندق ۱ تولہ،
خولنجان، ۱ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۷ ماشہ، کندش ۱۰ ماشہ۔

ترکیب ساخت : نہایت باریک پیس کر پارچہ بیز کرکے رکھیں اور بوقت ضرورت دیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت بطور نسوار دیں۔

افعال وخواص : نزلہ متعفنہ اور نزلہ بند میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں بیہوشی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی عبدالصمد صاحب نظامیہ شفاخانہ میلسی۔ضلع ملتان

۲۱۰۔ **ہلاس نزلہ :** اجزاء : خولنجان، تخم سلطان الاشجار (تخم سرس)، اسطوخودوس، برگ تبت، الائچی خورد،
ہر ایک ۳ ماشہ، ملح النار (نوشادر) ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کوٹ پیس کر مانند غبار کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت بطور نسوار دیں۔

افعال وخواص : بند نزلہ کو جاری کرنے اور مواد خارج کرنے میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں صداع
میں بھی مفید ہے۔

ضعفِ دماغ

۲۱۱۔ **اکسیر مقوی دماغ :** اجزاء : برہمی بوٹی اتولہ، روغن بادام اتولہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، دانہ ہیل خورد (الائچی خورد) ۳ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو سفوف بنا کر رکھیں، برہمی بوٹی شامل کرنے سے پہلے روغن بادام سے چرب کر لینا چاہیئے۔

مقدار خوراک : ۱/۲ ۱ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کریں۔

افعال وخواص : ضعف دماغ اور نزلہ دائمی میں مفید ہے۔

۲۱۲۔ **اطریفل اسطوخودوس :** اجزاء : پوست ہلیلہ زرد ۳ تولہ، پوست بلیلہ ۳ تولہ، بسفائج فستقی ۳ تولہ، افتیمون ولایتی ۳ تولہ اسطوخودوس ۳ تولہ، تربد سفید مجوف ۳ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ، روغن بادام ۵ تولہ، عسل خالص ۱۵ چھٹانک۔

ترکیب ساخت : خشک ادویہ کو اچھی طرح کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد خالص میں ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ تا اتولہ ہمراہ شیر گاؤ گرم یا آب نیم گرم سے بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : چالیس دن کے استعمال سے تمام دماغی امراض رفع ہونگے۔ متواتر ۹۰ دن کے استعمال سے مزید فوائد سامنے آئیں گے۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد امین صاحب محلہ نفیر آباد، شالامار ٹاؤن، باغبان پورہ۔ لاہور۔

۲۱۳۔ **اکسیر ضعفِ دماغ** اجزاء : کشتہ طلاء ۳ رتی، مشک خالص ارتی، عنبر ارتی، زعفران کشمیری ۶ رتی۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو خوب اچھی طرح پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا میں رکھ کر کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف دماغ کے علاوہ ضعف قلب و اعضاء رئیسہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف خاں صاحب۔

۲۱۴۔ **حب اکسیر دماغ :** اجزاء : مومیائی، کشتہ فولاد ہر ایک اتولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۶ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ، مشک خالص ا ماشہ، ورق نقرہ ۳ ماشہ۔

ترکیب استعمال : حسب دستور سب اجزاء کو پیس کر کھرل کریں اور ہمراہ شہد خالص حبوب بوزن ارتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ و مولد خون ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب ساکن بھیڑ تحصیل چونیاں ضلع لاہور

۲۱۵۔ **حب مقوی دماغ :** اجزاء : برہمی بوٹی ۲۶ تولہ، دانہ ہیل خورد، دانہ ہیل کلاں ہر ایک ۸ تولہ، مشک خالص ۲ رتی۔
ورق نقرہ ادفتری بوزن ۶ ماشہ، ورق طلاء ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو حسب دستور ... چھان کر ... بمقدار نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : تقویت دماغ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب چک نمبر ۱۵۸ تحصیل حاصل پور، ضلع بہاولپور۔

۲۱۶۔ **حب مقوی دماغ و اعصاب** اجزاء : اذاراقی مدبر، مویز منقی، مغز بادام شیریں ہر ایک ۱ تولہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ
عنبر اشہب ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو حسب دستور سحق بلیغ کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب صبح بعد از غذا یا بوقت خواب بعد از غذا۔

افعال و خواص : ضعف دماغ و ضعف اعصاب اور امراض بارده میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رفیق احمد صاحب عباسی۔ کامیاب دواخانہ، شاہی بازار بہاولپور۔

۲۱۷۔ **حب مقوی دماغ** اجزاء : عنبر اشہب، جدوار خطائی، زعفران ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور ادویہ کو باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں اور ہمراہ شہد حب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام۔

افعال و خواص : مقوی دماغ ہے۔ مقوی بصر اور مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ سرد مزاج کے موافق ہے۔

عطیہ : حکیم اشفاق احمد صاحب انصاری سکنہ ترگڑھ تحصیل میلسی ضلع ملتان۔

۲۱۸۔ **دوائے ضعف دماغ** اجزاء : ترپھلہ ۳ تولہ، خشخاش ایک پاؤ، پوست کوکنار سالم مع تخم ۶ عدد، چہار مغز ۱۰ تولہ،
روغن گاؤ آدھ سیر، شیر گاؤ ۶ سیر۔

ترکیب ساخت : ترپھلہ، خشخاش اور پوست رات کو قدرے پانی میں بھگو دیں، صبح خوب باریک پیس لیں اور
چھان کر اس میں چہار مغز ڈال کر خوب پیس کر رکھیں، بعد ازاں شیر گاؤ ملا کر کھویا بنائیں اور روغن گاؤ میں بریاں کریں اور
بقدر ضرورت عسل خالص ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح قبل از ناشتہ کھلائیں۔

افعال و خواص : دافع ضعف دماغ ہر قسم ہے۔

۲۱۹۔ حلوائے مقوی دماغ: اجزاء: مغز بادام شیریں مقشر ۱۰ تولہ، مغز کشنیز خشک ۱۰ تولہ، مغز بادیان ۱۰ تولہ، خشخاش سفید ۱۰ تولہ فلفل سیاہ ۵ تولہ، دار چینی ۵ تولہ، روغن زرد ۳ پاؤ، قند سفید ۱ سیر۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو پیس کر روغن گاؤ میں بریاں کریں بعد ازاں نبات سفید کے قوام میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۳ تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

افعال وخواص: مقوی دماغ، مقوی بصر، دافع نزلہ وزکام ہے۔

عطیہ: حکیم محمد حسین صاحب چک نمبر ۲۶۶ معرفت قومی دواخانہ۔ صادق آباد۔ ضلع رحیم یار خاں۔

۲۲۰۔ حریرہ ضعف دماغ: اجزاء: مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز کدو شیریں، مغز تخم تربوز، برہمی بوٹی، صمغ عربی، نشاستہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ کوزہ مصری ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو حسب دستور پیس کر مصری کوزہ کے قوام میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام۔

افعال وخواص: مقوی دماغ ہے۔

عطیہ: حکیم محمد یوسف صاحب منہاس، بالمقابل حبیب بنک۔ آرام باغ کراچی۔

۲۲۱۔ حریرہ ضعف دماغ: اجزاء: پوست خشخاش ۳ ماشہ، برنج سٹھی ۵ ماشہ، نشاستہ گندم ۳ ماشہ، کشنیز مقشر مغز بادام شیریں، مغز پنبہ دانہ، ہر چہار مغز ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ مغزیات کا شیرہ تیار کریں، روغن گاؤ اور نبات سفید ملا کر آگ پر رکھ کر حریرہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: قبل از ناشتہ روزانہ صبح کھلائیں۔ سات یوم میں فوائد ظاہر ہوں گے۔

افعال وخواص: ضعف دماغ کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب، فیض دواخانہ، پاپڑ مارکیٹ، لانڈھی کالونی۔ کراچی۔

۲۲۲۔ دوائے ضعف دماغ: اجزاء: روغن زردہ چھٹانک، بلادر بے کلاہ ۱/۲ ۱۲ تولہ، قند سیاہ کہنہ ۵ چھٹانک، لسباسہ ۷ ماشہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۷ ماشہ۔

ترکیب ساخت: آخر کی تینوں اشیاء کو پیس کر خوب کھرل کر کے رکھیں، بعد ازاں بلادر کو روغن گاؤ میں سوختہ کریں پھر روغن کو دوبارہ کڑاہی میں ڈال کر اس میں قند سیاہ ملائیں حل ہونے پر کڑاہی کو آگ سے اتار کر سرد ہونے دیں۔ سرد ہونے پر بلادر سوختہ سائیدہ اور دیگر اشیاء سائیدہ ملا کر کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: بعد از مسہل چار ماشہ ہمراہ شیر گاؤ۔ بوقت خواب روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ ہے اور سفید بالوں کو سیاہ کرنے کیلئے مفید ہے۔ بارد مزاجوں کے موافق ہے (نور نظامی)

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب صحرائی۔ کراچی نمبر ا۔

۲۲۳۔ **روغن مقوی دماغ :** اجزاء : برادہ صندل سفید، سنبل الطیب، اشنہ، زرنباد ہر ایک ۲ تولہ، برگ حنا، کشنیز خشک گل مکن، آملہ، بسباسہ، عود غرقی، اسارون، کبابہ خنداں، ابوفلسا (رتن جوت) خس خانہ ریشہ ہر ایک ا تولہ۔ کافور ۲ ماشہ ہیل خورد ۱½ تولہ، روغن یاسمین (چنبیلی) ۱½ سیر

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو شبانہ روز پانی میں تر کر کے جوش دے کر چھان کر دوبارہ روغن میں جوش دیں۔ جب صرف روغن رہ جائے اتار کر کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال : بوقت خواب اس روغن کی سر پر مالش کرائیں۔

افعال وخواص : اعلیٰ درجہ کا مقوی دماغ ہے

عطیہ : حکیم مخدوم خواجہ عبدالحمید جانِ عالم صاحب نصیر آباد۔ شالامار ٹاؤن۔ لاہور

۲۲۴۔ **روغن مقوی دماغ :** اجزاء : خشخاش سفید ۵ تولہ، تخم کاہو ۵ تولہ، تخم قنب ۲ تولہ، گل حنا ۳ تولہ، آملہ ۱۰ تولہ، صندل سفید ۳ تولہ، سعد کوفی ۳ تولہ، حب الآس ۳ تولہ، ساذج ہندی ا تولہ، اشنہ ۹ تولہ، سنبل الطیب ۳ تولہ، روغن کنجد نشستہ ا سیر۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو جو کوب کر کے پانی دو سیر میں بھگو کر آگ پر رکھ کر جوش دیں، چوتھائی رہنے پر مل چھان کر روغن کنجد میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو اتار لیں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : روغن مذکور کی بوقت خواب اور صبح ضروریات سے فارغ ہو کر سر پر مالش کریں۔

افعال وخواص : تقویت دماغ کے علاوہ بالوں کو لمبا کرنے اور گرنے سے روکنے کیلئے فائدہ مند ہے۔

عطیہ : حکیم خواجہ مسیح اللہ صاحب شاہی دواخانہ، صدر بازار۔ راولپنڈی۔

۲۲۵۔ **سفوف اسطوخودوس :** اجزاء : مغز کشنیز ۵ تولہ، مغز بادام شیریں ۱۵ تولہ ہیل (الائچی) خورد ا تولہ، فلفل سیاہ ۳ تولہ۔ اسطوخودوس ۵ تولہ، نبات سفید ۱۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو نہایت باریک کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ نہایت زود اثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید خادم حسین شاہ صاحب بخاری، تحصیل لیاقت پور، ضلع رحیم یار خاں۔

۲۲۶۔ **سفوف دافع ضعف دماغ :** اجزاء : مغز بادام شیریں، کشنیز خشک، اسطوخودوس، دانہ ہیل کلاں، مغز بادیان ہر ایک ا تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو حسب دستور پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم۔

افعال وخواص : مقوی دماغ ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب چک ۹۰ جنوبی تحصیل و ضلع سرگودھا۔

۲۲۷۔ **شربت مقوی دماغ :** اجزاء : گاؤزبان ۵ تولہ، گل گاؤزبان۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۲ تولہ، گل سرخ ۶ ماشہ، برادہ صندل سفید ۱ تولہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، اشنہ ۴ ماشہ، ابریشم مقرض ۶ ماشہ، مشک ۱/۲ ماشہ، کافور ۱/۲ ماشہ، عرق گلاب آدھ سیر، مصری کوزہ ۱۰ سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : مناسب مقدار میں حسب عمر ہمراہ آب صبح و شام۔

افعال وخواص : مقوی دماغ و قلب ہے نیز دافع خفقان و غشی ہے۔

عطیہ : حکیم اللہ بخش سکنہ بستی راجپورہ۔

۲۲۸۔ **غذا ضعف دماغ :** اجزاء : ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، پوست بلیلہ ہر ایک ۵ تولہ، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز جوز ہندی (اخروٹ)، مغز فندق، نارجیل تازہ خام ہر ایک ۱۰ تولہ، مغز کشنیز، کمون ابیض (زیرہ سفید) دانہ ہیل خورد ہر ایک ۵ تولہ، دارچینی ۲ تولہ، مصری کوزہ ۲ سیر۔

ترکیب ساخت : اول پہلی چار اشیاء کو دو سیر پانی میں رات بھگوئیں، صبح جوش دیں ایک پاؤ رہنے پر اتار کر مل کر چھان لیں۔ اب اس میں روغن گاؤ ایک پاؤ ملا کر آگ پر رکھیں پانی خشک ہونے پر اتار لیں۔ اب مغزیات اور ادویات پیس کر مصری کا قوام کریں اور اس میں سب ملا دیں اور اس قدر پکائیں کہ قوام مانند برفی ہو جائے۔ اب تھال میں ڈال کر جما لیں اور اوپر ورق نقرہ لگا کر رکھیں۔ قوام میں روح کیوڑہ کی بھی آمیزش کر لیں۔

مقدار خوراک : صبح بطور ناشتہ ۲ تولہ کھا کر شیر گاؤ ایک پاؤ یا شیرہ ایک پاؤ یا شربت برہمی ۳ تولہ پی لیں۔

افعال وخواص : نہایت ہی مقوی دماغ و مفرح ہے، نسیان کے لئے بہت ہی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خواجہ پیر مخدوم عبدالحمید صاحب جان عالم۔ نفیر آباد۔ شالا مار ٹاؤن۔ لاہور

۲۲۹ **کشتہ نقرہ :** اجزاء : نقرہ ۱ تولہ، آب شیرک (دودھی بوٹی کا پانی) حسب ضرورت، طباشیر کبود، دانہ ہیل خورد ہر ایک ۱ تولہ

ترکیب ساخت : نقرہ ۱ تولہ کا پترا بنا کر آب شیرک میں یک صد بار بجھائیں۔ بعد ازاں شیرک تازہ کے آدھ سیر نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کر کے دس اپلوں کی آگ دیں، آگ سرد ہونے پر کشتہ حاصل کر لیں۔ اس کشتہ میں طباشیر اور دانہ ہیل خورد سائیدہ ملا کر سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ وقلب، وردافع اختلاج القلب ہے۔ علاوہ ازیں جریان احتلام اور سرعت انزال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محسن امیر شاہی صاحب نوری دواخانہ جمعہ مینشن، عید گاہ روڈ۔ کراچی ۱۔

۲۳۰۔ **کشتہ مرجان :** اجزاء : شاخ مرجان ۵ تولہ، کوزہ مصری ۵ تولہ، آب لیموں حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : ایک چینی کے پیالہ میں شاخ مرجان رکھ کر اوپر کوزہ مصری کا سفوف ڈال دیں۔ بعد ازاں آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ ادویہ سے دو انگشت اوپر آجائے حفاظت سے رکھ دیں آب لیموں خشک ہونے پر مرجان شگفتہ ہوگا

مقدار خوراک : ۲ رتی تا ۴ رتی ہمراہ شیر گاؤ یا مناسب بدرقہ۔

افعال وخواص : ضعف دماغ میں نفع بخش ہے۔

عطیہ : حکیم جمشید علی صاحب

۲۳۱۔ **کشتہ مرجان مرکب :** اجزاء : ورق نقرہ ۱ تولہ، شاخ مرجان ۱ تولہ، یاقوت رمانی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو حسب دستور عرق گلاب سہ آتشہ میں خوب کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی ہمراہ خمیرہ گاؤزبان سادہ۔

افعال وخواص : مقوی دماغ ہے۔ علاوہ ازیں مقوی اعضاء رئیسہ، ارواح اور قویٰ ہے۔

عطیہ : حکیم غلام نبی صاحب میر نانک مدرسہ خدام الاسلام گلی ۲ سید پوری روڈ۔ راولپنڈی۔

۲۳۲۔ **کشتہ سبع الجواہر :** اجزاء : مروارید ناسفتہ، عقیق سرخ، یشب سفید، شاخ مرجان، فادزہر معدنی اصلی، بسد احمر ہر ایک ۱ ماشہ، ہیل کلاں، طباشیر کبود، زعفران کشمیری ہر ایک ۲ ماشہ، مشک خالص ۲ رتی۔

ترکیب ساخت : اول پہلے چھ اجزاء کو سنگ سماق کے کھرل میں حسب دستور عرق کیوڑہ میں سحق بلیغ کر کے، بعد ازاں باقی اشیاء کو مثل غبار پیس کر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی ہمراہ شربت انار ۲ تولہ یا بدرقہ مناسبہ میں ملا کر چٹائیں یا بدرقہ مناسبہ سے صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ ہونے کے علاوہ مقوی معدہ اور مقوی اعضاء رئیسہ بھی ہے دماغ کیلئے اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم اللہ رکھا صاحب قریشی۔ مسلم آباد۔ فیض باغ لاہور۔

۲۳۳۔ **عرق مقوی دماغ :** اجزاء : صدف مرواریدی، طباشیر کبود، دانہ ہیل (الائچی) کلاں، ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو عرق بید مشک میں خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی ہمراہ مغز بادام شیریں یا بیدہ ۱۵ دانہ، مکھن ۲ تولہ، مصری ۲ تولہ سب کو ملا کر صبح نہار چاٹ لیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اصغر صاحب سہروردی۔ کرشنا گلی ۵ ریلوے روڈ۔ لاہور۔

۲۲۴۔ **معجون مقوی دماغ :** اجزاء : اسطوخودوس، مغز بادام شیریں، مغز فندق، مغز حب صنوبر (چلغوزہ) ، گل بنفشہ، سقمونیا، مربہ ہلیلہ ہر ایک ۱ تولہ، چہار مغز ۴ تولہ، نبات سفید ۴ تولہ، روغن بادام ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے حسب دستور نبات سفید کے قوام میں معجون بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح نہار منہ روزانہ کھائیں۔

افعال وخواص : مقوی دماغ، منقی دماغ نیز دائمی قبض کو دور کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم فضل دین صاحب۔ ملتان۔

۲۲۵۔ **معجون مقوی دماغ :** اجزاء : ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ، شیر گاؤ آدھ سیر، خشخاش سفید ۱۰ تولہ، روغن گاؤ ۱ پاؤ، طباشیر کبود ۲ تولہ، مغز تخم کدو ۲ تولہ، چہار مغز ۶ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۲½ تولہ، روح کیوڑہ ۲½ تولہ، ورق نقرہ ادفتری، نارجیل ۲ پاؤ۔ نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب ساخت : اول ہلیلہ کو رات شیر گاؤ میں بھگو دیں۔ جب پھول جائے تو اس کا چھلکا اتار لیں بعد ازاں خشخاش ان کچھ کو رات پانی میں بھگو کر صبح خوب رگڑ کر شیرہ حاصل کریں اور آگ پر رکھ کر گرم کریں جوش آنے کے بعد اتار لیں۔ سرد ہونے پر اس سے خشخاش کی بالائی اتار لیں۔ اب پوست ہلیلہ کابلی۔ بالائی خشخاش، نارجیل مولی کش کردہ ان سب کو گھی میں بریاں کریں اور باقی اشیاء کو باریک کر لیں، بریاں شدہ اشیاء کو بھی باریک کریں۔ سب کو ملا کر خوب یک جان کریں اور حسب دستور قوام قند میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲½ تولہ ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح نہار منہ اور بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ ہے۔ دافع خفقان اور مقوی بصر ہے۔

عطیہ : ڈاکٹر محمد صادق کویراج وید۔ بازار صرافاں۔ گجرات۔

۲۲۶۔ **معجون لبوب :** اجزاء : مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز پستہ ۵ تولہ، مغز اخروٹ ۵ تولہ، برہمی بوٹی ۵ تولہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ، مروارید ۳ ماشہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، عسل خالص حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : مغزیات کو پیس کر نغدہ تیار کریں اور گھی میں بھون لیں اور باقی اشیاء کو حسب دستور پیس کر ملائیں اور خوب کھرل کریں بعد ازاں عسل خالص حسب ضرورت میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ۔

افعال وخواص : نہایت ہی مقوی دماغ ہے۔

عطیہ : حکیم خادم الہی و محمد اکبر صاحب، دوست پورہ تحصیل خانیوال۔ ضلع ملتان۔

ضعف اعصاب

۲۳۷۔ **اکسیر مقوی اعصاب**: اجزاء : کشتہ نقرہ، کشتہ صدف مروارید، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ یشب ہر ایک ا تولہ دانہ ہیل خورد ۵ تولہ، طباشیر کبود ۱۰ تولہ، مصری کوزہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : آخری تینوں اجزا کو پیس لیں بعد ازاں کشتہ جات ملا کر سحق بلیغ کرکے رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ مربہ سیب، گاجر، آملہ، بہی، کو لگا کر صبح نہار منہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی اعصاب ہے، مقوی دماغ وقلب، کبد ہے دافع نزلہ زکام اور خفقان ہے۔

عطیہ : حکیم غلام نبی صاحب، فتح جنگ سنگھ والا۔ تحصیل وضلع لاہور

۲۳۸۔ **اکسیر مسکن ومقوی اعصاب**: اجزاء : جدوار ۲ رتی، عود صلیب ۲ رتی، کشتہ نقرہ ½ رتی، کشتہ مرجان ا رتی، بربہمی ا رتی، اسرگا ا رتی

ترکیب تیاری : حسب دستور سب ادویہ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : مذکورہ بالا نسخہ صرف ایک خوراک کا ہے۔ خمیرہ ابریشم میں ملا کر کھلائیں۔

افعال وخواص : مسکن، مقوی اعصاب، خوف ودہشت میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد نظامی، عارف بازار، بورے والا، ضلع ملتان۔

۲۳۹۔ **حب اذاراقی مرکب** : اجزاء : اذاراقی مدبر، زنجفر رومی، سلاجیت اصل، جند بیدستر ہر ایک ۶ ماشہ، زعفران کشمیری ۵ ماشہ، مشک خالص ۳ ماشہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ، کشتہ مرجان ۲ ماشہ، جوزبوا ۳ ماشہ، بسباسہ ۳ ماشہ، قرنفل ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور خوب پیس کر عرق گاؤزبان میں گوندھ کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام۔

افعال وخواص : تقویت اعصاب، باہ، دماغ اور نسیان کے لئے مفید ہے۔ نزلہ زکام میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فتح محمد صاحب ڈورا سکنہ جمی شریف تحصیل خوشاب، ضلع سرگودھا۔

۲۴۰۔ **حب اذاراقی**: اجزاء : اذاراقی مدبر، قرنفل، روغن گاؤ، فلفل دراز، زنجبیل ہر ایک ½ ۲ تولہ، زعفران ا تولہ، مویز منقی ا تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو باریک کرکے اور ملا کر حبوب بقدر دانہ پستہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں (ہمراہ شیر گاؤ بہتر ہے گی۔ محمد نورالدین نظامی)

افعال وخواص : مقوی اعصاب ومعدہ ہے۔

عطیہ: حکیم فتح محمد صاحب ذوراحکیم حاذق۔ بجی شریف تحصیل خوشاب۔ ضلع سرگودھا۔

۲۴۱۔ **حب اذاراقی تریاقی**: اجزاء: قرنفل، قرفہ، جوزبوا، عقرقرحا، بسباسہ، زنجبیل، افیون ہر ایک ۳ ماشہ، اذاراقی مدبر ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، مویز منقی ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: مویز اور افیون کے علاوہ باقی اجزا کو کوٹ چھان کر ان دونوں کو بھی سحق کرکے سب کو ملاکر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ صبح، ۲ حب رات کو۔

افعال وخواص: مقوی اعصاب و باہ ہے نیز نزلہ زکام میں بھی مفید ہے۔ بشرطیکہ قبض نہ ہو۔

عطیہ: حکیم جمال الدین صاحب۔ پاک پتن ساہیوال۔

۲۴۲۔ **حب مرکب**: اجزاء: زنجبیل، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۱ تولہ۔ اذاراقی مدبر ۳ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو پیس کر ہمراہ آب گھیکوار کھرل کرکے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب استعمال کریں۔

افعال وخواص: مقوی اعصاب، کثرت بول، رعشہ اور جملہ امراض معدہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد علی صاحب آبادی بار بانوالہ۔ گوجرانوالہ۔

۲۴۳۔ **حبّ مرکب**: اجزاء: ست سلاجیت ۱ تولہ۔ اذاراقی مدبر ولایتی (یا مدبر بہ ناریل یا برانڈی) ۱ تولہ، صبر ولایتی ۲ تولہ کشتہ فولاد ولایتی (فرائی ایٹ ایمونیا سائی ٹراس) ۴ تولہ۔ آب ادرک مروق حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزا کو آب ادرک سے خوب کھرل کرکے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ حسب رائے طبیب بعد از غذا صبح یا رات۔

افعال وخواص: مقوی اعصاب، مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی کبد اور کلیہ و مثانہ ہے۔ دافع ریح البواسیر، جریان، احتلام، سرعت انزال، عرق النساء اور اوجاع مفاصل کو مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالمجید صاحب گلی نمبر ۱ محلہ منہاس پورہ۔ گوجرانوالہ۔

۲۴۴۔ **حب مقوی اعصاب**: اجزاء: اذاراقی مدبر ۲½ تولہ، سلاجیت ۱ تولہ، زعفران ۳ ماشہ، کشتہ فولاد در جامن ۸ ماشہ، زنجبیل ۹ ماشہ، قرفہ ۹ ماشہ، ہیل کلاں ۱ تولہ، سنگار بریاں ۴ ماشہ، آب ادرک ۵ تولہ، آب گھیکوار ۵ تولہ،

ترکیب ساخت: حسب دستور سب اجزا کو باریک کرکے پانیوں میں کھرل کریں خشک ہونے پر حب بقدر کنار دشتی بنائیں

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ

افعال وخواص: یہ حبوب ضعف اعصاب کے علاوہ دافع نزلہ دائمی۔ فالج۔ لقوہ۔ رعشہ۔ استرخاء ہے۔ مقوی باہ۔

ممسک اور دافع ریاح ہے۔ ضیق النفس، بلغمی کھانسی میں بھی مفید ہے۔ سلسل البول، ضعف معدہ دردِ گردہ، نفخ شکم، قلت اشتہا، وجع المفاصل، عرق النساء، نقرس، بواسیر وغیرہ کو بھی نافع ہے۔

عطیہ: حکیم شیخ سردار محمد صاحب۔ مصری شاہ لاہور۔

۲۴۵۔ **حب عنبر مقوی**: اجزاء: عنبر اشہب، پپیتہ ولائتی، جدوار خطائی ہر ایک ۸ ماشہ، ورق طلاء ۲ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، عسل خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر عسل خالص سے کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: ضعف اعصاب اور فالج میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حق نواز صاحب موضع قطب پور چاہ نیوالا۔ شجاع آباد روڈ۔ ملتان۔

۲۴۶۔ **حب کچلہ**: اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، مویز منقی ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزا کو پیس کر کھرل کریں اور مویز منقی شامل کر کے حبوب بقدر دانہ مٹر تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال و خواص: ضعف اعصاب کے لئے نہایت نافع ہے۔

عطیہ: حکیم محمد بشیر صاحب معرفت رحیم بخش عطار، جڑانوالہ۔ ضلع لائل پور

۲۴۷۔ **حب مقوی اعصاب**: اجزاء: بزر البنج ۲ تولہ، اذاراقی مدبر ۲ تولہ، افیون ۳ ماشہ، صمغ عربی ۱ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ اجزا کو پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام۔ موسم گرما میں روزانہ ایک حب۔

افعال و خواص: تقویت اعصاب، نزلہ زکام اور رطوبات فاسدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد عجب خاں صاحب پشاور۔

۲۴۸۔ **دوائے مقوی اعصاب**: اجزاء: مقل ازرق ۱ پاؤ، مرغ جوان ۱ عدد۔

ترکیب تیاری: مرغ کو ذبح کرنے کے بعد پَر اور بال نوچ کر صاف کریں۔ اس کا شکم چاک کر کے آلائش سے بھی صاف کریں اس میں مقل بھر کر شکم کو سوئی سے سی دیں ایک بڑی ہنڈیا میں رکھ کر گل حکمت کریں اور بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں دوسرے دن خاکستر کو نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ

افعال و خواص: تپ محرقہ کے اثرات بد سے جو خرابی اعصاب جسم میں پیدا ہو گئی ہو اسے دور کرنے میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید منظور احمد صاحب۔ مالک محسن دواخانہ۔ کیمپ بازار۔ ملتان شہر۔

۲۴۹۔ **دوائے ضعف اعصاب:** اجزاء: برہمی بوٹی ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۲ رتی، نبات سفید ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور تمام ادویہ کا پانی ۱ پاؤ میں شیرہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: صبح قبل از ناشتہ پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

افعال وخواص: ضعف اعصاب، نسیان اور ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔ متواتر اکیس یوم پلانے سے بہتر فوائد مرتب ہوں گے۔ علاوہ ازیں مقوی بصر بھی ہے۔

عطیہ: حکیم سلطان مرزا صاحب۔

۲۵۰۔ **شربت مقوی اعصاب:** اجزاء: ابریشم خام مقرض، افسنتین، بادیان، برگ گاؤزبان ہر ایک ۲ تولہ، عرق بادیان ایک پاؤ، عرق گلاب ۱ پاؤ، عرق گاؤزبان ایک پاؤ۔ نبات سفید ۱ سیر۔

ترکیب ساخت: حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ تولہ ہمراہ آب یا عرق گاؤزبان۔ دن میں ۲ بار

افعال وخواص: تقویت اعصاب اور دل و دماغ میں بھی مفید ہے۔

۲۵۱۔ **کشتہ زنجفر:** اجزاء: زنجفر رومی، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: آخری دونوں اجزاء کو پیس کر تابہ آہنی پر رکھ کر درمیان میں شنگرف سالم رکھ کر نیچے دو چوبی آگ جلائیں اور ایک گھنٹہ متواتر آگ جلائیں۔ بعد ازاں اتار کر شنگرف نکال کر پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول تا ۲ چاول حسب عمر ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

افعال وخواص: جملہ اعصابی کمزوریوں میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مولوی عبدالغنی صاحب، چک نمبر ۶۵ گ ب تحصیل جڑانوالہ، ضلع لائل پور۔

۲۵۲۔ **کشتہ نقرہ مرکب:** اجزاء: نقرہ تیزابی ۱ تولہ، کشتہ مرجان در مسکہ گاؤ، آب گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: کشتہ مرجان، نقرہ کو سنگ سماق کے کھرل میں آب گھیکوار سے تین گھنٹہ خوب سحق کریں ٹکیہ بنائیں اور خشک ہونے پر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آب گھیکوار سے کھرل کر کے بطریق مذکورہ آگ دیں۔ اسی طرح تین آنچ پوری کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ برنج ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی اعصاب اور مقوی دماغ ہے، مولد خون اور مغلظ منی ہے، تقویت اعضاء وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔
عطیہ : حکیم سید محمد صاحب چک نمبر ۱۶/ ۱، ہکو لسرآرمی اسٹینڈ، پر دین آباد۔ تحصیل اوکاڑہ۔ ضلع ساہیوال۔

۲۵۳۔ **معجون مقوی دماغ و اعصاب** : اجزاء : مربہ آملہ، مربہ بہی، مربہ سیب، مربہ ہلیلہ ہرایک ایک پاؤ۔ مصطگی رومی، طباشیر کبود، گل سرخ، کشنیز خشک ہرایک ۲ تولہ، زرشک شیریں، بادیان ہرایک ۵ تولہ، ہیل کلاں ۱ تولہ شربت انار ایک پاؤ۔
ترکیب ساخت : اول خشک ادویہ کو حسب دستور جدا جدا پیس کر ملالیں۔ پھر مربہ جات کو رگڑلیں۔ اب سب کو ملاکر یکجان کرلیں اور ورق نقرہ ایک ایک ملاکر کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ ایک دفتری خرچ ہو جائے۔ بعد ازاں شربت انار ملاکر معجون بنائیں۔
مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام دیں۔
افعال وخواص : ضعف اعصاب میں مفید ہے، مقوی دماغ۔ قلب اور کبد ہے اور امراض معدہ میں مفید ہے
عطیہ : حکیم نذر احمد صاحب چک نمبر ۹۵ ڈاک خانہ ماندلیانوالہ۔ ضلع لائل پور

۲۵۴۔ **معجون مقوی اعصاب** : اجزاء : نمک برہمی بوٹی ۲ تولہ، نمک ترپھلہ ۱ تولہ، اسطوخودوس ۱ تولہ، کشنیز خشک ۲ تولہ، مغز بادام شیریں ۵ تولہ، مغز تخم کدوئے شیریں ۶ تولہ، مغز تخم تربوز ۲ تولہ، مغز تخم خیاریں ۲ تولہ، مغز نارجیل ۶ تولہ، خشخاش سفید ۳ تولہ، ورق نقرہ کلاں ۵۰ عدد، کشتہ مرجان ۶ ماشہ، مصری کوزہ ۱ سیر۔
ترکیب ساخت : سب ادویہ کوٹ چھان کر مصری کوزہ کے قوام میں معجون تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۹ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح و شام۔
افعال وخواص : اعصاب کی قدرتی غذا ہے۔ مقوی اعصاب و حافظہ اور دافع نزلہ زکام۔ مفرح اور مقوی بصارت ہے۔
عطیہ : مولوی عبدالخالق معرفت عبدالشکور چھاپ گر کپڑا۔ اندرون بوہڑ گیٹ۔ ملتان۔

منقی دماغ

۲۵۵۔ **حب منقی دماغ** : اجزاء : شحم حنظل، ایلوا سقوطری، مصطگی رومی، عصارہ ریوند، سقمونیا مشوی، غاریقون مغربل ہرایک ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ گردہ گھیکوار کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : پانچ حب ہمراہ شیر گاؤ گرم ایام وبوقت خواب کھلائیں، کمزوری کی صورت میں کم دیں۔

افعال وخواص : تنقیہ دماغ میں مفید ہے۔ اس لئے جملہ امراض دماغی۔ صداع۔ سدر ودوار، نسیان، مالیخولیا، جنون۔ صرع، کابوس میں مفید ہے۔

۲۵۶۔ **دوائے منقی دماغ :** اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، صبر زرد، تربد سفید مجوف ہر ایک ۲/۱ ۱ تولہ، بادیان رومی (انیسون) ۹ ماشہ، غاریقون مغربل، ۹ ماشہ، سقمونیا ۳/۱ ۳ ماشہ، ملح اسود ۹ ماشہ، شحم حنظل ۲/۱ ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر کھرل کریں اور اس میں مزید سقمونیا بحساب ۱ ماشہ فی تولہ سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ تا ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم۔

افعال وخواص : تنقیہ دماغ کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔

امراض العین

۲۵۷۔ **رمد : پوٹلی آشوب چشم :** اجزاء : لودھ پٹھانی، زردچوب (ہلدی)، پوست خشخاش سفید، شب یمانی، رسوت ہر ایک ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزا کو جوکوب کر کے چار پوٹلیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال : موسم گرما میں برف کا بڑا ٹکڑا لے پوٹلیاں اس پر رکھیں جب پوٹلی سرد ہو جائے تو اسے آنکھ پر رکھیں۔ گرم ہونے پر اسے پھر برف پر رکھیں اور دوسری پوٹلی سے ٹکور کریں۔

افعال وخواص : رمد (آشوب چشم) میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور۔

بیاض

۲۵۸۔ **کحل بیاض بوجہ جدری :** اجزاء : آب برگ جند سبز ۱ تولہ، شب یمانی ۱ تولہ، بلیلہ سبز ۳ عدد، مازو ۲ عدد۔

ترکیب تیاری : آہنی کھرل میں آب برگ جند سبز میں تینوں ادویہ کو خوب کھرل کریں خشک ہونے پر باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : سلائی سے لگائیں۔ ہفتہ عشرہ میں شفا۔ کامل حاصل ہوگی۔

افعال وخواص : بیاض العین بوجہ جدری میں مفید و مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد عاشق۔

۲۵۹۔ **کحل بیاض العین :** اجزاء : سرمہ سیاہ ۵ تولہ، کف دریا ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، سرد چینی ۳ ماشہ، آب بکھیرا ۳ تولہ، ست پودینہ ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری : آب بکھیرا اور ست پودینہ کے علاوہ باقی ادویہ کو خوب کھرل کر کے مثل غبار کریں، بعد ازاں آب بکھیرا ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب آب خشک ہو جائے اور سرمہ مثل غبار تیار ہو جائے تو آخر میں اس میں ست پودینہ ڈال کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

افعال وخواص : بیاض، جرب الاجفان اور دیگر امراض چشم میں مؤثر ہے۔

نزولُ الماء

۲۶۔ کحل نزوُل الماء : اجزاء : تخم نیل (وسمہ کے بیج) ۳ ماشہ، ورق طلاء ۴ عدد، ورق نقرہ ۴ عدد، شاخ مرجان صلایہ کردہ ۱½ ماشہ، مروارید صلایہ کردہ ۱ ماشہ، سرمہ سیاہ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : ڈلی سرمہ کو تخم گوسفند ۱۰ تولہ میں رکھ کر سوختہ کریں، بعدازاں پانی سے دھو کر اور خشک کر کے مندرجہ بالا ادویات بالترتیب الگ الگ پیس کر ملا کر بارہ گھنٹہ خوب کھرل کریں۔

ترکیب استعمال : چوبیس گھنٹہ میں تین بار بذریعہ سلائی آنکھ میں لگائیں۔

مُنافع : نزول الماء رفع ہو جائے گا۔ اگر ابتدائے نزول الماء میں استعمال کیا جائے تو بالکل نہیں ہوگا۔

عطیہ : حکیم غلام محمد۔ موضع مینگن۔ ضلع جھنگ۔

(اس نسخہ میں بنیادی عامل چیز تخم نیل یعنی وسمہ کے بیج ہیں نہ کہ حب النیل یعنی تخم عشق پیچاں ۔ محمد نور الدین نظامی)

امراضُ الاذن

۲۶۱۔ دوائے وجع الاذن : اجزاء : شب یمانی بریان ۲ رتی، افیون ۱ رتی، شیر زن ۵ قطرہ۔

ترکیب ساخت : شب یمانی بریاں کو کھرل میں پیس کر پھر افیون ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بقدر ۲ رتی دوا ایک چمچہ میں ڈال کر شیر زن ملا کر نیم گرم چند قطرے کان میں ڈالیں۔ درد رفع ہو جائیگا اگر شیر زن نہ ملے تو گلیسرین میں حل کر کے نیم گرم کان میں ڈالیں۔ (محمد نورالدین نظامی)

افعال و خواص : وجع الاذن میں مؤثر ہے۔

۲۶۲۔ غسول وجع الاذن : اجزاء : صبر عمدہ ۶ ماشہ، شب یمانی عمدہ ۶ ماشہ، آب گرم ۳۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : پہلی دونوں ادویہ کو کھرل کریں اور پانی ملا کر حل کریں بعد ازاں موٹے کپڑے سے ولایتی روئی سے یا فلٹر پیپر سے صاف کر کے رکھ لیں۔ حسب ذیل روغن بھی تیار کریں۔

۲۶۳۔ روغن وجع الاذن : اجزاء : روغن سرشف ۵ تولہ، روغن طین (تیل مٹی) ۲½ تولہ، کافور ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو ایک بڑی شیشی میں ڈالیں۔ کارک لگا کر دھوپ میں رکھ دیں۔ سب حل ہو جائیں گے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت مذکورہ آب مقطر سے کان کو بھر دیں۔ چند منٹ اسی طرح رکھیں کان گرم ہو جائیگا اگر دونوں کانوں میں ہو تو اسی طرح دوسری جانب بھی ڈالیں پھر روئی سے صاف کر کے روغن مذکور ڈالیں اور روئی سے کان کا سوراخ بند کر دیں۔ بثور اذن کی صورت میں صرف روغن استعمال کریں

افعال و خواص : وجع الاذن میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں روغن بثور انف یا ورم انف میں بھی مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشرامرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

سیلانُ الاذن

۲۶۴۔ روغن سیلان الاذن : اجزاء : روغن کنجد، پیاز، کچلہ ۲½ تولہ، مرگیں کبوتر صحرائی ۲½ تولہ، توتیا سبز ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو روغن کنجد میں جلا کر پھر روغن کو پارچہ بیز کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : دو۔ دو قطرہ کان میں ٹپکائیں۔

منافع : سیلان الاذن میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر احمد۔ چک نمبر ۲۱ اگ۔ب تحصیل سمندری ضلع لائل پور

۲۶۵۔ **روغن نیب** : اجزاء : برگ نیب تازہ، برگ بکائین تازہ ہر ایک ۱۰ تولہ، تخم اسپندہ ۲ تولہ، پیاز مصفی کترکر ہر ایک ۳ تولہ، روغن کنجد ۲۰ تولہ۔
ترکیب تیاری : سب اشیاء کو روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر رکھ کر جلالیں اور پھر کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال : کان کو روئی سے صاف کر کے روزانہ چند قطرے کان میں ٹپکائیں چند روز میں شفا ہو جائے گی۔
منافع : جمیع امراض اذن میں موثر ہے۔
عطیہ : حکیم بدرالزمان۔ صابری دواخانہ۔ صدر بازار سیالکوٹ۔

۲۶۶۔ **سفوف دافع سیلان الاذن** : اجزاء : کشنیز خشک ۱ تولہ، اسطوخودوس ۱ تولہ، نوشادر ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ کر پارچہ بیز کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک : بقدر ۶ رتی کیپسول میں بھر کر ہمراہ آب تازہ دن میں دو بار کھلائیں۔

۲۶۷۔ **قطور** : اجزاء : الکحل ۵ تولہ، بورک ایسڈ ۳ ماشہ
ترکیب تیاری : دونوں ادویہ کو حل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال : بوقت ضرورت دو۔ دو قطرے صبح و شام کان میں ٹپکائیں۔
ہدایت : ہر چار روز کے بعد اطریفل زمانی بوقت خواب کھلانا چاہیئے۔
منافع : سیلان الاذن ایک ہفتے میں رفع ہو جائے گا۔

۲۶۸۔ **شافہ سیلان الاذن** : اجزاء : کندر، انزروت، دم الاخوین ہر سہ ادویہ ہم وزن شہد حسب ضرورت۔
ترکیب تیاری : مذکورہ ہر سہ ادویہ کو پیس کر رکھیں۔
ترکیب استعمال : اول باریک ململ کا شافہ بنا کر شہد میں تر کر کے چار روز روزانہ کان میں رکھیں۔ بعد ازاں شافہ کو شہد میں تر کر کے ادویہ کا سفوف چھڑک کر کان میں رکھیں۔ چند روز میں شفا ہو جائیگی۔ شافہ روزانہ نیا تیار کیا جائے۔
منافع : سیلان الاذن میں موثر ہے۔
عطیہ : حکیم نور الہٰی ولد حکیم محمد دین صاحب بمقام مہیس جنوبی براستہ سانگلہ۔ ضلع شیخوپورہ

امراض الانف

۲۶۹۔ **رعاف** : اجزاء: کافور اتولہ، افیون اتولہ، مصطگی رومی ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : تینوں اجزاء کو خوب پیس کر حبوب بقدر دانہ موٹھ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : نکسیر کے علاوہ قے الدم اور ہر قسم کے نزف الدم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید علی شاہ صاحب۔ جہانگیرہ، ضلع مردان۔

۲۷۰۔ **دوائے سرخ** : اجزاء: سنگ جراح، گیرو، گل ارمنی ہموزن۔

ترکیب تیاری : تینوں ادویہ کو جدا جدا پیس کر یک جان کر کے خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

افعال وخواص : رعاف، کثرت طمث، اسہال الدم، زحیر دموی کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالمجید صاحب ولد فضل الہٰی، پنڈدادنخان، ضلع جہلم۔

۲۷۱۔ **سفوف نزف الدم** : اجزاء: سلارا سوختہ، چرم کہنہ سوختہ، چوب زرد سوختہ ہم وزن۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ چھاچھ یا شربت انجبار کھلائیں۔

افعال وخواص : رعاف کے علاوہ نفث الدم اور کثرت طمث میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فضل دین صاحب چشتیہ دواخانہ بستی شریف پورہ۔ ملتان شہر۔

۲۷۲۔ **شربت صندل مرکب** : اجزاء: صندل سفید، صندل سرخ، آلوئے بخارا، تمر ہندی، آب انار، سرکہ، عرق گلاب ہر ایک ۴ تولہ، مصری کوزہ ۱ سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : مناسب مقدار ہمراہ آب تازہ صبح وشام پلائیں۔

افعال وخواص : رعاف کو دو چار دن استعمال کرنے سے فائدہ ہوگا۔

عطیہ : حکیم محمد احسن صاحب نائب مہتمم شفاخانہ سکندریہ اسلامی دواخانہ روڈس و حکیم اختر حسین صاحب قریشی روڈس ضلع سیالکوٹ۔

۲۷۴ **ہلاس رعاف** : اجزاء : کشتہ صدف مرواریدی، کشتہ ہڑتال گئودنتی، شب یمانی بریاں ہم وزن ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بطور عطوس دیں ۔

افعال وخواص : رعاف میں موثر ہے ۔

عطیہ : حکیم غلام نبی صاحب۔ پتہ ندارد ۔

امراض الاسنان و لثہ

۲۰۔ وجع الاسنان: اجزاء: قسط تلخ، فلفل سیاہ، برنجاسف کابلی، زرنباد، ملح اندرانی (نمک خوردنی) شب یمانی ہر ایک ۵ تولہ، امرت دھارا اصلی قدیمی ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزا کو جدا جدا پیس کر یک جان کر کے خوب کھرل کریں بعد ازاں امرت دھارا ملا کر کھرل کریں۔ اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ۲ ماشہ ہتھیلی پر رکھ کر انگشت سے مقام درد پر ملیں اگر دانت میں سوراخ ہو تو اس میں دوا بھر دیں اور ۱۵ منٹ رکھیں۔ یومیہ دو دفعہ یہ عمل کریں۔ ایک گھنٹہ بعد کلی کریں۔

افعال وخواص: وجع الاسنان میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب بشتر امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

لثہ دامیہ (گوشت خورہ)

۲۱۔ سنون لثہ دامیہ: اجزاء: طوطیا (بریاں)، شب یمانی (بریاں) کتھ پاپڑیہ، مازو (سوختہ) ہیل کلاں (الائچی کلاں) ہموزن

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت خواب آہستہ آہستہ مسوڑھوں پر ملیں۔ ایک گھنٹہ بعد کلی کریں۔

افعال وخواص: لثہ دامیہ میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم سید محبوب علی صاحب مطب ۴۳۔ B.7.8 انگارہ گوٹ لیاقت آباد۔ کراچی۔

۲۲۔ سنون لثہ دامیہ: اجزاء: ہیرا کسیس سرخ، نوشادر، شب یمانی ہر ایک ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۲ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوٹ چھان کر سنون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت خواب دانتوں پر ملیں تقریباً ۲ گھنٹہ بعد کلی کریں۔ بہت کم مقدار میں ملیں۔

افعال وخواص: مقوی لثہ و اسنان۔

عطیہ: حکیم عبد القیوم صاحب دواخانہ اشرفیہ۔ منڈی بہاؤالدین۔ ضلع گجرات۔

۲۳۔ سنون لثہ دامیہ: اجزاء: عقرقرحا، ماشہ، انجبارہ ماشہ، شب یمانی بریاں ۴ ماشہ، بسفائج ۴ ماشہ، گلنار ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سنون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو تین بار دانتوں اور مسوڑھوں پر ملیں اور ۲ گھنٹہ بعد کلی کریں۔

افعال وخواص: مقوی اسنان، دافع لثہ دامیہ۔ عطیہ: حکیم کرم شاہ صاحب، ۳۸/۱۲، کورنگی۔ کراچی نمبر ۳۱

امراض الصدر والریہ

۲۷۸۔ اکسیر ضیق النفس : اجزاء : شنگرف رومی ۶ ماشہ، فلفل دراز ۱ تولہ، مصری کوزہ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : اول شنگرف کو خوب کھرل کریں بعدازاں فلفل دراز اور مصری کوزہ شامل کرکے اس قدر کھرل کریں۔ کہ مانند غبار ہو جائے۔

مقدار خوراک : ۱ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔

افعال وخواص : ضیق النفس رطب میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام فرید صاحب چک نمبر ۲۵۸ بھرالہ۔ ڈاک خانہ خاص تحصیل وضلع لائل پور

۲۷۹۔ حب ضیق النفس : اجزاء : فلفل دراز، کاکڑا سنگھی ہر ایک ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۳ تولہ، مویز منقی ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو پیس کر کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ضیق النفس، اخراج بلغم اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسماعیل صاحب شفاخانہ طب یونانی۔ موضع ٹبہ۔ تحصیل قصور۔ ضلع لاہور

۲۸۰۔ حب ضیق النفس : اجزاء : بزرالبنج، کاکڑا سنگھی، صمغ عربی، زنجبیل، تخم جوز ماثل سیاہ، فلفل سیاہ ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو حسب دستور پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : ضیق النفس میں مفید ہے۔

عطیہ : چوہدری حامد علی، محمد ابراہیم میسرز آزاد کمیشن شاپ غلہ منڈی۔ گوجرہ

۲۸۱۔ دوائے ضیق النفس : اجزاء : قشر اصل العشر (آک کی جڑ کا چھلکا) ۹ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، افیون خالص ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۱ ماشہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۴ رتی حسب عمر ہمراہ آب نیم گرم یا عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ضیق النفس، سعال رطب، نزلہ زکام اور وجع الکلیہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد دین صاحب ڈوریہ تحصیل وضلع میانوالی۔

۲۸۲۔ دوائے ضیق النفس : اجزاء : شب یمانی ۲ تولہ، طوطیا سبز ۶ ماشہ، نوشادر ۱ تولہ، نبات سفید ۲ تولہ، نمک سیاہ ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوزہ گلی میں ڈال کر اوپر شیر مدار (آک کا دودھ) ڈالیں کہ کوزہ گلی پر ہو جائے۔ گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور اس میں قلمی شورہ سائیدہ ۲ تولہ ملا کر رکھ لیں۔ اور خرگوش جنگلی ۱ عدد ذبح کر کے آلائش شکم سے صاف کر کے تمام ادویہ خرگوش کے شکم میں بھر کر سوئی سے سی کر کوزہ گلی میں رکھ کر خوب اچھی طرح سے گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ اور شیشی میں محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی ہمراہ بدرقۂ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس، سعال اور نزلہ بارد میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب۔ پرانی غلہ منڈی۔ لائل پور

۲۸۳۔ **سفوف ضیق النفس** : اجزاء : پوست بیخ مدار (آک) افیون ہر ایک ۱ تولہ، شورہ قلمی ۸ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی ہمراہ شربت اعجاز روزانہ دو بار کھلائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس، سعال، دائمی نزلہ زکام میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ذوالقرنین صاحب

۲۸۴۔ **سفوف ضیق النفس** : اجزاء : پرسیاؤشاں، اسطوخودوس، منڈی، برہمی، بادیاں، کباب چینی، زوفا، گل بنفشہ، اصل السوس مقشر، انکو خشک ہر ایک ۵ تولہ، نبات سفید ۳ پاؤ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور سب ادویہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس میں مؤثر ہے۔ امراض سینہ کے لئے اکسیر ہے۔ نزلہ زکام خواہ نیا ہو یا پرانا بگڑا ہوا۔ صداع، شقیقہ، عصابہ، خرابی گلو، سعال، بخار، میں بھی مفید ہے۔ حتیٰ کہ تپ دق کو بھی فائدہ مند ہے۔

۲۸۵۔ **شربت ضیق النفس** : اجزاء : آب برگ تنباکو سبز، قند سیاہ۔ ہم وزن

ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ تا ۴ تولہ حسب مزاج مریض کو پلائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید منظور حسین صاحب گیلانی۔ چاہ مور والا۔ ساہیوال۔

۲۸۶۔ **شربت ضیق النفس** : اجزاء : کٹائی خورد بوٹی ۱ سیر، ملح النار (نوشادر) ½، تولہ آب تازہ ۲۰ سیر، قند سفید ½ ۱ سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ چمچ چار ایک گھنٹہ بعد از طعام صبح پانی ملا کر پلائیں بوقت عصر اور مغرب بغیر پانی ملائے ہی چٹائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس میں مفید ہے نزلہ مزمن اور سعال کہنہ کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حنیف صاحب۔ پتہ ندارد۔

۲۸۷۔ **عرق دافع ضیق النفس** : اجزاء : ثمکر سرخ عمدہ ۲ سیر، پوست درخت ببول ۲ سیر، ادرک ۱ سیر، خولنجان اصل السوس مقشر، مویز منقیٰ، برگ بانسہ ہر ایک ایک سیر، برگ پان سبز ۱۰۰ عدد، زعفران ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : ثمکر سرخ اور پوست ببول نیم کوب کو مٹی کے مٹکے میں (جو مستعملہ ہو یا روغنی ہو) ڈالیں اور اوپر دس سیر تازہ پانی ڈال دیں، ۸ یوم تک بھگوئے رکھیں روزانہ ایک بار ہلا دیا کریں، نویں روز نیم کوب کر کے مٹکے میں ڈالیں اور مزید آب تازہ ۸ سیر شامل کریں۔ ۱۴ یوم بعد برگ پان تازہ شامل کر کے بطریق معروف عرق کشید کریں۔ قرع انبیق کے منہ کے آگے زعفران ۳ ماشہ کی ڈھیلی سی پوٹلی باندھ کر لٹکا دیں۔ ۶۰ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : صبح ۳ تولہ بعد از ناشتہ پلائیں۔ رات ۵ تولہ بوقت خفتن پلائیں۔

افعال و خواص : اس عرق کے ۴۰ روز پلانے سے ضیق النفس سے کلی شفا حاصل ہوگی۔

عطیہ : حکیم آفتاب احمد صاحب، چوک گھنٹہ گھر، لائل پور

نوٹ : قرع انبیق کے بقیہ پانی کو چھان کر نتھار کر شربت بنالیں۔ ضیق النفس کے مریض کو چٹائیں تو دورہ دور ہو جائے گا۔ (حکیم محمد نورالدین نظامی)

۲۸۸۔ **کشتہ شنگرف** : اجزاء : زنجفر رومی (شنگرف رومی) ۱ تولہ، لبن العشر (آک کا دودھ) ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزا کو سحق بلیغ کریں، دودھ کے خشک ہونے پر ٹکیہ بنا کر خشک کرلیں اور اوپر سوت لپیٹ کر کسی پیالہ میں رکھ کر محفوظ الہوا جگہ میں رکھ کر اوپر ایک کوئلہ آگ رکھیں جب سب جل کر سرد ہو جائے تو کشتہ نکال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : نصف برنج تا ۱ برنج کشتہ مویز منقیٰ میں رکھ کر صبح و شام کھلائیں، دودھ گھی زیادہ کھلائیں۔

افعال و خواص : ضیق النفس کے علاوہ فالج، لقوہ، نزلہ و زکام، استسقاء ہر اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم علی محمد صاحب جراح۔ منڈی چک جھمرہ۔ ضلع لائل پور

۲۸۹۔ **کشتہ مرجان** : اجزاء : شاخ مرجان ۲ تولہ، افیون ۱ تولہ، آب برگ جو زماثل سبز (دھتورہ) ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : دونوں ادویہ کو آب برگ جوزماثل میں خوب کھرل کر کے خشک کر کے ٹکیہ بنا کر دو عدد کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے محفوظ الہوا جگہ میں رکھ کر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : نصف رتی تا ا رتی ہمراہ شہد خالص یا بدرقہ مناسبہ۔

افعال وخواص : ضیق النفس میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم منظور احمد صاحب۔ لاہور۔

سعال

۲۹۰۔ **اکسیر سعال** : اجزاء : بزرالبنج، ملح اسود، تخم جوز ماثل سیاہ ہر ایک ا تولہ، روغن زردہ تولہ۔ برگ عشر (آک کے پات) ۴۰ عدد۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر رکھیں۔ برگ مدار کو گھی میں تر کرکے سفوف مذکور لگا کر کوزہ گلی میں ڈالتے جائیں اور گلحکمت کرکے ۲۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : کھانسی، نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ احمد علی صاحب۔ چک نمبر ۲ بی۔ این۔ ڈی۔ بہاول پور

۲۹۱۔ **اکسیر سعال رطب** : اجزاء : ملح اسود (نمک سیاہ) ۵ تولہ لبن العشرہ تولہ، آرد اصل السوس مقشر دس تولہ۔

ترکیب ساخت : نمک پیس کر شیر مدار میں خوب کھرل کریں خشک ہونے پر اس میں آرد اصل السوس ملا کر دوبارہ خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : حسب العمر ا تا ۲ رتی در بالائی شیر یا گلقند کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال رطب میں مفید ہے۔ خصوصاً ضعیف العمر حضرات کے لئے بہت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم میر محمد حسین صاحب۔ کچہری بازار۔ سرگودھا۔

۲۹۲۔ **حب سعال** : اجزاء۔ زاج ابیض بریاں (پھٹکڑی سفید جلائی ہوئی) ۶ ماشہ، زنجبیل ۲ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ ۔ فلفل مویہ ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، عسل خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر ہمراہ عسل حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ قہوہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال شدید اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم گل زمان صاحب۔ چک جوگیاں تحصیل و ضلع راولپنڈی۔

۲۹۳۔ **حب جدوار** : اجزاء : جدوار خطائی، فلفل سیاہ، ایلوا، رب السوس، افیون ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : اول جدوار اور فلفل سیاہ کو باریک پیس کر ایلوا اور رب السوس ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں افیون کو

پانی میں ملاکر خوب کھرل کریں۔ اور حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

عطیہ : حکیم صوفی خلیل الرحمان صاحب۔ رفیق صحت دواخانہ چوک پیراں پیر موسیٰ لین کراچی نمبر ۲۔

۲۹۴- **حب رب السوس** : اجزاء : رب السوس ۲۰ تولہ، ملح النار ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال کے لئے مفید ہے۔ اخراج بلغم کے لئے نافع ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور قریشی صاحب۔ بلاک نمبر ۲۰ سرگودھا۔

۲۹۵- **حب سعال** : اجزاء : مغز بادام شیریں، نشاستہ گندم، رب السوس، ترنجبین (مصفیٰ)، بہیدانہ ہر ایک ا تولہ۔ مویز منقیٰ ۲ تولہ

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ کوٹ پیس لیں۔ مویز منقیٰ سے دانہ نکال کر رگڑ لیں۔ ترنجبین کو ۴ تولہ پانی میں ڈال کر گرم کریں۔ پھر چھان لیں اور نتھار کر پھر تمام ادویہ کو شامل کر کے حب بقدر نخود تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : ایک ایک حب منہ میں رکھ کر چوسیں۔

افعال و خواص : سعال رطب و یابس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد دین صاحب راہمن۔ تحصیل و ضلع جہلم۔

۲۹۶- **حب سعال** : اجزاء : رب السوس ا تولہ، بہیدانہ، صمغ عربی، کتیرا، شکر تیغال، کاکڑا سنگی، نشاستہ ہر ایک ۶ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۳ ماشہ، مویز منقیٰ ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور سب ادویہ کوٹ پیس کر اور ملا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک ایک حب منہ میں رکھ کر چوسائیں۔

افعال و خواص : سعال رطب یابس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سلیم صاحب - اندرون یکی گیٹ - لاہور۔

۲۹۷- **حب سعال** : اجزاء : بنسلوچن (طباشیر)، کشنیز خشک، دانہ ہیل خورد (الائچی خورد) زہر مہرہ خطائی، جاتفل، زعفران اصل السوس، جدوار خطائی، دار چینی، افیون ہر ایک ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال، حمیٰ، ضیق النفس میں مؤثر نیز مسمن بدن بھی ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالوحید صاحب - لاہور۔

۲۹۸۔ **حب سرفہ :** اجزاء : افیون ۱ ماشہ، بزرالبنج ۲ ماشہ، صمغ عربی ۴ ماشہ، کتیرا، رب السوس، شکر تیغال، کندر، مرکی، لوبان
کاکڑا سنگی، معیہ سائلہ، کافور ہر ایک ۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور باریک کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۳ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح - دوپہر اور شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال ہمہ اقسام میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد سعید بھٹی صاحب نہر بازار - تاندلیانوالہ - ضلع لائل پور۔

۲۹۹۔ **حب سعال :** اجزاء : صمغ عربی ۱ تولہ، اجوائین خراسانی، سورنجان شیریں، رب السوس، پوست ہلیلہ زرد، ایلوا
ہر ایک ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۹ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو حسب دستور کوٹ پیس کر لعاب گھیکوار سے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال باردہ اور امراض باردہ کو مفید ہے۔ (محمد نور الدین نظامی)

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۳۰۰۔ **حب سعال :** اجزاء : تخم جوزماثل سیاہ ۱ تولہ، کشنیز خشک ۱ تولہ، مغز پنبہ دانہ ½ ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، کوکنار ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : کوکنار کا آب ۵ تولہ میں خیساندہ تیار کریں۔ بقیہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرکے ہمراہ آب خیساندہ کھرل
کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح اور بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال، نزلہ زکام میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی ولی محمد، کرمانوالہ شفاخانہ - بٹالہ کالونی نمبر ۲۱۹ - لائل پور

۳۰۱۔ **حب کاکڑا سنگی :** اجزاء : کاکڑا سنگی ۵ ماشہ، اصل السوس مقشر ۵ ماشہ، رب السوس ۴ ماشہ، صمغ عربی ۲ ماشہ، مغز بادام
شیریں ۶ دانہ، عناب (منقیٰ) ۵ دانہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو حسب دستور کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ۳ ماشہ سفوف شربت عناب میں ملا کر چٹائیں۔

افعال ومنافع : سعال کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم تاج الدین صاحب امرتسری - لاہور

۳۰۲۔ **حب کندر** : اجزاء : کندر ۲ ماشہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۲ ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، رب السوس ۳ ماشہ، میعہ سائلہ ۲ ماشہ، افیون ۲ ماشہ

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر ہمراہ عسل خالص حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد حلیم صاحب۔ حلیمی دواخانہ۔ ٹل۔ ضلع سیالکوٹ۔

۳۰۳ **حب عروق الصدر** : اجزاء : انبہ ہلدی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : انبہ ہلدی کو باریک پیس کر مٹی کے برتن میں نرم آنچ پر بریاں کریں اور گرم حالت میں موز منقی بقدر ضرورت کے ہمراہ کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مٹر بنائیں۔

مقدار خوراک : سعال : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام۔ بخار میں کسی مناسب عرق سے۔ مٹی کھانے والے مریض کو شیر گاؤ میں روغن گاؤ ملا کر دیں۔ تمباکو نوشی سے باز رکھنا ہو تو بادام شیریں ۵ عدد بادیان ۳ ماشہ کا اضافہ کریں۔ بلغم کا زور ہو تو پانی سے دن میں تین بار۔ مقدار خوراک میں کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔

افعال و خواص : سعال، مٹی کھانے کی عادت، بخار، تمباکو نوشی کی عادت کو رفع کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم مظفر حسین صاحب۔ پتہ ندارد۔

۳۰۴۔ **حب میعہ** : اجزاء : کندر، میعہ سائلہ، رب السوس ہر ایک ۱ تولہ، افیون ۱½ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر افیون کو بقدر ضرورت پانی میں حل کر کے سفوف ملا کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم جان محمد صاحب۔ معرفت حکیم مولا بخش صاحب۔ سکنہ پنوں عاقل۔ ضلع سکھر۔

۳۰۵۔ **حب میعہ** : اجزاء : افیون ۱½ ماشہ، صمغ عربی ۳ ماشہ، میعہ سائلہ، کندر، رب السوس ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو حسب دستور پیس کر حبوب بقدر دانہ مٹر بنائیں۔

مقدار خوراک : چوتھائی حب تا ایک حب ہمراہ آب گرم یا چائے کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال رطب میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرزاق صاحب۔ موضع ہیجن۔ تحصیل بھلوال، ضلع سرگودھا۔

۳۰۶۔ **حب مرمکی** : اجزاء : مرمکی ۱ تولہ، افیون ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری : دونوں ادویہ کو پیس کر خوب کھرل کر کے ہمراہ شہد خالص حب بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب شدت مرض کے پیش نظر ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۲ تولہ یا آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : سردیوں میں سعال بلغمی وخشک اور ضیق النفس رطب میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم شیخ مرید احمد صاحب، ۱۵ نظام سٹریٹ۔ رحمان پورہ۔ لاہور

۳۰۷۔ **دوائے سرفہ** : اجزاء : تنکار نیم بریاں ۵ تولہ، شب یمانی نیم بریاں ۵ تولہ، نبات سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر یا لعوق سپستان کھلائیں۔

افعال وخواص : اگر سعال بوجہ نزلہ زکام ہو تو ہمراہ شربت اعجاز، سعال رطب میں ساری دوا چاٹ کر اوپر سے حسب ضرورت مربہ کھلائیں۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور۔

۳۰۸۔ **دوائے شہقہ** : اجزاء : اجوائن خراسانی ۱۰ تولہ، شب یمانی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : اجوائن خراسانی کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں آدھ پاؤ رہنے پر اتار کر چھان لیں۔ بعد ازاں شب یمانی کو تابہ آہنی (توا) پر رکھ کر نیچے آگ جلائیں اور آب جوشاندہ (اجوائن خراسانی) قدرے قدرے شب یمانی پر ڈالتے جائیں۔ پانی کے ختم ہونے پر شب یمانی کو خشک کرکے نیچے اتار لیں اور باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : حسب عمر مریض ۲ رتی تا ۴ رتی در تیاشہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : شہقہ (کالی کھانسی) میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب۔ خانیوال۔

۳۰۹ **سفوف اسطوخودوس** : اجزاء : برگ بھنگرہ، ہلیلہ سیاہ، اسطوخودوس ہر ایک ۵ تولہ، جدوار خطائی ۱ تولہ، آرد اصل السوس ۲ تولہ، قند سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال مزمن اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسمٰعیل۔ ملتان شہر۔

۳۱۰۔ **سفوف جدوار** : اجزاء : افیون ۱ تولہ، جدوار خطائی ۲½ تولہ، ہڑ ہلیلہ ۱ تولہ، نبات سفید ۱۶ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال، نزلہ زکام اور اسہال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام خان صاحب چک نمبر ۲/۴، تحصیل لودھراں۔ ضلع ملتان۔

۳۱۱۔ **سفوف سعال:** اجزاء: بیدانہ، رب السوس، صمغ عربی، بادیان، صمغ القتاد (کتیرا)، نانخواہ، نبات سفید ہموزن۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف منہ میں ڈال کر چوسیں۔ دن میں تین بار ایسا کریں۔

افعال وخواص : سعال، نزلہ زکام اور اخراج بلغم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عطا محمد صاحب چشتی گوڑوی، واں بھچراں۔ تحصیل و ضلع میاں والی۔

۳۱۲۔ **سفوف سعال ہمہ اقسام:** اجزاء: اجوائن دیسی ا تولہ، گوند کتیرا ا تولہ، چرائتہ ا تولہ،

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بنفشہ یا شربت بزوری میں ملا کر چٹائیں اور دن میں تین بار چٹائیں۔

افعال وخواص : سعال ہر قسم میں موثر ہے۔ بخار میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نور احمد صاحب۔ ضلع لاہور۔

۳۱۳۔ **سفوف مقل** اجزاء افیون ا ماشہ، حلتیت، مقل ہر ایک ۲ ماشہ، خرما منقی ۳ عدد۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کھرل کر کے خرما منقی میں بھر کر آرد گندم گوندھ کر دو انگل موٹا لیپ کر کے گرم بھوبھل میں دبا دیں۔ جب آٹا سرخ ہو جائے۔ نکال کر خرما معہ ادویہ کوٹ کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب یا قہوہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : بچوں اور عورتوں کی کھانسی میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید اختر حسین نقوی صاحب امروہوی۔ چکوال

۳۱۴۔ **شربت سعال:** اجزاء: سپستان، تین (انجیر)، نیلوفر، گل بنفشہ، برگ بانسہ، اصل السوس مقشر، گاؤزبان ہر ایک ۵ تولہ۔
گل زوفا ا تولہ، مغز بادام شیریں ۲½ تولہ، افسنتین ۲ تولہ، نبات سفید ا سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص : سعال و نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم منظور حسین صاحب پشاور۔

۳۱۵۔ **شربت سعال:** اجزاء: گاؤزبان، صندل سفید، پرسیاؤشاں، اصل السوس، تخم خشخاش سفید، تخم خطمی، گل سرخ۔

مویز منقیٰ، کوکنار ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ، نبات سفید ۲ سیر۔

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت ہمراہ آب تازہ۔ یا عرق گاؤزبان صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : سعال، نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم اللہ بخش وہی سلامت رائے تحصیل لودھراں ضلع ملتان۔

۲۱۶۔ **شربت سعال** : اجزاء : برگ بانسہ ۲۰ تولہ، برگ گاؤزبان ۵ تولہ، اصل السوس مقشر ۱/۲ ۲ تولہ، پوست خشخاش ۱۰ تولہ، سنگی دبلغیردانہ تکہ کی۔ ۱۰ تولہ، خاکسی ۲ تولہ بادرنجبویہ ۲ تولہ، نبات سفید ۳ پاؤ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : شدید سعال اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام قادر صاحب ۲۰۵ الفلاح روڈ بہار کالونی۔ کراچی۔

۲۱۷۔ **غرغرہ سعال یابس** : اجزاء : باقلہ، گل سرخ ہر ایک ۳ ماشہ، تخم کاہو ۴ ماشہ، تخم خشخاش سفید ۶ ماشہ، اجوائن خراسانی ۴ رتی، آب تازہ ۱ سیر۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو ملا کر آگ پر رکھ کر جوش دیں۔ جب پانی تین پاؤ رہ جائے تو اتار کر رکھ لیں اور صبح و شام اس سے غرغرہ کرائیں۔

افعال و خواص : خراش گلو اور سعال یابس میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم میراں بخش گل صاحب یونانی گل شفا خانہ۔ نواں کوٹ۔ لاہور۔

۲۱۸۔ **کشتہ ملح اسود** : اجزاء : نمک سیاہ ۱۰ تولہ، شیر مدار ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : نمک سیاہ کو شیر مدار میں تر کر کے خشک کر لیں اور ۱۰ سیر اپلے دستی کی آگ میں کشتہ تیار کریں۔ سرد ہونے پر نکال کر آرد اصل السوس مقشر تا کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی بالائی شیر گاؤ یا گلقند میں رکھ کر رات کو بوقت خواب کھلائیں۔

افعال و خواص : سعال بلغمی میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب۔ کچہری بازار، سرگودھا۔

۲۱۹۔ **لعوق سعال** : اجزاء : برگ بانسہ ۵ تولہ، تخم کتان ۱۰ تولہ، برگ گاؤزبان ۵ تولہ، اصل السوس مقشرہ تولہ۔ آب مصفیٰ ۴ سیر، نبات سفید ۲ سیر۔

ترکیب ساخت : تخم کتان مسلم اور اصل السوس کو جو کوب کر کے اور باقی اجزاء کو جوش دیکر حسب دستور لعوق تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۶ ماشہ حسب عمر آب نیم گرم میں حل کر کے صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص : سعال اور امراض سینہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ظفر اقبال صاحب مشہود دہلی دواخانہ مولسانی گوالمنڈی ریلوے روڈ۔ لاہور

۳۲۰۔ **لعوق سعال یابس** : اجزاء : چہار مغز ۴ تولہ، مغز بادام شیریں مقشر ۳ تولہ، طباشیر کبود ۴ ماشہ، مویز منقی، عدد ۷، دانہ ہیل (الائچی) خورد ۱ تولہ، گلقند ۵ تولہ، ورق نقرہ دس عدد، شربت بنفشہ ۲۵ تولہ،

ترکیب تیاری : حسب دستور سب ادویہ کو باریک کر کے شربت میں ملا کر لعوق تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ لعوق چٹائیں۔ صبح و شام۔

افعال وخواص : سعال یابس میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم ظہور احمد صاحب لائل پور۔

۳۲۱۔ **لعوق سعال** : اجزاء : اصل السوس مقشر نیم کوب ۲ تولہ سپستان نیم کوب ۲ تولہ، مویز منقی ۲ تولہ مغز فلوس خیار شنبر ۴ تولہ روغن بادام ۲ تولہ قند سفید ۳۰ تولہ

ترکیب ساخت : اصل السوس، سپستان، مویز منقی کو ایک سیر پانی میں جوش دیں جب چوتھائی پانی باقی رہے مل چھان لیں پھر فلوس خیار شنبر کو اس پانی میں حل کریں۔ جب سیاہی حل ہو جائے تو چھلکے سے نکال دیں یا آٹا چھاننے والی چھلنی سے چھان لیں۔ قند ملا کر گاڑھا قوام بنا لیں اور روغن بادام ملا کر خوب پھینٹیں لعوق تیار ہے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ لعوق عرق گاؤزبان ۲ تولہ میں حل کر لیں رات کو سوتے وقت چٹائیں۔

افعال وخواص : نزلہ زکام اور کھانسی کو مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نعمت اللہ صاحب گوجرہ۔

۳۲۲۔ **معجون سعال** : اجزاء : کاکڑا سنگی، ہلیلہ کابلی، تیغال، رب السوس، صمغ عربی، مغز تخم خیارین ہر ایک ۶ ماشہ، آرد اصل السوس مقشر ۱ تولہ، تخم خرفہ ۱ تولہ، عسل خالص ۱۰ تولہ،

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو حسب دستور معروف پیس کر اور ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ ہمراہ آب یا عرق گاؤزبان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سعال ہر اقسام اور نزلہ زکام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی عبدالخالق بمقام ڈالوالی۔ ضلع جہلم۔

۳۲۳۔ **معجون سعال** : اجزاء : مغز تخم خیارین ۵ تولہ، مغز کدوئے شیریں ۵ تولہ، حب صنوبر مغز (چلغوزہ) ۵ تولہ، صمغ عربی ۵ تولہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۵ تولہ، روغن بادام ۵ تولہ، ہیل کلاں (الائچی) ۱۰ تولہ، نشاستہ گندم ۱۰ تولہ، طباشیر کبود ۲ تولہ، نبات سفید

۴ تولہ، عسل خالص ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: پہلی آٹھ اشیاء کو پیس کر روغن بادام میں چرب کرلیں، بعدازاں قند اور شہد کا قوام بنا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال و خواص: سعال، پرانی سل، نزلہ زکام حار میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم جلال الدین صاحب بمبئی۔ پتہ ندارد۔

نفث الدم

۳۲۴- **دوائے نفث الدم:** اجزاء: کہربا شمعی ۶ ماشہ، کشتہ سنگجراحت، کشتہ صدف، کشتہ عقیق، گیرو اصلی ہر ایک ۱ تولہ

ترکیب ساخت: حسب دستور کہربا شمعی اور گیرو کو پیس کر دیگر کشتہ جات ملا کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۱ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: نفث الدم میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم فضل حسین صاحب۔ جھنڈا چیچی۔ راولپنڈی۔

۳۲۵- **کشتہ ابرک سیاہ:** (برائے نفث الدم) اجزاء: ابرک سیاہ ۱۰ تولہ، قند سیاہ (گڑ) ۱۰ تولہ، حجزات ترش (دہی) ۸۰ تولہ، آب گلو سبز ۲۰ تولہ، شورہ قلمی ۲۰ تولہ، آب کدوئے سبز ۲۰ تولہ، ست گلو خالص ۲½ تولہ، دانہ ہیل (الائچی) خورد ۲½ تولہ دم الاخوین ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: قند سیاہ ۱۰ تولہ، دہی ۲۰ تولہ میں خوب ملا کر ابرک سیاہ کے ٹکڑوں کو اس میں خوب لت پت کریں۔ ۵ سیر کوئلوں کو دھکا کر سرخ کرکے ابرک کے ٹکڑوں کو کوئلوں میں رکھ کر خوب سرخ کریں۔ سرد ہونے پر نکال کر بدستور دوبارہ یہ عمل کریں۔ اسی طرح ۴ بار یہ عمل کریں۔

پھر قلمی شورہ ۵ تولہ کو آب کدوئے شیریں میں کھرل کرکے ابرک کو ڈال کر کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کرکے خشک ہونے پر ایک من پاچک کی محفوظ الہوا جگہ پر آگ دیں۔ اسی طرح یہ عمل ۴ بار کریں۔ پھر ابرک کو کپڑے کر پانی سے غسل دیں۔ یہاں تک تمام شورہ نکل جائے۔ خشک کرکے آب گلو سبز میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر پھر پاچک کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پھر برگ نیب سبز کے نغدہ میں ایک من پاچک کی آگ دیں اسی طرح دوسری آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ کشتہ ابرک مذکورہ بالا میں ست گلو، دانہ الائچی خورد، دم الاخوین کو علیحدہ علیحدہ باریک کرکے شامل کرلیں اور ایک گھنٹہ کھرل کرکے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: نفث الدم: ایک ماشہ ہمراہ عرق شیر ۱ تولہ، شربت بزوری بارد ۳ تولہ ۶-۶ گھنٹہ بعد کھلائیں۔

تپ دق : ۱ماشہ، خمیرہ گاؤزبان ۲تولہ میں کھلائیں، اعرق گاؤزبان ۱۰تولہ پلائیں۔

افعال وخواص : نفث الدم، سہل رئوی کو دور کرتا ہے۔ تپ دق میں بھی مفید ہے۔

غذا : دوپہر کے وقت کچا کدو بلا نمک و میٹھا کھلائیں۔ (اس کدو کی کیا ترکیب ہوگی۔ نور نظامی)

عطیہ : حکیم محمد احمد بشیر صاحب امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۲۲۶- **لعوق نفث الدم** : اجزاء : صمغ عربی، کتیرا، دم الاخوین، گیرو، سنگجراحت ہر ایک ۱ماشہ، خمیرہ خشخاش حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر خمیرہ خشخاش میں ملالیں،

مقدار خوراک : ۳ماشہ خمیرہ ہمراہ شیرہ ذیل کھلائیں۔

شیرہ : اجزاء : لعاب بہیدانہ ۳ماشہ، عناب۔ حب الآس۔ انجبار، مغز تخم کدو شیریں ہر ایک ۳ماشہ۔

ترکیب تیاری : عرق گاؤزبان ۱۰تولہ میں شیرہ تیار کرلیں۔ ایک خوراک ہے۔

افعال وخواص : نفث الدم میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسحاق صاحب موضع اقبال نگر چک نمبر ۲۱/۱۴۴ ضلع لائل پور

ذات الریہ (ذات الجنب)

۲۲۷- **حب ذات الریہ** : اجزاء : زردچوب (ہلدی) ۱پاؤ، نمک سنگ ۳پاؤ، ثمر جوز ماثل حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : اول دونوں اجزاء کو پیس کر ثمر جوز ماثل خام سے بیج وغیرہ نکال کر اس میں بھر دیں اور اسے بند کرکے اوپر آٹا لگا کر خشک کریں اور بھوبھل میں دبا دیں۔ آٹا سرخ ہو جائے تو نکال کر آٹا اتار دیں اور باقی تمام کو خوب کھرل کرکے حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ عرق گاؤزبان یا چائے دن میں دو تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ذات الریہ، نزلہ زکام مزمنہ، سقطہ اعصابی اوجاع اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عطا محمد صاحب بھٹی چشتی گرلڑوی، ولی بھچراں تحصیل و ضلع میانوالی۔

۲۲۸- **دوائے ذات الریہ** : اجزاء : سورنجاں شیریں ۱تولہ، زنجبیل ۱تولہ، مصطگی رومی ۴ماشہ، سوڈا بائیکارب ۳ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ۔ اس کے ساتھ درج ذیل ضماد بھی استعمال کریں۔

۲۲۹- **دوائے ذات الریہ** : اجزاء : زنجفر رومی (شنگرف رومی) ۱تولہ، فلفل مویہ ۱تولہ، ہیل (الائچی خورد) ۱تولہ۔

ترکیب ساخت : متواتر تین دن کھرل کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی مویز منقی میں رکھ کر ہمراہ چائے کھلائیں مرض ایک طرف ہو تو دو خوراک اگر دونوں طرف ہو تو ۳ خوراک دیں۔

افعال وخواص : ذات الریہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سراج صاحب چک ۱۹۴ آر۔ بی لاٹھیاں والا تحصیل جڑانوالہ، ضلع لائل پور۔

۳۳۰- **دوائے ذات الریہ** : اجزاء : ملح انار (نوشادر) ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، شیر مدار ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : اوّل نوشادر اور شورہ قلمی کو جدا جدا پیس کر تابہ آہنی پر رکھ کر کوئلہ کی آگ پر رکھیں اور اس پر شیر مدار کا چوبہ دیں۔ تیز بودار دھواں نکلے گا۔ اب اسے نیچے اتار کر کسی چھری وغیرہ سے ہلاتے رہیں۔ جب دھواں ذرا کم ہو تو پھر آگ پر رکھیں اور مزید شیر مدار کا چوبہ دیں۔ دھواں نکلنے پر اتار کر بدستور ہلائیں۔ اسی طرح بار بار کریں۔ حتیٰ کہ شیر مدار ختم ہو جائے، ہلکی سیاہی مائل دوا تیار ہوگی۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی ہمراہ نبات سفید ۱ تولہ ملا کر ہمراہ چائے کھلائیں۔

افعال وخواص : ذات الجنب۔ ذات الصدر، ذات الریہ، حمیٰ، سعال رطب، مانند ضیق النفس سانس پھولنے کو مفید ہے۔ ریحی وعصبی درد میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سردار محمد صاحب چک نمبر ۱۱۹ جنوبی تحصیل وضلع سرگودھا۔ وحکیم حاجی محمد رفیق صاحب حیدرآباد

۳۳۱- **دوائے ذات الجنب** : اجزاء : کشتہ شاخ گوزن، بچھناک مدبر ہر ایک ۳ ماشہ۔ نوشادر، جوکھار اصلی، شورہ قلمی ہر ایک ۶ ماشہ

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سحق بلیغ کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی در نبات سفید ۲ ماشہ ہمراہ جوشاندہ ذیل کھلائیں۔

اجزا جوشاندہ : اصل السوس مقشر، تخم خطمی، تخم خبازی، ملوخشک ہر ایک ۴ ماشہ۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ، مویز منقی ۹ دانہ کو پانی ½ سیر میں جوش دیں۔ ¼ رہنے پر اتار کر مل چھان لیں اور شیرہ مغز بادام ۱۱ عدد اضافہ کر کے اور خمیرہ بنفشہ ۵ ماشہ ملا کر نیم گرم پلائیں۔

افعال وخواص : ذات الجنب، ذات الصدر، ذات الریہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید منور شاہ صاحب سکنہ بھلیاں تحصیل پنڈ دادن خاں ضلع جہلم۔

۳۳۲- **روغن عردسک** : اجزاء : جوزبوا، بسباسہ، قرنفل، دارچینی، خراطین مصفیٰ، قسط تلخ ہر ایک ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۵ تولہ، روغن کنجد سفید ۴۰ تولہ، کرم عردسک ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو جوکوب کریں اور روغن کنجد کو خوب گرم کر کے اس میں تمام اجزاء جوکوب کردہ ڈال دیں۔ جب روغن سرخ ہو جائے تو نیچے اتار کر کرم عردسک ڈال کر خوب رگڑ کر فلٹر کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : مقام ماؤف پر نرم ہاتھ سے مالش کریں۔ اوپر روئی باندھیں۔

انفعال وخواص : ذات الجنب کے علاوہ ذات الریہ اور ذات الصدر میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۳۲۳۔ **سفوف بندق** : اجزاء : مغز تخم بندق (ریٹھا) ۶ ماشہ، صبر ۶ ماشہ، شب یمانی بریاں ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ رتی ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

انفعال وخواص : ذات الریہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد رمضان صاحب فیض سنیاسی دواخانہ منڈی چشتیاں۔ ضلع بہاول نگر

۳۲۴۔ **شربت ذات الریہ** : اجزاء : عناب ولایتی ۳۰ عدد، سپستاں ۴۰ عدد، خشخاش سفید ۵ تولہ، پوست خشخاش ۱ تولہ نیلوفر ۲ تولہ، پرسیاؤشاں ۲ تولہ، تخم خطمی ۲ تولہ، تخم خبازی ۲ تولہ، گل زوفا ۲ تولہ، گاؤزبان ۲ تولہ، اصل السوس مقشرہ ۵ تولہ، مویز منقی ۵ تولہ، نبات سفید ۱ سیر

ترکیب ساخت : حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ و عرق بادیان ۵ تولہ دن میں تین بار پلائیں۔

انفعال وخواص : ذات الریہ، حمی محرقہ، سعال ہر قسم و نزلہ دائمی میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۳۲۵۔ **ضماد ذات الریہ** : اجزاء : ایک تولہ، سنبل الطیب ۹ ماشہ، اذخر ۹ ماشہ، تمباکو خشک ۲ تولہ، قند سیاہ ۳ تولہ، سرکہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول الذکر چاروں اجزاء کو پیس کر سفوف بنائیں، بعد ازاں قند سیاہ اور سرکہ میں حل کریں اور سفوف کو اس میں کھرل کریں اور محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت لگائیں۔

ترکیب استعمال : حسب ضرورت کپڑے پر لگا کر نیم گرم کریں اور جائے ماؤف پر چپکا دیں۔

انفعال وخواص : ذات الریہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ہارون سلیمان صاحب حاجی صدیق مقادم بلڈنگ رنچھوڑ پوری روڈ، بھیم پورہ۔ کراچی۔

امراض القلب

خفقان

۳۲۶۔ **اکسیر خفقان :** اجزاء : مروارید ناسفتہ، عقیق سرخ، سنگ یشب، زہر مہرہ خطائی، بسد احمر ہر ایک ایک ماشہ۔ زعفران کشمیری ۱ ماشہ، مشک اصلی ۴ رتی، عرق کیوڑہ ۲ تولہ، شاخ مرجان ۱ ماشہ، دانہ ہیل خورد، طباشیر کبود ہر ایک ۲ ماشہ، شہد خالص حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : ابتدائی پانچوں ادویہ اور شاخ مرجان کو جدا جدا پختہ سیاہ کھرل میں ڈال کر سحق بلیغ کریں۔ بعد ازاں سب ملا کر عرق کیوڑہ میں خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ مانند غبار ہو جائے۔ بعد ازاں دانہ ہیل خورد اور زعفران جدا جدا کھرل کر کے یک جان کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی اکسیر کو عسل خالص ۶ ماشہ میں ملا کر چٹائیں۔

افعال وخواص : مقوی اعضاء رئیسہ و دافع خفقان ہے۔ ہر موسم و ہر مزاج میں قابل استعمال ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمان مکان نمبر ۶۲۵ ڈی۔ غلام محمد آباد۔ لائل پور۔

۳۲۷۔ **اکسیر خفقان :** اجزاء : آب آملہ سبز ۱۰ تولہ، آب گل سرخ ۱۵ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : زہر مہرہ خطائی کو آب آملہ میں سحق بلیغ کرنے کے بعد آب گل سرخ میں اس قدر کھرل کریں۔ کہ مثل غبار ہو جائے۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ ہمراہ شربت گل گڑھل یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : خفقان اور تفریح قلب کے لئے موثر ہے۔

عطیہ : حکیم سکندر علی صاحب ظفر۔

۳۲۸۔ **اکسیر خفقان :** اجزاء : کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ، عنبر، مشک خالص ہر ایک ۳ ماشہ، ہیل خورد (الائچی خورد)، مصری کوزہ، طباشیر کبود ہر ایک ایک تولہ، ورق نقرہ ایک دفتری۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو خوب پیس کر کھرل میں ڈال کر ایک ایک ورق نقرہ ملاتے رہیں اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ تمام ورق اس میں پوری طرح مل جائیں اور محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی ہمراہ مربہ آملہ وسیب کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف قلب، خفقان اور ضعف دماغ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حبیب اللہ صاحب پتہ ندارد

۳۳۹- **اکسیر خفقان :** اجزاء : طباشیر کبود، کہربا شمعی، یشب سبز، مرجان، مصطگی رومی، عود صلیب، ست گلو ہر ایک پانچ ماشہ، مروارید ناسفتہ، زعفران ہر ایک ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور تمام اجزا عرق گلاب سہ آتشہ میں خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع خفقان مقوی قلب و دماغ ہے اور جریان منی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید اکبر شاہ صاحب۔ ٹنڈو غلام علی براستہ ماتلی ضلع حیدر آباد (سندھ)

۳۴۰- **دوائے خفقان :** اجزاء : طباشیر کبود، زہر مہرہ خطائی، ہیل خورد، ورق نقرہ، کشتہ مرجان در گل سرخ ہموزن۔

ترکیب تیاری : حسب دستور سحق بلیغ کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : خفقان میں موثر ہے۔

عطیہ : محمد علی صاحب وینڈا وکاڑہ۔ ضلع ساہیوال۔

۳۴۱- **سفوف دافع خفقان :** اجزاء : طباشیر کبود ۲ تولہ، کہربا شمعی ۱ تولہ، زہر مہرہ خطائی ۱ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۲ تولہ، کشنیز خشک ۲ تولہ،

ترکیب تیاری : حسب دستور کوٹ چھان کر خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : خفقان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مختار احمد صاحب تحصیل خانیوال ضلع ملتان۔

۳۴۲- **شربت دافع خفقان :** اجزاء : صندل سفید ۵ تولہ، خس ایسرہ، نبات سفید ۳ سیر، روح کیوڑہ ۱۰ قطرہ، روح گلاب ۲۰ قطرہ۔

ترکیب ساخت : پہلی دو ادویات کا بطریق معروف تین بوتل عرق کشید کریں۔ نبات سفید ملا کر شربت بنائیں، بعد ازاں روح کیوڑہ و گلاب شامل کریں۔

مقدار خوراک : ۴ تولہ ہمراہ آب سرد صبح و شام پلائیں، قبل از استعمال تنقیہ ضروری ہے۔

افعال وخواص : خفقان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید جعفر حسین شاہ صاحب چک ۲۲۵ ضلع ساہیوال۔

۲۴۳- **عرق مفرح :** اجزاء: گل سیوتی، گل نیلوفر، گل کاسنی، گل گاؤزبان، گل سرخ، تخم زنجشک، ہیل کلاں (الاچی کلاں)، آملہ خشک، بادیان، امازج ہندی، پودینہ خشک، زنجبیل، کشنیز خشک، نمک سنگ ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : ہر جز کے دو حصے کریں، بعد ازاں آب تازہ ۲ سیر میں رات بھگو کر صبح حسب دستور عرق کشید کریں۔ بعد ازاں اس عرق میں دوسرے حصہ کے تمام اجزا شامل کریں اور بھگو کر صبح حسب دستور عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ نبات سفید یا گلوکوز ملا کر دن میں دو بار پلائیں۔

افعال و خواص : تفریح و تقویت قلب میں بے نظیر ہے اور دافع خفقان ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی محمد ابراہیم صاحب چک ۵/۱۰۰ ضلع ساہیوال۔

۲۴۴- **معجون خفقان :** اجزاء: مربہ آملہ منقی، مربہ بلیلہ منقی، مربہ سیب، مربہ بہی، مربہ اناناس ہر ایک ۱ تولہ، طباشیر کبود، دانہ ہیل خورد، کہربا شمعی، یشب سبز ہر ایک ۲ ماشہ، ورق نقرہ، عدد، ورق طلا ۳۰ عدد اور عسل خالص ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری : مربہ جات رگڑ کر خوب آمیز کریں، بعد ازاں طباشیر، دانہ ہیل خورد، کہربا شمعی، یشب سب کو جدا جدا خوب کھرل کر کے شامل کریں اور ورق نقرہ اور ورق طلا ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : دافع خفقان اور مقوی قلب ہے۔

عطیہ : حکیم انور حسین صاحب زبدۃ الحکما۔ خانیوال ضلع ملتان۔

۲۴۵- **معجون مفرح :** اجزاء: تخم کاسنی، تخم کاہو، تخم خرفہ، ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ، مغز تخم خیارین ۲ تولہ، فادزہر معدنی طباشیر کبود ہر ایک ایک تولہ، عسل خالص ایاؤ، مصری کوزہ ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر بطریق معروف مصری اور عسل کے قوام میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : خفقان اور مالیخولیا میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ظہور احمد صاحب۔ نادر دہلی دواخانہ، جونا مارکیٹ۔ کراچی۔

۲۴۶- **معجون خفقان :** اجزاء: مربہ آملہ، مربہ سیب، مربہ بہی، مربہ گزر، مربہ بلیلہ ہر ایک ایاؤ، طباشیر کبود ۳ تولہ، دانہ ہیل خورد ۲ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ، کشتہ عقیق ۱ تولہ، ورق نقرہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : مربہ جات کو پیس کر یک جان کریں۔ باقی ادویہ پیس کر خوب کھرل کریں۔ بعدازاں کشتہ جات ملا کر کھرل کریں پھر ورق نقرہ ملا کر سحق بلیغ کریں اور مربہ جات میں ملا کر یک جان کر کے محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ایک تولہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : خفقان کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد اسلم شاہ صاحب گیلانی شفاخانہ دواخانہ رتن سٹریٹ عبدالکریم روڈ قلعہ گوجر سنگھ۔ لاہور

فشار الدم

۳۴۷۔ **دوائے فشار الدم قوی :** اجزاء : صندل سفید، بہمن سفید ہر ایک ۲ تولہ، گل سرخ ۳ تولہ، گاؤزبان، کشنیز خشک، آملہ مقشر ہر ایک ۴ تولہ، دانہ ہیل خورد، طباشیر کبود، فادزہر معدنی، پوست ترنج ہر ایک ۱ تولہ، نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق کیوڑہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : فشار الدم قوی میں مفید ہے۔ مفرح بھی ہے۔

عطیہ : حکیم غلام نبی صاحب۔ شکر گڑھ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۳۴۸۔ **سفوف فشار الدم قوی :** اجزاء : اسرول، گل نسرین، دسیوتی، برادہ صندل سفید، ہیل خورد (الائچی)، کہربا شمعی ہموزن۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر مزید کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ و عرق گلاب ۵ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : فشار الدم قوی، ضعف قلب، گھبراہٹ اور بے چینی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد نواز صاحب۔ شفاخانہ قطبیہ قادریہ سرائے سدھو، تحصیل کبیر والا، ضلع ملتان

۳۴۹۔ **سفوف فشار الدم قوی :** اجزاء : اسرول ۱۰ تولہ، مغز کشنیز خشک ۱۰ تولہ، سفوف چوب چینی (کرم خوردہ نہ ہو) ۱۰ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ، جدوار خطائی ۵ تولہ، سلاجیت اصلی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کر کے ملا کر ۴ گھنٹہ خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱½ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

ہدایت : پانی زیادہ مقدار میں پلائیں۔ عورت کو ایام حمل میں استعمال نہ کرائیں اور چھ ماہ استعمال کرائیں۔ مرد و زن کو روغن کدو، روغن خشخاش، روغن کاہو ہموزن ملا کر کنپٹیوں اور دماغ کے بالائی حصوں پر یومیہ دو دفعہ مالش کریں

افعال و خواص : فشار الدم، نزلہ زکام، نقاہت عامہ، کثرت جماع اور بوجھ غم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشیر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ، صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

مقوی قلب

۲۵۰۔ **اکسیر مقوی قلب:** اجزاء: عنبر اشہب، جدوار خطائی، زعفران کشمیری ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب تازہ حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔ ورق نقرہ میں ملفوف کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: مقوی دل و دماغ اور اعضاء رئیسہ ہے۔ مایوس مریضوں کے لئے سریع الاثر ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۲۵۱۔ **اکسیر مقوی قلب:** اجزاء: یاقوت رمانی، کہربا شمعی، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، ابریشم مقرض ہر ایک ۴ ماشہ زعفران ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، عرق کیوڑہ ۱ بوتل۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور عرق کے ساتھ سحق بلیغ کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص: مقوی قلب اور دماغ ہے۔

عطیہ: حکیم صغیر احمد صاحب۔ پتہ ندارد۔

۲۵۲۔ **دوائے مقوی قلب:** اجزاء: زعفران اصلی ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، جدوار خطائی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو جدا جدا پیس کر کھرل کریں اور عرق گلاب ۱ تولہ سے سحق بلیغ کر کے بقدر دانہ فلفل سیاہ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب ہر چار گھنٹہ بعد مریض کو کھلائیں۔

افعال و خواص: زمانہ زچگی میں ضعف قلب کو مفید ہے، مریضہ ہشاش بشاش رہتی ہے۔

عطیہ: حکیم عبد المجید صاحب راجپوت، حمیدیہ دواخانہ جامع مسجد روڈ۔ راولپنڈی شہر

۲۵۳۔ **کشتہ مرجان:** اجزاء: شاخ مرجان ۵ تولہ، آب برگ کو سبز، عنب الثعلب تازہ آدھ سیر۔

ترکیب ساخت: مرجان کو سرکہ انگوری میں ڈالیں تاکہ اس کے جوف سے مٹی وغیرہ نکل جائے۔ پھر کوزہ گلی میں ڈال کر آب برگ کو سبز ڈال دیں اور گل حکمت کر کے جنگلی اوپلوں میں گرپٹ کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۴ رتی حسب عمر در مسکہ گاؤ کھلائیں (۴ رتی بہت بڑی خوراک ہے ایک رتی ہی کافی ہے۔ نور نظامی)

افعال و خواص: مقوی قلب و دماغ و معدہ و باہ ہے۔ دافع نزلہ زکام ہے۔

عطیہ: حکیم صالح محمد صاحب چک نمبر ۲۶ ٹی ڈی اے ڈاک خانہ بھکر۔ ضلع میانوالی۔

مقوی الارواح

۲۵۴- **حب مقوی :** اجزاء : ست سلاجیت ۱ تولہ، اذاراقی مدبر یا پوٹکس وامیکا ۱ تولہ، صبر ولایتی ۲ تولہ، کشتہ فولاد ولایتی (فری
ایٹ ایونیا سائٹراس) ۲ ۴ تولہ، آب ادرک حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت : سب اجزاء کو پیس کر آب ادرک میں خوب کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۱/۲ تا ۱ گولی دن میں کسی وقت بعد از غذا یا بوقت خواب ہمراہ آب یا شیر گاؤ کھلائیں۔ کسی قسم کی خوردنی اشیاء یا مشروبات کا کوئی پرہیز نہیں
افعال وخواص : مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی اعصاب، مقوی کبد، مقوی مثانہ وکلیہ، دافع ریح بواسیر ہے! اور دافع
جریان، احتلام، سرعت انزال، عرق النساء، وادجاع مفاصل ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالحمید صاحب گلی سراء، محلہ منہاس پورہ۔ گوجرانوالہ۔

۲۵۵- **حب مقوی مرکب :** اجزاء : مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، ورق طلاء، رب قنب (چرس)،
جوہر افیون (مارفیا) جوہر اذاراقی (سٹرکنیا) ہر ایک ۱ ماشہ، ورق نقرہ، زعفران، سلاجیت ہر ایک ۱ ماشہ۔
ترکیب ساخت : سب کو کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۱ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : بے ضرر، مقوی باہ وارواح ہے اور عام جسمانی کمزوری، اعصابی کمزوری کو دور کرتا ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ کا نام وپتہ ندارد

۲۵۶- **حب مقوی اعظم :** اجزاء : مشک خالص ۱ ماشہ، عنبر اشہب ۱ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ، ورق طلا ۱ ماشہ
رب قنب (چرس) ۱ ماشہ، جوہر افیون (مارفیا) ۱ ماشہ، جوہر اذاراقی (سٹرکنیا) ۱ ماشہ، ورق نقرہ ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، سلاجیت اصلی ۱ ماشہ
ترکیب تیاری : سب ادویہ کو لے کر اول مروارید، ورق طلا، ورق نقرہ کو عرق کیوڑہ میں ۱۲ گھنٹے کھرل کریں۔ پھر دوسری
ادویہ شامل کر کے خوب سحق کریں اور حب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک حب روزانہ ہمراہ دودھ کھلائیں۔
افعال وخواص : مقوی ارواح ثلاثہ، مقوی اعصاب، نقاہت عام کو دور کرتی ہے نیز بے ضرر مقوی باہ ہے۔
عطیہ : حکیم محمد احمد لبے والا ضلع ملتان۔

۲۵۷- **کشتہ مرجان مرکب :** اجزاء : ورق نقرہ، شاخ مرجان، یاقوت رمانی ہر ایک ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : سب اجزاء کو پیس کر عرق گلاب یا دودھ خالص میں کھرل کر کے قرص بنا کر ظرف گلی میں گل حکمت کر کے
پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔
مقدار خوراک : ایک رتی کشتہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا خمیرہ گاؤزبان سادہ کھلائیں
افعال وخواص : مقوی اعضاء رئیسہ وارواح وقلب ہے۔

امراض الثدی

ورم الثدی

۳۵۸۔ **ضماد ورم الثدی** (تجبن لبن فی الثدی): اجزاء: پوست درخت پیپل حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: پوست درخت پیپل کو کسی قدر نمک کے ہمراہ خوب پیس کر کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ ضماد تیار ہو جائے۔

ترکیب استعمال: متورم پستان پر دن میں دو تین بار لگائیں۔ تین چار روز میں صحت ہوگی۔

افعال وخواص: ورم پستان میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام درج نہیں۔

۳۵۹۔ **مرہم قروح الثدی**: اجزاء: مغز گھیکوار، برگ نیب، بصل (پیاز) موم کوری، اسرنج (سیندھور) ہر ایک ایک تولہ، روغن سرشف (سرسوں) ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت: اول روغن سرشف میں تینوں اشیاء کو آگ پر رکھ کر جلالیں۔ پھر روغن چھان کر اس میں موم شامل کریں حل ہونے پر اتار کر قدرے سرد ہونے پر سیندھور ملالیں۔

ترکیب استعمال: نیم گرم قابل برداشت زخم پر لگائیں۔

افعال وخواص: قروح پستان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد یونس صاحب چک نمبر ۵۹/۴ ای بی تحصیل وہاڑی ضلع ملتان

امراض المعدہ

وجع المعدہ

۳۶۰۔ **اکسیر درد معدہ:** اجزاء: ملح اسود ۳ تولہ، نانخواہ ۵ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۵ تولہ، تیزاب کبریت ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت: پہلی تینوں ادویہ کو خوب باریک پیس کر تیزاب گندھک میں حل کریں۔ اول کسی چینی کے برتن میں رکھیں پھر کسی شیشی میں محفوظ رکھیں دو ہفتہ بعد قابل استعمال ہوگی۔
مقدار خوراک: ۲ رتی سفوف ہمراہ آب کھلائیں۔
افعال وخواص: وجع المعدہ، وجع الفواد، اسہال قے حتیٰ کہ ہیضہ میں بھی مفید ہے۔
عطیہ: حکیم سلامت علی صاحب، چشمہ حیات شفاخانہ، کمالیہ ضلع لائل پور

۳۶۱۔ **حب بندق:** اجزاء: پوست بندق ہندی (ریٹھے کا چھلکا) حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت: حسب دستور پیس کر ہمراہ آب حبوب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص: وجع المعدہ، نفخ، بواسیر دموی، سوء ہضم، وجع الکلیہ، آتشک، خنازیر، نواسیر، داد، خارش میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم ایم عبدالقادر صاحب۔ پتہ ندارد۔

۳۶۲۔ **حب حلتیت:** اجزاء: زنجبیل ۱ تولہ، تنکار ۱ تولہ، نمک سمندر مصفیٰ ۱ تولہ، حلتیت ۱ تولہ،
ترکیب تیاری: سب ادویہ کا کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔ بعدازاں آب گل سہانجنہ میں خوب کھرل کرکے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب گرم کھلائیں۔ دن میں تین بار۔
افعال وخواص: وجع المعدہ کیسا ہی ہو رفع ہو جاتا ہے اگر عرصہ دراز سے پیٹ میں درد ہے تو ایک حب ہمراہ آب گرم دن میں تین بار کھلائیں اس سے عرصہ دراز کا درد شکم جاتا رہتا ہے
عطیہ: حکیم حاجی محمد رفیق صاحب حیدر آباد۔

۳۶۳۔ **حب مدار:** اجزاء: فلفل سیاہ ۱ تولہ، گل مدار خشک ۱ تولہ، کافور ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو پیس کر حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ اور ہیضہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم اڑاتے گھر داس۔ ماڈل ٹاؤن بی۔ لائل پور

۳۶۴- **حب وجع المعدہ :** اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، تخم ہیل خورد (دانہ الائچی خورد)، دارچینی ہر ایک ۳ ماشہ، مصطگی رومی دانہ ہیل کلاں (دانہ الائچی کلاں) ہر ایک ۱½ ماشہ، زنجبیل، قرنفل، کمون ابیض (زیرہ سفید) فلفل سیاہ، کمون اسود (زیرہ سیاہ) ہر ایک دو ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کوکوٹ چھان کر آب لیموں میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں اور محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق بادیان دس تولہ یا آب تازہ کھلائیں۔ صبح وشام

افعال وخواص : دافع وجع المعدہ، درد شکم، بادگولہ، مقوی معدہ، محلل ریاح، ہاضم طعام نیز ہر قسم کے بلغمی اور ریاحی امراض کے لئے اکسیر ہے۔

پرہیز : تیل والی اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب دواخانہ حیات نو۔ ۱۷ ڈی نسبت روڈ۔ لاہور

۳۶۵- **دوا درد معدہ :** اجزاء : مصطگی رومی، طباشیر کبود، قاقلہ صغار (الائچی خورد) ہر ایک ا تولہ، گلقند پاؤ۔

ترکیب ساخت : خشک ادویہ پیس کر گل قند میں ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ ہمراہ آب تازہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ اور رطوبت معدہ وسوزش معدہ میں مفید ہے

عطیہ : حکیم عبدالغفور صاحب کھوکھر سکنہ سرانوالی تحصیل پسرور۔ ضلع سیالکوٹ۔

۳۶۶ **سفوف وجع المعدہ :** اجزاء : فلفل سیاہ ۵ تولہ، ملح اسود (نمک سیاہ) ۵ تولہ، تیزاب کبریت (گندھک) ا تولہ

ترکیب ساخت : دونوں اجزا کو پیس کر کھرل کریں اور قدرے قدرے تیزاب گندھک ملا کر کھرل کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ ہمراہ آب کھلائیں۔

افعال وخواص : درد معدہ دو تین منٹ میں رفع ہو جاتا ہے، نفخ شکم اور قولنج میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام وپتہ ندارد۔

۳۶۷- **سفوف دافع اوجاع معدہ :** اجزاء : ایلوں خام ا تولہ، مصطگی رومی ۹ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، نبات سفید ۶ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر نبات سفید سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۶ رتی ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ کے علاوہ زہیر، صداع، شقیقہ، عصابہ، وجع الکلیہ، وجع الکبد، وجع الفواد، استقاط حمل میں مفید ہے

ھدایت : بچوں کو، ضعف قلب کے مریض اور ناتواں حضرات کو استعمال نہ کرائیں۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۳۶۸۔ **سیال معدی** : اجزاء : ملح انار، نوشادر ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۱/۲ ۲ تولہ، سرکہ انگوری خالص ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : پہلی ہر دو اشیاء کو جُدا جُدا پیس کر رکھیں، سرکہ کو مضبوط کارک والی بوتل میں ڈال کر سفوف ہر دو اشیاء ملا کر خوب اچھی طرح بوتل کو ہلائیں کہ یک جان ہو جائیں۔ ایک ہفتہ تک دھوپ میں رہنے دیں۔ اس دوران اسے ہرگز نہ ہلائیں ہفتہ کے بعد ہلا کر رکھیں دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک : ایک چمچہ بوقت ضرورت پلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ شدید، سوء ہضم، نفخ، ضعف معدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۳۶۹۔ **سیال ہاضم** : اجزاء : آب ادرک، آب ترب، آب پودینہ سبز، آب لیموں ہر ایک ۱۰ تولہ، ملح اسود، ملح انار ہر ایک ۵ تولہ

ترکیب ساخت : ہر چہار آب کو بوتل میں ڈال کر کارک لگا کر خوب ہلائیں کہ پوری طرح یک جان ہو جائیں۔ بعد ازاں باقی دونوں اجزاء سائیدہ کو اس میں ملا کر حل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۶ ماشہ لے کر آب تازہ ۱۰ تولہ میں ملا کر مریض کو پلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ کے علاوہ جملہ امراض معدہ میں مفید ہے اور زود اثر ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ عبدالحق صاحب دارالشفاء رحیم یار خان۔

۳۷۰۔ **سفوف درد معدہ** : اجزاء : اسگند ناگوری، زنجبیل، سورنجان شیریں، ملح اسود ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المعدہ، مقوی معدہ، ہاضم اور ریحی دردوں میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فضل حسین صاحب نجم وزیر آبادی۔ مین بازار۔ ڈنگہ ضلع گجرات۔

۳۷۱۔ **طلاء وجع المعدہ** : اجزاء : افیون خالص ۲ ماشہ، قرنفل ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزا کو پیس کر ہمراہ آب تازہ کھرل کر کے مانند مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ناف کے ارد گرد طلا کریں۔

افعال وخواص : معدہ کا درد جو مسہل کے بعد بھی بدستور قائم رہے اس کے لئے یہ طلا مفید ہے۔

ہدایت : بفضل خدا اس سے صحت ہو گی۔آرام ہونے پر دوا کو خود نہ اتاریں۔بلکہ خشک ہونے پر خود بخود اتر جانے دیں۔

عطیہ : حکیم قمر بیدار صاحب، پتہ ندارد۔

سوء ہضم

۳۰۲۔ اکسیر ہضم : اجزاء : شورہ قلمی، نوشادر ٹھیکری، فلفل سیاہ، فلفل دراز، سجی، نمک لاہوری ہموزن، گڑ ا ڈھیکوار حسب ضرورت

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر خوب کھرل کر کے گوار ا ڈھیکوار شامل کریں اور خوب کھرل کریں جب حبوب بنانے کے قابل ہو جائے تو حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب یا بدرقہ مناسب کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم، وجع المعدہ، ریاح، بادگولہ، حمیٰ، متلی، ضیق النفس، سعال، بواسیر ریحی کے لئے موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ظاہر صاحب بھلہ۔ ڈاکخانہ کریالہ تحصیل چکوال۔ ضلع جہلم۔

۳۰۳۔ امرت دھارا قدیمی : اجزاء : ست اجوائن، ست پودینہ، کافور ہموزن۔

ترکیب ساخت : تینوں کو ایک صاف شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں یا معمولی حرارت پہنچائیں۔سب اجزاء حل ہو جائیں گے۔محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت کام میں لائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا دو قطرہ بتاشہ میں رکھ کر کھلائیں۔

افعال وخواص : امراض شکم میں فائدہ مند ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔اتحاد یونانی دواخانہ۔صدر بازار لاہور کینٹ۔لاہور

۳۰۴۔ حب سہانجنہ : اجزاء : زنجبیل، فلفل سیاہ، پوست ہلیلہ زرد ہموزن، آب گھیکوار و آب بیخ سہانجنا حسب ضرورت

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر تین روز متواتر آب گھیکوار میں خوب کھرل کریں خشک ہونے پر آب بیخ سہانجنا میں چار روز خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : تین حب بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم اور ریاح کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی غلام حیدر صاحب منظور آباد۔خانپور

۳۰۵۔ حب سوء ہضم : اجزاء : شورہ قلمی ۱۰ تولہ، تخم حنظل ۲ تولہ، گوار ا گھیکوار ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : تینوں ادویہ کو کھرل کرکے آگ پر رکھیں تاکہ سب اچھی طرح یک جان ہو جائیں۔ غلیظ ہونے پر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم اور بازگولہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : محمدی دواخانہ۔ ترپاب۔ ضلع کوہاٹ۔

۲۷۶۔ **حب سوء ہضم** : اجزاء : ملح اسود (نمک سیاہ)، زنجبیل، فلفل گرد، فلفل دراز، ست لیموں، نمک لاہوری، نوشادر ٹھیکری ہر ایک ایک تولہ، لونگ گل عشر (آک) تازہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام خشک ادویہ کو کوٹ پیس کر پھر لونگ گل مدار تازہ ۵ تولہ رگڑ کر شامل کرکے حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم، وجع المعدہ، ریح الکلیہ، ریاح معدہ کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم حسین بخش صاحب۔ لاہور۔

۲۷۷۔ **دواء سوء ہضم** : اجزاء : ہیل خورد، دارچینی، گیرو ہر ایک ۱ تولہ، نبات سفیدہ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ، ست پودینہ، ست اجوائن، کافور ہر ایک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : اول آخری تینوں ادویہ کو ایک شیشی میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں سب ادویہ پانی ہو جائیں گی۔ بعد ازاں باقی تمام ادویہ کوٹ چھان کر اس میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ یہاں تک سفوف تیار ہو جائے۔ محفوظ رکھیں۔ ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم، بھوک کی کمی، نفخ شکم، ہیضہ کو بھی دور کرتی ہے۔ نزلہ زکام میں سونگھنا مفید ہے۔

عطیہ : حفیظ نارمیسی۔ دربار بڑیاہ شریف۔ ضلع گجرات۔

۲۷۸۔ **دوائے مقوی ہضم** : اجزاء : فلفل دراز ۱ پاؤ، شیر گاؤ ۲ سیر، مصری کوزہ آدھ پاؤ۔

ترکیب ساخت : اول فلفل دراز کو شیر گاؤ میں جوش دیں حتیٰ کہ تمام شیر خشک ہو جائے۔ اب فلفل دراز کو نکال کر سایہ میں خشک کرکے پیس کر سفوف تیار کریں بعد ازاں اس میں مصری کوزہ شامل کرکے کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص : اس سے جس قدر دودھ نوش کریں گے خوب ہضم ہوگا۔ قوت باہ میں بھی اضافہ ہوگا۔ جو بیان سے باہر ہے۔ قبض۔ ریاح۔ ضعف ہضم اور امراض معدہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم فیض احمد صاحب۔ پتہ ندارد۔

۔۲۷۹ **دوائے سوء ہضم** : اجزاء : زنجبیل، بادیان مقشر، پودینہ خشک، نانخواہ، فلفل سیاہ، تنکار خام، نمک لاہوری، نمک سنگ ہر ایک ۲ تولہ، نوشادر ۱۲ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲ تولہ، ست پودینہ، ست اجوائن، کافور ہر ایک ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : اول دس ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھیں بعد ازاں سوڈا بائیکارب، ست پودینہ، ست اجوائن، کافور کھرل کر کے شامل کریں پھر مزید کھرل کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : بدہضمی، وجع المعدہ، نفخ، ہیضہ، آروغ ترش وغیرہ تمام امراض معدہ میں مؤثر ہے۔ پندرہ بیس منٹ میں سکون حاصل ہوگا۔

عطیہ : حکیم شیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ، شہیدی بازار۔ پاکپتن۔ ضلع ساہیوال۔

۔۲۸۰ **سفوف کمون** : اجزاء : زنجبیل ۳ ماشہ، دانہ ہیل خورد (دانہ الائچی خورد) ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۱½ تولہ، پودینہ خشک ۱½ تولہ، انار دانہ ۱½ تولہ، کمون اسود (زیرہ سیاہ) ۶ ماشہ، کمون ابیض (زیرہ سفید) ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، شیطرج ہندی ۶ ماشہ گردسماق ۱ تولہ مغز کنول گٹہ ۱ تولہ، ست لیموں ۹ ماشہ، نمک خوردنی ۵ تولہ، ست پودینہ ۳ ماشہ، نبات سفید ۱۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ یا عرق بادیان ۱۰ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع بدہضمی، مشتہی، اگر ہیضہ کے دنوں میں اسے استعمال کرتے رہیں تو اس مرض سے محفوظ رہیں گے۔ اگر اس سفوف کو لگاتار ایک سال تک استعمال کرتے رہیں اور پھر آہستہ آہستہ اس کو چھوڑ دیا جائے تو دائمی قبض ہمیشہ کے لئے ختم ہو جاتی ہے۔

عطیہ : حکیم ظفر علی صاحب طالب چک ۱۰۰ گ۔ ب تحصیل سمندری ضلع لائل پور۔

۔۲۸۱ **سفوف وج** : اجزاء : وج ترکی، زنجبیل، کندر، شونیز ہر ایک ۱ تولہ، کشنیز خشک ۲ تولہ، نبات سفید ۸ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی معدہ و دماغ مانع صعود بخارات بطرف دماغ۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد الیاس صاحب ۱۶ ریلوے روڈ۔ لاہور۔

۳۰۲۔ **سفوف سوء ہضم**: اجزاء: سہاگہ بریاں، قلمی شورہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، ہیل کلاں، ملح اسود، نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ، گل ہرمل ۱ تولہ، نوشادر ٹھیکری ۱ تولہ، ست پودینہ ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص: جملہ امراض معدہ میں موثر ہے۔ ایک فاضل طبیب، نفخ شکم، یرقان اور سوء مزاج کبد میں حسب ضرورت وموقع استعمال کر سکتا ہے۔

عطیہ: حکیم قاضی زاہد حسین وارثی صاحب سنگھوئی ملہو ضلع جہلم۔

۳۰۳۔ **سفوف حلتیت**: اجزاء: بادیان ۱ پاؤ، ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ، کمون ابیض ۱۰ تولہ، ملح اسود ۲½ تولہ، سہاگہ ۲ تولہ نوشادر ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، زرنباد ۲ تولہ، ہیل خورد ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، حلتیت ۲ تولہ، روغن گاؤ حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: اول حلتیت کو روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ بعد ازاں بادیان، ہلیلہ کابلی اور کمون کو بھی قدرے اسی روغن گاؤ میں علیحدہ علیحدہ بریاں کر لیں۔ باقی تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ بعد ازاں ادویہ بریاں شدہ کو کوٹ چھان کر سفوف مذکورہ میں شامل کریں اور خوب کھرل کر کے ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب نیم گرم بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: سوء ہضم میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم محبوب حسین صاحب جوہر، خاکسار منزل مردان۔

۳۰۴۔ **سفوف ہاضم**: اجزاء: ریوند چینی، شورہ قلمی، نوشادر ٹھیکری، افسنتین، سوڈا بائیکارب ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: سوء ہضم اور ریاح معدہ کے لئے موثر ہے۔

عطیہ: نامعلوم الاسم والمقام۔

۳۰۵۔ **سفوف ہاضم**: اجزاء: ہیل خورد ۳ تولہ، کشنیز خشک ۴ تولہ، بادیان ۵ تولہ، رب السوس ۳ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ، اجوائن دیسی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء ہضم و ریاح معدہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی محمد شریف صاحب گوجرانوالہ۔

۲۸۶ - **سفوف کمون** : اجزاء : کمون ابیض ایک پاؤ، سرکہ انگوری خالص ۱/۲ پاؤ، تیزاب گندھک ۱/۲ تولہ، نمک سیاہ ۱/۲ تولہ،

ترکیب ساخت : سرکہ انگوری میں تیزاب حل کریں، نمک سیاہ کا سفوف کریں، ایک چینی کے برتن میں زیرہ سفید بچھا کر اوپر سفوف نمک سیاہ چھڑکیں اور سرکہ تیزاب آمیز ڈال کر سایہ میں خشک کریں پھر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : امراض کبد و معدہ میں مفید ہے، مشتہی ہے۔ آروغ ترش اور سوزش معدہ کو دور کرتا ہے۔

: دوران حمل کی قے وابکائی میں مؤثر ہے۔

۲۸۷ - **سفوف پودینہ** : اجزاء : فودنج (پودینہ) ۳ ماشہ، پوست دانہ سماق ۱/۲ تولہ، ملح الحجر (نمک لاہوری) ۱/۲ تولہ، فلفل سیاہ ۹ ماشہ، ملح النار (نوشادر) ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، انار دانہ ۹ ماشہ، ست لیموں ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ہضم کی اصلاح کرتا ہے اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۲۸۸ - **معجون قسط** : اجزاء : قسط شیریں، گل سرخ، سنبل الطیب، ساذج ہندی ہر ایک ۱/۲ ۳ تولہ، فلفل سیاہ، بسفائج ہر ایک ۱/۲ ۱ تولہ، زراوند مدحرج ۳ ماشہ، عسل مصفی سہ چند ادویہ

ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر عسل خالص میں حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی معدہ، ہاضم، کاسر ریاح، دافع وجع المعدہ وکبد وطحال، مصلح کبد۔

عطیہ : حکیم محمد منظور احمد صدیقی صاحب ڈی ۲۷۱/۱ - باغ محلہ جہلم شہر۔

ہیضہ

۲۸۹ - **تریاق ہیضہ** : اجزاء : تخم فلفل احمر ۲ تولہ، کمون اسود (زیرہ سیاہ) ۲ تولہ، بادیان مصفی ۲ تولہ، تیزاب گندھک حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر ایک چینی کی پیالی میں ڈال کر اوپر تیزاب گندھک ڈال دیں جو سفوف سے ایک انگل اوپر ہو۔ چند یوم پڑا رہنے دیں خشک ہونے پر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: بوقت ضرورت ایک رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ مریض کو کھلائیں۔

افعال وخواص: ہیضہ کے لئے تریاق صفت رکھتا ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۲۹۰۔ **حب ہیضہ آہکی**: اجزاء: تخم فلفل احمر ۶ ماشہ، چوب زرد (ہلدی) ۳ ماشہ، چونا قلعی ۴ ماشہ (چونا آب نا دیدہ ہو)

ترکیب ساخت: جملہ اشیاء کو پیس کر حبوب بقدر دانہ مسور بنائیں۔

مقدار خوراک: اگر طبیعت بہت زیادہ خراب ہو تو ۲ حب ورنہ ایک حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ہیضہ کے لئے مفید ہے۔ فوراً قے و دست بند ہوں گے۔

عطیہ: حکیم حافظ ظہور احمد صاحب۔ پتہ ندارد۔

۲۹۱۔ **حب حشیش**: اجزاء: کافور، حشیش (بھنگ) ہموزن۔

ترکیب ساخت: دونوں ادویہ کو پیس کر ہمراہ آب حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب سرد ایک گھونٹ ہر دس منٹ بعد کھلائیں تیسری حب کھاتے ہی آرام آجائیگا۔

افعال وخواص: ہیضہ میں مؤثر ہے۔ علاوہ ازیں قے صفراوی اور بخار میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مولوی محمد مستقیم صاحب۔ پتہ ندارد۔

۲۹۲۔ **حب عشر**: اجزاء: قشر اصل العشر (پوست بیخ مدار)، گل عشر (گل مدار)، ہر ایک ۱ تولہ، فلفل سیاہ، قرنفل، ملح اسود (نمک سیاہ) ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو پیس کر حب بقدر نخود بنائیں

مقدار خوراک: بوقت ضرورت ۱ حب ہمراہ ۱ ایک گلاس پانی میں تھوڑا سا نمک حل کر کے دیں اور ہر تین گھنٹہ بعد اسی طرح استعمال کرائیں، وجع المعدہ اور قولنج میں ۱ حب ہمراہ آب دن میں تین بار دیں۔

افعال وخواص: ہیضہ اور قولنج میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد سوہنا صاحب چک ۹/R-۱۰۔ ڈاکخانہ رینالہ خورد تحصیل اوکاڑہ۔ ضلع ساہیوال۔

۲۹۳۔ **حب عشر دیگر**: اجزاء: قرنفل، فلفل سیاہ، تنکار (سہاگہ)، ملح اسود، ملح النار (نوشادر)، غنچہ عشر (آک کے پھول) ہموزن۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر حب بقدر دو رتی بنائیں۔

مقدار خوراک: جوان آدمی کو ۲ حب ہمراہ عرق گلاب۔ اول یا آب تازہ ہر دو گھنٹہ بعد کھلائیں۔ اگر مرض انتہا کو

پہنچ جائے اور بیہوشی طاری ہو جائے تو اس میں دو حبوب کی بجائے چار بھی کھلا سکتے ہیں۔

افعال وخواص: مرض ہیضہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالغفور خاں صاحب مقام سکھو تحصیل گوجر خاں، ضلع راولپنڈی

۳۹۴۔ **حب فودنج**: اجزاء: فودنج (پودینہ) دس تولہ، گل مدار ۵ تولہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، نمک سنگ ہر ایک ۲½ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب مریض کو ہر آدھ گھنٹہ کے وقفہ سے کھلاتے رہیں۔

افعال وخواص: ہیضہ میں اس کی پہلی خوراک جادو اثر دکھاتی ہے۔ دوسری یا تیسری خوراک کی شاذونادر ہی ضرورت پڑتی ہے۔

عطیہ: حکیم سید نصیر علی شاہ صاحب۔ حیدری شفاخانہ۔ خوشاب

۳۹۵۔ **حب فلفل**: اجزاء: رائی ۵ تولہ، لہسن ۲ تولہ، فلفل احمر ۲ تولہ ملح اسود ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء کو کوٹ چھان کر آب لیموں میں ایک دن کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہر ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔

افعال وخواص: ہیضہ میں مفید ہے

عطیہ: حکیم شیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ شہیدی بازار پاک پتن۔ ضلع ساہیوال۔

۳۹۶۔ **حب فلفل احمر**: اجزاء: فلفل احمر عمدہ، حلتیت عمدہ، سلائیٹ صابن، افیون خالص ہر ایک ۱ تولہ عرق گلاب بقدر ضرورت

ترکیب ساخت: اول مرچ خوب پیس کر وزن کر لیں۔ بعد ازاں باقی ادویہ شامل کر کے قطرہ قطرہ عرق گلاب سے کھرل کر کے حب بقدر دانہ ماش بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ نیم گرم ہر دو گھنٹہ بعد کھلائیں۔

ہدایات: ابتداء مرض میں عرق گلاب، سرکہ، نمک، آب گرم مناسب مقدار میں ملا کر پلائیں تاکہ بذریعہ قے مواد فاسدہ خارج ہو جائیں۔ اگر پہلے ہی دست اور قے کافی ہو چکے ہوں اور مرض شدت پر ہو تو پھر قے کرانے کی ضرورت نہیں۔ اگر پہلی خوراک کھلاتے ہی فوراً قے ہو جائے تو دس منٹ ٹھہر کر دوسری خوراک کھلائیں، اگر دس منٹ یہ گولی ٹھہر جائے اور قے نہ آئے تو بفضل خدا دست اور قے دوبارہ نہ ہوں گے۔

افعال وخواص: ہیضہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم قمر بیدار صاحب قمر یونانی دواخانہ، مین بازار پرانا شہر شیخوپورہ

۳۹۷۔ **حب فلفل**: اجزاء: پوست فلفل احمر ۱ تولہ، حلتیت ۱ تولہ، پوست بیخ عشر (آک کی جڑ کا چھلکا) ۳ ماشہ

فلفل سیاہ، فلفل دراز، کافور، جوہر نوشادر، ست پودینہ، افیون ہر ایک ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو باریک کرکے آب پیاز حسب ضرورت میں کھرل کرکے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک: احب ہمراہ آب تازہ یا نیم گرم ہر ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص: ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم دین محمد صاحب چک ۱۵۶۔ ایچ۔ بی ضلع بہاولنگر۔

۳۹۸۔ **حب ہیضہ قبض**: اجزاء: برگ بھنگ خشک ۲ تولہ، کافور ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: ہر دو اجزاء کو کھرل کرکے ہمراہ شہد یا مویز منقی حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب انار دانہ آتا ۲ چھٹانک روح کیوڑہ ۶ ماشہ ملاکر کھانڈ سے شیریں کرکے کھلائیں۔

اسی طرح ہر نصف گھنٹہ بعد ایک حب کھلائیں۔

افعال وخواص: ہیضہ کے لئے جادو کا اثر رکھتی ہے۔ جاں بلب مریضوں کو آناً فاناً صحت ہو جاتی ہے۔ دو کھلانے کے بعد مرض میں تسکین ہو کر مریض کو نیند آجائے گی جاگنے پر تندرست محسوس ہوگا۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۳۹۹۔ **حب ہیضہ**: اجزاء: فلفل احمر ۹ ماشہ، حلتیت بریاں ا تولہ، کافور ۱/۲ ۱ ماشہ، افیون ۱/۲ ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت: اول افیون کو آب پیاز میں کھرل کرکے رکھیں بعد ازاں باقی ادویہ پیس کر ملاکر خوب کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ایک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے کھلائیں۔

افعال وخواص: ہیضہ کا تریاق ہے۔

عطیہ: حکیم مظہر علی شاہ صاحب۔ پتہ ندارد۔

۴۰۰۔ **دوائے ہیضہ**: اجزاء: تخم فلفل احمر ۱۲ عدد، سرکہ انگوری خالص ۱/۲ ۲ تولہ، چونا بجھا ہوا ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اشیاء کو پیس کر یک جان کریں اور مریض کو پلادیں یہ ایک ہی خوراک ہے۔

افعال وخواص: ہیضہ کا مریض فوراً سنبھل جائے گا۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۴۰۱۔ **دوائے ہیضہ**: اجزاء: ملح انار (نوشادر) فلفل سیاہ، ست لیموں، گل احمر (ہر یکی) ہموزن۔

ترکیب ساخت: سب اجزا کو خوب پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ جوشاندہ مرچ سرخ، عدد کھلائیں۔

انفعال وخواص : ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد علی صاحب۔ پتہ ندارد۔

۴۰۲۔ **دوائے ہیضہ** : اجزاء: ملح ابیض، نمک شیشہ، فلفل دراز، جوزبوا ہر ایک دوا ہموزن۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ نوذیخ (پودینہ)، بادیان، نانخواہ ہر ایک ۶ ماشہ پانی مناسب میں جوشاندہ تیار کریں اور پلائیں۔

ہدایت : صحت ہونے پر نمکین چاول گرم قدرے اجوائن دیسی ڈال کر کھلائیں اور تمام بدن پر روغن کنجد کی مالش کریں اور مریض کو ہوا سے بچائیں۔

انفعال وخواص : ہیضہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یسین صاحب پتہ ندارد۔

۴۰۳۔ **دوائے ہیضہ** : اجزاء: برگ خارداتر گونہ ۱ تولہ، کشنیز خشک ۱۱ دانہ، ہیل کلاں مسلم ۱ عدد، قرنفل ۲ عدد، پانی ۳ چھٹانک۔

ترکیب ساخت : سب اشیاء کو پانی میں خوب رگڑ کر نصف دوا ہیضہ کے مریض کو پلائیں۔ پہلی خوراک کے بعد ہی دستوں کا رنگ بدل جائے گا۔ دوسری خوراک نصف گھنٹہ بعد پلائیں۔ دوسری خوراک کے بعد مکمل آرام ہو گا۔

انفعال وخواص : ہیضہ کا تریاق ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انظار صاحب سلطانی دواخانہ۔ گجرات۔

۴۰۴۔ **سفوف پودینہ** : اجزاء: کافور ۱ تولہ، پودینہ، برگ تر ہندی خشک ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : بالغ کو ۴ رتی سفوف ہمراہ عرق گلاب ۱ تولہ دن میں چار بار کھلائیں۔ بچوں کو ۱ رتی ہمراہ شیر مادر دن میں تین بار کھلائیں۔

منافع : جب ہیضہ میں بہت زیادہ دست آکر مادہ کا اخراج ہو جائے تو سفوف مذکورہ کے استعمال سے ہیضہ کے اسہال اور قے بند ہو جاتے ہیں۔ نیز سوء ہضم اور وجع المعدہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ صالح محمد صاحب درکھاں والا۔ ضلع مظفر گڑھ۔

۴۰۵۔ **سیال ہاضم** : اجزاء: زنجبیل، فلفل سیاہ، نمک سیاہ، نوشادر قلمی، ہیل کلاں ہر ایک ۱/۲ ۲ تولہ، آب لیموں، آب پودینہ سبز، سرکہ انگوری خالص ہر ایک ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ خشک ادویہ کو کوٹ چھان لیں۔ بعد ازاں جملہ آب ایک بوتل میں ڈال کر اس میں سفوف

مذکورہ ڈال کر خوب حل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲½ تولہ پانی ۵ تولہ میں ملاکر بعد از غذا صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : دافع ہیضہ، جی متلی سے قے۔ درد معدہ۔ بادِ گولہ، ریاح شکم ہے اور مقوی قوت ہاضمہ ہے۔

عطیہ : حکیم احمد علی صاحب، اعتماد یونانی شفاخانہ، کھارادر۔ کراچی ۲

نفخ شکم

۴۰۶۔ **جوارش لبسفائج :** اجزاء : زنجبیل، قرفہ، آملہ، قرنفل، اضراس الکلب فستقی (لبسفائج فستقی)، جوزبوا، فلفل ابیض (سفید مرچ)، قاقلہ کبار ہر ایک ۹ ماشہ، سقمونیا مشوی، تربد ابیض مجوف ہر ایک ۱½ تولہ، نبات سفید ا۔ پاؤ۔ عسل خالص سہ وزن ادویہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر بطریق معروف عسل خالص سے جوارش تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۹ ماشہ جوارش ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : **نفخ** کے علاوہ وجع المفاصل، وجع الورک، لقوہ اور فالج میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بخش صاحب۔ پتہ ندارد۔

۴۰۷۔ **جوارش طباشیر :** اجزاء : طباشیر کبود ۱½ تولہ، مصطگی رومی ۱½ تولہ۔ پوست اترج، پوست سنگدانہ مرغ، پوست بیرون پستہ، آملہ مصفیٰ، ہلیلہ سیاہ، فودنج ہر ایک ا تولہ، زعفران ۵ ماشہ، رب بہی سہ چند ادویہ۔

ترکیب ساخت : تمام ادویہ کوٹ چھان کر رب بہی میں ملاکر جوارش بنائیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ جوارش ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ ۲ بار روزانہ کھلائیں۔

افعال و خواص : نفخ شکم اور سوء ہضم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خورشید احمد صاحب پتہ ندارد۔

۴۰۸۔ **حب مرکب :** اجزاء : اذاراقی مدبر، تخم سہانجنا، مشکطرا مشیع، شحم حنظل، تخم سداب، فلفل سیاہ، کرفس، بربی بوٹی تخم نگند باری ہر ایک ا تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور جدا جدا کوٹ چھان کر ملاکر گودہ گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص : دافع نفخ شکم، امراض ریاحی، مصفی خون اور دافع قبض ہے۔

۴۰۹۔ **حب نانخواہ :** اجزاء : نانخواہ، ملح اسود، قشر اصل العشر در سایہ خشک کردہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، زنجبیل، ملح الحجر (نمک لاہوری) ہم وزن۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر حبوب نخودی بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔
افعال وخواص : نفخ شکم اور امراض معدہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم صدرالدین صاحب ہمایونی، موضع ہمایوں تحصیل شکارپور۔ضلع سکھر

۴۱۰۔ **سفوف افسنتین** : اجزاء : افسنتین رومی ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : دونوں کو باریک پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : کاسر ریاح اور ہاضم ہے۔
عطیہ : حکیم پیر مبارک علی صاحب اچھرہ۔ لاہور۔

۴۱۱۔ **سفوف تنکار** : اجزاء : ملح النار (نوشادر)، تنکار ہر ایک ۳ تولہ، ملح اسود ۶ تولہ، زنجبیل، فلفل دراز، فلفل سیاہ، حلتیت ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔
افعال وخواص : نفخ شکم، سوء ہضم، قولنج ریحی، ریح بواسیر، ورم طحال میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم نبی بخش صاحب محلہ داروگراں۔ تنکار پور (سندھ)

۴۱۲۔ **سفوف دافع نفخ** : اجزاء : طباشیر کبود، دانہ الائچی کلاں، مصطگی رومی، بادیان، ہلیلہ سیاہ، گل سرخ، گل گاؤزبان ہر ایک ۱ تولہ، کوزہ مصری ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : نفخ شکم کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد دریام خاں چک نمبر ۵۳ بی۔ ڈی ضلع ساہیوال۔

۴۱۳۔ **سفوف سماق** : اجزاء : پوست دانہ سماق، قاقلہ کبار (الائچی کلاں)، کمون ابیض (زیرہ سفید) ہر ایک ۱ تولہ، ملح اسود ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : حسب دستور جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کرلیں۔
مقدار خوراک : ایک ماشہ ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔
افعال وخواص : نفخ شکم کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد فاضل صاحب۔ پتہ ندارد۔

۴۱۴ **سفوف ہاضم**: اجزاء: گل بنفشہ، گل سرخ، مصطگی رومی، کشنیز خشک ہر ایک ا تولہ، بادیان ۲ تولہ، نبات سفیدہ ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر حسب دستور سفوف تیار کر لیں۔
مقدار خوراک: ۹ ماشہ تا ا تولہ سفوف ہمراہ آب بعد از غذا کھلائیں۔
افعال وخواص: نفخ شکم کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: حکیم ارشاد احمد خاں صاحب میکش چاندپوری، ۹۴ ایگن روڈ۔ صدر بازار لاہور چھاؤنی۔

قے

۴۱۵۔ **اکسیر طباشیر**: اجزاء: طباشیر کبود، فادزہر معدنی، نارجیل دریائی ہر ایک ا تولہ۔
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر روح کیوڑہ ۵ تولہ میں خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔
افعال وخواص: قے بند کرنے کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: صاحب نسخہ کا نام وپتہ ندارد۔

۴۱۶۔ **حب کافوری**: اجزاء: حلتیت ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، کافور ۳ ماشہ، افیون ا تولہ۔
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر حبوب، بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص: قے اور اسہال ہر قسم میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد دین صاحب سکنہ کالا باغ۔ ضلع میانوالی۔

۴۱۷۔ **حب اصل العشر**: اجزاء: قشر اصل العشر (پوست بیخ مدار) ۴ تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، ملح اسود ا تولہ۔
ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں۔
ہدایت: ہیضہ کے مریض کو ا تا ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں، مایوسی کی حالت میں بھی فوراً آرام ہوگا۔
ہاضمہ کے لئے ایک حب بعد از طعام کھلائیں۔
افعال وخواص: قے، متلی، قبض۔ درد شکم، ہیضہ کے علاوہ جملہ امراض معدہ میں بھی مفید ہے۔
عطیہ: حکیم مولوی عبدالرحمٰن صاحب

۴۱۸۔ **دوائے قے**: اجزاء: پوست درخت پیپل حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : پوست درخت پیپل حسب ضرورت لے کر جلا کر راکھ کر لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ آب تلفہ کھلائیں۔

افعال وخواص : حاملہ عورت کی قے کو فی الفور روک دیتا ہے۔

عطیہ : حکیم رحمت علی صاحب نزد مال منڈی ممگوکچی آبادی دیپالپور روڈ۔ اوکاڑہ ضلع ساہیوال۔

فواق

۴۱۹۔ **بخور فواق** : اجزاء : کشنیز خشک، ہیل خورد، پودینہ خشک، برگ انبہ ہر ایک ا تولہ۔

ترکیب ساخت : سب کو باریک پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : حسب ضرورت حقہ میں بطور چلم رکھ کر کش لگائیں بعد ازاں تخم خربزہ، برگ حنا ہموزن پانی میں جوش دے کر صاف کر کے مریض کو پلائیں۔

افعال وخواص : فواق میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم شبیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ۔ شہیدی بازار۔ پاک پتن۔ ضلع ساہیوال۔

۴۲۰۔ **حب فواق** : اجزاء : جوکھار ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، تنکار بریاں ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر آب تلسی میں ۴ روز خوب کھرل کر کے حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں۔ ایک حب منہ میں رکھ کر چوسیں۔

افعال وخواص : فواق خواہ کسی وجہ سے ہو انشاء اللہ چند منٹ میں شفا ہوگی۔

نوٹ : حکیم صاحب نسخہ معائنہ کردہ نے تحریر کیا ہے کہ "زرنباد کا اضافہ مفید ہوگا"۔

عطیہ : حکیم محمد یونس کچا کھوہ۔ ضلع ملتان۔

۴۲۱۔ **سفوف شونیز** : اجزاء : شونیز ا تولہ، نبات سفید ا تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب بوقت دورہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ہچکی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید سید شاہ صاحب ریلوے اسٹیشن باندی۔ ضلع نواب شاہ۔

۴۲۲۔ **سفوف فواق** : اجزاء : زودنج (پودینہ) زنجبیل رطب (ادرک) ہر ایک ۲ تولہ۔ فلفل سیاہ، نانخواہ، پوست

اصل العشر ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : فواق، سوء ہضم۔ معدہ کی ہر مرض کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۲۳۔ **سفوف فواق :** اجزاء : آرد اصل السوس مقشرہ تولہ، نبات سفیدہ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اشیاء کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب ہر ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : فواق بوجہ سعال میں مفید ہے نیز سوزش معدہ اور سعال میں بھی نافع ہے۔

عطیہ : حکیم شیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ شہیدی بازار پاک پتن ضلع ساہیوال

۴۲۴۔ **سفوف کرفس :** اجزاء : بادیان، اجوائن دیسی، تخم کرفس، کمون ابیض (زیرہ سفید) پودینہ خشک، دانہ ہیل کلاں (دانہ الائچی کلاں) ہر ایک ۹ ماشہ، مصطگی رومی، ۸ ماشہ، نمک لاہوری ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ ہمراہ آب گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : فواق میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم تاج محمد صاحب چشتی چک نمبر ۱۰، تحصیل چشتیاں ضلع بہاول نگر

۴۲۵۔ **قہوہ دافع فواق :** اجزاء : اصل السوس مقشر ۹ ماشہ، قرنفل ۴ عدد، قرنفل ۶ ماشہ، فودنج ۶ ماشہ، قاقلہ صغار ۶ دانہ، زرشک شیریں ۳ ماشہ۔

ترکیب استعمال : تمام ادویہ کو پانی ڈیڑھ پاؤ میں جوش دے کر صاف کر کے شربت انار ۳ تولہ ملا کر پلائیں۔

افعال وخواص : ہچکی میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۲۶۔ **مطبوخ بصل :** اجزاء : تخم پیاز ۲ تولہ،

ترکیب ساخت : تخم پیاز کو پانی آدھ سیر میں جوش دے کر چھان کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلائیں۔

افعال وخواص : ہچکی فوراً بند ہو جائے گی۔

عطیہ : حکیم محمد یعقوب صاحب بمقام نور پور ہڈیارہ۔ ضلع لاہور

۴۲۷۔ **معجون فواق**: اجزاء: ہیل خورد، مصطگی رومی، قرنفل، جوز بوا، پودینہ خشک ہر ایک چھ ماشہ، گلقند ۱۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو باریک پیس کر گلقند میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ معجون ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: فواق میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم محمد بخش صاحب ریلوے اسٹیشن۔ درکھانہ۔

وجع الفواد

۴۲۸۔ **اکسیر زعفرانی**: اجزاء: شیر شتر ۱۲ اسیر، نمک شیشہ ۴ تولہ، نوشادر ۴ تولہ، زعفران ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: شیر شتر کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس میں نمک شیشہ سائیدہ ڈال دیں اور کفگیر سے ہلاتے رہیں، جب مثل کھویہ ہونے لگے تو کھرل شدہ زعفران شیر میں ڈال دیں۔ تھوڑی دیر بعد اتار لیں، خیال رہے کہ جل نہ جائے۔ خشک ہونے پر پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ اکسیر ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: وجع الفواد کا تریاق ہے پہلی خوراک سے ہی فائدہ ہوگا۔

نوٹ: ایک حکیم صاحب نے تحریر کیا ہے کہ اگر اس میں نمک کی بجائے سوڈا بائیکارب استعمال کریں۔ تو زیادہ فائدہ ہوگا، اصل نسخہ گلدستہ مجربات میں ہے۔ (نور نظامی)

عطیہ: حکیم محمد بشیر احمد اختر صاحب چک نمبر ۱ ڈی این بی۔ ضلع بہاول پور

۴۲۹۔ **حب وجع الفواد**: اجزاء: سنبل الطیب، حب بلساں، عود بلساں، سلیخہ، مصطگی رومی، دار چینی، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، اسطوخودوس، شحم حنظل، تربد مجوف، نمک شیشہ ہر ایک ۵ ماشہ۔ سقمونیا ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو کوٹ پیس کر آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۴ حب ہمراہ آب گرم بوقت ضرورت کھلائیں مداومت کے لئے ۱ حب بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: وجع الفواد میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم میاں محمد حیات صاحب نشاط کالونی کیر نورد، ڈاک خانہ ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

۴۳۰۔ **دوائے جدوار**: اجزاء: جدوار ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اشیاء باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف گلقند ۲ تولہ میں ملا کر کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الفواد میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم عزیز احمد صاحب۔ ضلع جھنگ۔

۴۳۱- **دوا وجع الفواد :** اجزاء : بادیان رومی ۹ ماشہ، ریوند خطائی ۱ ماشہ دانہ ہیل کلاں ۵ ماشہ، زنجبیل ۵ ماشہ، تخم کاسنی ۵ ماشہ، گل سرخ ۵ ماشہ، دارچینی ۵ ماشہ، نبات سفید ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت : سب ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔
مقدار خوراک : ۲ تا ۶ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الفواد میں نہایت مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم امان اللہ صاحب خوشاب۔ ضلع سرگودھا۔

۴۳۲- **سیال دافع وجع الفواد :** اجزاء : امرت دھارا ۳۰ بوند، تیزاب گندھک (ہلکا) ۳۰ بوند، ست لیموں ۲ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۶ ماشہ، عرق بادیان ۱ بوتل، نبات سفید ۱۵ تولہ۔
ترکیب ساخت : عرق بادیان میں نبات سفید ملا کر شربت کا قوام کریں اور بعد ازاں باقی ادویہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ یہ شربت کافی عرصہ تک خراب نہیں ہوتا۔
مقدار خوراک : ایک تا ۳ تولہ شربت پانی ۵ تولہ ملا کر پلائیں۔
افعال وخواص : وجع الفواد میں مؤثر ہے نیز کاسر ریاح، دافع اسہال حار و تشنگی۔ دافع درد و قسم معدہ حاملہ، ہیضہ اور قے میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب جنڈیالہ شیر خاں۔ ضلع شیخوپورہ

۴۳۳- **کشتہ صدف مرواریدی :** اجزاء : صدف صادق ۵ تولہ، شیر بڑ اسیر۔
ترکیب ساخت : دونوں اجزا کو خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ شیر جذب ہو جائے۔ بعد ازاں ٹکیاں بنا کر گل حکمت کر کے ۱ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دوبارہ یہی عمل کریں، کشتہ تیار ہو گا۔
مقدار خوراک : ایک تا ۴ رتی کشتہ ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر گاؤ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الفواد، وجع المعدہ، زحیر، نزلہ زکام صفراوی میں مفید ہے۔ صفراوی امراض میں بدرقہ مناسبہ کے ہمراہ کھلانے سے ان کا دفعیہ ہو جاتا ہے۔
عطیہ : حکیم نور الحسن صاحب۔ پتہ ندارد۔

امراضُ الامعاء

ذرب وخلفہ

۴۳۴- **اکسیر ذرب**: اجزاء: برگ حشیش (برگ بھنگ) جوز بوا، کمون اسود (زیرہ سیاہ) کمون ابیض (زیرہ سفید) زرنباد (کچور) ہر ایک ۵ ماشہ، افیون، کزمازج (مائیں) لودھ، اندر جو شیریں ہر ایک ۱ ماشہ، زنجبیل، نانخواہ ہر ایک ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو نہایت باریک کوٹ چھان کر ملا کر کھرل کر کے سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ جغرات (دہی) کھلائیں۔

منافع: ذرب وخلفہ کی ہر نوع میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم محمد رمضان علی صاحب قصبہ کمہار یوالہ تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال۔

۴۳۵- **تریاق ذرب وخلفہ**: اجزاء: بادیان، کشنیز خشک، کمون ابیض (زیرہ سفید) ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ، پوست خشخاس ۸ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان صبح وشام کھلائیں۔

فوائد: ذرب وخلفہ میں مؤثر ہے۔

۴۳۶- **دوائے ذرب وخلفہ**: اجزاء: نمک لاہوری ۳ تولہ، فلفل گرد، فلفل دراز، تنکار، جوکھار ہر ایک ۵ تولہ، نوشادر ہیل کلاں (الائچی کلاں) ہر ایک ۱۰ تولہ، ہرمچی مصفیٰ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف منہ میں رکھ کر بغیر آب چوس کر حلق سے اتاریں اور آدھ گھنٹہ تک کوئی چیز نہ کھائیں پئیں۔

منافع: ذرب وخلفہ میں مؤثر ہے نیز کاسر ریاح ہے۔

عطیہ: حکیم مشتاق حسین صاحب اشرف دواخانہ، منگلا روڈ۔ دینہ۔ ضلع جہلم۔

۴۳۷- **سفوف بکائین**: اجزاء: ثمر بکائین حسب ضرورت در سایہ خشک شدہ۔

ترکیب ساخت: ثمر بکائین کو خوب باریک پیس کر رکھ لیں۔

ترکیب استعمال: ۵ رتی سفوف ہمراہ شیر گاؤ اسیر روغن زردہ تولہ کو حسب دستور دہی بنا کر بلو کر دیں۔ روزانہ

صبح تین سے سات دن تک کھلائیں۔

افعال وخواص : ذرب وخلفہ (سنگرہنی) میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ نذارد۔

۴۲۸۔ **سفوف تیولج :** (سنگرہنی) اجزاء : ثرمنیلاں، تیولج (کڑا چھال) نبات سفید ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب سلخت : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : سفوف ۶ ماشہ ہر ۴ گھنٹہ بعد ہمراہ دہی یا چھاچھ کھلائیں۔

منافع : سنگ رہنی کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عصمت اللہ صاحب۔ ضلع بہاول پور۔

۴۲۹۔ **سفوف خطائی :** اجزاء : تیواج خطائی (کڑا چھال) ۵ تولہ۔

ترکیب سافت : خوب پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ چھاچھ ترش صبح کھلائیں۔ روزانہ صرف ایک خوراک دیں۔

افعال وخواص : ۱۵ دن میں شفا ہوگی۔

ھدایت : غذا کے طور پر صرف اُبلے ہوئے چاول ہمراہ دہی کھلائیں۔ (نسخہ مجرب ہے۔ محمد نور الدین نظامی)

عطیہ : حکیم سید محمد اشرف صاحب، چک نمبر ۱۷۱/R-۷۔ ضلع بہاول نگر۔

۴۳۰۔ **سفوف ذرب وخلفہ :** اجزاء : زرنباد مصفیٰ ایک تولہ، مغز بادیان بریاں ایک تولہ، شکر سرخ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار وخوراک : ۳ تا ۵ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کم از کم تین ہفتہ تک کھلائیں۔ روزانہ ۲ بار۔

فوائد : ذرب وخلفہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب۔ گڑھا بازار چنیوٹ۔ ضلع جھنگ۔

۴۳۱۔ **سفوف ذرب وخلفہ :** اجزاء : زنجبیل، ہلیلہ سیاہ، بادیان، انار دانہ، کوکنار ہموزن

ترکیب ساخت : پہلی تینوں چیزوں کو روغن گاؤ میں بریاں کرکے سفوف تیار کریں، پھر انار دانہ اور کوکنار کو سفوف کرکے شامل کرکے ملا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

غذا : غذا کے طور پر ابلے چاول دہی یا چھاچھ ترش کے ساتھ کھلائیں۔

۴۴۲۔ **سفوف پوست خشخاش** : اجزاء : کشنیز خشک، بادیاں، زرنباد، گل احمر (گیرو) ہر ایک ۵ تولہ، پوست خشخاش ۱۰ تولہ

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر روغن گاؤ میں چرب کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ آب سرد یا سکنجبین کھلائیں۔ صبح و شام ۲ بار

افعال و خواص : ذرب و خلفہ (سنگرہنی) اور سحیر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید نور احمد صاحب محلہ چاہ شیریں، فیکٹری ایریا۔ لائل پور۔

۴۴۳۔ **سفوف سرخ** : اجزاء : زرنباد، زنجبیل، بادیان، پوست خشخاش، صمغ عربی، کشنیز، طباشیر سیاہ، انار دانہ، گل احمر (گیرو) ہر ایک ۱ تولہ، افیون ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو جدا جدا کوٹ کر چھان لیں اور ان میں سے زرنباد، طیلہ، بادیان، زنجبیل کے سفوف کو روغن گاؤ میں بریاں کر لیں۔ اب تمام سفوف ملا کر کھرل کریں۔ افیون کو عرق گلاب میں حل کر کے سفوف میں شامل کر کے خوب کھرل کریں اور خشک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ چھاچھ ترش یا بدرقہ مناسبہ سے صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ذرب و خلفہ (سنگرہنی) جدید و کہنہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۴۴۔ **سفوف سیاہ** : اجزاء : کبریت مصفیٰ، سیماب مصفیٰ، افیون، موچرس، سعد کوفی، گل دھاوا، بل گتھ، اودو پھلانی، لسان العصافیر (اندرجو) ہموزن۔

ترکیب ساخت : اول کبریت اور سیماب اس قدر کھرل کریں کہ چمک باقی نہ رہے۔ بعد ازاں بقیہ ادویہ کا سفوف تیار کر کے اس میں ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ا تا ۴ رتی سفوف حسب العمر ہمراہ چھاچھ ترش کھلائیں۔

افعال و خواص : ذرب و خلفہ، اسہال، زحیر اور ہیضہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بوٹا صاحب کوٹ رادھا کشن۔ ضلع لاہور

۴۴۵۔ **شربت گورکھ پان** : اجزاء : گورکھ پان بوٹی، منڈی بوٹی، بھوپھلی بوٹی، زخم حیات بوٹی ہر ایک ۵ تولہ، کھانڈ ۲ پاؤ۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو پانی میں بھگو کر جوش دے کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت آب شبینہ (باسی) ۵ تولہ ملا کر صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : ذرب و خلفہ (سنگرہنی) بواسیر ریحی، سلسل البول، قے الدم میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

زلق الامعاء

اسہال

۴۴۶۔ **تریاق اسہال** : اجزاء: جدوار خطائی، پیپیتہ رومی، نارجیل دریائی، زہر مہرہ خطائی ہموزن۔
ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : شدید صورتوں میں ۴ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔ ضعف معدہ کی صورت میں ۲ رتی بعد غذا صبح و شام آب تازہ سے کھلائیں۔
افعال وخواص : اسہال، قے، سوء ہضم، ہیضہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد صادق زیدی صاحب ۱۲۹۔ این کورنگی۔ کراچی۔

۴۴۷۔ **سفوف اسہال** : اجزاء : گل انار، طباشیر کبود، گل مختوم، کمون ابیض (زیرہ سفید) مصری کوزہ ہر ایک ۲ تولہ، قاقلہ صغار (الائچی خورد) ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : اسہال کے لئے مفید ہے
عطیہ : حکیم عبدالمجید صاحب سکنہ آہیر سرخرو، تحصیل شاہ پور، ضلع سرگودھا۔

۴۴۸۔ **حب اسہال** : اجزاء : حلتیت ۶ ماشہ، فلفل احمر (سرخ مرچ) ۱ تولہ، فلفل ابیض (مرچ سفید) ۶ ماشہ گل عشر (گل مدار) ۶ ماشہ، پوست سنگدان مرغ ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر آب ادرک میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔
فوائد : اسہال اور معدہ کے جملہ امراض میں موثر ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالعزیز صاحب۔ کوٹ لکھپت۔ لاہور

۴۴۹۔ **حب زلق الامعاء** : اجزاء : مازو سبز، مائیں خورد ہر ایک ۱ تولہ، صمغ عربی ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : کوٹ پیس کر بقدر دانہ جوار حبوب تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : اسہال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ احمد حسن صاحب۔ ڈیرہ اسمٰعیل خاں۔

۴۵۰۔ **سفوف اسہال الدم** : اجزاء : افیون ۶ ماشہ، صمغ عربی، گزمازج، مازو ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : اسہال الدم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خداداد صاحب مقام مانگا تحصیل چارسدہ۔ ضلع پشاور۔

۴۵۱۔ **سفوف اسہال** : اجزاء : آہک آب دیدہ، کاث، دارچینی صمغ عربی، پوست اصل العشر، پوست بیخ مدار، افیون ہموزن

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد : اسہال، زحیر، بے خوابی (سہر) میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم مولا بخش۔ کروڑ پکا۔ ضلع ملتان۔

۴۵۲۔ **سفوف اسہال** : اجزاء : گل دھاوا، اندرجو شیریں، خس، سفرجل ہندی (بیل گری) ہموزن۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف جغرات (دہی) میں ملا کر کھلائیں۔

فوائد : اسہال اور زحیر میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللہ صاحب جیلانی دواخانہ، گنیش کھوپرا ملز۔ لارنس روڈ۔ کراچی۔

۴۵۳۔ **سفوف بیل** : اجزاء : بل کتھ، موچرس، حب الآس، ہر ایک ۱ تولہ، مصری کوزہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

جریان اور سیلان کے لئے ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔
اسہال، زحیر، کثرت طمث کے لئے ۱ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار کھلائیں۔
پیچش کے لئے دوا کھلانے سے پہلے رفع قبض لازم ہے۔

افعال وخواص : جریان، سیلان الرحم، زحیر، کثرت طمث اور اسہال کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صادق حسین صاحب کھرل، تحصیل حافظ آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۴۵۴- **سفوف خستہ انبہ** : اجزاء : مغز خستہ انبہ حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت : باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک رتی تا ایک ماشہ سفوف حسب عمر مریض ہمراہ عرق بادیان کھلائیں۔
افعال وخواص : اسہال صفراوی اور سوء ہضم میں مؤثر ہے۔
عطیہ : نامعلوم اسم ومقام۔

۴۵۵- **سفوف طباشیر مرکب** : اجزاء : پوست خشخاش ۳ ماشہ، تخم بہیل کلاں (دانہ الائچی کلاں) ۱ ماشہ، زنگترہ ۱ تولہ
پوست لیموں کاغذی ۱ تولہ، طباشیر کبود ۲ ماشہ، دارچینی ۲ ماشہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ۔
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر پارچہ بیز کرکے نبات سفید شامل کرکے سفوف تیار کرلیں۔
مقدار خوراک : ۴ ماشہ ہمراہ شربت انار دن میں تین بار بچوں کو حسب عمر دیں۔
غذا : شیر گاؤ جوش دیا ہوا نبات سفید ملا کر دیں اور دیگر غذا ہر قسم بند کردیں۔
افعال وخواص : اسہال عصبی وصفراوی میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم محمد دین صاحب دہلی دواخانہ، صدر بازار لیہ۔ ضلع مظفر گڑھ۔

۴۵۶- **سفوف موچرس** : اجزاء : زنجبیل، بل گتھ، نانخواہ، موچرس ہر ایک ۱ تولہ، نبات سفید ۶ ماشہ۔
ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شربت حب الآس دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص : اسہال کو روکنے میں بے نظیر ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۴۵۷- **سفوف نانخواہ** : اجزاء : پوست ہلیلہ، کون ابیض (زیرہ سفید) نانخواہ ہر ایک ۵ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲½ تولہ،
ترکیب ساخت : سوڈا کے علاوہ باقی اجزا کو بغیر گھی کے بریاں کریں۔ سرد ہونے پر خوب باریک کرکے اس میں
سوڈا بائیکارب ملا کر یک جان کریں۔
مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انبہ یا آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص : اسہال کے علاوہ زحیر ہر قسم میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد احمد بشر صاحب امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۴۵۸- **دوائے اسہال الدم** : اجزاء : پوست دانہ سماق، حب الآس، بیخ انجبار ہر ایک ۱ ماشہ، دم الاخوین سنگجراحت ہر ایک ۱ ماشہ
ترکیب ساخت : دم الاخوین اور سنگ جراحت کو پیس کر سفوف بنا لیں۔ پہلی تینوں اشیاء کو پانی میں جوش دیں اور

چھان کر سفوف مذکورہ چھ ملی گرام دن میں تین بار کھلائیں۔ اب جوشاندہ میں شربت انجبار بھی شامل کرلیں تو مزید بہتر ہوگا۔

مقدار خوراک : یہ ایک خوراک ہے۔

افعال وخواص : اسہال الدم میں مفید ہے۔

زحیر

۴۵۹۔ **اکسیر زحیر** : اجزاء : کبریت آملہ سار (گندھک آملہ سار)، سیماب (پارہ)، افیون ہر ایک ۱ تولہ، مازو، لسان العصافیر (اندر جو)، گلنار، گل دھاوا، بل کتھ، موچرس، سعد کوفی، لودھ پٹھانی ہر ایک ۲ ماشہ،

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ کبریت اور سیماب کو خوب کھرل کریں کہ چمک نہ رہے۔ پھر اس میں افیون ڈال کر خوب کھرل کریں، بعد ازاں باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر میں مفید ہے۔

عطیہ : نام و پتہ معلوم نہیں۔

۴۶۰۔ **حب زحیر** : اجزاء : جند بیدستر ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ، مرکی ۱ تولہ، سلیخہ ۱ تولہ، عصارہ ضرو (لوبان) ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب کو کوٹ پیس کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ حب ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۶۱۔ **حب زحیر** : اجزاء : مغز تخم جامن ۱ تولہ، گل دھاوا ۶ ماشہ، زنجبیل ۴ ماشہ، افیون ۱ رتی، زنجفر ۱ رتی، جوز بوا ۳ ماشہ، بسباسہ ۳ ماشہ، قرنفل ۱ ماشہ، کمون ابیض (زیرہ سفید) ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں یا کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب چاول صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۴۶۲۔ **حب زحیر** : اجزاء : کافور ۶ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، مازو ۱ تولہ، آملہ ۱ تولہ، عرق گلاب

حسب ضرورت ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو کوٹ پیس کر عرق گلاب سے کھرل کرکے حبوب نخودی بنائیں اور گولیوں کو ورق نقرہ سے ملفوف کریں

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں چار بار کھلائیں ۔

افعال و خواص : زحیر میں مفید ہے ۔

۴۶۳ - **حب زحیر** : اجزاء : ہلیلہ زرد ۱ تولہ، آملہ ۱ تولہ، مازو ۱ تولہ ، قرا القل (دانہ خورد) ۹ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، صمغ عربی ۲ ماشہ، افیون ۲ ماشہ ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب اجزاء کو جدا جدا کوٹ چھان کر سفوف بنالیں ۔ بعد ازاں افیون اور کافور شامل کرکے خوب کھرل کریں اور ہمراہ آب حبوب بقدر دانہ ماش تیار کریں ۔

مقدار خوراک : بڑوں کو ایک تا ۴ حب اور بچوں کو نصف تا ۱ حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں ۔

افعال و خواص : زحیر صادق و کاذب دونوں میں مفید ہے ۔

عطیہ : حکیم محمد الدین بٹ صاحب سنیاسی دواخانہ ۔ میرپور آزاد کشمیر

۴۶۴ - **حب زحیر صادق** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، مازو ہر ایک ۶ ماشہ، کافور ۲ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں اچھی طرح کھرل کرکے حب بقدر نخود تیار کریں ۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں ۔ بچوں کو حسب عمر کھلائیں ۔

افعال و خواص : زحیر صادق میں مفید ہے ۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد امرت سری ۔ عثمانیہ دواخانہ ، بورے والا ۔

۴۶۵ - **حب زنجفر** : اجزاء : زنجفر رومی ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ، بل کتھہ ۱ تولہ ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں ۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب کھلائیں ۔ دن میں تین بار ۔ شدت مرض میں دو حب دیں ۔

ہدایت : اگر زحیر کاذب ہو تو پہلے سدہ کو بذریعہ اسہال خارج کریں ۔

افعال و خواص : زحیر صادق ہو تو مؤثر ہے ۔

عطیہ : حکیم محمد الدین ۔ کالا باغ ۔ ضلع میانوالی

۴۶۶ - **حب مصطگی** : اجزاء : مازو سبز ۵ تولہ، ہلیلہ سیاہ بریاں در روغن گاؤ ۵ تولہ، زنجفر ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ، زعفران، مصطگی رومی ۲ تولہ، تنکار بریاں ۱ تولہ، اقاقیا ۹ ماشہ، مصری کوزہ ۱۰ تولہ ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ اشربہ مناسب دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر صادق میں مفید ہے

عطیہ : صاحب نسخہ نام ونمود۔

۴۶۷ . **دوائے زحیر** : اجزاء : کرن ابیض (زیرہ سفید)، بادیان، کشنیز خشک ہر ایک ۱ ماشہ، بیل خورد ۳ ماشہ، گھنٹہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کا پانی میں شیرہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : مریض کو شیرہ مذکورہ صبح وشام ۱۵ تولہ پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

افعال وخواص : یہ نسخہ ہر قسم کی پیچش اور اسہال کے لئے مزمن حالت میں نہایت مفید ہے۔ چند خوراکوں میں صحت ہو جاتی ہے۔ معدہ اور امعاء کی حالت میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مشہود حسین صاحب چشتی امرتسری، گیلانی دواخانہ، شیدی بازار، پاک پتن۔ ضلع ساہیوال

۴۶۸ . **دوائے زحیر** : اجزاء : بارتنگ ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۱۱ عدد، بادیان ۶ ماشہ، دانہ ہیل کلاں ۲ ماشہ،

ترکیب ساخت : بارتنگ کے سوا باقی اشیاء کا شیرہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : بارتنگ ہمراہ شیرہ مذکورہ کھلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے ایسی ۲ خوراک روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر صادق میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۴۶۹ . **سفوف برنا** : اجزاء : برگ قنب (بھنگ) ۱۲ تولہ، بیل بریاں ۱۲ تولہ، بادیان بریاں ۱ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسب صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کہنہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۴۷۰ . **سفوف زحیر** : اجزاء : ہلیلہ سیاہ، بادیان، اندرجو، زنجبیل، انار دانہ، صمغ عربی، گل، ارمرگیر، زعفران ہر ایک ۱ تولہ، افیون ۶ ماشہ

ترکیب ساخت : پہلی چار اشیاء کو روغن گاؤ میں بریاں کریں اور کھرل کر کے رکھیں۔ بعد ازاں باقی ادویہ کا سفوف بنائیں اور باہم کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ چھاچھ دن میں تین بار کھلائیں۔

غذا : غذا میں چاول اور دہی وغیرہ دیں۔

افعال وخواص : زحیر صادق اور کاذب کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم دین محمد صاحب، چک نمبر ۱۵۶/۵.۱۱ - ڈاک خانہ فقیر والی ضلع بہاول نگر۔

۴۶۱- **سفوف زحیر:** اجزاء: سمندر سوکھ ۶ ماشہ، سنگجراحت سوختہ ۴ ماشہ،

ترکیب ساخت : دونوں اجزاکو پیس کر رکھیں یہ ایک خوراک ہے۔

مقدار خوراک : اسی طرح کی ایک ایک خوراک دن میں تین بار ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام پتہ ندارد۔

۴۶۲- **سفوف زحیر:** اجزاء: زنجبیل ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، خشخاش سفید ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر روغن بادام یا روغن گاؤ سے چرب کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۲ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

عطیہ : حکیم سید کمال حسین شاہ صاحب سکنہ موضع لونی، تحصیل کلاچی، ضلع ڈیرہ اسماعیل خاں

۴۶۳- **سفوف زحیر:** اجزاء: سفرجل ہندی (بیل گری) ۲ تولہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۱/۲ تولہ، حب الآس ۱ تولہ، بیخ انجبار ۱ تولہ
خشخاش ۶ ماشہ، تخم بارتنگ ۱/۲ تولہ، تخم ریحاں ۱/۲ تولہ، بہیدانہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : تخم بارتنگ، تخم ریحاں کے علاوہ سب کا سفوف بنالیں پھر بارتنگ اور ریحان سالم ملاکر سفوف مکمل کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف حسب عمر مریض ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کو رفع کرنے اور اسہال ہر قسم کو بند کرنے کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب مین بازار کہوٹہ، ضلع راولپنڈی۔

۴۶۴- **سفوف زحیر:** اجزاء: سعد کوفی، لسان العصافیر (اندر جو)، سفرجل ہندی (بیل گری)، لودھ پٹھانی، موچرس، گل دھاوا ہموزن۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ چھاچھ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد صدیق صاحب چک نمبر ۲۶۹ ر.ب باراں تحصیل وضلع لائل پور۔

۴۶۵- **سفوف کات:** اجزاء: کات ابیض (کتھا سفید) ۱ تولہ، سفرجل ہندی (بیل گری)، تخم کو بیج سفید ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ

ترکیب ساخت : ہلیلہ سیاہ کو گھی میں بریاں کریں اور سفوف بنالیں، بعدازاں باقی ادویہ کا سفوف شامل کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار یا آب گرم صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شاہ محمد صاحب اکبری دواخانہ۔ محلہ فیض آباد، ضلع لائل پور

۴۷۶۔ **سفوف کوکنار** : اجزاء : پوست خشخاش ۴ تولہ، زنجبیل ۶ ماشہ، بادیان، صمغ القتاد (کتیرا) اسبغول مسلم ہر ایک ۱ تولہ

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر اسبغول مسلم کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : زحیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع صاحب مدنی شفاخانہ۔ ساہیوال۔

۴۷۷۔ **سفوف شب یمانی** : اجزاء : شب یمانی ۵ تولہ، افیون ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں کو پیس کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ چاول ہمراہ بدرقہ مناسبہ دیں۔

افعال وخواص : حاملہ عورت کی پیچش میں نہایت مفید ہے، نیز سرعت انزال اور سیلان الرحم میں نہایت مفید ہے۔ سنگرہنی کے لئے بھی مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمٰن صاحب قریشی، محلہ عثمان آباد۔ چنیوٹ ضلع جھنگ

و حکیم محمد یعقوب صاحب جدی دواخانہ۔ خانیوال۔ (ضلع ملتان)

قولنج

۴۷۸۔ **حبِّ قولنج** : اجزاء : پوست بندق (ریٹھا) ۱ عدد، قند سیاہ ہموزن۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کو یک جان کر کے حب ۲ عدد تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب گرم کھلائیں اگر مقے نہ ہو جائے تو دو گھنٹہ بعد دوسری کھلادیں، قولنج رفع ہوگا۔

افعال وخواص : قولنج کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد

۴۷۹۔ **دواء قولنج** : اجزاء : ریوند عصارہ ۱ ماشہ، مصطگی رومی ۱/۲ ماشہ، نوشادر ۴ رتی، تربد سفید مجوف ۱ ماشہ، گل قند ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر گل قند میں ملا کر ہمراہ عرق بادیان ۔ ۱ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : یہ دوا آدھ گھنٹہ میں اپنا اثر دکھاتی ہے۔ اگر مواد زیادہ ہو تو بذریعہ قے اور دست دونوں راستوں

سے خارج ہو کر فوراً صحت ہو جاتی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد امیر خان صاحب۔ نقش بندی دواخانہ کرمشانی۔

۴۰۰۔ **سفوف دافع قولنج:** اجزاء: سورنجان شیریں، سنا مکی مصفیٰ، ترید سفید مجوف ہر ایک ۲ تولہ، نوشادر ۱ تولہ، سقمونیا ۱۰ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، نبات سفید ۵ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ سفوف شدید ضرورت کے پیش نظر ۵ ماشہ تک ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

منافع: قولنج بلغمی و ریحی میں مؤثر ہے۔

عطیہ: حکیم منظور احمد صاحب منظور شفاخانہ، نزد قبرستان گراؤنڈ سمن آباد۔ لائلپور۔

۴۰۱۔ **معجون ترید:** اجزاء: ترید مجوف، فلفل سیاہ، سقمونیا ہر ایک ۱۵ ماشہ، زنجبیل ۵ ماشہ، قرفہ، بسباسہ، آملہ خشک، جوز بوا ہر ایک ۵ ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر عسل خالص میں ملا کر معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ معجون بوقت ضرورت ہمراہ آب گرم یا شیر گاؤ گرم کھلائیں۔

افعال و خواص: درد قولنج میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم میاں حیات محمد صاحب۔ لاہور شہر

۴۰۲۔ **محلول ملحی:** اجزاء: ملح النار (نوشادر)، ملح اسود (نمک سیاہ)، ملح العجین (نمک لاہوری) ہر ایک ۲ تولہ، حلتیت خالص ۱ تولہ، عرق بادیان ۲۰ تولہ

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر مثل غبار کھرل کریں اور تھوڑا تھوڑا عرق بادیان ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ حتیٰ کہ تمام عرق شامل ہو جائے، پھر اچھے موٹے کپڑے سے چھان لیں اور محفوظ رکھیں۔ یہ اکسیری محلول ہے۔ اگر موسم سرما ہو تو عرق قدرے گرم کر لیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۲½ تولہ عرق پہلے پئیں۔ بعد ازاں موسم سرما میں بقدر ۵ تولہ گرم پانی پلائیں۔ موسم گرما میں محلول کے بعد پانی زیادہ پلائیں۔ دن میں تین بار پلائیں۔

افعال و خواص: قولنج کے علاوہ ورم الکبد، ہاؤ گولہ، سوء ہضم، وجع الکلیہ، کمی اشتہا میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فضل الرحمن شاہ صاحب، مکان نمبر ۶/۵۰ ایف عارف والا، ضلع ساہیوال

دیدانِ امعاء

۴۰۳۔ **حب دیدان امعاء:** اجزاء: برگ نیب، بابڑنگ، کمیلہ ہر ایک ۱ تولہ، سن لائٹ صابن ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

فوائد : دیدان کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ حکیم محمد یوسف صاحب بستی چھٹہ تحصیل و ضلع ملتان

۴۸۴۔ **سفوف دیدان امعاء** : اجزاء : برنگ کابلی، ترید سفوف مجوف، قنبیل کمیلا، مغز کدو گان دمغز اخروٹ، شونیز ہر ایک ۳ تولہ، صبر ا تولہ، بورہ ارمنی ا تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور خوب پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۹ ماشہ تا ایک تولہ سفوف ہمراہ جغرات نہار منہ صبح کھلائیں۔

افعال و خواص : دیدان امعاء میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نواب خاں صاحب رند بلوچ، گولڈ ریاست خیرپور

۴۸۵۔ **دوائے دیدان** : اجزاء : کمیلا ا تولہ، اجوائن دل ا تولہ، پوست انار درخت ترش ۲/۱ ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : اول دوم کا سفوف بنالیں۔ پوست انار کو ایک سیر پانی میں جوش دیں کہ اپاؤ باقی رہے چھان کر قدرے کھانڈ سے میٹھا کرلیں اور سفوف مذکورہ کھلا کر جوشاندہ پلا دیں۔

ہدایت : دوا مریض سے دور بنائیں۔ رات کو دلیہ یا دیگر اغذیہ شیریں کھلائیں۔ تاکید ہے۔

افعال و خواص : اخراج دیدانِ امعاء تمام اقسام کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اعظم صاحب بی۔ اے سکنہ دہوا۔ ضلع ڈیرہ غازی خاں۔

۴۸۶۔ **دوائے دیدان امعاء** : اجزاء : قنبیل (کمیلا) ا تولہ، برنگ کابلی ا تولہ، برگ نیب ا تولہ، عسل خالص ۹ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزا کو پیس کر عسل خالص میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : اول مریض کو شیر گاؤ پلائیں۔ دو گھنٹہ بعد، ماشہ دوا ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں۔ دوا کھلاتے وقت مریض کا ناک بند کردیں۔

افعال و خواص : کیسہ حب القرع کو بالتمام نصف ساعت میں نکال پھینکتی ہے۔ اس سے نہ مریض کو کوئی تکلیف ہوتی ہے اور نہ ہی اس کے بُرے اثرات رونما ہوتے ہیں۔

عطیہ : حکیم شجاع الدین صاحب ہاشمی۔ راولپنڈی۔

۴۸۷۔ **دوائے قاتل دیدان امعاء** : اجزاء : روغن بید انجیر ۲ تولہ، مردار سنج (مردار سنگ) ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اشیاء کو خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ۔

افعال وخواص : تین دن کے استعمال سے سب کدو دانے مردہ ہوکر خارج ہو جاتے ہیں۔

عطیہ : حکیم میر محمد صاحب معرفت محمد ابراہیم صاحب کمیشن ایجنٹ۔ جیکب آباد۔

۴۸۸۔ **دوائے دیدان امعاء دکرم امعاء** : اجزاء : باؤ بڑنگ، مغز اخروٹ، تخم املتاس ہر ایک ۳ تولہ۔

ترکیب ساخت : کوٹ چھان کر سفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : مذکورہ سفوف تین خوراک ہے ایک خوراک روزانہ علی الصبح کھلائیں اور تین دن متواتر کھلائیں۔

افعال وخواص : کرم امعاء میں موثر ہے۔ صاحب نسخہ کا دعویٰ ہے کہ دوبارہ پیدا نہیں ہوں گے۔

عطیہ : حکیم محمد ادریس صاحب چک نمبر ۱۱/۹۰۷ تحصیل وضلع ساہیوال۔

۴۸۹۔ **مطبوخ انار** : اجزاء : پوست بیخ انار ۱ تولہ، پانی ۲ پاؤ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور جوشاندہ تیار کریں ½ رہنے پر اتار لیں۔

مقدار خوراک : جوشاندہ مذکور کو قند سیاہ سے شیریں کر کے صبح وشام نہار منہ پلائیں۔

ھدایت : غذا کے طور پر کھانے کے لئے ناریل (کھوپرا) کے سوا کچھ نہ دیں۔

افعال وخواص : جتنے بھی کیڑے ہونگے خارج ہو جائیں گے۔ تین یوم متواتر ایسا کریں۔ شفا کامل ہوگی

عطیہ : حکیم حافظ فضل حق صاحب کوٹ چھٹہ تحصیل وضلع ڈیرہ غازی خاں۔

حصر قبض

۴۹۰۔ **اطریفل مسہل** : اجزاء : حب السلاطین مدبرہ ۵ تولہ، گل سرخ ۵ تولہ، پوست ہلیلہ ۵ تولہ، پوست بلیلہ ۵ تولہ، آملہ ۵ تولہ، روغن بادام ۱۰ تولہ، عسل خالص سہ چند ادویہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے عسل خالص میں ملا کر پندرہ روز دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک : ۴ تا ۶ ماشہ۔

افعال وخواص : بلا تکلیف وگھبراہٹ وگرمی وغیرہ مواد کو بخوبی خارج کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم غلام حسین شاہ صاحب۔ ضلع کوہاٹ۔

۴۹۱۔ **اکسیر شونیز** : اجزاء : شونیز مصفیٰ ۲ تولہ، ملح اسود بریاں ۶ ماشہ، گل ہر مچی ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو جدا جدا پیس کر ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدارِ خوراک : ایک تا ۲ رتی سفوف ہمراہ آب دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : دائمی قبض میں مفید ہے۔ معدہ اور جگر کے افعال کو بھی درست کرتی ہے۔

مطب : حکیم محمد شفیع صاحب دہلوی - پتہ ندارد۔

۴۹۲۔ **اکسیر دافع قبض** : اجزاء : سنائے مکی مصفیٰ ۵ تولہ، ملح اسود ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، ہلیلہ کابلی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کوٹ کر موٹی چھلنی سے چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : سفوف ۳ تا ۹ ماشہ ہمراہ آب سرد بوقت خواب کھلائیں۔

فوائد : قبض کیلئے اکسیر ہے۔ سدہ نکالتی اور ریاح امعاء کو دور کرتی ہے۔

مطب : حکیم محمد رمضان خاں صاحب خالد دواخانہ مسجد بازار ایبٹ آباد۔ ضلع ہزارہ

۴۹۳۔ **حبّ بسفائج** : اجزاء : تربد سفید مجوف ۵ تولہ، صبر زرد ۵ تولہ، حب النیل ۵ تولہ، بسفائج فستقی ۲ تولہ، پوست ہلیلہ زرد، ۲ تولہ، تخم کرفس ۲ تولہ،

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کرکے حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۳ حب بوقت خواب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص : قبض دائمی کے علاوہ نزلہ زکام اور تنقیہ دماغ کے لئے بھی مفید ہے۔

مطب : حکیم عبدالرشید صاحب سندھی، اندرون دہلی گیٹ - ملتان۔

۴۹۴۔ **حبّ حلتیت** : اجزاء : حلتیت ۱ تولہ، تنکار ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، ملح اسود ۱ تولہ، آب سہانجنا بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب سہانجنا خوب کھرل کرکے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب گرم رات کو کھلائیں۔

افعال و خواص : قبض کشا، مقوی معدہ اور دافع نفخ شکم ہے۔

مطب : حکیم یعقوب علی صاحب - لاہور

۴۹۵۔ **حبّ دند** : اجزاء : مغز تخم کرنجوا، دارچینی، کبابہ، فلفل سیاہ، طین احمر (گیرو)، ہر ایک ۱ تولہ، مغز حب السلاطین (مغز جمال گوٹہ) ۴ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول مغز حب السلاطین کو اس قدر کھرل کریں کہ لیس پکڑ جائے۔ بعد ازاں باقی ادویہ سفوف ملا کر خوب کھرل کرکے ہمراہ آب حبوب بقدر دانہ مسور بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ اگر گھبراہٹ محسوس ہو تو حضرات (دہی) کھلائیں۔ اسہال کی زیادتی پر سبوس اسپغول ۶ ماشہ ہمراہ تربت بنفشہ کھلائیں۔ ضعیف العمر، ناتواں، حاملہ اور مریض تپ دق استعمال نہ کرے۔

افعال وخواص: بہت سخت قبض کے لئے مفید ہے۔ دجال گوڑ مسہل ہے۔ قوی المزاج کو دیں)

عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۴۹۶۔ **حب دافع قبض**: اجزاء: سقمونیا دائتی ۱ تولہ، گل سرخ ۲ ماشہ، مغز بادام شیریں ۴ ماشہ، مویز منقی ۱۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر حب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: قبض میں موثر ہے۔ صبح کھل کر اجابت ہوگی۔ دائمی قبض بھی رفع ہوگی۔

عطیہ: حکیم گل محمد۔ پتہ ندارد

۴۹۷۔ **حب سقمونیا**: اجزاء: صبر سقوطری ۲ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ، عصارہ ریوند ۱ تولہ، مویز منقیٰ ۱ تولہ، مغز بادام ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: دائمی قبض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب جیلو موڑ باٹاپور ضلع لاہور

۴۹۸۔ **حب سقمونیا**: اجزاء: سقمونیا ۱ تولہ، غاریقون مغربل ۱ تولہ، مقل ازرق ۱ تولہ، سکبینج ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کوٹ پیس کر عرق گلاب سے خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم بعد از طعام صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: دائمی قبض، نفخ شکم کے لئے مفید ہے۔ (بلغمی مزاجوں کو مفید ہے)

عطیہ: حکیم محمد علی صاحب موضع ہلہ تحصیل چونیاں۔ ضلع لاہور

۴۹۹۔ **حب صبر**: اجزاء: ایلوا ۱ تولہ، تربد سفید مجوف ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: کوٹ چھان کر ہمراہ آب حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب گرم رات کو کھلائیں۔

افعال وخواص: دافع قبض ہے۔

عطیہ: حکیم سید اشفاق حسین صاحب رضوی دواخانہ سلطانیہ پرانی بارہ دری، جی ٹی روڈ۔ لاہور

۵۰۰۔ **حب صبر مرکب**: اجزاء: صبر، تربد مجوف، حب النیل، بادیان رومی (انیسون) بزرالبنج، تنکار بریاں، مصطگی رومی ہر ایک ۱ تولہ، شحم حنظل ۲ تولہ،

ترکیب ساخت: سب اجزا کو پیس کر ہمراہ آب گھیکوار کھرل کر کے حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع قبض اور منقی دماغ ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۵۰۱۔ **حب عصارہ :** اجزاء : عصارہ ریوند ا تولہ، مغز بادام ا تولہ، شحم حنظل ا تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ پیس کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب بوقت خفتن کھلائیں۔

افعال وخواص : اس دوا کے استعمال سے بغیر تکلیف کے صبح اجابت ہو جائے گی۔

عطیہ : حکیم شیر داد خاں صاحب۔ بنوں سٹی۔

۵۰۲۔ **حب عصارہ :** اجزاء : صبر، عصارہ ریوند ہر ایک ا تولہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب یا شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع قبض، کاسر ریاح اور اکسیر البدن ہے۔

عطیہ : حکیم غلام قادر صاحب، قوم کھرل سکنہ چک ۱۰۰/۱۱ ای۔ بی تحصیل وہاڑی۔ ضلع ملتان

۵۰۳۔ **حب عصارہ :** اجزاء : صبر زرد ا تولہ، عصارہ ریوند ا تولہ، سقمونیا ولایتی ا تولہ، مصطگی رومی ا تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اشیاء کو جدا جدا پیس کر ملا کر کھرل کر کے ہمراہ آب تازہ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ آب گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : رفع قبض کے لئے بہترین چیز ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اعظم صاحب بی۔ اے دہوا۔ ضلع ڈیرہ غازیخاں۔

۵۰۴۔ **حب قبض کشا :** اجزاء : سقمونیا ولایتی، زنجبیل، صبر، حب النیل، صمغ عربی ہر ایک ا تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر آب تازہ کے ساتھ گوندھ کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک تا ۲ حب ہمراہ آب بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : قبض کشا ہے۔

عطیہ : حکیم ثناء اللہ صاحب حنیف۔ چک نمبر ۴۹۱/۴۔ براستہ ماموں کانجن ضلع لائلپور

۵۰۵۔ **حب مصطگی :** اجزاء : مصطگی رومی ۳ تولہ، صبر ۲ تولہ، شحم حنظل ا تولہ، افسنتین رومی ا تولہ، سقمونیا ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : دائمی قبض، باد گولہ، ریح، وجع المفاصل، عرق النساء اور بدن کی ہر قسم کی دردوں میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ابوالناصر تاج دین صاحب دواخانہ غوثیہ اندرون شیرانوالہ دروازہ۔ لاہور

۵۰۶۔ **حب مسہل** : اجزاء: حب السلاطین مدبر ۳ تولہ، گل سرخ ۱ تولہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۱ تولہ، اصل السوس مسفوف ۵ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : حسب مزاج مریض۔ اگر بلغم کا اخراج منظور ہو تو ایک حب ہمراہ شربت مصری، اگر صفرا کا اخراج مطلوب ہو تو آب تمر ہندی سے سودا کے لئے آش جو سے کھلائیں۔

افعال وخواص : مسہل اخلاط ثلاثہ ہے۔

عطیہ : حکیم خداداد صاحب مقام مانگا تحصیل چارسدہ۔ ضلع پشاور

۵۰۷۔ **حب مسہل** : اجزاء: سقمونیا، جلاپہ، بیخ ریباس، گل سرخ پشاوری، مغز بادیان، رب السوس، حب النیل ہر ایک ۵ تولہ

ترکیب ساخت : سب اجزا کو جدا جدا پیس کر ہمراہ آب حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت بوقت خواب ایک تا ۲ حب آب تازہ یا شیر گاؤ گرم سے کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع قبض سخت ہے۔

ھدایت : اگر اسہال زیادہ آئیں تو شربت انجبار ۲ تولہ، بسبوس اسبغول ۶ ماشہ دن میں چار بار کھلائیں۔ حاملہ، بچہ، بوڑھا اور مریض تپ دق کو ہرگز نہ کھلائیں۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشیر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ لاہور

۵۰۸۔ **سفوف اطریفل** : اجزاء: پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ، پوست بلیلہ ۵ تولہ، آملہ ۵ تولہ، ہلیلہ اسود ۱ تولہ، روغن گاؤ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ سے چرب کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : سفوف بقدر چھ ماشہ ہمراہ آب بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : دائمی قبض اور نفخ شکم میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالحنان، قومی ہمدرد دواخانہ۔ پار ہوتی۔ ضلع مردان

۵۰۹۔ **سفوف بادیان** : اجزاء: سنامکی ۳ تولہ، بادیان ۲ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص : چند روز میں پرانی سے پرانی قبض دور ہو جائے گی۔

عطیہ : حکیم عبدالحمید صاحب، مندرہ تحصیل گوجرخاں، ضلع راولپنڈی۔

۵۱۰۔ **سفوف جلاپا مرکب**: اجزاء: جلاپا ۵ تولہ، بیخ ریباس ۵ تولہ، سقمونیا ولایتی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ اجزاء کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی تا ایک ماشہ سفوف حسب العمر مریض ہمراہ آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: ملین اور مسہل ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالمجید صاحب۔ کوٹ نیناں تحصیل شکر گڑھ، ضلع سیالکوٹ۔

۵۱۱۔ **سفوف سنا**: اجزاء: ہلیلہ زرد ۵ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۳ تولہ، اجوائن دیسی ۲ تولہ، بادیان ۲ تولہ، نوشادر ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، سنا مکی ۳ تولہ، روغن گاؤ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر روغن گاؤ میں چرب کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

فوائد: قبض دائمی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم مقبول الرحمٰن صاحب سکنہ جھونڈلہ جٹاں تحصیل و ضلع جہلم۔

۵۱۲۔ **سفوف سنامکی**: اجزاء: گل سرخ ۱ تولہ، سنا مکی ۱ تولہ، نانخواہ ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو نہایت باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: دائمی قبض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حاجی عبدالمجید صاحب، النعمانی دواخانہ۔ پاراچنار

۵۱۳۔ **سفوف ملین**: اجزاء: سنا مکی ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، گل سرخ ۱ تولہ، قند ۳ تولہ، روغن بادام ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: اچھی طرح کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، روغن بادام سے چرب کریں۔ بعد قند سفید پیس کر ملائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ ہمراہ آب تازہ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: قبض میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم حمبرود شاہ، بوہڑ بازار۔ راولپنڈی۔

۵۱۴۔ **سفوف مسہل**: اجزاء: زنجبیل، بیخ ریباس (ریوند چینی)، سنا مکی، ہلیلہ سیاہ، ملح اسود، تربد مجوف سقمونیا ولایتی ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ یا شیر گرم کھلائیں۔ نازک مزاج اور بچے کو کم وزن کھلائیں۔

ھدایت : اگر بوقت خواب کھلائیں تو ایک دو اجابت صبح کھل کر ہوگی نہ کمزوری ہوگی نہ بوجھ رہے گا۔

افعال وخواص : قبض دور کرنے کے لئے مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حشمت علی صاحب چک ۴۸/ ۲-آر حبیب پورہ، ضلع ساہیوال

۵۱۵- **سفوف ہاضم** : اجزاء : چہار نمک، چہار اجوائن، زنجبیل، نوشادر ہر ایک ۵ تولہ۔ سوڈا بائیکارب ۲½ تولہ

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

فوائد : دافع قبض ورياح ہے، ہاضم ہے۔

عطیہ : حکیم محمد رمضان خاں صاحب خالد دواخانہ مسجد بازار۔ ایبٹ آباد۔ ضلع ہزارہ

۵۱۶- **قرص جلاپا** : اجزاء : جلاپا ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، ایلوا ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر خوب کھرل کرکے قرص بقدر وزن ۲ نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک قرص ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : بوقت خواب کھلانے سے صبح ایک اجابت کھل کر ہو جاتی ہے۔

عطیہ : حکیم آزاد بخت۔ حکیم حاذق۔ مقام ندارد۔

۵۱۷- **معجون ملین** : اجزاء : گلقند ۵ تولہ، سقمونیا ۲½ تولہ، برگ سنا مکی ۵ تولہ، مغز بادام شیریں ۲½ تولہ۔ پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ، روغن بادام ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو جدا جدا پیس کر روغن بادام سے چرب کرکے ملا کر کھرل کریں۔ بعد ازاں گلقند ملا کر خوب یک جان کر لیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ معجون ہمراہ آب گرم یا شیر گاؤ گرم روزانہ رات کو سوتے وقت کھلائیں۔

عطیہ : حکیم مولوی عبدالحمید صاحب چک ۹۴ ڈی بی ضلع بہاولپور۔

امراض المقعد

بواسیر

۵۱۸۔ **تریاق بواسیر:** اجزاء: قرنفل ۱ تولہ، جوز بوا ۱ تولہ، سنبل الطیب ۱ تولہ، سعد کوفی ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، آملہ مقشر ۱ تولہ، عسل خالص ۲۵ تولہ۔ بباسہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ تا ۶ ماشہ معجون بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص: بواسیر ریحی کا تریاق ہے۔

عطیہ: ایبک دواخانہ، ایبک روڈ۔ انار کلی لاہور

۵۱۹۔ **حب بادنجان دشتی:** اجزاء: مغز تخم بندق (ریٹھے کے تخم کا مغز) نمک بادنجان دشتی (کھار کٹائی خورد) آب مراو بزر ہر ایک ۱ تولہ

ترکیب ساخت: مغز تخم بندق کو باریک کر لیں اور نمک کو بھی باریک کر کے آب مراہ میں گوندھ کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ ایک پاؤ روغن گاؤ ½ پاؤ ملا کر روزانہ صبح کو کھلائیں۔ صرف صبح ہی کو کھلائیں۔

افعال وخواص: بواسیر کو ۶ روز میں ختم کر دیتی ہے۔ (مکمل کورس ۶ یوم کا ہے)

عطیہ: حکیم الٰہی بخش صاحب۔ قصور ضلع لاہور

۵۲۰۔ **حب بندق:** اجزاء: پوست بندق سوختہ ۱ تولہ، کات سفید ۱ تولہ، آب ترب بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: دونوں ادویہ کو آب ترب میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: ایک ہفتہ میں مسے خشک ہو کر غائب ہو جائیں گے۔

غذا: غذا میں گھی کی چوری کھلائیں۔ غذا بغیر نمک کھلائیں۔

عطیہ: حکیم محمد اقبال صاحب سکنہ کوڑی شاہ۔ ضلع ساہیوال۔

۵۲۱۔ **حب بواسیر:** اجزاء: چاردں نمک ۲۰ تولہ، چاردن اجوائن ۲۰ تولہ، شحم حنظل ۲۰ تولہ، تنکار ۲۰ تولہ، رسونت مصفیٰ اصلی ۱۰ تولہ

آب ترب ۲ سیر۔

ترکیب ساختن: نمک، اجوائن، شحم حنظل کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنا لیں۔ رسونت کو آب ترب میں رات بھگو صبح مل چھان کر اور نتھار کر مذکورہ بالا سفوف ادویہ میں ملا کر خوب کھرل کریں کہ گولی بندھنے کے لائق ہو جائے۔ تو حب

بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ باسی پانی صبح و شام بعد از غذا کھلائیں۔

ہدایت : اس کے کھانے کے دوران دودھ گھی کثرت کھلائیں۔

افعال و خواص: بواسیر خونی اور ریحی کو فائدہ مند ہے۔ صرف کھانے سے ہی اندرونی اور بیرونی مسے خشک ہو کر ختم ہو جاتے ہیں۔

عطیہ : حکیم فقیر محمد نواز خاں صابری جھال روڈ۔ نئی آبادی۔ ساہیوال۔

۵۲۲۔ **حب بواسیر:** اجزاء : مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن، چشم دچاکسو، مقل ارزق، ہلیلہ سیاہ، ایلوا، رسوت، عصارہ ریوند ہر ایک ۲ تولہ، مغز کرنجوا ۶ ماشہ، سقمونیا ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب بعد از غذا صبح و شام ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال و خواص: بواسیر دموی و خونی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرزاق صاحب تحصیل اوکاڑہ۔ ضلع ساہیوال۔

۵۲۳۔ **حب بواسیر:** اجزاء : پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ خشک، رسوت۔ گندھک آملہ سار ہر ایک ایک تولہ، سقمونیا ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: بواسیر دموی و ریحی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد سردار خاں، پنجاب ہیلتھ ہوم ۱ ناظم آباد۔ کراچی نمبر ۱۸۔

۵۲۴۔ **حب بواسیر مقلی:** اجزاء : مقل ارزق، مغز تخم بکائن، مغز تخم نیب، حضض مصفیٰ ہموزن۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو آب ترب میں سحق بلیغ کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دوبار کھلائیں۔

افعال و خواص: بواسیر ریحی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد علی دلشاد صاحب۔ ضلع ساہیوال۔

۵۲۵۔ **حب بواسیر:** اجزاء : مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن، چشم (چاکسو) قند سیاہ کہنہ ہر ایک ۱ تولہ، آب ترب ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۵ سیر اپلوں کی آگ میں سوختہ کریں۔ بعد ازاں نکال کر

مزید آب ترب ۵ تولہ ڈال کر خوب کھرل کریں اور خشک ہونے پر قند سیاہ کہنہ ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ گھی و شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ علاوہ ازیں حسب ذیل روغن مسوں پر لگائیں۔

۵۲۶- **حب بواسیر** : اجزاء : آہک ۱۰ تولہ، رسوت ۱ پاؤ، برگ نیب (نیم) ۵ سیر، برگ بکاٸن ۵ سیر، پوست بیخ کریر (کبر) ۱ پاؤ، آب ترب ۱۰ سیر، تخم گندنا ۱۵ تولہ، مقل ازرق ۶ ماشہ، مغز تخم بکاٸن ۵ تولہ، مغز تخم نیب ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : آہک کو آب تازہ میں حل کریں، رسوت کو جدا پانی میں حل کریں۔ بعد ازاں برگ نیب، برگ بکاٸن کو اس قدر پانی میں جوش دیں کہ پتے خوب نرم ہو جائیں۔ بعد ازاں خوب مل کر پانی نچوڑ لیں اور آب ترب ملا کر اس قدر جوش دیں کہ نصف یا اس سے بھی کم رہ جائے اب اس میں آب آہک، آب رسوت شامل کر کے دوبارہ جوش دیں۔ کہ مانند مرہم ہو جائے پھر اس میں تخم گندنا مسفوف، مقل مسفوف، مغز تخم بکاٸن و نیب مسفوف شامل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

منافع : سات روز کھلانے سے پانچ برس تک مرض بواسیر عود نہیں کرتا۔ اکثر مریض تازیست شفا حاصل کر لیتے ہیں۔

عطیہ : حکیم سکندر علی صاحب ظفر۔ پتہ ندارد۔

۵۲۷- **حب بواسیر** : اجزاء : رسوت مصفیٰ، مغز تخم نیب، مغز تخم بکاٸن، ہلیلہ سیاہ، ریوند چینی ہر ایک ۱ تولہ، آب ترب ۱ پاؤ، آب گندنا سبز ۱ پاؤ۔

ترکیب ساخت : سب اشیاء کو کوٹ چھان کر آب ترب اور آب گندنا میں خوب کھرل کریں۔ خشک ہونے پر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب کھلائیں آدھ گھنٹہ بعد شیر گاؤ گرم ۱ پاؤ میں روغن گاؤ ½ پاؤ شامل کر کے حسب ذائقہ نبات سفید ملا کر پلائیں مکمل کورس چالیس روز میں پورا کریں۔ روزانہ ۲ خوراک کھلائیں۔ چالیس روز ہی کافور مسکہ گاؤ میں ملا کر دونوں وقت مسوں پر لگائیں۔

منافع : بواسیری مسوں کی تکلیف زندگی بھر کے لئے دور ہو جائے گی، قبض کا خیال رکھیں۔

عطیہ : حکیم رانا محمد حسین صاحب۔ شفا خانہ رہنمائے صحت۔ منڈی حاصل پور۔

۵۲۸- **حب بواسیر** : اجزاء : رسوت مصفیٰ ۵ تولہ، آب مرارہ گاؤ نر جوان ۱ عدد۔

ترکیب ساخت : رسوت کو مرارہ کی تھیلی میں ڈال کر منہ بند کر کے اکتالیس یوم چھت سے لٹکائیں۔ پھر اتار کر کھول کر حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

منافع : بواسیر دموی میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم منظور احمد صاحب۔ موضع کالکا نوالہ، تحصیل کبیر والا، ضلع ملتان

۵۱۹۔ **حب بواسیر:** اجزاء: رسوت، طین احمر، گیرو، تخم نیواڑ، برگ نیب، برگ بکائن، مغز تخم بندق (ریٹھا)، پوست بندق (ریٹھا)، ہر ایک ۱ تولہ، آب ترب آدھ سیر۔

ترکیب ساخت : سب اشیاء کو کوٹ چھان کر آب ترب میں خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب شبینہ (باسی) روزانہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : ساٹھ حبوب کا استعمال بواسیر دموی کا مکمل علاج ہے۔

عطیہ : حکیم اللہ یار صاحب منڈی و سٹیشن وساوے والا۔ ضلع ساہیوال

۵۲۰۔ **حب بواسیر:** اجزاء: رسوت مصفیٰ ۱۰ تولہ، شورہ قلمی ۵ تولہ، کاتھ ۱ تولہ، طیلہ سیاہ ۱۰ تولہ،

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو باریک پیس کر آب ترب میں ۲ روز کھرل کریں اور حبوب بوزن ۲ رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم کھلائیں۔

افعال وخواص : بواسیر دموی کے لئے موثر ہے۔

عطیہ : حکیم سردار علی، پل بازار ساہیوال

۵۲۱۔ **حب بواسیر مرکب :** اجزاء : رسوت مصفیٰ ۲ تولہ، آب ترب ۲ تولہ، زخم حیات بوٹی ۱۰ تولہ، بکن بوٹی ۱۰ تولہ مقل ازرق مصفیٰ ۲ تولہ، گل صد برگ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو حسب دستور باریک کر کے آب گل صد برگ اس میں اتنا ڈالیں کہ دوائی کی سطح سے آدھ انچ اوپر رہے ایک دن مکمل کھرل کریں جب قوام حبوب کے قابل ہو جائے تو حبوب بقدر دانہ مٹر بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب شبینہ (باسی) دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : بواسیر دموی و ریحی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ، لاہور کینٹ۔ لاہور

۵۲۲۔ **حب بواسیر:** اجزاء : فلفل دراز، فلفل گرد، زنجبیل، نُنکار، اجوائن خراسانی ہر ایک ۶ ماشہ، ایلوا ۲ تولہ، شحم حنظل ۱ تولہ، تربد سفید مجوف ۱ تولہ، سنا مکی مصفیٰ ۱ تولہ، نمک سیاہ ۳ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو باریک کر کے آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

عطیہ : حکیم خوشی محمد صاحب۔ ایمن آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۵۲۳۔ **حب بواسیر:** اجزاء: مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن، رسوت مصفیٰ ہر ایک ۱ تولہ، کات سفید ۹ ماشہ، ابزا البنج، گندھک آملہ سار ۱½ تولہ، صمغ عربی ۲½ تولہ، چشخام (چاکسو) ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب پیاز ثنال حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب تازہ یا مسکہ گاؤ میں رکھ کر صبح و شام کھلائیں۔

عطیہ: حکیم محمد یعقوب صاحب شافی دواخانہ، کارخانہ بازار۔ لائلپور

۵۲۴۔ **حب بواسیر:** اجزاء: موچرس حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: موچرس کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: بواسیر دموی میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم محمد حسن صاحب شمس دواخانہ۔ شاہی بازار۔ بہاول پور

۵۲۵۔ **حب چشخام:** اجزاء: رسوت، چشخام (چاکسو) مغز تخم نیب، مغز تخم بکائن، مقل ازرق ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو باریک پیس کر آب گندنا میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: "دو" حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: بواسیر میں نافع ہے۔

عطیہ: حکیم محبوب حسین صاحب۔ پتہ ندارد۔

۵۲۶۔ **حب رتن جوت:** اجزاء: رتن جوت ۵ تولہ، پوست بندق ۵ تولہ، مویز منقیٰ ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: پہلی دونوں ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں اور مویز منقیٰ ملا کر خوب کوٹ کر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب بعد از غذا ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔ اگر مسے ہوں تو ایک حب کا روزانہ دخان (دھواں) لیں۔

افعال وخواص: بواسیر دموی میں فائدہ بخش ہے۔

عطیہ: حکیم محمد جمیل مسافر صاحب خان دواخانہ، غلہ منڈی۔ ساہیوال۔

۵۲۷۔ **حب زہرہ:** اجزاء: مغز تخم نیب ۲½ تولہ، مغز تخم سرس ۲½ تولہ، آب زہرہ گاؤ ۵ تولہ، رسوت خالص ۵ تولہ، ریوند خطائی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: آب زہرہ گاؤ کے علاوہ باقی سب ادویہ کو باریک پیس کر آب زہرہ گاؤ سے کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب شبینہ (باسی) دن میں تین بار کھلائیں۔

منافع : بواسیر دموی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم خدا بخش صاحب ۔ پتہ ندارد۔

۵۳۸۔ **حب صفرا:** اجزاء: آب مرارہ گاؤ ۵ تولہ، کات سفید ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، گیرو ۱ تولہ،

ترکیب ساخت : اول مرارہ گاؤ تازہ اور کات سفید خوب کھرل کریں، پھر طباشیر کبود اور گیرو کو پیس کر اس میں شامل کرکے کھرل کرکے حب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

ہدایت : اس کے استعمال کے دوران گھی زیادہ کھلانا چاہیئے۔

منافع : بواسیر دموی و ریحی میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم احمد علی صاحب ۔ پتہ ندارد۔

۵۳۹۔ **حب طوطیا:** اجزاء: طوطیا اصفر بریاں (ہیرا کسیس) ۱ تولہ، خرمہرہ زرد محرق (کوڑی زرد جلائی ہوئی) ۳ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۶ ماشہ، حضض ہندی (رسونت) ۶ ماشہ، مقل ازرق ۶ ماشہ، تخم بکائن ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں خوب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : اس دوا کی پہلی خوراک بواسیر کے خون کو بند کر دیتی ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب ضلع میانوالی۔

۵۴۰۔ **خیساندہ بواسیر:** اجزاء: بیخ کبر ۴ ماشہ، پودینہ خشک ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کو پانی ایک پاؤ میں رات بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر بغیر نمک اور چینی ملا کے نوش کرائیں ایک ہفتہ تک پلائیں۔

افعال و خواص : بواسیر ریحی اور امراض ریاحیہ میں نفع بخش ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی محمد علی صاحب چک نمبر ۵، ۱/ ۹۰L تحصیل و ضلع ساہیوال۔

۵۴۱۔ **دوائے بواسیر:** اجزاء: کماذریوس (منڈی بوٹی) حسب ضرورت۔

ترکیب استعمال : منڈی بوٹی کے پھول، عددسے کر پندرہ تولہ پانی میں گھوٹ چھان کر بوقت صبح پلائیں۔

افعال و خواص : خون بواسیری تو پہلے ہی روز بند ہو جائے گا اور چند روز میں مرض سے بالکل نجات حاصل ہوگی

عطیہ : حکیم صوفی محمد صدیق صاحب ۔ چیچہ وطنی ضلع ساہیوال۔

۵۴۲۔ **دوائے بواسیر**: اجزاء: پوست بندق سوختہ، کات سفید، مغز تخم بکائن ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف مسکہ گاؤ میں رکھ کر دن میں دو بار کھلائیں۔
افعال و خواص: بواسیر دموی میں مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم قاری محمد اسمعیل صاحب، گارڈن کالج روڈ۔ راولپنڈی۔

۵۴۳ **روغن بواسیر**: اجزاء: پوست عہ ناریل کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔
ترکیب استعمال: روغن مذکور روئی کی پھریری سے بواسیری مسوں پر لگائیں۔
منافع: بواسیر دموی میں مؤثر ہے۔ مسے کافور ہوں گے۔
عہ: کھوپرے کے اوپر کے سخت ہڈی کی طرح کے چھلکے سے ذریعہ پتال جنتر تیل حاصل کریں۔
عطیہ: حکیم اللہ بخش صاحب۔ پتہ ندارد۔

۵۴۴۔ **روغن دافع بواسیر**: اجزاء: روغن سرشف (سرسوں) آدھ سیر، چوب زرد (ہلدی) سفوف ۱ تولہ، کاربالک ایسڈ ۲ ماشہ۔
ترکیب ساخت: چوب زرد سفوف کو روغن سرشف میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب سیاہ ہو جائے تو اتار لیں۔ روغن کو نتھار کر چھان لیں اور کاربالک ایسڈ ملا دیں۔
ترکیب استعمال: بوقت خواب یا دوپہر کو آرام کے وقت مسوں پر لگائیں۔
منافع: بواسیری مسوں کو بغیر کسی تکلیف کے خشک کر دیتا ہے۔ داد خواہ کتنا ہی پرانا ہو دن میں تین بار لگانے سے چند دن میں صحت ہو جاتی ہے۔
عطیہ: حکیم فقیر احمد صاحب، احمدیہ دواخانہ۔ ربوہ۔ ضلع جھنگ۔

۵۴۵۔ **روغن نیب**: اجزاء: مغز تخم نیب حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت: مغز تخم نیب کا حسب دستور روغن حاصل کریں۔
مقدار خوراک: ایک قطرہ حلوہ میں رکھ کر نہار منہ کھلائیں۔ غذا مرغن ہو۔
افعال و خواص: بواسیر دموی میں مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم حسن محمد صاحب دواخانہ شمس۔ شاہی بازار۔ بہاولپور

۵۴۶ **سفوف بکائن**: اجزاء: تخم بکائن بریاں (جو پھٹنے نہ پائیں)، ناگ کیسر ہموزن
ترکیب ساخت: دونوں کو باریک پیس کر ہمراہ آب حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: روزانہ صبح نہار منہ ۲ گولی ہمراہ باسی پانی کھلائیں۔

افعال وخواص : بواسیر ہر قسم دور ہو جاتے گی۔

عطیہ : حکیم رشید علی شاہ، بھاٹنگ اونچا ضلع سیالکوٹ۔

۵۴۷۔ **سفوف بواسیر:** اجزاء : پوست بندق دریٹھا، ۵ تولہ، رانیج رال سفید ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں (الائچی کلاں) ۲ ماشہ

ترکیب ساخت : پوست بندق کو تابہ آہنی (توا) پر رکھ کر اوپر پیالہ اوندھا رکھیں نیچے آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ چھلکا جل کر سیاہ ہو جاتے، لیکن راکھ نہ ہونے پائے۔ بعدازاں باقی ادویہ کوٹ چھان کر خوب باریک کرکے ملاکر مزید کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : سفوف کو چودہ (۱۴) برابر حصوں میں تقسیم کریں اس میں سے ایک حصہ روزانہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح اور شام کھلائیں۔ ۷ روز میں ختم ہوگا۔

افعال وخواص : بواسیر ہر قسم کے لئے مؤثر ہے۔ ایک ہفتہ میں مرض دور ہوگا۔

پرہیز : نمک مرچ اور شیریں اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

غذاء : دودھ بغیر نبات سفید کے پلائیں اور گھی بکثرت کھلائیں۔ صرف بیسنی روٹی ہمراہ گھی کھلائیں۔

ہدایت : اگر مرض زیادہ مزمن ہو تو دو ہفتہ ایک ہفتہ کا وقفہ دے کر کھلائیں۔ اگر بواسیر کے مسے زیادہ تکلیف دے رہے ہوں تو پوست بندق آدھ پاؤ آب دس سیر مٹی کے برتن میں ڈال کر بھگو دیں۔ یہ پانی بوقت طہارت استعمال کرائیں۔ مسے خشک ہو جائیں گے۔

عطیہ : حکیم صوفی محمد اسمٰعیل صاحب ۱۲ اچھال روڈ۔ ساہیوال۔

۵۴۸۔ **سفوف ناگ کیسر:** اجزاء : ناگ کیسر حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : ناگ کیسر کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ایک چمچہ چائے سفوف لے کر ہمراہ جغرات (دہی) یا پاؤ شیر گاؤ یا پاؤ بلو کر کھلائیں۔

افعال وخواص : تین یوم میں مکمل شفا ہوگی۔ چند روز کے بعد مسے خشک ہو کر دب جائیں گے۔ نیز اس سے ذیابیطس کا مرض بھی جاتا رہے گا۔

عطیہ : حکیم میراں بخش گل صاحب۔ یونانی گل شفاخانہ۔ نواں کوٹ۔ لاہور

۵۴۹۔ **سفوف بواسیر:** اجزاء : برگ حنا ۳ ماشہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ، صندل سفید ۶ ماشہ، سبوس اسبغول ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : بواسیر دموی کو تین دن میں شفا بخشتا ہے۔

عطیہ : حکیم عزیز علی صاحب دواخانہ رہنمائے شفا، پل بازار۔ ساہیوال

۵۵۰۔ **سفوف قنب** : اجزاء : ترب ا عدد (تین انچ موٹی اور لمبی) تخم قنب حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : ترب کو اندر سے کھوکھلا کر کے اس میں تخم قنب بھر دیں۔ اور سوراخ بند کر کے اس پر کپڑا لپیٹ کر خشک ہونے پر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک : ا رتی ہمراہ بالائی شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں کم از کم پانچ روز کھلائیں۔
۲ ایک رتی تیل سرسوں میں ملا کر مسوں پر لگائیں۔

افعال و خواص : بواسیر ہر قسم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبید اللہ صاحب، قدیمی یونانی دواخانہ۔ کوٹ رادھاکشن۔ ضلع لاہور

۵۵۱۔ **ضماد بواسیر** : اجزاء : زرنیخ احمر (منسل) ، چوب زرد (ہلدی) ، پوست بندق (ریٹھا) زاج اخضر (ہیرا کسیس) ہر ایک ا تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پختہ کھرل میں جدا جدا پیس کر ملا کر آب گھیکوار (گھیکوار) میں کھرل کر کے حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال : اول مریض کو کوئی ہلکا سا مسہل دیں بعد ازاں ایک آب شبینہ (باسی پانی) میں گھس کر مسوں پر لیپ کرائیں۔ چند یوم میں مسے بالکل دور ہو جائیں گے۔

ہدایت : مریض کو قبض ہرگز نہ ہونے دیں۔

عطیہ : حکیم فضل حق صاحب چک ۲۶۰ - گ ب - بی

۵۵۲۔ **علاج بواسیر** : اجزاء : مغز تخم نیب، مغز تخم لکاتن، مغز چاکسو، مغز تخم سرس ہر ایک ۲ تولہ، رسوت مصفیٰ ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر آب ترب میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔ حسب ذیل سفوف بوقت خواب کھلائیں

اجزاء سفوف : اُردبادیان ۲ تولہ، اُرد اصل السوس مقشر ا تولہ، برگ سنا مکی مسفوف ۲ تولہ، کبریت مصفیٰ سائیدہ ا تولہ۔ نبات سفید ۶ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو ملا کر کھرل کر کے سفوف تیار کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : سفوف ۴ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔

عطیہ : حکیم محمد حسین صاحب صدر بازار۔ ساہیوال۔

۵۵۳ **مرہم رسکپور** : اجزاء : رس کپور ا ماشہ، صندل سفید ا ا ماشہ، عرق گلاب سہ آتشہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں کو ملا کر خوب کھرل کر کے اس میں عرق گلاب سہ آتشہ بذریعہ کھرل جذب کریں۔ حتیٰ کہ مرہم سی بن جائے۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت بقدر نخود مریض کے مسوں پر لگائیں۔ تین چار یوم دوائی روزانہ لگائیں۔ اس سے کسی قسم کی جلن نہیں ہو گی۔

۵۵۴۔ **مرہم بواسیر** : اجزاء : مردار سنگ، اسرنج (سیندور)، زنجفر، کافور ہر ایک ۳ ماشہ، ویزلین ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب اجزاء کو خوب کھرل کر کے بعد ازاں ویزلین میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ بوقت خواب مقعد کے اندر تقریباً ۲ ماشہ لگائیں۔ آٹھ روز میں بواسیر بالکل ختم ہو جائے گی۔

منافع : بواسیر میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام خاں صاحب چک ۲، ۳ ڈبلیو۔ بی ڈاک خانہ دینا پور۔ ضلع ملتان

۵۵۵۔ **مرہم بواسیر** : اجزاء : رسکپور ۱ تولہ، سیماب ۹ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، مسکہ گاؤ ۱۲، تولہ۔

ترکیب ساخت : اوّل رسکپور اور سیماب کو خوب کھرل کریں کہ آپس میں بالکل مخلوط ہو جائیں۔ بعد ازاں کافور شامل کر کے خوب کھرل کریں۔ آخر میں مسکہ گاؤ یک صد بار شستہ ملا کر مرہم تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : بعد از رفع حاجت بقدر ۳ رتی مرہم مسوں پر لگائیں۔

افعال وخواص : اس کے استعمال سے مسے تحلیل ہو جائیں گے۔

عطیہ : حکیم محمد انور صاحب قصور۔ ضلع لاہور

نواسیر

۵۵۶۔ **حبّ نواسیر** : اجزاء : مغز تخم بندق ہندی (ریٹھے کے تخم کی گری) ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : مغز تخم بندق کو پیس کر قدرے صمغ عربی ملا کر خوب کھرل کر کے حبوب بقدر تخم بندق تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔ ۴۰ یوم کھلائیں۔

افعال وخواص : ناسور (بھگندر) میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد مرسلین دہلوی، لیاقت آباد۔ کراچی۔

۵۵۷۔ **دوائے نواسیر** : اجزاء : سنگجراحت، شب یمانی ہر ایک ۱ تولہ، اسرنج (سیندھور) ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : شب یمانی اور سنگجراحت کو جدا جدا پیس کر رکھ لیں۔ اب تابہ آہنی پر شب یمانی سائیدہ ڈال کر نیچے آگ جلائیں

جب پگھل جائے تو سفوف سنگجراحت اوپر چھڑک دیں۔ پختہ اور خشک ہونے کے بعد سینڈ پیپر ڈال کر پیس لیں اور پارچہ بیز کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ چالیس روز کھانا لازم ہے۔

افعال وخواص : مرض نواسیر خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو۔ اس سے دور ہو جائے گا۔

عطیہ : حکیم کرم دین صاحب قریشی۔ صدر گوگیرہ براستہ اوکاڑہ، ضلع ساہیوال

۵۵۸۔ روغن نواسیر: اجزاء : سم خر۔ سم اسپ ہر ایک اعدد۔

ترکیب ساخت : بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال : اگر زخم ہموار ہو تو کپڑے کا پھایہ بنا کر لگا دیں۔ اگر سوراخ ہو تو ململ کا باریک شافہ بنا کر تر کر کے سوراخ میں داخل کریں۔ دن میں ایک بار۔

افعال وخواص : نواسیر بھگندر میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم علم دین صاحب۔ حیدری شفاخانہ، پاک کالونی۔ سکھر۔

۵۵۹۔ روغن نواسیر: اجزاء : مردار سنگ ۱ تولہ، روغن کنجد ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : مردار سنگ کو پیس کر روغن کنجد ۲ تولہ میں ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ اس کا رنگ سفید ہو جائے پھر اس میں مزید روغن کنجد ڈال کر کھرل کریں کہ اس کا رنگ بھی سفید ہو جائے۔

ترکیب استعمال : روغن مذکور میں شافہ تر کر کے ناسور میں داخل کریں۔

افعال وخواص : تین چار روز یہ عمل کرنے سے کہنہ سے کہنہ ناسور بھر جائے گا۔

عطیہ : حکیم اللہ دتہ صاحب کوارٹر نمبر ۱۴/۲۱ F۔ واہ کینٹ۔

۵۶۰۔ روغن مغز تخم بندق: اجزاء : مغز تخم بندق۔

ترکیب ساخت : مغز کو باریک پیس کر دھوپ میں رکھ دیں۔ گرم ہو کر تیل نکل آئے گا۔

ترکیب استعمال : ململ کی بتی اس میں تر کر کے بطور شافہ استعمال کریں۔

افعال وخواص : نواسیر میں مفید ہے۔

۵۶۱۔ کشتہ طوطیا: اجزاء : شب یمانی (پھٹکری) اسرنج (سیندھور) مردار سنگ (مردار سنگ) سنگجراحت ہر ایک ۲ تولہ، طوطیا سبز (نیلا تھوتھا) ۶ ماشہ

ترکیب ساخت : سب ادویہ باریک پیس کر آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور نیچے آگ بیری کی لکڑی کی جلائیں۔ دوا ایک یا ڈیڑھ گھنٹہ میں شگفتہ ہو جائے گی۔ اتار کر سرد ہونے پر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی مسکہ گاؤ ۵ تولہ یا بالائی شیرہ تولہ میں رکھ کر بعد از غذا دن میں ایک بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ناسور مقعد، گمبیر (ناسور عام) بواسیر، سوزاک اور میلے زخموں میں از حد مفید ہے۔

ھدایت : مکھن، دودھ زیادہ کھلائیں، گرم اشیاء، گوشت سرخ مرچ، بینگن وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالستار صاحب عزیزیہ یونانی دواخانہ۔ خانیوال۔ ضلع ملتان۔

۵۶۲۔ مرہم ناسور : اجزاء : پوست مار سیاہ (کینچلی) ۳ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ، کافور ۲ تولہ، مازو ۳ تولہ، روغن سرشف ۱۰ تولہ، موم خالص ۳ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول روغن اور موم کو آگ پر گرم کر کے ملا لیں۔ پھر باقی ادویہ کا سفوف باریک پیس کر موم روغن میں ملا کر خوب حل کریں پھر پوست مار سیاہ سفوف ڈال کر حل کریں اور خوب کھرل کریں۔ مرہم تیار ہوگی۔

ترکیب استعمال : مرہم کا شافہ تیار کر کے ناسور میں رکھیں۔

افعال وخواص : نواصیر میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بشیر صاحب۔ سلامت پورہ۔ لاہور

۵۶۳۔ مرہم ناسور : اجزاء : طوطیا سبز، پارہ، بابچی، کمیلہ، مردار سنگ، زنگار، کافور ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : اول دوا اجزاء کو خوب کھرل کریں کہ آپس میں بالکل مخلوط ہو جائیں پھر باقی اجزاء کو بھی جدا جدا باریک کر کے ملائیں۔ مزید خوب کھرل کریں اور ایک ماشہ دوا مسکہ گاؤ ۱ تولہ میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال : روزانہ زخم کو برگ نیب کے جوشاندہ سے دھو کر مرغ کے پر سے دوا کو زخم پر لگائیں، اگر زخم گہرا ہو تو شافہ بنا کر زخم میں داخل کریں۔

افعال وخواص : اس مرہم کے استعمال سے ناسور کو شفاء کامل حاصل ہوگی۔

عطیہ : حکیم صدر الدین صاحب مجددی ۵۱۱/E سیٹلائٹ ٹاؤن راولپنڈی۔

خروج مقعد

۵۶۴۔ طلاء خروج مقعد : اجزاء : مازو سبز ۱ تولہ، مائیں خورد ۹ ماشہ، پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ، رال سفید ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک مثل غبار کر لیں پھر سب ادویہ کو ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : مذکورہ دوا کو ۵ تولہ آب مقطر میں ملا کر رکھ لیں، شیشی کو ہلا کر بقدر ضرورت مرکب لے کر روئی کا پھاہا تر کر کے (بعد استنجا کرانے کے آہستہ آہستہ سے مقعد کو اندر کرنے کے بعد) مقعد میں داخل کر کے لنگوٹ بندھوائیں۔ چند روز متواتر ایسا کریں۔

افعال وخواص : خروج مقعد کو دور کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحیم صاحب بروہی، داہی گھوٹہ، ڈاکخانہ خانپور، تحصیل میرپور ماتھیلو، ضلع سکھر۔

امراض الکبد

ضعفِ کبد

۵٦۵۔ **اکسیر جگر فولادی:** اجزاء: ریوند خطائی، نوشادر ہر ایک ۱ تولہ، شورہ قلمی ۲ تولہ، کشتہ فولاد ٦ ماشہ۔
ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو کھرل کر کے کشتہ فولاد ملا کر مزید کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: امراض کبد اور حمیٰ مزمن میں مفید و مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم امیر علی صاحب۔ ساکن چکری پنڈی۔

۵٦٦۔ **اکسیر الکبد** اجزاء: ریوند خطائی ۵ تولہ، نوشادر، فلفل سیاہ، سنبل الطیب، ساذج ہندی ہر ایک ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گرم یا عرق کاسنی ۱۰ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال و خواص: ضعف کبد، یرقان، سوء القنیۃ، حمیٰ عفنیہ میں عجیب الاثر ہے۔
عطیہ: حکیم محمد اجمل صاحب ڈاک خانہ منارہ۔ ضلع جہلم

۵٦٧۔ **تریاق الکبد:** اجزاء: بیخ ریباس خطائی عمدہ (ریوند خطائی) ۵ تولہ، نوشادر ۵ تولہ، شورہ قلمی ۲ تولہ، کشتہ فولاد در تھیلہ ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر کشتہ ملا کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب شبینہ یا شربت بزوری یا سکنجبین لیموں دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال و خواص: مقوی کبد ہے۔
عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۵٦۸۔ **حب افسنتین:** اجزاء: کشتہ فولاد ایک تولہ، نوشادر ٹھیکری ۲ تولہ، افسنتین رومی ۳ تولہ، صمغ عربی ٦ ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کر کے صمغ عربی کو پانی میں حل کر کے دوسری ادویہ ملا کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق بادیان یا دہی کی لسی تازہ کے ساتھ کھلائیں۔
افعال و خواص: مقوی کبد، کلیہ، معدہ و امعاء ہے۔
عطیہ: حکیم حاجی محمد صاحب چک محمد مہدی تحصیل پاک پتن، ضلع ساہیوال۔

۵۶۹. **حب کبد** : اجزا : نوشادر، سہاگہ، فلفل سیاہ، زاج اخضر، ہیرا کسیس، ہر ایک ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو حسب قاعدہ باریک کر کے مویز منقیٰ میں ملا کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شربت دینار صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف کبد، عظم طحال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسحٰق شاہ صاحب۔ مقام نامعلوم

۵۷۰. **حب فولاد** : اجزاء : برادہ فولاد عمدہ آدھ سیر، آملہ آدھ سیر، ہلیلہ زرد آدھ سیر، بلیلہ آدھ سیر، جھڑات (دہی) ۵ سیر۔

ترکیب ساخت : ترپھلہ کو باریک کر کے برادہ فولاد شامل کر کے مٹی کے بڑے برتن میں ڈال کر اور جھڑات ملا کر رکھ دیں ایک ہفتہ بعد لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر لوہے کے دستہ سے خوب رگڑیں باریک ہونے پر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ چھاچھ یا جھڑات بوقت صبح کھلائیں۔ اس کے ساتھ امراض جگر میں بطور غذا صرف گندم کی روٹی اور جھڑات دیں۔

افعال وخواص : ضعف جگر کے علاوہ جگر کے جملہ امراض مثلاً قلت الدم، چہرہ کی زردی اور پھیکا پن، مٹیالے اسہال کا آنا، ابتدائی سوء القنیہ وغیرہ کو دور کر کے طبیعت میں چستی اور خوشی پیدا کرتی ہے امراض قلب جار میں اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد خالد صاحب شفاخانہ نوید صحت۔ فرید ٹاؤن ساہیوال۔

۵۷۱. **حب ہلیلہ** : اجزاء : پوست ہلیلہ کابلی ۵ تولہ، زاج اخضر ۱ تولہ، دانہ قاقلہ کبار ۶ ماشہ، گوداگھیکوار ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو خوب پیس کر گوداگھیکوار سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق کاسنی ۵ تولہ، عرق مکو ۵ تولہ، بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سوء القنیہ، قلت الدم میں مفید ہے، کثرت اسقاط میں بھی مفید ہے۔ دوران حمل ایک حب ہمراہ آب بعد از غذا، یا بوقت خواب ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔ حمل محفوظ رہے گا۔

عطیہ : حکیم محمد عطاء الرحمٰن صاحب۔ صادق دواخانہ۔ چوک بیری والا گوجرانوالہ۔

۵۷۲. **دوائے ضعف کبد** : اجزاء : خبث الحدید مدبر، ملح النار (نوشادر)، ریوند خطائی، سنبل الطیب، اذخر مکی ہر ایک ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : ۱/۲ ۱ ماشہ سفوف ہمراہ شربت دینار صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف جگر، استسقا، قلت الدم میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالحمید صاحب قصبہ نورشاہ، تحصیل ضلع ساہیوال۔

۵۷۳. **دوائے مقوی کبد:** اجزاء: شورہ قلمی، زاج اخضر (ہیراکسیس)، تنکار (سہاگہ)، زاج ابیض (پھٹکڑی) ہر ایک ۱ پاؤ۔

ترکیب تیاری: جملہ اجزا کو پیس کر کوزہ گلی میں ڈال کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ دودھ صبح کھلائیں۔

افعال و خواص: ضعف کبد، سوء القنیہ کے دفعیہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم قاضی غلام رسول صاحب، ساکھی۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۵۷۴. **سفوف ابرک:** اجزاء: کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ فولاد ہر ایک ۶ ماشہ، افسنتین، ریوند خطائی، پوست بیخ مدار نوشادر ٹھیکری دار ہر ایک ۱ تولہ۔ شورہ قلمی ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: ضعف کبد اور ضعف و وجع کبد میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید محمود الحسن صاحب نکودری۔ پاشا سٹریٹ، جناح چوک ساہیوال

۵۷۵. **سفوف افسنتین:** اجزاء: کشتہ فولاد ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، قاقلہ صغار ۱ تولہ، ملح النار ۱ تولہ، افسنتین رومی ۶ ماشہ، ست گلو ۱ تولہ، نبات سفید ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر خوب کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: قلت الدم، ضعف الکبد، تپ خفیف میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۵۷۶. **سفوف تباشیر:** اجزاء: ملح النار (نوشادر)، جوکھار، شورہ قلمی، تباشیر کبود، بیخ ریواس خطائی ہر ایک ۱ تولہ زاج اخضر (ہیراکسیس) ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو جدا جدا کھرل کر کے ملائیں۔ مزید سحق بلیغ کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ دہی صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: جملہ امراض کبد میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سردار محمد صاحب چک ۵۰۱ ای۔ بی تحصیل وہاڑی۔ ضلع ملتان۔

۵۷۷۔ **سفوف ساذج** : اجزاء : نوشادر، شورہ قلمی، فلفل سیاہ، قاقلہ صغار، بیخ ریباس خطائی، کشتہ فولاد، سنبل الطیب ساذج ہندی ہر ایک ۱ تولہ، تخم کاسنی، عنب الثعلب ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر مزید کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق کاسنی ۵ تولہ، عرق مکوہ ۵ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : جملہ امراض کبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شیر محمد صاحب، اشرف یونانی دواخانہ، شہیدی بازار پاک پتن۔ ضلع ساہیوال۔

۵۷۸۔ **سفوف شب** : اجزاء : زاج اخضر۔ شورہ قلمی، شب یمانی ہر ایک ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزاء کو جدا جدا پیس کر یک جا کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کریں اور ۱۲ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ لسی یا دہی تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : امراض کبد میں مفید ہے۔ خصوصاً یرقان، ضعف کبد، ورم الکبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر احمد متصل دال فیکٹری۔ وسن پورہ۔ لاہور

۵۷۹۔ **سفوف ریوند** : اجزاء : بیخ ریباس خطائی (ریوند خطائی)، ملح النار (نوشادر)، کمون ابیض (سفید زیرہ)، سوڈا بائیکارب ہر ایک ۵ تولہ، شورہ قلمی ۱۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف الکبد، ورم الکبد، عظم الکبد اور صلب الکبد کے لئے اپنی مثال آپ ہے اور عسر البول، سلس بول، تقطیر البول، قرحہ احلیل، حصاۃ کلیہ و مثانہ نیز مدر حیض بھی ہے۔

عطیہ : حکیم مختار احمد صاحب قادری نوشاہی دواخانہ، بورے والا۔ ضلع ملتان۔

۵۸۰۔ **سفوف فولادی** : اجزاء : ملح النار (نوشادر)، شورہ قلمی، کبریت آملہ سار، زاج اخضر (ہیرا کسیس)، کشتہ ابرک سیاہ ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۲ تولہ، سوڈا بائیکارب ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو حسب دستور سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری یا شربت دینار دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف الکبد، قلت الدم، ضعف جسمانی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد آصف ورائچ صاحب سکنہ باواں بالا۔ ضلع ساہیوال۔

۵۸۱ **سفوف مقوی کبد:** اجزاء: ملح النار (نوشادر) جوکھار، ریوند خطائی، شورہ قلمی، طباشیر ہر ایک ۱ تولہ، زاج اخضر (ہیراکسیس) ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوکوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ لسی تازہ یا حسبِ مقتضا دو دھ کے ساتھ کھلائیں۔

افعال وخواص: ضعف جگر، ورم جگر، حبس، کمی خون کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالرشید صاحب۔ چک ۲۶ تحصیل بھکر ضلع میانوالی۔

۵۸۲۔ **سیال فولاد:** اجزاء: آب جامن امیر، آب لیموں کاغذی ۱ پاؤ، برادہ فولاد ۵ تولہ (برادہ منور خبث الحدید) ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام اجزاء کو ایک بوتل میں ڈال کر چالیس روز دھوپ میں رکھیں۔ حتیٰ کہ خمیر ہو کر سرکہ بن جائے۔

مقدار خوراک: ۲ چمچہ سرکہ ہمراہ آب تازہ ۵ تولہ۔ بعد از طعام پلائیں۔

ھدایت: غذا میں بیسنی روٹی، روغن گاؤ اور قند ملا کر مالیدہ بنا کر کھلائیں۔

افعال وخواص: صفراء اور سوداء کی زیادتی، قلت الدم کی شکایت اور ضعف کبد میں مفید ہے۔ ورم بدن پیدا ہونے کا احتمال ہو تو اس سے یہ خطرہ نہیں رہتا۔ پندرہ یوم تا زیادہ سے زیادہ چالیس یوم تک پلائیں۔

عطیہ: حکیم نذیر احمد صاحب، عثمانیہ دواخانہ بورے والا۔ ضلع ملتان۔

۵۸۳۔ **سیال نوشادری:** اجزاء: گل منڈی بوٹی، گلو خشک، نانخواہ ہر ایک ۵ تولہ، آب تازہ ۳ پاؤ۔ ملح النار (نوشادر) ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری: حسب دستور جوشاندہ تیار کریں اور مل چھان کر ایک بوتل میں ڈال کر اس میں نوشادر عمدہ سائیدہ ڈال کر حل کریں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ تولہ سیال پانی ۵ تولہ ملا کر صبح وشام بعد از غذا پلائیں۔

افعال وخواص: ضعف الکبد کے علاوہ عظم طحال، یرقان، بخار اور قبض میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم نور محمد صاحب، سکنہ منڈی ہیرا سنگھ۔

۵۸۴۔ **شربت افسنتین مرکب:** اجزاء: گل سرخ، عنب الثعلب، کاسنی ہر ایک ۵ ماشہ، افسنتین ۲ تولہ، بیخ کاسنی، تخم کشوث، بادیان رومی (انیسون) بیخ بادیان ہر ایک ۵ ماشہ، زرشک شیریں ۶ ماشہ، تمر ہندی، تخم خربزہ، برگ گاؤزبان ہر ایک ۳ ماشہ، گل نیلوفر ۷ ماشہ، عناب ۵ دانہ، نبات سفید ۳ پاؤ۔

ترکیب تیاری: حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت، عرق کاسنی ۱۰ تولہ ملا کر ۳ بار دن میں پلائیں۔
افعال وخواص : ضعف کبد، ورم کبد، یرقان میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم سید منور شاہ صاحب سکنہ مجلیاں، تحصیل پنڈ دادن خاں ضلع جہلم۔

۵۸۵۔ **شربت دینارفری :** اجزاء : گل نیلوفر، گاؤ زبان، گل سرخ، تخم کاسنی نیم کوفتہ، تخم خرپزہ نیم کوفتہ، بادیان نیم کوفتہ ہر ایک ۲ تولہ، تخم کشوث در صرۃ بستہ ۲ تولہ، بیخ ریباس خطائی (ریوند خطائی) ۲ تولہ، نبات سفید ۳ پاؤ، فرائی ایٹ امونیا سائٹراس ۲ ڈرام۔
ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں اور بعد ازاں شربت میں فرائی ایٹ امونیا سائٹراس حل کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک : ۵ تولہ شربت بغیر پانی ملائے علی الصبح چٹائیں (پرہیز با قاعدہ جاری رکھیں)
افعال وخواص : ضعف الکبد، ورم الکبد اور اصلاح کبد میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم سید مقبول حسین صاحب چک نمبر ۵ ب۔ ج کھیالہ کلاں تحصیل وضلع لائلپور

۵۸۶۔ **شربت کماذریوس :** اجزاء : بابونہ، عنب الثعلب (مکودانہ) قصب الذریرہ (چرائتہ شیریں) کماذریوس (منڈی بوٹی) ہر ایک ۱۰ تولہ، نبات سفید آدھ سیر۔
ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت آب تازہ ۱۰ تولہ میں ملا کر ۳ بار دن میں پلائیں۔
افعال وخواص : ضعف جگر میں مفید ہے۔ نیز مصلح جگر اور اورام بدن میں مؤثر ہے۔
حمیات نائیہ کے لئے اکسیر ہے۔

۵۸۷۔ **شربت کبد :** اجزاء : جگر بکری یا بھیڑ کا ایک سیر۔ نبات سفید آدھ سیر۔
ترکیب تیاری : جگر لے کر اس کا قیمہ کر کے اس میں آب تازہ آدھ سیر ڈال کر دو گھنٹہ تک رکھ چھوڑیں۔ پھر نہایت ہی صاف ہاتھوں سے مل چھان کر نبات سفید آدھ سیر ملا کر بدستور شربت کا قوام کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : جوان کے لئے ایک تا ۲ چمچ دن میں تین بار۔ چھوٹے بچوں کے لئے ۳ تا ۵ قطرہ، ۶ تا ۱۲ سال کے بچوں کو ۱۰ قطرہ سے ایک چمچہ تک پلائیں۔
ہدایت : جگر تازہ اور تندرست جانور کا ہونا چاہیئے۔ شربت کی تیاری میں کوئلوں کی نرم آنچ ہونا ضروری ہے۔ حتیٰ کہ اس میں جوش نہ آنے پاتے۔ اگر بھاپ پر پکایا جائے تو اس کے اجزاء مؤثرہ بالکل ضائع نہیں ہوتے۔ برتنوں اور ہاتھوں کی صفائی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔

افعال وخواص : یہ شربت قلت الدم، دق الاطفال، کساح اور ضعف کبد میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسلام صاحب کاظمی

۵۸۸۔ **کشتہ فولاد مدبر** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ، آملہ منقیٰ ۵ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۸ تولہ، فوہ (مجیٹھ) ۵ تولہ، مصری کوزہ ۱۰ تولہ، جغرات (دہی) ۳ سیر۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کر کے لوہے کی کڑاہی میں لوہے کے دستے سے خوب ملائیں پھر دہی اسیر ملا کر خوب سحق کریں۔ حتیٰ کہ دہی خشک ہو جاتے دوسرے دن پھر دہی اسیر ملا کر کھرل کریں اور خشک کریں۔ تیسرے دن پھر حسب سابق دہی اسیر ملا کر سحق کریں اور خشک کریں اور باریک کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ ماشہ تا ۲ ماشہ سفوف دہی کی لسی کے ساتھ کھلائیں۔ چالیس یوم متواتر کھلانے سے شفا کامل ہوگی۔

افعال وخواص : ضعف جگر، سوء القنیہ، قلت الدم، عظم طحال اور ورم کبد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم وحید الزمان صاحب سکنہ کڑیال ضلع شیخوپورہ۔

۵۸۹۔ **معجون خبث الحدید** : اجزاء : اذخر مکی، گل سرخ، اصل السوس مقشر، آملہ مقشر، پوست ہلیلہ، پوست ہلیلہ زرد، ہر ایک ۲ تولہ، کشتہ خبث الحدید ۱ تولہ، قند سفید سہ چند ادویہ۔

ترکیب تیاری : ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ شامل کر کے قوام قند میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ معجون ہمراہ دوغ گاؤ یا شیر گاؤ روزانہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : ضعف الکبد اور ضعف عامہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صابری دواخانہ تاندلیانوالہ۔ ضلع لائل پور

ورم الکبد

۵۹۰۔ **حب اکسیر جگر** : اجزاء : ریوند چینی، شورہ قلمی، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو پیس کر عرق مکو سبز ۵ تولہ، عرق کسوندی ۵ تولہ میں سحق بلیغ کریں اور حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم کبد اور استسقاء میں مفید ہے۔

۵۹۱۔ **حب ریوند** : اجزاء : بیخ ریباس خطائی (ریوند خطائی)، فلفل سیاہ، زنجبیل، فلفل دراز، ملح النار (نوشادر)، قصب الذریرہ (چرائتہ شیریں)، تنکار، عنب الثعلب (مکودانہ) ہر ایک ۲ ماشہ، نانخواہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر آب بیخ سہانجنہ میں سحق بلیغ کرکے حب بوزن ارتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ، عرق بادیان ۵ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم الکبد کے علاوہ ہر قسم کے ورم دفع ہو جاتے ہیں۔ خواہ وہ پیٹ پر ہوں یا پاؤں پر۔ نیز معدہ اور جگر کی اصلاح کے لئے لاجواب ہے۔

عطیہ : حکیم محمد آصف صاحب وڑائچ۔ سکنہ باماں بالا۔ ضلع ساہیوال۔

۵۹۲۔ **حب سیری** : اجزاء : ہر چہار اجوائن، ہر چہار نمک، فلفل سیاہ، فلفل دراز، سورنجاں تلخ، ملح النار (نوشادر) زاج ابیض (پھٹکڑی سفید)، قرنفل، سیر (لہسن)، پیاز، فلفل سرخ، اذاراقی مدبر تمام ادویہ ایک ایک تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر گودا گھیکوار میں کھرل کرکے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق بھٹ کٹیاہ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم کبد، ضعف کبد، وجع المفاصل، ذات الریہ اور سعفہ کے لئے بھی تریاق ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی عبدالرزاق صاحب صدیقی دواخانہ فیض الرسول کوٹ مراد خان قصور۔ ضلع لاہور

۵۹۳۔ **حب کبد** : اجزاء : طباشیر کبود، قاقلہ صغار ہر ایک ۱ تولہ، افسنتین، جوہر ملح النار (جوہر نوشادر) کشتہ فولاد ہر ایک ۶ ماشہ، مصری کالپی ۱/۲ ۳ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو جدا جدا پیس کر ملا کر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم کبد، ضعف کبد، عظم کبد، حمیٰ کبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب،

۵۹۴۔ **حب کِکر وندہ** : اجزاء : افسنتین رومی ۱/۲ ۱ تولہ، بیخ ریباس خطائی (ریوند خطائی) ملح النار (نوشادر)، زاج اخضر (ہیرا کسیس)، سوڈا بائیکارب ہر ایک ایک تولہ، آب ککروندہ، آب شاہترہ، آب عنب الثعلب ہر ایک ۱ پاؤ، آب ترب ۱/۲ ۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ پھر مذکورہ پانیوں کو مروق کرلیں اور آگ پر رکھ کر غلیظ کریں، غلیظ ہو جانے پر ادویہ کا مذکورہ سفوف اس میں ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ عرق کاسنی، عرق بادیان، شربت بزوری یا شربت دینار ملا کر دو گھنٹہ بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم الکبد، عظم الکبد والطحال، بواسیر ریحی نیز یرقان اور وجع المرارہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید ارشد حسین صاحب، گلی ۲ محمد پورہ ۔ لائل پور۔

۵۹۵۔ **سفوف افسنتین** : اجزاء: بیخ ریباس خطائی، ریوند خطائی، ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، افسنتین ا تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو کوٹ پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱/۲ تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص : جملہ امراض کبد میں مفید ہے۔

۵۹۶۔ **سفوف تنکار** : اجزاء : تنکار، ملح انار، نوشادر، شورہ قلمی، ساذج ہندی، فلفل سیاہ ہر ایک ا تولہ۔
بیخ ریباس خطائی، ریوند خطائی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو پیس کر سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب بعد از طعام صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ورم کبد، سدہ کبد اور عظم کبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ عبدالرشید صاحب یوسفی۔ محلہ خالصہ کالج۔ لائل پور

۵۹۷۔ **سفوف ریباس مرکب** : اجزاء : بیخ ریباس خطائی، ریوند خطائی ۳ تولہ، ملح انار، نوشادر، ساذج ہندی ہر ایک ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، افسنتین ۹ ماشہ، سنبل الطیب ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، کشتہ فولاد ۹ ماشہ، نمک سیاہ، پودینہ دشتی ۹ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو پیس کر ملا کر کھرل کریں اور رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ آب بعد از غذا دونوں وقت کھلائیں۔

افعال وخواص : اکثر امراض جگر و معدہ میں تیر بہدف ہے۔ نفخ الکبد، ورم الکبد اور اکثر اورام باطنہ کو بھی دور کرتا ہے۔

۵۹۸۔ **سفوف ریوند مرکب** : اجزاء : ریوند خطائی ۵ تولہ، سنبل الطیب، ملح انار ہر ایک ۲ تولہ، افسنتین رومی ۳ تولہ، ساذج ہندی ا تولہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف بنا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق کاسنی ۱۲ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : امراض کبد کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم مراد علی صاحب باٹھ۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۵۹۹۔ **سفوف دفلی:** اجزاء: اصلی دفلی (پوست بیخ کنیر) ۵ تولہ، کاندر (اشق) ۳ تولہ، صبر ۲ تولہ، زراوند مدحرج ۲ تولہ، تخم ترب ۲ تولہ، خردل ۲ تولہ، مقل ازرق ا تولہ، سرکہ ۲۰۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔ پھر سرکہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ جب کہ خشک ہو جائے پھر باریک کر کے سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۴ تا ۶ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ورم کبد، ورم طحال، ذات الجنب، ورم معدہ، ورم رحم کے لئے خصوصاً مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید عرفان حسین صاحب معیاری دواخانہ ۱۹ مرکزی امام بارگاہ۔ لیاقت آباد کراچی۔

۶۰۰۔ **سفوف دافع ورم کبد:** اجزاء: افسنتین رومی، طباشیر کبود، ست گلو، مشکطرامشیع (پودینہ دشتی) کشتہ ہڑتال گئودنتی ہر ایک ا تولہ، کافور ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: ورم جگر، ضعف جگر، یرقان، حمی صفراوی و دموی اور دیگر امراض جگر میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حسن علی صاحب احسن دواخانہ نزد ڈ۔

۶۰۱۔ **سیال ریوند:** اجزاء: بیخ ریباس (ریوند چینی) ۲½ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲½ تولہ، عرق بادیان نصف بوتل، عرق کاسنی نصف بوتل۔

ترکیب تیاری: بیخ ریباس کو باریک کر لیں اور سوڈا بائیکارب ملا کر کھرل کر لیں دونوں عرق یکجا کر لیں اور اس عرق میں مذکورہ سفوف ڈال کر خوب ہلائیں۔

ترکیب استعمال: سیال ۵ تولہ صبح اور ۵ تولہ شام پلائیں۔

افعال وخواص: ورم کبد اور ضعف کبد میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۰۲۔ **کشتہ زاج اخضر:** اجزاء: زاج اخضر ۲۰ تولہ (ہیراکسیس)

ترکیب ساخت: زاج اخضر کو کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کریں اور ۱۰ اسیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں، کشتہ بر نگ سرخ برآمد ہو گا۔ اچھی طرح کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ چاول تا ا رتی کشتہ حسب عمر بالائی حضرات یا کیپسول میں بند کر کے کھلائیں۔

افعال وخواص: ورم الکبد، ضعف الکبد، حرارت کبد، یرقان میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بشیر احمد صاحب صابری عباسی۔ امین آباد۔ گوجرانوالہ۔

۶۰۳۔ **عرق بادنجان**: اجزاء: ثمر بادنجان دشتی (بھٹ کٹیا) ۲ سیر، تخم گندر آدھ سیر، شورہ قلمی آدھ پاؤ، چار مغز ایا پاؤ، عنب الثعلب ایا پاؤ، افتیمون ایا پاؤ، قاقلہ کبار آدھ پاؤ۔ آب تازہ ۱۰ سیر۔

ترکیب تیاری: حسب دستور معروف آٹھ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ عرق کے ساتھ حسب درج ذیل ایک عدد کھلائیں۔

۶۰۴۔ **محلول انگوزہ**: اجزاء: نوشادر، نمک سیاہ، نمک لاہوری ہر ایک ایک تولہ، حلتیت ۶ ماشہ، عرق بادیان ۲ پاؤ۔

ترکیب تیاری: جملہ اشیاء کو حسب دستور پیس کر تھوڑا تھوڑا عرق بادیان گرم ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ ادویہ کے حل ہونے پر لسی ہوئے کپڑے سے چھان کر بوتل میں بھر لیں۔ محلول دودھ کی مانند سفید ہو گا۔

مقدار خوراک: ۱/۲ ۲ تولہ محلول ہمراہ آب گرم ۵ تولہ دن میں دو یا تین بار پلائیں۔ نہایت قوی الاثر ہے۔

افعال وخواص: ورم الکبد، باؤ گولہ، سوء ہضم، وجع الکلیہ، قلت الشہوۃ، قولنج، متلی وغیرہ سات امراض میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سراج دین صاحب صدیقیہ دواخانہ موچی بازار۔ سمندری۔ ضلع لائل پور

۶۰۵۔ **محلول کبدی**: اجزاء: گوکھرو خشک، نانخواہ، منڈی بوٹی، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، قصب الذریرہ، شاہترہ ہر ایک ۱ تولہ، نوشادر ۱ تولہ

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو جوکوب کر کے پانی دس سیر میں بھگو دیں۔ تین چار دن بعد جوش دیں نصف رہنے پر اتار کر سرد ہونے پر مل کر چھان لیں۔ اب اس میں بحساب فی سیر نوشادر ۲ تولہ اور تیزاب گندھک ۲ ماشہ ملا کر رکھ دیں۔ بعد ازاں دو دن بعد باحتیاط زلال حاصل کریں۔ تاکہ میل نیچے بیٹھی رہی۔

مقدار خوراک: محلول ۲ تولہ صبح اور ۲ تولہ شام پلائیں۔ اگر قبض ہو تو حب ملین سے رفع کر لیں۔

افعال وخواص: عظم الکبد، عظم طحال۔ معدے کے جملہ امراض، حمیات مزمنہ، فساد الدم، داد، چنبل، ملیریا میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۰۶ **نوشادر سیال**: اجزاء: نوشادر ٹری دار ایک سیر، آہک آب نارسیدہ ۴ سیر۔ پانی ۸ سیر۔

ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو آٹھ سیر پانی میں بھگو دیں، ہر روز چار دفعہ ہلاتے رہیں۔ تین یوم کے بعد زلال حاصل کریں اور آگ پر رکھ کر پکائیں۔ کھویا کے مانند ہونے پر اتار کر مکان کی چھت پر رات کو شبنم میں رکھیں۔ تین چار یوم تک روغن بن جائے گا۔ گرد وغبار سے صاف کر کے بوتل میں محفوظ رکھ لیں۔

نوٹ: نوشادر ٹری دار کی بجائے نوشادر ٹھیکری بھی کام دے جائے گا۔

مقدار خوراک: روغن مذکورہ ۱۰ قطرہ، عرق بادیان ۱ بوتل میں ملا کر رکھیں اور ۵ تولہ بعد از غذا دن میں دو بار پلائیں۔

افعال وخواص: ورم جگر، ورم طحال، زحیر، ذرب وخلفہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سدیدالدین نظامی صاحب درس گاہ بازار۔ پاک پتن۔ ساہیوال و حکیم خادم حسین صاحب۔ لاہور

وجع الکبد

۶۰۷۔ **حب سیر** : اجزاء : فلفل سیاہ ۱/۲ ۲ تولہ، زنجبیل سوختہ ۱/۲ ۲ تولہ، ملح اسود ۱/۲ ۱ تولہ، سیر لہسن آدھ پاؤ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر لہسن آدھ پاؤ مقشر کے ہمراہ خوب کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ چائے یا آب گرم کھلائیں۔

افعال و خواص : وجع الکبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید مطلوب حسین صاحب تالق سبزواری سکنہ جھیڈو چک نمبر ۲۶۳ ضلع لاہور

استسقاء

۶۰۸۔ **اکسیر استسقاء** : اجزاء : ملح النار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، ملح اسود ۱ تولہ، ملح العجین ۱ تولہ، زبان گوسفند ۱ عدد، ترب ۲ سیر۔

ترکیب ساخت : اول ترب کو کچل کر کوزہ گلی میں ڈالیں اس میں زبان ٹکڑے کر کے رکھ دیں، بعدازاں باقی ادویہ پیس کر بالترتیب اس کے اوپر رکھیں اور کوزہ کو آردماش سے بند کریں خشک ہونے پر بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر ہر چیز کو الگ الگ آرام سے نکالیں۔ اس لئے کہ ان کے فوائد الگ الگ ہیں۔

مقدار خوراک : اوپر والی شگفتہ ادویہ پیس کر ۱ ماشہ ہمراہ عرق مکو، عرق کاسنی، عرق بادیان، شربت فولاد ملا کر کھلائیں یہ ضعف کبد میں مفید ہے۔ زبان گوسفند پیس کر ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ استسقاء ہر اقسام میں مفید ہے۔ ترب سوختہ پیس کر ۱ ماشہ ہمراہ بدرقہ مناسبہ ذرب فلقہ (سنگ رہنی) میں مفید ہے۔

افعال و خواص : استسقاء ہمہ اقسام، ضعف کبد، ذرب خلفہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حبیب الرحمٰن صاحب، چوک بہادر پور، رحیم یار خاں۔

۶۰۹۔ **حب استسقاء** : اجزاء : عصارہ ریوند، بورہ ارمنی، پوست ہلیلہ زرد، زنجبیل ہر ایک ۳ ماشہ، تربد سفید مجوف، سیماب مصفیٰ، کبریت آملہ سار، آرد بیخ حنظل ہر ایک ۱ تولہ، شیر زقوم ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر شیر زقوم میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شربت دینارہ ۲ تولہ، عرق کاسنی، عرق مکوہ ۵ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم امام بخش خاں صاحب سکنہ جھلار سکندر خاں، تحصیل بھکر، ضلع میانوالی۔

۶۱۰۔ **حب استسقاء زقی** : اجزاء : آرد تربد مجوف ۵ تولہ، شیرز قوم حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : آرد تربد مجوف کو شیرز قوم میں گوندھ کر گولا بنا کر آرد گندم کی روٹی بنا کر اس میں دوا مذکور لپیٹ کر گرم تنور یا گرم چولہے میں اوپلوں کی راکھ میں دفن کریں۔ جب آٹا پک کر سرخ ہو جائے تو نکال کر آٹا اتار کر دوائی حاصل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک ۲۱ تا ۴ حب بوقت خواب ہمراہ آب نیم گرم یا عرق کو نیم گرم کھلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء زقی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب صدیقی بمقام سنکھترہ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۶۱۱۔ **حب استسقاء** : اجزاء : چہار اجوائن ہر ایک ۱ تولہ، صبر، شورہ قلمی، کبریت آملہ سار، نطرون روٹا سجی، ملح النار (نوشادر) تنکار، سجی کھار، حب السلاطین مدبر ہر ایک ۱ تولہ، آب بیخ حنظل ۵ تولہ، شیرز قوم ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزا کو کوٹ چھان کر اول آب بیخ حنظل میں کھرل کریں، بعد ازاں شیرز قوم میں کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : پہلے ۲ روز ایک حب ہمراہ آب تازہ یا شیر شتر صبح و شام کھلائیں۔ بعد ازاں ۲ حب صبح ۲ شام کھلائیں۔

ہدایت : غذا میں شور بانخود، شوربا چوزہ مرغ اور دلیہ دیں۔ مرغن اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔

افعال وخواص : استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔ نوٹ: نمک سے استسقاء میں پرہیز لازم ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب کچی پمپ والی گوجرانوالہ۔

۶۱۲۔ **حب جوز القی** : اجزاء : جوز القی ۶ ماشہ، تنکار بریاں، تخم کرفس، صبر، پوست بلیلہ زرد، بلیلہ سیاہ، فلفل سیاہ، بزرالبنج، ملح اسود ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ پیس کر گو دا گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب نیم گرم صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء کے علاوہ سوء القنیہ میں بھی مفید ہے۔ ریح الفواد کو دور کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب گل۔ گلی نمبر ۱۲ سنگھ پورہ باغبانپورہ لاہور۔

۶۱۳۔ **حب حنظل** : حنظل ۵ تولہ، صبر زرد، ملح النار (نوشادر) تنکار، ملح اسود ہر ایک ایک تولہ، شورہ قلمی فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: استسقاء زقی کے علاوہ، قبض، یرقان اور پیٹ کے جملہ امراض میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فتح الدین صاحب۔ حویلی لکھا، ضلع ساہیوال۔

۶۱۴۔ **حب زراوند**: اجزاء: بیخ ریباس خطائی ۱½ ماشہ، فاریقون معزول ۳½ ماشہ، تربد مجوف، ماشہ، زراوند مدحرج ۱۰½ ماشہ، بادیان رومی ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب بادیان کھرل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ عرق مکو، عرق کاسنی، عرق بادیان صبح و شام نہار منہ کھلائیں۔ حسب عمر اور بلحاظ شدت و خفت مرض مقدار خوراک میں کمی و بیشی بر رائے طبیب ہے۔

افعال وخواص: استسقاء میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالحق صاحب جالندھری پرانا بازار، قلعہ دیدار سنگھ۔ ضلع گوجرانوالہ

۶۱۵۔ **دوائے استسقاء**: اجزاء: فلفل دراز ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: فلفل دراز کو اول سات روز شیر زقوم میں تر رکھیں۔ بعد ازاں شیر مدار میں سات روز تر رکھیں اور خشک کریں۔ جب خشک ہو جائے تو پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم شیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ۔ شہیدی بازار۔ پاک پتن۔ ضلع ساہیوال

۶۱۶۔ **دوائے استسقاء**: اجزاء: آب گھیکوار اسیر، زنجبیل، شورہ قلمی، نانخواہ ہر ایک ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: تینوں ادویہ کو کوٹ پیس کر آب گھیکوار میں ملا کر بوتل میں بھر کر چند دن دھوپ میں رکھیں۔ جب اس پر جھاگ آ جائیں تو تین چار بار کپڑے سے چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ دوا دن میں تین بار عرق سونف ۱۰ تولہ ملا کر پلائیں۔

افعال وخواص: استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مولوی فتح محمد صاحب دواخانہ الف ایم۔ پیام شفا محلہ گورونانک پورہ لائل پور

۶۱۷۔ **دوائے استسقاء**: اجزاء: نطرون ۱ تولہ، ملح انار ۱ تولہ، ملح ترب ۱ تولہ، نمک سنرمتی (سجیا) ۱ تولہ

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو باریک کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ معجون دبید الورد ۹ ماشہ اول کھلائیں اوپر سے عرق مکو ۱۰ تولہ گرم گرم پلائیں۔

افعال وخواص: استسقاء لحمی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید مسرت علی صاحب وارثی زیدی، وارثی دواخانہ۔ ٹنڈو آدم۔ سندھ۔ ادارہ الکبیر

۶۱۸۔ **دوائے استسقاء لحمی** : اجزاء : ملح انار (نوشادر) ڈنڈا ولایتی، ۲/۱-۲ تولہ تنکار ۱/۲-۲ تولہ، ثمر عنب الثعلب تازہ ا پاؤ۔

ترکیب ساخت : پہلے دونوں اجزا کو کوٹ کر کے عنب الثعلب کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کریں اور گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر تمام اجزاء کو نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ا تا ۴ رتی سفوف ہمراہ معجون دبید الورد یا شربت دینار ۳ تولہ، عرق مکو، ۷ تولہ نہار منہ صبح اور بوقت شب کھلائیں

افعال وخواص : استسقاء لحمی، ورم کبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد کبیر خاں صاحب۔ گجرات۔

۶۱۹۔ **سفوف دافع استسقاء** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد ا تولہ، تربد سفید مجوف ا تولہ، شحم حنظل ا تولہ، کمیلا ا تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۷ ماشہ سفوف ہمراہ شیر شتر روزانہ صبح کھلائیں۔

ہدایت : بجائے پانی کے عرق مکو پلایا کریں۔ غذا میں دلیہ گندم بغیر گھی پکا کر دیں البتہ شیر شتر دے سکتے ہیں۔

افعال وخواص : استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد رفیق صاحب چک نمبر ۴۸/۵.L تحصیل و ضلع ساہیوال۔

۶۲۰۔ **سفوف ریواس** : اجزاء : بیخ ریواس خطائی (ریوند خطائی) ۵ تولہ، سنبل الطیب، ساذج ہندی، فلفل سیاہ، تخم قلمی، نوشادر ہر ایک ا تولہ

ترکیب تیاری : سب کو پیس کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ مطبوخ کاسنی یا شربت دینار کھلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب۔ عثمانیہ دواخانہ۔ لورے والا (ضلع ملتان)

۶۲۱۔ **سفوف زرنباد** : اجزاء : فودنج ا تولہ، پوست ہلیلہ زرد ا تولہ، ریوند خطائی ا تولہ، زرنباد ا تولہ، سوڈا بائیکارب ا تولہ

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ا ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ دو بار دن میں کھلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء لحمی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب۔ ریل بازار۔ میاں چنوں۔

۶۲۲۔ **عرق مرکب** : اجزاء : تخم کرفس ۲/۱-۲ تولہ، بیخ کرفس ۹ تولہ، بیخ بادیان ۹ تولہ، بادیان ۲/۱-۲ تولہ، افسنتین ۲/۱-۲ تولہ۔ مرکی ۲/۱-۲ تولہ، قصب الذریرہ ۲/۱-۲ تولہ، قسط شیریں ۲/۱-۲ تولہ، بیخ ریواس خطائی ۲/۱-۲ تولہ، گل غافث ۴ ماشہ، فقاح اذخر (شگوفہ اذخر) ۵ تولہ، بیخ اذخر ۵ تولہ، بادیان رومی ۴/۳-۱ تولہ، مصطگی رومی ۲/۱-۱، تخم کاسنی ۵ تولہ، بیخ کاسنی ۷ تولہ، حب المحلب

۱۰ تولہ، برگ گھیکوار ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو جَوکوب کر کے تین حصہ کریں ایک حصہ دوائی کو رات پانی ۵ سیر میں بھگو کر حسب دستور عرق کشید کریں اسی عرق کشید شدہ میں دوسرا حصہ بھگو کر عرق کشید کریں اسی طرح تین بار کریں۔

مقدار خوراک : جوان کو ۲ تا ۳ تولہ عرق پلائیں اور بچہ کو ۱ تولہ سے زیادہ نہ پلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء لحمی، زقی، طبلی کے علاوہ عظم الکبد، معدہ، امعا اور خنازیر وغیرہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صادق علی صاحب خیام دواخانہ کرشن نگر۔ لاہور۔

(۳ بار عرق کشید کرنے کے تکلف کی ضرورت نہیں ایک بار ہی دس سیر پانی ڈال کر ۵ سیر عرق حاصل کر لیں)

۶۲۳۔ **معجون استسقاء لحمی** : اجزاء : سورنجاں تلخ، سورنجاں شیریں، شحم حنظل، مرد (کنوچہ) کمون ابیض، گل سرخ، بادیان رومی ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی ۹ ماشہ، سقمونیا ولایتی، بلیلہ سیاہ، قسط شیریں ہر ایک ۹ ماشہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، بڑنگ کابلی ہر ایک ۶ ماشہ، تربد مجوف ایک تولہ، عسل خالص ۵ اتولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۳ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔ دو بار روزانہ۔

افعال وخواص : استسقاء لحمی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم منظور علی صاحب باٹھانوالہ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۶۲۴۔ **معجون شارف** : اجزاء : چوب زرد، خربق ہندی، آنبہ ہلدی، بڑنگ کابلی، ترپھلہ ہر ایک ۱½ تولہ، تربد مجوف، شارف (بدھارا) ہر ایک ۳ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد سہ چند میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ معجون ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں۔

افعال وخواص : استسقاء لحمی میں مفید ہے۔ ورم تحلیل ہونے کے بعد دوبارہ نہیں ہوگا۔

عطیہ : حکیم عبدالغنی صاحب ٹھمک۔ گجرات۔

۶۲۵۔ **محلول مرکب** : اجزاء : سرکہ انگوری ۵ تولہ، آب لیموں ۵ تولہ، آب ترب ۵ تولہ، آب افنتیمون ۵ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۵ تولہ

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو ملا کر دھوپ میں رکھیں۔ حل ہونے پر استعمال میں لائیں۔

مقدار خوراک : پہلے دن ۱ تولہ دوسرے روز ۲ تولہ، تیسرے روز ۳ تولہ، چوتھے روز ۴ تولہ علی القیاس ۴ تولہ روزانہ جتنی دوا مریض برداشت کر سکے پلاتے رہیں۔ مریض شفایاب ہوگا۔

افعال وخواص : استسقاء ہر اقسام کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد شیدا صاحب۔ ہاتھیاں۔ ضلع مردان

امراض الدم

فسادِ خون

۶۲۶۔ **حبِ چشخام**: اجزاء: رسوت ۱۰ تولہ، چشخام ۱۰ تولہ، قصب الزریرہ ۲ تولہ، گل حنا ۲ تولہ۔
ترکیب ساختن: تمام اشیاء کو کوٹ چھان کر پانی میں گوندھ کر حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب صبح کھلائیں۔
افعال و خواص: مصفی خون ہیں۔
عطیہ: صاحب نسخہ کا نام پتہ ندارد۔

۶۲۷۔ **حب قصب الزریرہ**: اجزاء: رب قصب الزریرہ ۲ تولہ، رُب نیب ۲ تولہ، رسوت ۲ تولہ، ریوند خطائی ۲ تولہ۔
ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کھرل کر کے حب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ یا شربت عناب صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: تصفیہ خون میں مؤثر ہے۔ خارش، پھوڑے اور مادہ آتشک کو دور کرتی ہے۔
عطیہ: حکیم خیر محمد صاحب، سرگودھا۔ بہاول نگر۔

۶۲۸۔ **حبِ مصفی خون**: اجزاء: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، شاہترہ، قصب الزریرہ، سرپھوکہ ہر ایک ۲½ تولہ، فلفل سیاہ ۱½ تولہ، کبریت آملہ سار مصفی ۳½ تولہ۔
ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: فساد خون اور امراض جلد میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم غلام مصطفٰے صاحب اندرون بھاٹی گیٹ لاہور۔

۶۲۹۔ **حبِ مصفی خون**: اجزاء: رسوت، رُب چرائتہ، رُب نیب، ریوند خطائی ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: مصفی خون ہے نیز سوء القنیہ کو مفید ہے۔

۶۳۰۔ **حبِ مصفّیٔ خون** : اجزاء : رسوت مصفیٰ، چشتام (چاکسو)، منڈی، برہم ڈنڈی، نیل کنٹھی، نیلوفر، سرپھوکہ، برادہ صندل سفید، برادہ صندل سرخ، شاہترہ، برگ حنا خشک، جوانسہ، برگ نیب، برگ بجگاتن، کشنیز خشک، مغز کمنال ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو باریک کوٹ پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : چھ ماہ کے بچے کو نصف اس سے بڑے بچے کو ایک حب شیر مادر میں گھس کر پلائیں۔ نوجوانوں کو ۳ حب ہمراہ شربت عناب صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : فسادِ خون میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔

عطیہ : حکیم عبد الغفور صاحب، بھانیکا۔ ڈاک خانہ منڈی صادق گنج۔

۶۳۱۔ **سفوف روناس** : اجزاء : صندل سرخ ۱ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ، طین احمر (ہرمچی) ۱ تولہ، طین زرد (گاچنی)، ۱ تولہ، حنا ۱ تولہ، روناس (مجیٹھ) ۱ تولہ، زرنباد ۱ تولہ، جدوار ۱ تولہ، برگ نیب ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اشیاء کو خوب پیس کر پارچہ بیز کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی سفوف ہمراہ آب دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : قلت الدم اور فساد الدم میں مفید ہے۔ اگر اس کا استعمال وہ مریضہ کرے۔ جس کے بچے اوائل عمر میں فوت ہو جاتے ہوں تو بچہ اس مرض کے اثرات سے محفوظ رہ کر تندرست و توانا ہوگا۔

عطیہ : طبیبہ امت العزیز صاحبہ چک نمبر ۲۸۱ ای۔ بی تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال

۶۳۲۔ **سفوف صندلین** : اجزاء : صندل سرخ، صندل سفید، برگ نیب، برگ حنا، اصل السوس مقشر، زرنباد، گل احمر (ہرمچی) مجیٹھ ہر ایک ½ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر کے ملا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف حسب عمر ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : مصفی خون، مولد خون، مقوی قلب، مقوی کبد، مقوی امعاء ہے۔ اسہال، عدم اشتہا، داد، چنبل، اوجاع ریحی، فذا، اختلاج القلب، ضعف البدن کے دفعیہ کے لئے مفید ہے۔ بچوں کے سیلان الاذن، دق الاطفال، قے، اسہال میں مفید ہے۔ مستورات کے جملہ عوارض میں مفید ہے۔ ضعف اعصاب کو دور کرتا ہے۔

ہدایت : دورانِ علاج قبض کا خیال رکھیں اگر قبض ہو جاتے تو سبوس اسبغول یا کوئی اور ملین دوا سے اسے دور کریں۔

عطیہ : حکیم افتخار احمد صاحب شرقی دواخانہ ۲۰ چیمبرلین روڈ۔ لاہور

۶۳۳۔ **سفوف مصفی** : اجزاء : کبریت آملہ سارہ تولہ، ہیل خورد، دارچینی، نارمشک، ست گلو، زنجبیل ہر ایک تولہ ترپھلہ ۳ تولہ، نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب تیاری : سب کو جدا جدا پیس کر نبات سفید ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ ماشہ سفوف دو بار روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص : فساد خون میں مفید ہے۔ نیز داد، خارش، شری اور جلد کے جس قدر امراض ہیں ان میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۶۳۴۔ **سفوف مصفی خون** : اجزاء : برادہ صندل سرخ، برادہ صندل سفید، برگ حنا خشک، برگ نیب خشک، طین احمر اصل السوس مقشر، زرنباد، مجیٹھ، ہرمچی ہر ایک اتولہ۔

ترکیب ساختن : تمام ادویہ جدا جدا پیس کر ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : بچوں کو ا رتی، بڑوں کو ا ماشہ سفوف ہمراہ شربت عناب کھلائیں۔

افعال وخواص : مصفی خون، پھوڑے پھنسی میں مفید ہے۔ جن عورتوں کے بچے عموماً پھوڑے پھنسی میں مبتلا رہتے ہیں انہیں چار یا پانچ خوراک ایام حمل میں کھلانے سے نتیجہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھیں۔

عطیہ : حکیم سردار محمد صاحب، چک نمبر ۱/۵۰۱ ای۔ بی ماچھی وال (ضلع ملتان)

۶۳۵۔ **سفوف ہیل** : اجزاء : کبریت آملہ سار ۲ تولہ، طباشیر کبود ۵ تولہ، ہیل خورد ۵ تولہ، نبات سفید ۱۵ تولہ، شیر گاؤ ۷ سیر۔

ترکیب ساختن : کبریت کو شیر گاؤ ایک سیر میں مدبر کریں اسی طرح سات بار مدبر کریں۔ جب کبریت مدبر ہو جائے تو پیس کر رکھیں۔ بعد ازاں اس میں باقی ادویہ پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ تا ۸ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : فساد الدم میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم ملک عبد الغنی صاحب حکیم حاذق کریمیہ دواخانہ، غوثیہ چوک۔ پیپلز کالونی ۲۔

۶۳۶۔ **شربت نیب مرکب** : اجزاء : شاہترہ، چرائتہ، سرپھوکہ، منڈی، عناب، ہلیلہ سیاہ، عشبہ مغربی، برادہ صندل سفید، پوست نیب، برگ نیب، برہمڈنڈی، نیل کنٹھی، برادہ شیشم، برگ حنا۔ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پانی ۲½ سیر میں رات بھگوئیں، صبح جوش دیں حتی کہ پانی نصف رہ جائے۔ چھان کر اس میں نبات سفید ۱½ سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ تولہ شربت ہمراہ شیر بز ۶ تولہ یا عرق شاہترہ ۶ تولہ پلائیں۔

عطیہ : حکیم شرافت حسین خاں صاحب۔ شوگر مل کالونی۔ لبیہ۔ ضلع مظفر گڑھ

۶۳۷۔ **شربت عشبہ:** اجزاء : عشبہ مغربی ۵ تولہ، عناب ۲۰ عدد، شاہترہ ۵ تولہ، گلو ۴ تولہ، قصب الزریرہ ۵ تولہ، افسنتین ۵ تولہ، کمون ابیض (زیرہ سفید) ۲ تولہ، پوست نیب ۲ تولہ، بنات سفید ایک سیر۔

ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ تولہ شربت ہمراہ آب تازہ صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص: مصفیٰ خون، دمل، خارش، دیگر امراض جلد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم منظور احمد صاحب۔ حبیب دواخانہ۔ رانی پور۔ سندھ۔

۶۳۸۔ **علاج خارش:** اجزاء : کبریت آملہ سار مدبر ۵ تولہ، سوڈا بائیکارب ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : اول کبریت کو کڑاہی میں نرم آنچ پر پگھلائیں اور روغن گاؤ میں ڈال دیں۔ اسی طرح تین بار کریں۔ پھر خشک کرکے مانند غبار پیس کر سوڈا بائیکارب ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ جوشاندہ حسب ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔ بچہ کو ا تا ۲ رتی پانی میں گھول کر پلائیں۔

اجزاء : عناب ۴ عدد، منڈی ۲ ماشہ

ترکیب تیاری: حسب دستور جوشاندہ تیار کرکے پلائیں۔

افعال و خواص: بہترین مصفی خون ہے۔ خارش کے لئے لاثانی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بسمل امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ۔ لاہور

نزف الدم

۶۳۹۔ **سفوف نزف الدم:** اجزاء : دم الاخوین ا تولہ، طباشیر ا تولہ، گل ارمنی ا تولہ، گیرو ا تولہ، سنگ جراحت ایک تولہ،

ترکیب ساخت: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت صندل، شربت انجبار یا خمیرہ گاؤزبان سادہ دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال و خواص: استحاضہ۔ بول الدم۔ بواسیر دموی، قے الدم، رعاف میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید شمس الدین، جوڑے موری بازار۔ لاہور

۶۴۰۔ **سفوف دم الاخوین:** اجزاء : دم الاخوین ا تولہ، گلنار ا تولہ، گل ارمنی ا تولہ، مغز بلوط ا تولہ، خرنوب نبطی ا تولہ

صمغ عربی ۱ تولہ، کندر ۱ تولہ، مویز ۵ تولہ،

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو پیس کر، مویز معہ تخم کو ہاون دستہ میں خوب کوٹیں کہ مویز نرم ہو جائے پھر سفوف ادویہ کو ملا کر اس قدر کوٹیں کہ سب یک جان ہو جائیں۔

مقدار خوراک قرص ۱/۶ ماشہ ہمراہ شربت انجبار ۳ تولہ، دن میں تین بار کھلائیں اگر اس کے ساتھ کشتہ گئودنتی دیا جائے تو اور بھی بہتر ہے۔

افعال وخواص : ہر قسم کے جریان خون کو روکنے کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم چوہدری محمد ابراہیم صاحب موضع بھینی سندھواں، تحصیل و ضلع لاہور

۶۴۱- **سفوف سرطان :** اجزاء : سرطان نہری سوختہ در شیر مادہ خر ۱ تولہ، کہربا شمعی مسحوقہ در عرق گلاب ۱ تولہ، دم الاخوین ۱ تولہ، مازو ۹ ماشہ، کافور ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو جدا جدا باریک کر کے ملا کر پھر کھرل کر کے یک جان کر لیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : نزف الدم ہر قسم میں مفید ہے۔ خواہ مسلول ہو یا استحاضہ، بواسیر الدم، رعاف، بول الدم، منی الدم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب عبدالکریم روڈ۔ قلعہ گوجر سنگھ۔ لاہور

امراض مرارہ

یرقان

۶۴۲۔ **خیساندہ برگ حنا** : اجزاء : برگ حنا خشک ۶ ماشہ، پوست نخود بریاں ۶ ماشہ،
ترکیب تیاری : دونوں کو رات کوزہ گلی میں پانی میں بھگوئے رکھیں۔ صبح زلال حاصل کریں۔
ترکیب استعمال : مندرجہ بالا ایک خوراک ہے اور صبح نہار پلائیں۔
افعال وخواص : یرقان جدید وکہنہ کے لئے مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم سلطان احمد صاحب سنت نگر۔ لاہور۔

۶۴۳۔ **خیساندہ یرقان** : اجزاء : تخم ترب، افتیمون، بادرنجبویہ ہر ایک ۳ ماشہ، تمر ہندی ۵ تولہ، آلوبخارا ۱۱ عدد۔
ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو بوقت شب پانی میں بھگو کر صبح زلال حاصل کرکے پلائیں۔
افعال وخواص : یرقان کے لئے مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم مرزا نذر محمد بیگ صاحب منڈی سکھیکے تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ۔

۶۴۴۔ **دوائے یرقان** : اجزاء : خربق ہندی۔ حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت : کوٹ پیس کر پارچہ بیز کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ چھاچھ گاؤ کھلائیں۔ دن میں صرف ایک بار۔ مریض دن بھر میں جس قدر زیادہ سے زیادہ چھاچھ پی سکے پلائیں۔
افعال وخواص : یرقان چار۔ پانچ دن کے اندر رفع ہو جائے گا۔ یرقان اصفر واسود میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم سید ذاکر حسین صاحب۔ مریدکے منڈی ضلع شیخوپورہ
نوٹ : بہت تیز دوا ہے۔ قوی المزاج اشخاص کو دیں۔

۶۴۵۔ **دوائے یرقان** : اجزاء : زاج ابیض بریاں ۳ ماشہ، گل سرخ ۶ ماشہ۔
ترکیب ساخت : حسب دستور پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
عطیہ : حکیم صدر الدین صاحب بڈو ملہی تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ۔

۶۴۶۔ **دوائے یرقان** : اجزاء : زاج ابیض بریاں ۵ ماشہ، گیرو ۲ ماشہ

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو پیس کر پارچہ بیز کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ ۲/۱ پاؤ کھلائیں، نیز زاج ابیض کو پانی میں حل کر کے ۲ قطرہ صبح و شام آنکھوں میں ڈالیں۔

افعال و خواص : یرقان اصفر میں مفید ہے۔ ایک ہفتہ میں مکمل صحت ہوگی۔

عطیہ : حکیم وحید الزماں صاحب، ساکن کڑیاں ضلع شیخوپورہ۔

۶۴۷۔ **سرمہ دافع یرقان** : اجزاء : برگ خارخسک خشک حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت : برگ مذکور کو مثل غبار کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : سلائی سے بطور سرمہ آنکھوں میں لگائیں۔ یہ عمل سات یوم کریں۔

افعال و خواص : یرقان میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبد اللطیف صاحب زبدۃ الحکماء۔ کارپوریشن یونانی ڈسپنسری شاہ عالمی گیٹ۔ لاہور

۶۴۸۔ **سفوف احمر** : اجزاء : زاج احمر معدنی ۵ تولہ، کافور جاپانی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : دونوں ادویہ کو چار گھنٹہ خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف مسکہ گاؤ ۲ تولہ میں موسم سرما میں دس بجے اور موسم گرما میں ۸ بجے صبح روزانہ ایک خوراک کھلائیں۔

افعال و خواص : اکیس یوم کے استعمال سے یرقان اصفر رفع ہو جائے گا۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۶۴۹۔ **سفوف ریباس** : اجزاء : بیخ ریباس، تخم کاسنی، شورہ قلمی، عنب الثعلب ہر ایک ۲ تولہ، ملح النار (نوشادر) فلفل سیاہ، کبریت آملہ سار مصفیٰ، گل احمر (گیرو) ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان ۵ تولہ شربت بزوری ۲ تولہ، دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال و خواص : یرقان اصفر اور اسود میں مفید ہے۔

ہدایت : زاج ابیض ۲ رتی عرق گلاب ۲ تولہ میں محلول تیار کریں اور دو مرتبہ روزانہ آنکھوں میں ٹپکائیں۔

عطیہ : حکیم محمد اسماعیل صاحب۔ گمٹی بازار۔ لاہور

۶۵۰۔ **سفوف زاج** : اجزاء : زاج ابیض ۵ تولہ، زاج اخضر ۵ تولہ، شورہ قلمی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے، سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ جغرات گاؤ صبح دوپہر و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : یرقان اصفر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۶۵۱۔ **سفوف سرشف** : اجزاء : زاج ابیض بریاں، تنکار بریاں، تخم سرشف (سرسوں)، ہر ایک ۵ تولہ، آب ترب ۱۰ تولہ، آب جل نیم بوٹی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : پہلی ہر دو ادویہ کو پیس کر آب ترب میں سحق کریں۔ پھر آب جل نیم بوٹی میں سحق کر کے بنات سفید ایا ۔ ملا کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں، بعد ازاں تخم سرشف پیس کر شامل کر لیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت صندل ۵ تولہ پانی ملا کر کھلائیں۔

افعال وخواص : یرقان ہر قسم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حاجی اللہ بخش صاحب چک ۱۰۹/۱۱۴۔ تحصیل خانیوال ضلع ملتان۔

۶۵۲۔ **سفوف شورہ** : اجزاء : شورہ قلمی ۵ تولہ، شب یمانی ۵ تولہ، صدف مروارید ی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : دونوں اجزاء کو پیس کر صدف صادق میں رکھ کر گل حکمت کر کے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر تینوں اجزا کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں

افعال وخواص : یرقان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ملک یوسف عزیز صاحب۔ فری یونانی شفاخانہ، عزیز منزل۔ اتحاد کالونی مغلپورہ۔ لاہور

۶۵۳۔ **سفوف فلفلین** : اجزاء : برنگ کابلی، سعد کوفی، آملہ منقیٰ، پوست بلیلہ، پوست ہلیلہ زرد، فلفل سیاہ، فلفل دراز زنجبیل، شیطرج ہموزن، کشتہ فولاد ہموزن ادویہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء علیحدہ پیس کر رکھیں بعد ازاں سب کو وزن کر کے کھرل میں مع کشتہ فولاد ڈال کر چوبیس گھنٹہ سحق بلیغ کریں اور محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ عرق کاسنی یا چھاچھ ترش صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : یرقان کے علاوہ امراض کبد میں بھی مفید ہے۔

عطیہ حکیم نذیر محمد صاحب۔ منڈی بہاؤ الدین۔ ضلع گجرات۔

۶۵۴۔ **سفوف قلعی** : اجزاء : کشتہ ہڑتال گئودنتی ۲ ماشہ، کشتہ قلعی ۴ ماشہ، زاج ابیض بریاں ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ رتی سفوف ہمراہ حضرات صبح نہار منہ کھلائیں، ۳ ہفتہ متواتر کھلائیں۔

افعال و خواص : یرقان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نور محمد صاحب چشتی صابری دواخانہ۔ پھالیہ۔ گجرات۔

۶۵۵۔ **سفوف یرقان :** اجزاء : خاکسی، بیخ ریباس (ریوند چینی) ہر ایک ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، فرفیون ہندی ۱ تولہ، نبات سفید ۲۲ تولہ،

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں اور نبات سفید ملا کر چالیس یوم تک جو میں دفن کریں۔ بعد ازاں نکال کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ شربت بزوری دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : یرقان کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں کبد اور طحال کی خرابی اور ایسے تمام حمیات کو جو ان اعضاء کی خرابی سے پیدا ہوں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد سرور صاحب ہاشمی۔ ہاشمی دواخانہ بوہے والہ ر دڑمیاں چنیوں۔ ضلع ملتان۔

۶۵۶۔ **شربت ترب :** ترکیب تیاری : ترب کو معہ برگ کوٹ کر پانی حاصل کریں اور مروق کر کے اس میں نبات سفید ۲ پاؤ ڈال کر حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق کاسنی ۵ تولہ عرق عنب الثعلب دن میں دو بار پلائیں۔

افعال و خواص : یرقان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فقیر محمد صاحب منڈی بہاؤالدین۔ ضلع گجرات۔

۶۵۷۔ **شربت زرشک :** اجزاء : تخم کاسنی ۵ تولہ، چہار مغز ۶ تولہ، بیخ کاسنی ۲ تولہ، بیخ بادیان ۲ تولہ، زرشک ۱۰ تولہ سرکہ انگوری ایک پاؤ، مصری ا سیر۔

ترکیب تیاری : کاسنی اور زرشک کے علاوہ باقی ادویہ کو عرق کو میں بھگو کر رکھیں چوبیس گھنٹہ کے بعد اس میں شیرہ تخم کاسنی و شیرہ زرشک ملا کر جوش دیں اور حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق مکو ۱۲ تولہ صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : یرقان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسحاق صاحب سومرو، ضلع خیر پور۔

۶۵۸۔ **شربت کاسنی مرکب :** اجزاء : گل بنفشہ ۳ تولہ، مویز منقی ۱۲ تولہ، تخم خیارین، کاسنی، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ

پوست بیخ بادیان ہر ایک ۲ تولہ، تخم کشوث صرو بستہ ۱ تولہ، آب کاسنی سبز مروق ۱ سیر، آب تازہ ۱ سیر۔

ترکیب تیاری :۔ تمام اجزا کو آب کاسنی سبز مروق اور آب تازہ میں بھگو کر جوش دیں اور حسب دستور نبات سفید ۲ پاؤ ترنجبین خراسانی ½۱ پاؤ شامل کر کے شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ۲ تولہ شربت ہمراہ آب عرق مکو، عرق کاسنی دن میں تین بار پلائیں۔

افعال وخواص : یرقان میں مفید ہے۔

عطیہ صاحب نسخہ نام پتہ ندارد۔

۶۵۹۔ **شربت یرقان** : اجزاء : برادہ صندل سفید، مویز منقیٰ ہر ایک ۵ تولہ، زرشک شیریں، تخم کاسنی، تخم خیارین ہر ایک ½۲ تولہ، گل سرخ، ہلیل کلاں ہر ایک ۱۵ ماشہ، قند سفید ½ سیر۔

ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ تولہ شربت ہمراہ عرق بادیان ۶ تولہ اور عرق کاسنی ۶ تولہ صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص : یرقان، حرارت قلب، ضعف کبد میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم فتح محمد صاحب۔ ضلع ساہیوال۔

۶۶۰۔ **علاج یرقان** : اجزاء : طباشیر کبود ۹ ماشہ، ست گلو، ست لیموں، فلفل سیاہ ہر ایک ۳ ماشہ، دانہ قاقلہ کبار ½۱ ماشہ، شورہ قلمی ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو جدا جدا پیس کر وزن کر کے ملائیں اور مزید سحق بلیغ کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ½۱ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ ذیل صبح و شام کھلائیں۔

شیرہ کاسنی : تخم کاسنی ۱ تولہ کو پانی ایک پاؤ میں گھوٹ کر کپڑے سے چند بار چھان کر رکھیں اب اس میں رس لیموں ایک عدد یا رس سنگترہ ایک عدد نچوڑ کر مصری ملا کر سفوف مذکورہ کے ہمراہ پلائیں۔

افعال وخواص : یرقان میں مفید ہے۔ اگر مقام کبد اور مقام فم معدہ پر صلابت محسوس ہو تو درج ذیل روغن کی مالش کریں۔

۶۶۱۔ **قیروطی محلل** : اجزاء : گل بنفشہ، حنفص مکی، بابونہ، اکلیل الملک، سنبل الطیب ہر ایک ۱ تولہ، مکو سبز آدھ پاؤ روغن کنجد ۱ تولہ، موم دیسی ایک تولہ۔

ترکیب ساخت : تمام اجزاء کو پانی ایک سیر میں جوش دیں جب پانی صرف آدھ پاؤ رہ جائے تو چھان کر روغن کنجد میں ملا کر آگ پر پکائیں جب صرف روغن باقی رہ جائے تو موم ملا کر اتار لیں۔

ترکیب استعمال : مقام جگر اور مقام فم معدہ پر ہلکی ہلکی مالش کریں۔ اگر تبض ہو تو رفع کریں۔

ھدایت : نسخہ مندرجہ بالا کے لئے اگر میوں یا تنگترہ کا موسم نہ ہو تو تمر ہندی ۱ تولہ پانی میں بھگو کر اس کا پانی شیرہ کاسنی میں ملا کر پلائیں۔

افعال وخواص : کبد اور فم معدہ کی صلابت کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد الیاس صاحب۔ قلعہ دیدار سنگھ۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۶۶۲۔ **علاج یرقان** : اجزاء : ریوند چینی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱/۲ ماشہ سفوف ہمراہ خیسانده تمر ہندی ۲ تولہ و کاسنی ۱ تولہ علی الصبح کھلائیں اور شام کو صرف خیسانده مذکور چینی یا نمک ملا کر پلائیں دو روز کے بعد پاخانہ کا رنگ زرد ہو جائے گا۔ تیسرے روز مغز املتاس ۵ تولہ عرق بادیان ۱۰ تولہ عرق گلاب ۱۰ تولہ نیم گرم میں مل چھان کر روغن بادام ۱ تولہ خالص یا روغن گاؤ ۲ تولہ ملا کر نیم گرم پلائیں، آنتوں کے سدے خارج ہو جائیں گے۔ جگر کے سدے دُور ہو جائیں۔ اس کے پانچ روز بعد حسب دستور ۱/۲ ماشہ سفوف مذکور خیسانده تمر ہندی اور کاسنی سے کھلائیں، شفاء کلی حاصل ہوگی۔

افعال وخواص : یرقان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نور حسین صاحب۔ بیڈ خانکی۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۶۶۳۔ **کشتہ مرجان** : اجزاء : بیخ مرجان ۵ تولہ، نیلوفر ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : بیخ مرجان کو نیلوفر کے نغدہ میں رکھ کر اوپر شیر مدار ڈال کر تر کریں۔ اسی طرح سے تین روز شیر مدار ڈالیں اور تر رکھیں۔ بعد ازاں کوزہ گلی میں بند کر کے گل حکمت کر کے ۸ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر مرجان نکال پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ شیرہ انار دانہ ۲ تولہ پانی ۱ پاؤ میں تیار کر کے شربت بزوری ۵ تولہ ملا کر صبح شام پلائیں۔ یرقان چار یوم میں دور ہو گا۔

عطیہ : حکیم محمد حسین صاحب نیا کرول نالا مارٹاؤن۔ باغبانپورہ۔ لاہور

امراض طحال

عظم طحال

٦٦٤. **اکسیر عظم طحال :** اجزاء : افتیمون ہندی، آب لیموں کاغذی ہر ایک ا سیر، ملح النارہ تولہ، نمک سیاہ ۲/۱-۲ تولہ، زاج اخضر ۲ تولہ، شحم حنظل ۲ تولہ،

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو بوتل میں ڈال کر ۱۴ یوم دھوپ میں رکھیں۔ بعد ازاں فلٹر کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ایک چمچ چائے قبل از غذا صبح و شام پلائیں، چھاچھ، ثقیل اشیاء، سرخ مرچ، گوشت گائے سے پرہیز ضروری ہے،

افعال و خواص: عظم طحال، ورم طحال، سوء ہضم، ضیق النفس میں اکسیر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

٦٦٥. **جوشاندہ برائے عظم طحال :** اجزاء : سنا مکی ۱ تولہ، ملح النار ا تولہ، زاج اخضر ا تولہ، سالٹ ۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن : سنا مکی کو تین پاؤ پانی میں خوب جوش دیں اور چھان کر بوتل میں ڈال لیں۔ پھر اس میں باقی ادویہ ملا کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ جوشاندہ بعد از غذا صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص: عظم طحال اور ضعف کبد میں مفید ہے۔

٦٦٦. عطیہ : حکیم خوشی محمد صاحب بٹے ڈولا۔ سیالکوٹ۔

حب برائے عظم طحال : اجزاء : تنکار بریاں، صبر زرد، خردل، فلفل سیاہ، شورہ قلمی، ریوند خطائی، افسنتین مصطگی رومی ہر ایک ا تولہ، ملح النار ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر گوار گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسب بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : عظم طحال کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر محمد صاحب اشرف یونانی دواخانہ۔ پاک پتن ضلع ساہیوال

٦٦٧. **حب دافع عظم طحال :** اجزاء : ست لیموں ا تولہ، تنکار خام ا تولہ، نوشادر ا تولہ، خردل ا تولہ، مقل ازرق ا تولہ، ایلوا ایک تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزا کو کوٹ چھان کر آب افتیمون سبز میں چار پہر کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ بعداز غذا دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : عظم طحال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم امام بخش صاحب ضلع رحیم یار خاں۔

۲۶۸۔ **دوائے عظم طحال :** اجزاء : شحم حنظل ۵ ماشہ، قند سیاہ ۲ ماشہ، نانخواہ ۱۰ تولہ، چہار نمک ۲ تولہ، آب لیموں ۴ تولہ، آب تازہ ۴۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : ان سب کو چینی کے برتن میں ڈال کر گیارہ یوم دھوپ میں رکھیں دھوپ تیز ہو۔ بعد ازاں چھان کر بوتلوں میں بھر کر مزید گیارہ یوم تیز دھوپ میں رکھیں اس کے بعد پھر چھان کر بوتلوں میں بھر لیں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ دوا بعداز غذا صبح و شام قدرے پانی ملا کر پلائیں۔

افعال و خواص : عظم طحال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد مُراد آزاد۔

۲۶۹۔ **سفوف دافع عظم طحال :** اجزاء : خردل ۲ تولہ، تنکار ۲ تولہ، نوشادر ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام بعداز غذا کھلائیں۔

افعال و خواص : عظم طحال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مختار احمد صاحب چک نمبر ۱۲۳ تحصیل خانیوال، ضلع ملتان

۲۷۰۔ **ضماد برائے عظم طحال :** اجزاء : تخم کتان ۱ تولہ، تخم حلبہ ۱ تولہ، صبر ۱ تولہ، ہر دو ایک تولہ۔

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کو باریک پیس کر سرکہ انگوری میں گوندھ کر ضماد تیار کریں۔

ترکیب استعمال : مقام طحال پر ضماد کریں۔

افعال و خواص : عظم طحال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یونس صاحب بیرون دہلی گیٹ۔ ملتان

۲۷۱۔ **مرکب دافع عظم طحال :** اجزاء : آب لیموں ۳ پاؤ، زاج اخضر ۵ تولہ، ملح المنار ۲ تولہ، ریوند خطائی ۱۰ تولہ، شورہ قلمی ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو ایک بوتل میں ڈال کر کھیرا دو ہلاتے رہیں تاکہ حل ہو جائیں، ۲۴ گھنٹہ بعد چھان لیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ دوا پانی میں ملا کر دن میں تین بار بعداز غذا پلائیں۔

افعال و خواص : عظم طحال، ضعف طحال اور ضعف الکبد میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بشیر صاحب۔ گکھڑ منڈی، ضلع گوجرانوالہ۔

امراض الکلیہ

ضعف کلیہ

۶۰۲۔ **سفوف کتان** : اجزاء: تخم کتان (السی) بریاں ا تولہ، نبات سفید ا تولہ۔
ترکیب ساختن : تخم کتان کو کوٹ چھان کر مصری ملا کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ تولہ سفوف ہمراہ چائے شیر گاؤ زیادہ ڈال کر صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : ضعف کلیہ میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم خداداد صاحب مقام مانگا تحصیل چارسدہ ضلع پشاور

وجع الکلیہ

۶۰۳۔ **حب ارنڈ** : اجزاء: مغز تخم بید انجیر ۲ تولہ، مغز بادام شیریں ۲ تولہ، زعفران کشمیری ا تولہ۔
ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ پیس کر شہد خالص میں گوندھ کر حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔
ترکیب استعمال : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مؤثر ہے۔

۶۰۴۔ **حب فلفل** : اجزاء: فلفل سیاہ، فلفل دراز، فلفل موبہ، حلتیت، زنجبیل، نمک سیاہ، نمک لاہوری، ریوند خطائی دارچینی ہر ایک ا تولہ، نانخواہ ۲ تولہ، آب ترب ۲۰ تولہ، آب ادرک ۲۰ تولہ، لعاب گھیکوار ۲۰ تولہ۔
مقدار خوراک : سب ادویہ باریک کر کے ہر سہ آب میں باری باری کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
افعال وخواص : درد گردہ میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم صوفی نثار احمد صاحب، دواخانہ چشمہ فیض عام۔ نقیر آباد۔ شالامار ٹاؤن۔ لاہور

۶۰۵ **دوائے درد گردہ** : اجزاء: برگ امرود نرم تازہ ا تولہ۔
ترکیب استعمال : برگ امرود نرم و تازہ چبا کر کھا لئے جائیں تو دس پندرہ منٹ میں درد کو فوراً سکون ہوگا۔
افعال وخواص : درد گردہ کا مریض جو شدت درد سے بیتاب ہو فوراً سکون حاصل کر لیتا ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۶۷۶۔ **دوائے وجع الکلیہ :** اجزاء : کرم شب تاب (جگنو) حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : کرم شب تاب پکڑ کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک عدد کرم قند سیاہ میں رکھ کر گولی بنا کر کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمٰن صاحب کوٹلی امر سنگھ، حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ

۶۷۷۔ **سرکہ خردلی :** اجزاء : خردل مسحوق ۳ ماشہ، سرکہ انگوری ایک بوتل۔

ترکیب تیاری : دونوں اجزا کو ایک بوتل میں ملا کر حل کریں۔

مقدار خوراک : دو تولہ سرکہ پلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ اور سوء ہضم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خادم حسین صاحب پتہ نامعلوم۔

۶۷۸۔ **سفوف اصل الخروع :** اجزاء : پوست بیخ بیدانجیر در سایہ خشک شدہ حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری : کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

افعال وخواص : درد کو فوری سکون بخشتا ہے۔

عطیہ : حکیم خیر محمد صاحب عظمت دواخانہ۔ بہاول نگر۔

۶۷۹۔ **سفوف تنکار :** اجزاء : تنکار، زاج ابیض، صبر ہر ایک ا تولہ، عصارہ ریوند ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کا سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ رتی سفوف قند سیاہ میں لپیٹ کر ہمراہ آب گرم کھلائیں۔ پانچ منٹ میں درد دور ہوگا۔ اگر پیشاب اور پاخانہ جاری نہ ہو تو بیس منٹ بعد دوسری خوراک کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مفید ہے اگر مریض ایک ہفتہ تک روزانہ ۲ خوراک کھائے تو زندگی بھر بعد گردہ نہ ہو۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۸۰۔ **سفوف جدوار والا :** اجزاء : شورہ قلمی ۲ تولہ، پھٹکری ۳ ماشہ، خار خسک ۶ ماشہ، سرد چینی ۶ ماشہ، بادیان ۶ ماشہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ، افیون ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ ہر تین گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : درد گردہ کا اسراری نسخہ ہے۔ درد کو فوراً دور کرتا ہے۔

عطیہ : دہندہ کا نام و پتہ نامعلوم۔

۶۸۱۔ **سفوف خارخسک** : اجزاء : حجر الیہود ۱ تولہ، حب القلت ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، نمک ترب ۱ تولہ، خارخسک ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ یا شیرہ تخم خربزہ کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ، ریح الکلیہ، حبس بول، تقطیر البول، حصاۃ گردہ ومثانہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید صغیر حسین شاہ صاحب۔ دواخانہ کہار پورہ۔ ضلع لاہور

۶۸۲۔ **سفوف ریوند** : اجزاء : بیخ ریباس ریوند چینی، زاج ابیض، صبر، تنکار ہر ایک ۶ ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ دوسری خوراک ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۸۳۔ **سفوف رعی الحمام** : اجزاء : سفید بیٹ کبوتر جنگلی ۳ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری : دونوں اجزاء کو باریک کرکے سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ چائے دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ڈُر محمد شاہ صاحب پتہ ندارد۔

۶۸۴۔ **سفوف رعی** : اجزاء : سفیدی بیٹ کبوتر ۹ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، ہیل خورد ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کا سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب نیم گرم کھلائیں۔

افعال ومنافع : وجع الکلیہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم فضل محمد صاحب گگو، تحصیل پاک پتن۔ ضلع ساہیوال۔

۶۸۵۔ **سفوف زاج** : اجزاء : زاج ابیض بریاں ۲ ماشہ، قرنفل، مدد، زنجبیل ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔
مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الکلیہ کو فوری سکون بخشتا ہے۔
عطیہ : حکیم نور محمد صاحب بھٹی ہاشمی دواخانہ۔ منڈی صادق گنج۔ ضلع بہاولنگر

۶۸۶ **سفوف شب مدبر :** اجزاء : شب یمانی ۵ تولہ، آب ترب اسیر
ترکیب ساخت : شب یمانی کو کڑاہی میں ڈال کر آب ترب ڈالیں اور آگ پر پکائیں۔ جب آب ختم ہوجائے اور پھٹکڑی بریاں ہوجائے تو باریک پیس کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک : ۳ رتی سفوف ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : درد گردہ ریحی میں موثر ہے۔ درد سے تڑپتے مریض کو صرف ایک خوراک کافی ہے۔
عطیہ : حکیم کمال الدین صاحب۔ ضلع رحیم یار خاں۔

۶۸۷ **سفوف شورہ :** اجزاء : قلمی شورہ ۱۰ تولہ، اذاراقی ۱ تولہ
ترکیب تیاری : کوزہ گلی میں اذاراقی کے اوپر نیچے شورہ قلمی رکھ کر گل حکمت کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الکلیہ ریحی میں موثر ہے۔ نیز مدر بول وحیض بھی ہے۔
عطیہ : حکیم محمد یٰسین صاحب۔ بیرون دہلی گیٹ ملتان

۶۸۸ **سفوف طین :** اجزاء : گل ارمنی، گل مختوم، گل ملتانی، چہار مغز، مغز بادام، گل سرخ، مغز چلغوزہ ہر ایک ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔
مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم غلام احمد صاحب چک ۲۰۶/۲ ۸۰ ضلع بہاولنگر۔

۶۸۹ **سفوف مسکن وجع الکلیہ :** اجزاء : کافور ۶ ماشہ، لوبان کوڑیہ ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف بوقت دورۂ وجع الکلیہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع الکلیہ میں فوری سکون بخش ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حیات۔ صدر شاہ پور، ضلع سرگودھا۔

۶۹۰۔ **سفوف ملحین** : اجزاء : جوکھار، سجی، تنکار خام، نوشادر، فلفل سیاہ، نمک سنگ، نمک شیشہ، ملیٹ عمدہ، شورہ قلمی ہموزن۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف سرکہ انگوری ولایتی ۱ تولہ میں حل کر کے مریض کو پلائیں۔

افعال وخواص : پہلی خوراک سے درد گردہ کو سکون ہوگا اور بے چینی دور ہوگی اگر درد شدید ہو تو پندرہ منٹ بعد دوسری خوراک کھلائیں۔ اس کے بعد تیسری خوراک دینے کی نوبت نہ آئے گی۔

عطیہ : حکیم عبدالمجید عتیقی صاحب۔ ۲۵ فلیمنگ روڈ لاہور۔ و

حکیم وحیدالزمان ۲۶۹ جلہ ارائیں۔ تحصیل لودھراں۔ ضلع ملتان۔

۶۹۱۔ **شربت برگ انگور** : اجزاء : بیخ کاسنی، بیخ بادیان، تخم خربزہ ہر ایک ۳ تولہ، برگ انگور سفید ۵ تولہ، حب القلت ایک تولہ، حب القرطم ۱ تولہ، مصری ایک سیر۔

ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۵ تولہ شربت ہمراہ آب تازہ ۱۰ تولہ روزانہ نہار منہ پلائیں۔

افعال وخواص : یہ شربت وجع الکلیہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب مالو ہے۔ تحصیل ڈسکہ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۶۹۲۔ **کشتہ حجر الیہود مدبر** : اجزاء : آب برن کھری مروق ۵ تولہ، کشتہ حجر الیہود ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو آگ پر رکھ کر پکائیں۔ حتےٰ کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جاتے۔ بعدازاں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ عرق اجوائن ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم سلطان محمد صاحب۔ شام نگر چوبرجی۔ لاہور

۶۹۳۔ **کشتہ حجر الیہود** : اجزاء : حجر الیہود ۲ تولہ، گودا گھیکوار ۵ تولہ، آب لیموں ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : حجر الیہود کو گودا گھیکوار میں خوب کھرل کریں۔ بعدازاں آب لیموں میں کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک ہونے پر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۴ رتی سفوف ہمراہ عرق کاسنی ۱۰ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع الکلیہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۹۴۔ **کشتہ حجر الیہود** : اجزاء : حجر الیہود ۵ تولہ، شورہ قلمی اپاؤ۔

ترکیب تیاری : ایک خرگوش نر کو ذبح کرکے آلائش شکم سے پاک کریں۔ بعدازاں شکم خرگوش میں شورہ قلمی نصف نیچے بچھا کر اوپر حجر الیہود رکھیں باقی ماندہ قلمی شورہ اوپر دے کر شکم خرگوش کو سوئی سے سی دیں۔ کوزہ گلی میں سمپٹ کرکے بیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ بعدازاں مزید شورہ قلمی اپاؤ کے درمیان مذکورہ حجر الیہود مدبر کو ایک آہنی کڑاہی میں رکھ کر اوپر آب ترب اسیر ڈال دیں اور آگ پر رکھ کر پکائیں۔ پانی خشک ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : چند خوراک سے پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکل جاتی ہے۔

عطیہ : حکیم منظر علی وارثی صاحب، یونانی دواخانہ۔ جناح چوک۔ ساہیوال

۶۹۵۔ **محلول حلتیت** : اجزاء : حلتیت، ملح النار (نوشادر) ملح اسود ہر ایک ا تولہ، آب لیموں ۱۰ تولہ، سرکہ نیشکر دیسی اپاؤ۔

ترکیب تیاری : پہلی تینوں اشیاء کو جو کوب کرکے آب لیموں اور سرکہ میں ملا کر کسی بوتل میں ڈال دیں اور کارک مضبوط لگا کر تین دن دھوپ میں رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ چمچ چائے شدید درد میں ایک خوراک پلائیں۔ بعدازاں سکون کی حالت میں ایک چمچ صبح دوپہر شام دے سکتے ہیں۔ دن میں تین بار دیں۔

افعال وخواص : درد گردہ ومرارہ تین دن میں دور ہوگا۔

عطیہ : حکیم ضیاء احمد صاحب۔ سرگودھا۔

ذیابیطس

۶۹۶۔ **اکسیر ذیابیطس** : اجزاء : کشتہ طلاء، مروارید، کشتہ نقرہ، افیون، کشتہ فولاد در جامن، کشتہ قلعی، کشتہ زمرد ہر ایک ۳ ماشہ، مغز تخم جامن، گڑمار بوٹی ہر ایک ایک تولہ، پوست سنگ دانہ مرغ ۴ عدد۔

ترکیب تیاری : حسب دستور تمام ادویہ کو باریک کرکے سب کو ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی اکسیر ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم فضل کریم صاحب پرانی سبزی منڈی۔ چکوال ضلع جہلم۔

۶۹۷۔ **حب اسپند:** اجزاء: تخم اسپند ۳ تولہ، تخم ترہ تیزک (ہالون) ا تولہ۔
ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔
مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: ذیابیطس شکری میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم مولوی فضل دین صاحب، مدینہ چوک کالونی غلام محمد آباد۔ لائل پور

۶۹۸۔ **حب بانقراس مرواریدی:** اجزاء: غدہ بانقراس ۵ تولہ، جگر بزہ تولہ، لمع انار (نوشادر)، نمک لاہوری شب یمانی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ طلاء، افیون خالص، اذاراقی مدبر، ورق نقرہ، جدوار خطائی، مروارید ناسفتہ زعفران کشمیری ہر ایک دو ماشہ۔
ترکیب تیاری: پہلی پانچوں اشیاء کو ایک چینی کے برتن میں ڈال کر روزانہ ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں۔ تاکہ سب خشک ہو جائیں۔ سفوف بنالیں۔ بعدازاں باقی ادویہ کو حسب دستور خوب کھرل کریں اور پہلی ادویہ کو ملا کر دوبارہ کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مٹر بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب ہر چار گھنٹہ بعد کھلائیں۔
افعال وخواص: ذیابیطس شکری میں مفید اور موثر ہے۔
عطیہ: حکیم غلام سرور صاحب کھوکھر۔ مقام رشکئی۔ ضلع پشاور۔

۶۹۹۔ **حب ذیابیطس:** اجزاء: رب جامن ا تولہ، افیون خالص ا تولہ، مغز بنولہ ا تولہ، کشتہ زمرد ایک ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ، کشتہ طلاء ا ماشہ۔
ترکیب تیاری: تینوں ادویہ کو باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بوزن ارتی بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ جوشاندہ پوست درخت جامن ۳ بار دن میں کھلائیں۔
افعال وخواص: ذیابیطس کے لئے تریاق اعظم ہے۔
عطیہ: حکیم محمد فاروق نظامی۔ بھٹھہ پارسیاں۔

۷۰۰۔ **حب زنجفر:** اجزاء: فلفل سیاہ ۶ ماشہ، فلفل ابیض ۶ ماشہ، افیون ۴ ماشہ، زنجفر ۳ ماشہ۔
ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو پیس کر زردی ۲ بیضہ مرغ میں اس قدر کھرل کریں کہ حبوب بنانے کے قابل ہو جائے۔ تو حبوب تیار کریں۔ بعدازاں ایک بیضہ مرغ کی سفیدی نکال دیں اور صرف زردی رہنے دیں۔ اس میں حبوب داخل کر کے دوسرے خول سے بند کر کے آرد گندم سے ملفوف کر کے پاچک دشتی ۲ سیر کے انگاروں میں رکھ کر آرد گندم کو سرخ کر لیں۔ بعدازاں نکال کر دوا لے کر کھرل کر کے حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد قلزانی صاحب۔ قیوم دواخانہ احمد پور ۳۱ ضلع رحیم یار خاں۔

۶۰۱۔ **حب زمرد** : اجزاء: مغز تخم انبہ ۸ ماشہ، مغز تخم جامن ۸ ماشہ، گزمار بوٹی ۸ ماشہ، تخم حماض ۴ ماشہ، پوست دانہ سماق ۴ ماشہ، گلنار ۴ ماشہ، مغز تخم املی ۴ ماشہ، صندل سفید ۴ ماشہ، ست سلاجیت ۴ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، ورق طلا ۲ ماشہ، یاقوت ۲ ماشہ، زمرد ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری : اول یاقوت، زمرد، ورق طلا کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں کہ مثل غبار ہو جائے۔ بعدازاں بقیہ ادویہ کا سفوف بنا کر شامل کریں اور حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : دو حب ہمراہ آب تازہ نہار منہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد مسعود، ۲۹۰ گلستان کالونی، دھرمپورہ۔ لاہور۔

۶۰۲۔ **حب سلاجیت** : اجزاء: گزمار بوٹی ۹ تولہ، ست گلو اصلی ۶ تولہ، زنجبیل ۱½ تولہ، سلاجیت اصلی ۹ ماشہ، مغز تخم جامن ۶ تولہ، کشتہ فولاد ¼ ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو علیحدہ علیحدہ باریک کر کے ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں ۲ بار کھلائیں۔ پرہیز: ذیابیطس شکری کا جاری رہنا چاہیئے۔

افعال وخواص : ذیابیطس شکری میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سردار احمد چشتی۔ سکھے کی منڈی۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۶۰۳۔ **حب زمرد عنبری** : کشتہ زمرد ۲ ماشہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۳ ماشہ، کشتہ فولاد در جامن ۶ ماشہ، کشتہ نقرہ ۳ ماشہ، سلاجیت آفتابی ۱ تولہ، عنبر اشہب ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو شیر برگد میں کھرل کر کے حب بقدر ۲ رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خواجہ محمد سعید خالد صاحب۔ دہلی ٹبا دواخانہ۔ راولپنڈی۔

۶۰۴۔ **حب زنجفر** : اجزاء: زنجفر ۱ تولہ، فلفل دراز ۲ عدد، زعفران ۲ ماشہ، افیون خالص ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو سوائے افیون کے کھرل کر کے ایک انڈے کے خول میں بھر کر دوسرے انڈے کے

غول سے بند کرکے اوپر آٹے کا موٹا لیپ کردیں۔ بعدازاں اس کو بھوبھل میں دبادیں۔ جب آٹا سرخ ہوجائے تو نکال لیں۔ اب اس دوا میں افیون قدرے شہد میں حل شدہ ملاکر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ پرہیز بدستور جاری رکھیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس کو دور کرتی ہے۔ نیز مقوی باہ بھی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد مختار احمد صاحب قادری نوشاہی دواخانہ۔ بورے والا۔ ضلع ملتان۔

۵۰۰۔ **حب گڑمار**: اجزاء: گڑمار بوٹی ۲۴ تولہ، گلو خشک ۱۲ تولہ، مغز تخم جامن ۱۲ تولہ، زنجبیل ۶ تولہ، سلاجیت ۱/۲ ۱ تولہ کشتہ فولاد در جامن ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر کشتہ فولاد شامل کرکے مزید کھرل کریں کہ سب ادویہ یکجان ہوجائیں تو محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس شکری میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم خلیفہ لطف الدولہ، خلیفہ نصر اللہ سٹریٹ تنکار پور۔

۵۰۶۔ **حب مغز پنبہ دانہ**: اجزاء: رب جامن، افیون خالص، مغز پنبہ دانہ ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ زمرد ۶ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۶ ماشہ، کشتہ طلاء ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری: پہلی تینوں ادویہ کو یکجان کرکے کشتہ جات شامل کرنے کے بعد سحق بلیغ کریں اور حبوب بقدر ایک رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ جوشاندہ پوست درخت جامن دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس کے لئے تریاق اعظم ہے۔

عطیہ: حکیم محمد فاروق نظامی صاحب۔ بھٹنڈہ۔

۵۰۷۔ **حب مغیلاں**: اجزاء: گلو سبز ا سیر، گڑمار بوٹی ا سیر، تخم جامن ا سیر، پوست درخت مغیلاں ا سیر، پوست بیضہ مرغ سوختہ ۵ تولہ،

ترکیب تیاری: پہلی چاروں اشیاء کو کوٹ کر پانی ۱۲ سیر میں بھگودیں، موسم سرما میں ۲ ہفتہ اور موسم گرما میں ایک ہفتہ بھگوئے رکھیں۔ بعدازاں ایک آہنی کڑاہی میں سب اشیاء کو معہ پانی ڈال کر اس قدر پکائیں کہ پانی صرف ۲ سیر رہ جائے۔ سرد ہونے پر چھان کر جوشاندہ آب کو دوبارہ کڑاہی میں ڈال کر اس قدر پکائیں کہ مانند رب ہوجائے۔ پھر اتار کر اس میں پوست بیضہ مرغ سوختہ شامل کرکے کھرل کریں اور حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : دو حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔ پرہیز ذیابیطیسی بدستور رہے گا۔
افعال وخواص : ذیابیطس کے لئے بے نظیر ہے۔
عطیہ : حکیم محمد یعقوب علی خاں صاحب دہلی سنٹرل دواخانہ ریلوے روڈ۔ لاہور

۴۰۸۔ **دوائے جوز بوا** : اجزاء : جوز بوا ایک عدد، افیون ایک ماشہ۔
ترکیب ساخت : جائفل کا ایک بڑا دانہ لے کر اس میں باریک سوئی سے سوراخ دو تہائی حصہ تک کریں۔ بعدازاں اس میں افیون داخل کرکے اسے برادہ سے بھر کر جو نکل کو انار کے اندر بند کرکے اس پر کپڑا لپیٹ کر مٹی کا لیپ کریں اس پر ایک کپڑا مٹی میں لت کرکے لپیٹ کر اس کو تنور کی بھوبھل میں رکھ دیں۔ پک جائے مگر جلنے نہ پائے پھر نکال کر سرد کرکے انار کو الگ کرکے جوز بوا معہ افیون خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ شہد خالص صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس میں مؤثر ہے۔
عطیہ : سید شمشیر اختر حسین صاحب۔ لاہور

۴۰۹۔ **دوائے ذیابیطس** : اجزاء : زنجفر ا تولہ، پوست بیضہ مرغ ۸ عدد، افیون ا تولہ، اقاقیا ا تولہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۱۰ تولہ، تخم حماض ۶ ماشہ، کافور ۴ ماشہ۔
ترکیب تیاری : شنگرف ا تولہ کی ڈلی کو پیس کر پوست بیضہ مرغ کے ساتھ ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعدازاں کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پانچ دشتی ۲۰ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ اب اس میں باقی ادویہ پیس کر ملا دیں۔ اور خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ چاول تا ۲ رتی دوا، ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس کے لئے اکسیر ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۱۰۔ **دوائے یمانی** : اجزاء : شب یمانی ۵ تولہ، کافور ۲ تولہ۔
ترکیب تیاری : دونوں کو کوٹ کرکے آپس میں ملا لیں اور کوزہ گلی میں ڈال کر اوپر آب لیموں ۹ عدد نچوڑیں اور گل حکمت کرنے کے بعد ۶ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکالیں اور دوبارہ آب لیموں ۶ عدد ڈال کر بدستور گل حکمت کرکے ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک : ایک رتی دوا، مسکہ گاؤ میں رکھ کر کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس شکری میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احسن صاحب بشمس دواخانہ۔ بہاول پور

۶۱۱۔ **سفوف لبسد**: اجزاء: لودھ پٹھانی ۲ تولہ، گل دھاوا ۲ تولہ، گلنار ۲ تولہ، مغز تخم جامن ۲ تولہ، لبسد سوختہ ۲ تولہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو پیس کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا دو ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس کے علاوہ سیلان الرحم میں مفید ہے۔ نیز مقوی رحم بھی ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب چک نمبر ۱۲۲ ج۔ ب نور پور ضلع لائلپور

۶۱۲۔ **سفوف بلوط**: اجزاء: کشتہ پوست بیضہ مرغ ۵ تولہ، مغز تخم جامن ۵ تولہ، گڑمار بوٹی ۵ تولہ، شاہ بلوط ۵ تولہ، سعد کوفی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر پھر ملا کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح وشام دو بار کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عثمان علی صاحب بورے والا۔ ضلع ملتان

۶۱۳۔ **سفوف جامن**: اجزاء: مغز تخم جامن ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں ۲ بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم خان محمد صاحب وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۶۱۴۔ **سفوف جواہر**: اجزاء: یاقوت ۱ تولہ، زمرد ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، ورق نقرہ ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ، کشتہ صدف ۱ تولہ،

ترکیب تیاری : یاقوت اور زمرد کو حسب دستور ردرح کیوڑہ میں صلایہ کریں۔ پھر باقی ادویہ سائیدہ کرکے ملا کر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس اور کثرت احتلام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ریاض احمد بٹ صاحب، رام گلی نمبر ۶۔ لاہور

۱۵۔ **سفوف خرفہ:** اجزاء: صندل سفید، نشاستہ، تخم کاہو، تخم خرفہ، صمغ القتاد، کتیرا ہر ایک ۴ تولہ، صمغ عربی گل ارمنی، سماق، مویز منقیٰ، بلوط ہر ایک ۵ تولہ،

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر مویز میں ملا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۵ ماشہ سفوف ہمراہ آب عجزات صبح اور بوقت ظہر ہمراہ آب انارہ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فضل الٰہی صاحب۔ لاہور

۱۶۔ **سفوف رال:** اجزاء: گندم ۲۰ تولہ، رانج (رال سفید) ۵ تولہ، افیون ۶ ماشہ

ترکیب تیاری: گندم کو کڑاہی میں ڈال کر بغیر ریت کے بھونیں۔ حتیٰ کہ جل جائے۔ بعد ازاں دونوں اشیاء کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور ہلاتے رہیں۔ حتیٰ کہ رال کی تری ختم ہو جائے۔ اتار کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ذیابیطس میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام نبی صاحب موضع چاپا نوالہ تحصیل شورکوٹ، ضلع جھنگ

۱۷۔ **سفوف سروالی:** اجزاء: تخم سروالی ۵ تولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: تخم سروالی کو کوٹ چھان کر کشتہ شامل کر کے مزید کھرل کریں اور محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف معجون فلاسفہ ۶ ماشہ میں ملا کر ہمراہ شیرہ برگ توکاٹ ۱/۲ ۲ تولہ، شیرہ برگ گل صد برگ ۱/۲ ۲ تولہ پانی ایک پاؤ میں تیار کر کے پلائیں۔

افعال وخواص: مرض ذیابیطس میں مفید و موثر ہے۔

عطیہ: حکیم لال دین صاحب۔ مولا بخش روڈ۔ مزنگ لاہور۔

۱۸۔ **سفوف سمندر سوکھ:** اجزاء: سمندر سوکھ ۴ ماشہ، مغز تخم بندق ۱ عدد۔

ترکیب تیاری: مذکورہ ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کر لیں یہ ایک خوراک ہے۔

مقدار خوراک: ایک خوراک مذکورہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ کم از کم پندرہ روز مسلسل کھلائیں۔ پرہیز ذیابیطس ضروری ہے۔

افعال وخواص: ذیابیطس شکری کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: مرزا محمد صدیق صاحب۔ سلانوالی۔

۱۹۔ **سفوف قثاء الحمار:** اجزاء: خولنجاں ۱ تولہ، کریلا خشک ۱ تولہ، گڑمار بوٹی ۱ تولہ، مغز تخم جامن ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح کھلائیں۔
افعال وخواص: ذیابیطس میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالحلیم قریشی صاحب۔اندرون دہلی دروازہ لاہور۔

۲۰۔ **سفوف کرنب الماء**: اجزاء: ست گلو اصلی، طباشیر کبود، کہرباشمعی، مغز تخم انبہ، مغز تخم جامن، گل ارمنی، تخم کرنب الماء، تخم نیلوفر، تخم فرنجمشک، تخم گاؤزبان، موصلی سفید، ہر ایک ۱ تولہ،
ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔
مقدار خوراک : ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم حافظ محمد جان صاحب ۱ پیسہ اخبار۔نئی انارکلی۔لاہور

۲۱۔ **سفوف کریلا** : اجزاء : پوست کریلا خشک، مغز تخم جامن ہر ایک ۳ تولہ، سنبل الطیب ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔
مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص: ذیابیطس میں مفید ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ کا نام وپتہ ندارد۔

۲۲۔ **سفوف کندر**: اجزاء: کندر، مغز تخم جامن، طباشیر کبود، تافلہ صغار، ورق نقرہ، کشتہ بیضہ ہر ایک ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۴ ماشہ۔
ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو جدا جدا پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب جامن تازہ صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس شکری کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۲۳۔ **سفوف گڑمار**: اجزاء: گڑمار بوٹی۔ ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ۱ تولہ، کلغی مرغ سوختہ ۱ عدد۔
ترکیب تیاری: سب اشیاء کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان صبح وشام کھلائیں۔
افعال وخواص : ذیابیطس میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب چغتائی۔ محلہ احمد پورہ گلی ۵ گوجرانوالہ ٹاؤن

۴۲۴۔ **سفوف سلاجیت** : اجزاء : جوزبوا، جاوتری، قرنفل، زعفران، تخم جوز ماثل، افیون ہر ایک ۱ تولہ، افاراتی مدبر ۶ ماشہ، ست سلاجیت ۶ تولہ، فولاد ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ شیر گاؤ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ذیابیطس میں مفید ہے اور ضعف اعضاء رئیسہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم دلدار حسین جاوید۔ جنبی دواخانہ بازار مگراں قصہ خوانی پشاور

۴۲۵۔ **سفوف نار مشک** : اجزاء : نار مشک ۱ تولہ، بنات سفید ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو خوب باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

ہدایت : جس دن دوا شروع کریں اسی دن موسم گرما میں خرما ۴ عدد کو دکنی کوزہ گلی میں بھگو دیں۔ ۲۴ بجے خرما کی گٹھلی دور کر کے کھلائیں۔ بعد ازاں شیر گاؤ ایک پاؤ پی لیں۔ سردیوں میں خرما کو بھگونے کی بجائے دانتوں سے چبا کر شیر گاؤ پلائیں۔

افعال و خواص : ذیابیطس میں مفید ہے۔ فائدہ ایک ہی ہفتہ میں ہوگا، لیکن علاج تین ہفتہ کا ہے۔ بطور غذا بکری کے پائے خوب کھلائیں۔

عطیہ : حکیم محمد شریف علی پور ۱۱ کال گڑھا ضلع گوجرانوالہ

۴۲۶۔ **سفوف نیب** : اجزاء : جل نیب، گل نیب، عشبہ مغربی، چوب چینی، منڈی بوٹی، قصب الزریرہ، بیخ حنظل، مغز تخم کرنجوا، سنا مکی ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھیں اور اس کی ۲۸ خوراک بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک خوراک کو ایک پاؤ پانی میں گھوٹ کر شیرہ بنائیں اور صبح نہار پلائیں۔

افعال و خواص : ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۴۲۷۔ **سفوف موچرس** : اجزاء : شیر گیاہ خورد (دودھی خورد) شیر گیاہ کلاں (دودھی کلاں) ہر ایک ۵ تولہ۔ موچرس ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : دودھی خورد و کلاں اور موچرس کو جدا جدا کوٹ چھان کر ملا کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ لسی یا حضرات علی الصبح کھلائیں۔ متواتر ایک ماہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس کے ڈول کے درجہ میں بیحد مفید ہے۔ طبعی امساک بھی پیدا کرتی ہے۔ ذیابیطس جیسی نامراد مرض کا قلع قمع کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالخالق صاحب فریدیہ شفاخانہ اندرون باب الفرید۔ پاک پتن۔ ساہیوال

۶۲۸. **ضماد ذیابیطس** : اجزاء: صندل سفید، گلنار، اقاقیا، گل ارمنی، آرد جو ہر ایک ۶ ماشہ، ہمراہ آب کاسنی سبز۔

ترکیب ساخت : ادویہ کو کوٹ چھان کر آب کاسنی میں رگڑ کر ضماد تیار کریں اور گردوں کے مقام پر لگائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم فضل الٰہی صاحب۔ لاہور۔

۶۲۹. **عرق گڑمار** : اجزاء: گڑمار بوٹی ۱۰ تولہ، کریلا خشک بڑنگ سرخ ۱۰ تولہ، پوست درخت جامن ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : مذکورہ ادویہ کا حسب دستور ۳ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : ۵ تولہ عرق صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں موثر ہے۔

نوٹ : عرق کی بجائے رب تیار کر لیا جائے تو زیادہ موثر ہوگا۔

عطیہ : حکیم عبدالرحیم صاحب۔ وسن پورہ۔ لاہور

۶۳۰. **کشتہ چہار** : اجزاء: کشتہ طلق اسود (ابرک سیاہ) ۲ تولہ، کشتہ بیضہ مرغ ۲ تولہ، کشتہ نقرہ ۱ تولہ، کشتہ شاخ مرجان ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب کو آب افتیمون سبز میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر گل حکمت کرنے کے بعد ۱۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی کشتہ مسکہ گاؤ میں صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم راجہ میاں خاں۔ نئی آبادی۔ جلال پور جٹاں۔

۶۳۱. **کشتہ ساق بز** : اجزاء: بکری کے چاروں پائے۔

ترکیب تیاری: چاروں پائے بکری کے لے کر گوشت (کھال) وغیرہ سے بالکل صاف کر دیں۔ صرف ہڈیاں باقی رہ جائیں تو پھر انہیں کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ دیں یا کمہار کی بھٹی میں رکھ کر پھونک لیں۔ خاکستر برنگ سفید ہوگی۔ اگر اس میں کوئی ٹکڑا ہڈی کا خام رہ جائے تو نکال کر پھینک دیں اور باقی کو باریک کرکے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۱ تا ۲ رتی کشتہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح نہار کھلائیں۔

عطیہ : حکیم صوفی عزیز احمد صاحب۔ سرائے عالمگیر۔

۴۲۔ **محلول بیضہ مرغ** : اجزاء : بیضہ مرغ ۸ عدد، آب لیموں تازہ ۱ سیر، دہن الزیت (روغن زیتون) ½ ۱ تولہ، عسل خالص ۱ سیر

ترکیب تیاری : انڈوں کو آب لیموں میں بھگو دیں، پوست بیضہ نرم ہونے پر بلوئیں۔ حتیٰ کہ آب لیموں میں یکجان ہو جائیں۔ پھر شہد خالص ملا کر بلوئیں۔ بعدازاں روغن زیتون ڈال کر خوب اچھی طرح بلوئیں۔ پھر بوتل میں بھر کر سرد جگہ پر رکھ دیں۔

مقدار خوراک : ۵ تولہ محلول روزانہ صبح نہار مُنہ پلائیں۔

افعال وخواص : ذیابیطس میں مفید ہے۔ اگر کمزور آدمی استعمال کرے تو مضبوط اور تندرست ہو جائے۔ اس کے استعمال سے بڑھاپے کی کمزوری بھی دُور ہو جاتی ہے۔

عطیہ : حکیم سید امین الدین احمد صاحب۔ ۳۲۹۔ شادباغ۔ لاہور۔

حصات کلیہ ومثانہ

۴۳۔ **جوہر نوشادر** : اجزاء : تنکار ½ ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ½ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور جوہر اڑائیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی جوہر ہمراہ عرق خار خسک دن میں ۲ بار کھلائیں۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۴۴۔ **جوہر نوشادر قلمی** : اجزاء : ملح النار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : نوشادر اور شورہ قلمی کا حسب دستور جوہر حاصل کریں۔

مقدار خوراک : ایک رتی جوہر مسکہ گاؤ میں رکھ کر موسم گرما میں لسی شیر گاؤ یا شیرہ زیرہ سفید، موسم سرما میں ہمراہ جوشاندہ بادیان، کشنیز خشک کھلائیں۔

افعال وخواص : حصات کلیہ ومثانہ اور احتباس بول میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ اسم و پتہ ندارد۔

۴۵۔ **دوائے اربنی** : اجزاء : شورہ قلمی ۴ تولہ، حجر الیہود ۵ تولہ، خرگوش دشتی ۱ عدد۔

ترکیب تیاری : خرگوش کو ذبح کرکے شکم آلائش سے پاک کرکے اس میں شورہ قلمی حجر الیہود کے اوپر نیچے رکھ کر شکم خرگوش سلائی کرکے ایک ہنڈیا میں رکھ کر اچھی طرح سمیٹ کرکے گز بھر کی آگ دیں۔ حجر الیہود شگفتہ ہوگا۔ سب کو باریک کھلیں

مقدار خوراک : حصات کے لئے ۴ رتی دوا شیر گاؤ کی لسی کے ہمراہ کھلائیں۔ صرف تین دن میں پتھری خارج ہو جائے گی۔ درد گردہ کے لئے ۱ رتی دوا شیر گاؤ کی لسی کے ہمراہ صرف دن میں ایک بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حصاۃ کلیہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام سرور صدیقی صاحب۔ گوٹیاں کلاں۔

۶۲۶۔ **دوائے حصات** : اجزاء :- حجر الیہود ۵ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، ریوند خطائی ۱ تولہ، حب القلت ۱ تولہ

ترکیب تیاری : پہلی دونوں اشیاء کو حسب دستور کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پاچک دشتی ۱۰ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور باقی ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ملا کر خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : کشتہ حجر الیہود ایک ماشہ سفوف مذکور ۳ ماشہ میں ملا کر ہمراہ دودھ کی لسی کھلائیں۔

افعال وخواص : خواہ پتھری کیسی بھی ہو تین یوم میں خارج ہو جاتی ہے۔

عطیہ : حکیم عمر علی صاحب وہیر۔ سمہ سٹہ۔ ضلع بہاولپور۔

۶۲۷۔ **دوائے حصات کلیہ ومثانہ** : اجزاء :- جوکھار، سجی، تنکار خام، نوشادر ٹھیکری، فلفل سیاہ، نمک لاہوری، نمک شیشہ ملیت عمدہ، شورہ قلمی ہموزن۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال : مذکورہ سفوف ۱ تولہ چینی کی پیالی میں ڈال کر اس پر سرکہ ولائتی ۵ تولہ ڈال کر پلائیں۔ ایسی تین خوراک دن میں پلائیں۔

افعال وخواص : درد گردہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد علی صاحب۔ پتہ نامعلوم

۶۲۸۔ **دوائے حصات کلیہ ومثانہ** : اجزاء : حجر الیہود ۵ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، آب ترب آدھ سیر، برگ بھنگ تازہ ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو آب ترب میں کھرل کرکے قرص بنا کر برگ بھنگ تازہ کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آدھ پاؤ آب ترب میں کھرل کرکے حسب دستور آگ دیں اسی طرح چھ بار آگ دیں بعد ازاں کشتہ مذکور ۱ تولہ، نمک ترب ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۴ رتی تا ۱ ماشہ دوا ہمراہ جوشاندہ ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔

جوشاندہ : ریشہ مکی ۱ تولہ، خار خسک ۶ ماشہ، حب القلت ۶ ماشہ حسب دستور جوشاندہ تیار کریں۔

افعال وخواص : حصاۃ کلیہ ومثانہ میں نہایت موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انوار الحق چک ۹۹/ ۱۲۰۵ کسووال۔ ضلع ساہیوال۔

۳۹، **دوائے حصات کلیہ ومثانہ:** اجزاء: حجر الیہود ۳ تولہ، نوشادر، تنکار، شورہ قلمی، پوست بندق ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی ۱/۲ پاؤ میں آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پانی خشک ہونے پر اتار کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی دوا ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: درد گردہ کو فوری سکون دیتی اور چند یوم میں سنگ گردہ ومثانہ کو بذریعہ بول خارج کرتی ہے۔

۴۰، **دوائے مفتت:** اجزاء: حجر الیہود، شورہ قلمی، جوکھار، حلتیت بریاں، حجر السمک (سنگ سرماہی) ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر دوبارہ کھرل کر کے مثل غبار کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ دوا، ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

افعال وخواص: وجع الکلیہ، بسبب ریح یا بوجہ سنگ دونوں کو مفید ہے۔ پتھری کو خارج کرتی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد اقبال صاحب۔ سکنہ کوڑے شاہ۔ تحصیل وضلع ساہیوال

۴۱، **روغن دفلی:** اجزاء: اصل دفلی الابیض (بیخ کنیر سفید تازہ) اصل دفلی الاحمر (بیخ کنیر سرخ تازہ) ہر ایک ۵ تولہ شیر گاؤ ۲ سیر۔

ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو کچل کر شیر گاؤ میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر حسب دستور دھی جما کر مکھن نکالیں اور مکھن کو آگ پر گرم کر کے گھی تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک تا ۲ رتی گھی بنات سفید میں رکھ کر کھلائیں۔ مقام درد پر مالش کریں۔

افعال وخواص: سنگ وریگ گردہ ومثانہ اور سنگ وریگ پتہ کو خارج کرتی ہے۔ وجع الکبد بلا حمیٰ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمود احمد صاحب۔ طب جدید۔ شاہدرہ۔ لاہور۔

۴۲، **دوائے حجر الیہود:** اجزاء: حجر الیہود، سنگ سرماہی، جوکھار، ملح ترب ہر ایک ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ پیس کر مثل غبار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ دوا ہمراہ شربت بزوری معتدل صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: حصات کلیہ ومثانہ میں مفید ہے۔

۴۳، **سفوف بلادری:** اجزاء: شورہ قلمی ۱ پاؤ، نوشادر ڈیڑھ تولہ، تنکار ۵ تولہ بلادر ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : شورہ قلمی کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو اس میں نوشادر سائیدہ اور تنکار سائیدہ ڈالیں جب تینوں حل کر پانی ہو جائیں تو بلادر ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ جب سب جل جائیں تو اتار کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ شربت بزوری یا آب تازہ کھلائیں۔

افعال و خواص : حصات کلیہ و مثانہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم مراد علی صاحب۔ گلی پولیس چوکی، عارف والا۔ ضلع ساہیوال۔

۴۴۔ **سفوف بلادر کبریتی** : اجزاء : شورہ قلمی ۵ تولہ، کبریت آملہ سار ۵ تولہ، ملح النار ۱ تولہ، تنکار ۱ تولہ، پوست بندق ۲ تولہ بلادر ۱۲ عدد۔

ترکیب تیاری : اول آہنی کڑاہی میں شورہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پگھلنے پر کبریت مسفوف ڈالیں جب یہ جل کر ختم ہو جائے تو بلادر ایک ایک کر کے ڈالیں۔ لیکن دھوئیں سے اپنے کو بچائیں ورنہ خطرناک ورم ہو جائے گا۔ جب یہ جل کر ختم ہو جائے تو بندق ڈالیں۔ جب وہ ختم ہو جائے تو تنکار ڈالیں۔ جب یہ پھول جائے تو نیچے اتار کر باریک پیس لیں اور ملح النار مسفوف ڈال کر پیس لیں۔ بعد ازاں حجر الیہود ۵ تولہ سنگ سرماہی ۵ تولہ کو باریک مثل غبار کر کے شامل کریں اور آب ترب ۱۰ تولہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ اسی طرح آب ترب سے چار بار کھرل کریں۔

مقدار خوراک : ۱ ماشہ سفوف ہمراہ شیرہ ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔

اجزاء شیرہ : حب القلت ۵ تولہ پانی آدھ سیر میں جوش دیں۔ ۲۰ تولہ رہنے پر چھان کر اس میں حب القرطم ۲ تولہ رگڑ کر شیرہ تیار کر لیں۔ نبات سفید ۳ تولہ ملا کر ہمراہ سفوف مذکورہ پلائیں۔

افعال و خواص : وجع الکلیہ، سنگ کلیہ و مثانہ، احتباس بول میں مفید ہے۔

۴۵۔ **سفوف حجر السمک** : اجزاء : حجر الیہود ۲ تولہ، حجر السمک ۲ تولہ، خردل ولائتی، بیخ دیباس، جوکھار ہر ایک ۱ تولہ، نمک ترب ۹ ماشہ، تنکار بریاں ۶ ماشہ، خولنجاں ۱ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری ۲ تولہ عرق کاسنی ۵ تولہ، عرق بادیان ۵ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : پتھری گردہ و مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے نکالتا ہے۔

عطیہ : حکیم جان محمد خاں صاحب ۹، ۸ خداداد کالونی کراچی نمبر ۵۔

۴۶۔ **سفوف مفتت حصات کلیہ و مثانہ** : اجزاء : حب القلت ۱ تولہ، حجر الیہود ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، تنکار ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۱ تولہ، ریوند خطائی ۱ تولہ،

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو پیس کر باریک سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ شیرہ ذیل کھلائیں۔
اجزاء شیرہ : تخم خیارین، تخم خربزہ، خار خسک ہر ایک ۴ ماشہ، گلقند ۲ تولہ،
ترکیب ساخت : حسب دستور پانی میں گھوٹ چھان کر شیرہ حاصل کریں۔

سفوف نوشادر : اجزاء : جوہر نوشادر ۲ رتی، جوکھار ۲ رتی، حجر الیہود ۲ رتی، نمک ترب ۲ رتی، شورہ قلمی ۲ رتی۔
ترکیب تیاری : سب کو کھرل کر لیں۔
ترکیب استعمال : یہ ایک خوراک ہے ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : سنگ گردہ ومثانہ میں مؤثر ہے۔
عطیہ : حکیم دلاور خاں صاحب، مجاہد دواخانہ۔ نوشہرہ خواجگان، تحصیل وضلع گجرات۔

۴۸، **سیال مفتت حصات** : اجزاء : جوکھار، شورہ قلمی ہر ایک ۲ تولہ، مصری کالپی ۴ تولہ، پوست درخت انجیر ایک سیر
پوست درخت شیشم ۱ سیر، پانی تازہ ۱۴ سیر
ترکیب تیاری : پانی اور پوست ہر دو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی صرف آدھ سیر رہ جائے تو اتار کر مل چھان کر محفوظ رکھیں۔ اس پانی کو بوتل میں بھر کر اس میں پہلی تینوں اشیاء باریک شدہ ڈال دیں۔ وہ خود بخود حل ہو جائیں گی۔ اب اسے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ تولہ سیال بوقت ضرورت پانی میں حل کر کے پلائیں۔
افعال وخواص : اگر پتھری ہوگی تو پہلی خوراک سے ہی خارج ہو جائے گی۔ ورنہ دوسری خوراک کھلائیں۔ اکثر دوسری خوراک کی ضرورت نہیں ہوتی، درد گردہ تو پہلی خوراک سے ہی ختم ہو جاتا ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالقیوم صاحب۔ پتہ ندارد۔

۴۹، **شربت حب القلت** : اجزاء : حب القلت ۱۵ تولہ، خار خسک ۱۰ تولہ، پرسیاؤشاں ۱۰ تولہ، تخم خربزہ ۵ تولہ، بادیاں ۴ تولہ، برگ انگور تازہ ۴۰ تولہ، نبات سفید ۲ سیر۔
ترکیب تیاری : حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک تا ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح وشام پلائیں۔
افعال وخواص : پتھری نکالتا ہے۔ مدر بول ہے۔ آلات بول کو موادِ فاسدہ سے پاک کرتا ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۵۰، **شربت مفتت حصات** : اجزاء : حب القلت ۱۵ تولہ، خار خسک ۱۰ تولہ، پرسیاؤشاں ۱۰ تولہ، تخم خربوزہ ۵ تولہ

بادیان ۲ تولہ، برگ انگور تازہ ۴۰ تولہ۔ نبات سفید ۲ سیر۔
ترکیب تیاری: حسب دستور شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ تولہ شربت ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ صبح و شام پلائیں۔
افعال وخواص: گردہ و مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے۔ پیشاب صاف کرتا ہے۔ آلاتِ بول کے مواد کو صاف کرتا ہے۔
عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب اطفیل شہید روڈ۔ بورے والا (ضلع ملتان)

۷۵۱۔ **شیرہ بکن بوٹی:** اجزاء: بکن (کھم) بوٹی ۱ تولہ۔
ترکیب استعمال: بکن ۱ تولہ کا پانی ا پاؤ میں شیرہ نکال کر صبح پلائیں۔
افعال وخواص: تین دن میں سنگ مثانہ کو ریزہ ریزہ کر کے خارج کر دیتا ہے۔
عطیہ: حکیم مقصود احمد صاحب چک ۱۰۷ ڈی بی ضلع بہاولپور

۷۵۲۔ **شیرہ کٹائی:** اجزاء: بیخ بادنجان دشتی خشک۔
ترکیب استعمال: ایک ماشہ تا ۲ ماشہ بیخ حسب ضرورت پانی میں گھوٹ چھان کر صبح و شام پلائیں۔
افعال وخواص: حصات گردہ میں ہو یا مثانہ میں کٹ کر نکل جاتی ہے۔ درد کو تو ایک دو خوراک میں آرام آجاتا ہے
عطیہ: حکیم محمد اسحٰق صاحب چک ۴۵/۱۲۲/۲ فردوس ضلع ساہیوال

۷۵۳۔ **شیرہ مفتت:** اجزاء: بیخ چرچیٹہ ۶ ماشہ، بیخ لسکھپرہ ۶ ماشہ، فلفل گرد ۵ عدد۔
ترکیب تیاری: یہ ایک خوراک ہے۔ پانی ا پاؤ میں شیرہ تیار کر کے پلائیں۔
افعال وخواص: سنگ گردہ و مثانہ کو ریگ بنا کر خارج کرنے میں سریع الاثر ہے۔
عطیہ: حکیم عبدالوہاب صاحب۔ کنڈور

۷۵۴۔ **علاج حصاۃ کلیہ و مثانہ:** اجزاء: نمک لاہوری ۱۰ تولہ، نیل کنٹھی بوٹی ا پاؤ۔
ترکیب تیاری: نمک کو بوٹی کے درمیان میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔
مقدار خوراک: ۴ ماشہ ہمراہ جوشاندہ حب القلت صبح و شام کھلائیں۔
اجزاء جوشاندہ و ترکیب تیاری: حب القلت ۲ ½ تولہ کو پانی ا سیر میں خوب پکائیں حتیٰ کہ پانی صرف ا پاؤ رہ جائے۔ اب اس میں سے آدھ پاؤ لے کر روغن گاؤ ۲ ½ تولہ ملا کر سفوف کے ہمراہ صبح پلائیں اور بقیہ جوشاندہ بدستور شام کو پلائیں۔

دوا کے ایک ہفتہ کے استعمال سے وجع الکلیہ اور حصات الکلیہ وغیرہ سب رفع ہوں گے۔

انفعال وخواص : دوا کے ایک ہفتہ کے استعمال سے وجع الکلیہ اور حصات الکلیہ وغیرہ سب رفع ہوں گے۔

پرہیز : چھاچھ، دہی، شیر گاؤ، گوشت گاؤ اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۷۵۵۔ **کشتہ حجر الیہود** : اجزاء : حجر الیہود ۲ تولہ، شیر عشر ۱ تولہ، برگ کیلا سبز ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری : حجر الیہود کو شیر عشر میں خوب کھرل کرکے قرص بنالیں اور خشک ہونے پر برگ کیلا سبز کے نغدہ میں رکھ کر گل حکمت کرکے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ برنگ سفید برآمد ہوگا۔ باریک کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی کشتہ موسم گرما میں جھیساندہ اور موسم سرما میں جوشاندہ خار خسک ۱ تولہ یا پوست خربزہ ۲ تولہ کے ساتھ کھلائیں

انفعال وخواص : پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکالتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد ذکریا شاہ صاحب مطب محمدیہ۔ جناح چوک۔ ساہیوال

۷۵۶۔ **کشتہ حجر الیہود بندق** : اجزاء : شورہ قلمی ایک پاؤ، حجر الیہود ۴ تولہ، نوشادر ۳ تولہ، تنکار ۲ تولہ، پوست بندق (ریٹھا) ۱۰ عدد

ترکیب تیاری : بغیر شورہ کے باقی سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور تین حصہ کریں اب شورہ قلمی کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پانی ہو جائے تو اس میں سفوف مذکورہ کا ایک حصہ ڈال دیں۔ بعد ازاں دوسرا حصہ ڈال دیں اسی طرح تیسرا حصہ۔ جب دوا برنگ گلابی ہو جاتے تو اتار لیں اور باریک پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۴ رتی تا ایک ماشہ کشتہ (صاحب نسخہ نے ۶ ماشہ تک تحریر کیا ہے) گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ کھلائیں۔

انفعال وخواص : حصاۃ کلیہ و مثانہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم صاحب زادہ محمد امین صاحب تحصیل حاصل پور۔ ضلع بہاول پور

۷۵۷۔ **کشتہ حجر الیہود** : اجزاء : حجر الیہود ۱ تولہ، شورہ قلمی ½ ۱ تولہ، آب ترب ۵۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو آب ترب میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر سحق کرکے باریک کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۴ رتی کشتہ گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ صبح و شام کھلائیں۔

عطیہ : حکیم نذر حسین شاہ صاحب نزد لکڑ منڈی۔ اکبر روڈ۔ ملتان شہر

۷۵۸۔ **کشتہ حجر الیہود عقربی** : اجزاء : حجر الیہود ۱ تولہ، عقرب سیاہ زندہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں میں حسب دستور کشتہ کریں۔

مقدار خوراک : ۴ چاول کشتہ ہمراہ شربت بزوری ۴ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : پتھری کو ریزہ ریزہ کرکے نکال دیتا ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ریاض الدین۔ قلعہ سوبھا سنگھ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۶۵۹۔ **کشتہ حجر الیہود** : اجزاء۔ حجر الیہود ایک پاؤ، آب ترب ۵ سیر۔

" ترکیب تیاری : حجر الیہود کو پیس کر تھوڑا تھوڑا آب ترب ڈال کر کھرل کرتے جائیں تمام پانی خشک ہونے پر قرص بنا کر خشک کریں۔ پیاز دشتی، گل نرگس اسیر کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ایک من اوپلوں کی آگ محفوظ الہوا مقام پر دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی کشتہ ہمراہ شربت بزوری کھلائیں۔

ہدایت : شربت بزوری میں حسب ذیل اشیاء کا اضافہ ضروری ہے۔ حب القلت کوفتہ ۲ تولہ، پوست درخت برنا ۲ تولہ، بال مکی (ریشہ مکی) ۲ تولہ، پوست خربزہ ۲ تولہ، خار خسک کوفتہ ۲ تولہ۔

افعال و خواص : حصات کلیہ و مثانہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمود الحسن صاحب، پاشا سٹریٹ، جناح چوک ساہیوال۔

۶۶۰۔ **نمک مفتت** : اجزاء : خار خسک، پوست خربزہ، ترب خشک، کلتھی، برگ ارنڈ خشک، بنجال کبوتر صحرائی برابر وزن۔

ترکیب تیاری : تمام اجزاء جلا کر راکھ کر لیں اور حسب دستور معروف نمک حاصل کریں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی نمک ہمراہ عرق بادیان ۱۰ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : حصات گردہ و مثانہ کو خارج کرتا ہے۔ وجع الکلیہ اور ورم کلیہ کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ مرزا زاہد قمر صاحب پتہ نامعلوم

۶۶۱۔ **محلول شورہ قلمی** : اجزاء : پوست بیخ سہانجنہ تازہ ۱۲ تولہ، پوٹاش نائٹراس (شورہ قلمی ولایتی) ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : پوست بیخ سہانجنہ خوب باریک پیس کر کسی تنگ منہ کے قلعی دار برتن میں ڈال کر اوپر سے پانی ۱ سیر خوب ابلتا ہوا ڈال کر منہ بند کر دیں۔ ایک گھنٹہ بعد چھان کر اس میں شورہ قلمی ولایتی حل کرکے بوتلوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال : محلول مذکورہ ۵ تولہ پانی ۱ پاؤ میں ملا کر پلائیں۔ دن میں ایسی تین خوراک پلائیں۔

افعال و خواص : پیشاب کو کھولتا اور ریگ خارج کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم نور الحسن۔ محلہ حسن پورہ۔ گجرات۔

امراض البول

سلسل البول و بول فی الفراش

۷۶۲۔ **حب مقوی مثانہ**: اجزاء: مصطگی رومی ۱ تولہ، کنجد سفید ۱ تولہ، نبات سفید ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری: اول کنجد اور نبات سفید ملا کر خوب کوٹ کر یک جان کر لیں۔ بعد ازاں مصطگی سائیدہ ملائیں اور عسل خالص یا مویز منقیٰ میں گوندھ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان ۱ تولہ بوقت خواب کھلائیں۔ اگر مریض کی عمر چالیس سال سے اوپر ہو تو مقدار خوراک دو حب ہوگی۔
افعال و خواص: سلسل البول میں مفید ہے۔ تین ہفتہ کھلانے سے صحت کلی ہوگی۔
عطیہ: حکیم نیاز حسین صاحب نیاز، متصل بدھی بازار۔ سیالکوٹ۔

۷۶۳۔ **دوائے سلسل البول**: اجزاء: آرد سنگھاڑہ، آرد نخود بریاں، کنجد سیاہ ہر ایک ایک پاؤ۔ شکر سرخ ۳ پاؤ۔
ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر شکر سرخ ملا کر رکھیں۔
مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔ بوقت دوپہر کشتہ عقیق، کشتہ شاخ مرجان، کشتہ زرنیخ سفید ہر ایک ایک رتی ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔
افعال و خواص: سلسل البول کو ایک ہفتہ میں صحت کامل ہوگی۔
عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۷۶۴۔ **دوائے سلسل البول**: اجزاء: کنجد سفید ۶ ماشہ، زردی بیضہ مرغ ۱ عدد، شہد خالص ۶ ماشہ۔
ترکیب تیاری: اول کنجد کو کوٹ کر زردی بیضہ مرغ ملا کر خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں شہد ملا کر خوب کھرل کریں۔ یکجان ہونے پر کھلائیں۔
مقدار خوراک: مذکورہ وزن ایک خوراک ہے۔ صبح و شام کھلائیں۔ ہر وقت تازہ بنا کر کھلائیں۔
افعال و خواص: ایک ہفتہ متواتر کھلانے سے سلسل البول کا مرض رفع ہو جاتا ہے۔
عطیہ: حکیم راجہ محمد رفیق صاحب سکنہ بہریا رود۔ ضلع نواب شاہ۔

۷۶۵۔ **سفوف بلوط**: اجزاء: ثعلب مصری ۱ تولہ، خولنجان، جفت بلوط، کندر، تخم خشخاش، مصطگی رومی، طباشیر

ہر ایک ۶ ماشہ، نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: ماسک البول ہے۔

عطیہ: حکیم خداداد صاحب مقام درگئی مانگا تحصیل چارسدہ ضلع پشاور

۶۶۶۔ **سفوف حابس بول**: اجزاء: گلنار ۹ ماشہ، کزمازج ۹ ماشہ، کشنیز خشک ۱½ تولہ، صمغ عربی ۱½ تولہ، کندر ۱½ تولہ جفت بلوط ۳ تولہ، گل ارمنی ۱½ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف بعد از غذا صبح، ۳ ماشہ بوقت خواب بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص: بول فی الفراش میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم شوکت محمود خاں صاحب امرتسری۔ پتہ ندارد

۶۶۷۔ **سفوف سعد**: اجزاء: کندر ا تولہ، جفت بلوط ا تولہ، سعد کوفی ا تولہ، گلنار ا تولہ، حب الآس ا تولہ، کمون اسود (زیرہ سیاہ) ا تولہ،

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں

افعال وخواص: سلسل البول اور بول فی الفراش کو مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد قاسم خاں صاحب ناظم دواخانہ تحصیل خوشاب ضلع سرگودھا

۶۶۸۔ **سفوف سلاجیت زعفرانی**: اجزاء: جوز بوا، جاوتری (بسباسہ) قرنفل، زعفران، تخم جوز ماثل، افیون خالص ہر ایک ایک تولہ، اذاراقی مدبر ۶ ماشہ، ست سلاجیت ۲ تولہ، کشتہ فولاد ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ سرخ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام بعد از غذا کھلائیں۔

افعال وخواص: کثرت بول، سلسل البول، ضعف اعضاء رئیسہ، جریان، احتلام، ذیابیطس میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم دلدار حسن جاوید جنسی شفاخانہ بازار مسگراں قصہ خوانی۔ پشاور

۶۶۹۔ **سفوف سلسل البول**: اجزاء: کندر ۲ ماشہ، سعد کوفی ۲ ماشہ، قند سیاہ کہنہ ۶ ماشہ، جاوتری ا ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ میں ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سلسل البول میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حسین صاحب علی پور، تحصیل کبیر والا۔ ضلع ملتان

۷۷۰۔ **سفوف کندر** : اجزاء : کندر، مصطگی رومی، سعد کوفی ہر ایک ایک تولہ، کنجد سیاہ، ہنگھاڑہ خشک، نخود بریاں مقشر ہر ایک تین تولہ، شکر سرخ پانچ تولہ،

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۹ ماشہ تا ۱ تولہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص : دافع ضعف کلیہ و مثانہ، بول فی الفراش، سلسل بول ہے۔

عطیہ : حکیم سید صغیر حسین شاہ صاحب، کمہار پورہ (حسین پورہ) ضلع لاہور۔

۷۷۱۔ **سفوف ماسک البول** : اجزاء و ترکیب تیاری : پوست بول وہ جو جھر نگ چھڑار نگنے کے بعد پھینک دیتے ہیں۔ حسب ضرورت لے کر خشک کر کے کوٹ کر چھان لیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ شربت بزوری معتدل ۲ تولہ یا بدرقہ مناسبہ دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال و خواص : کثرت بول میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم حاجی میاں امام دین، شافی دواخانہ۔ نیو مارکیٹ سمن آباد۔ لاہور

۷۷۲۔ **کشتہ زنجفر** : اجزاء : زنجفر عمدہ ۱ تولہ، آب جوز ماثل ۱ پاؤ۔

ترکیب تیاری : شنگرف کو آب جوز ماثل میں خوب کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکالیں اور کھرل کر کے رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ۱ رتی ہمراہ مسکہ گاؤ نہار منہ صبح کھلائیں۔

افعال و خواص : تریاق تقطیر البول ہے۔ کثرت احتلام میں بھی موثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۷۷۳۔ **کشتہ مغیلان** : اجزاء : موسم بہار میں تازہ نرم خار مغیلان بقدر ضرورت لیں۔

ترکیب تیاری : تابہ آہنی پر رکھ کر آگ پر رکھیں اور راکھ کر کے پیس لیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی کشتہ مکھن میں نہار منہ کھلائیں۔ ایک گھنٹہ بعد گائے کے دودھ کی لسی پلائیں۔

ھدایت : شیریں اشیاء بند کر دیں۔ بعد از طعام نمک خوردنی اچٹکی ضرور کھا لیا کریں۔

افعال و خواص : سلسل البول اور ذیابیطس میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم سید وزیر حسین شاہ صاحب۔ سادات شفاخانہ۔ ساہیوال

۷۷۴۔ **معجون سلسل بول :** اجزاء: کُندر سیاہ، دال مسور بریاں ہر ایک ۵ تولہ، صمغ عربی بریاں ۲½ تولہ۔ مصطگی رومی ۴ ماشہ، گلقند ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو پیس کر گلقند میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ معجون ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : سلسل البول میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی محمد صادق صاحب بستی پیراں دی تحصیل اوکاڑہ۔ ضلع ساہیوال

حبس بول

۷۷۵۔ **دوائے مدر بول :** اجزاء: شورہ قلمی ۶ ماشہ، خردل ۱ ماشہ

ترکیب استعمال : دونوں اشیاء کو ایک پاؤ پانی میں رگڑ کر صاف کر کے پلائیں۔

افعال وخواص: پیشاب فوراً کھل جائے گا۔

عطیہ : حکیم خداداد۔ مقام درگئی مانگا۔ تحصیل چارسدہ۔ ضلع پشاور

۷۷۶۔ **دوائے مدر بول :** اجزاء: بیخ بسکھپرا خشک ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۵ عدد۔

ترکیب استعمال : دونوں اشیاء کو پانی میں گھوٹ چھان کر نیم گرم پلانے سے پیشاب کھل کر آجاتا ہے۔

افعال وخواص: حبس بول میں مفید ہے۔

۷۷۷۔ **سفوف زرد چوب :** اجزاء: آملہ ۵ تولہ، شورہ قلمی، زرد چوب (ہلدی) ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور معروف کوٹ چھان کر حبوب نخودی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : احتباس بول اور ورم غدہ مذی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد عبداللہ صاحب چوک متی۔ لاہور

۷۷۸۔ **سفوف ریوند :** اجزاء: شورہ قلمی، جو کھار، ریوند چینی ہر ایک ۱ تولہ۔ مصری ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام اشیاء کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی کھلائیں۔ نیز شورہ قلمی ۱ تولہ کو لسی میں گھس کر مقام مثانہ پر لیپ کریں۔

افعال وخواص : مدر بول ہے۔ حبس بول میں موثر ہے۔ بہت جلد ادرار کرتا ہے۔

عطیہ : ہاشمی دواخانہ نزد عیدگاہ، شمالی بھکر ضلع میانوالی۔

۷۷۹۔ **سفوف شب یمانی** : اجزاء: شب یمانی حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: شب یمانی پیس کر شیر مدار میں خوب تر کرکے اور کھرل کرکے قرص بنائیں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر سحق کرکے محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک : بچوں کو ۲ چاول سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا شیر، جوان کو ۱ ماشہ سفوف صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: پیشاب کے جم جانے میں مفید ہے (غالباً صاحب نسخہ کا مقصد بول کیلوسی ہے۔ نظامی)

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ نامعلوم۔

۷۸۰۔ **سفوف مدر نوشادری** : اجزاء: نوشادر ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، خردل ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزا کا حسب دستور سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ ہر دو ساعت بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : کیسا ہی پیشاب بند ہو دو تین خوراک میں کھل جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید عبدالرزاق شاہ مشہدی چک ۱۰۲/۱۰R تحصیل خانیوال ضلع ملتان۔

۷۸۱۔ **سفوف مدر بول** : اجزاء: جوکھار ۳ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، لسان العصافیر (اندر جو) ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، حجر الیہود ۶ ماشہ، ہیل خورد ۲ عدد۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو باریک کرکے سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع حبس بول اور عسر البول میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسحٰق صاحب منچن آباد۔ ضلع بہاولنگر۔

۷۸۲۔ **سفوف مدر بول** : اجزاء: جوکھار، کمون ابیض ہر ایک ۳ تولہ، شورہ قلمی، لسان العصافیر (اندر جو) ہر ایک ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری ۳ تولہ، آب تازہ ایاد صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: احتباس بول میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۷۸۳۔ **سفوف مدر بول** : اجزاء: برگ انبہ تازہ و نرم ایک سیر۔

ترکیب تیاری : ایک آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب جل کر راکھ ہو جائیں تو اتار لیں۔ اب اس راکھ میں سے ا تولہ لے کر ہیل خورد ا ماشہ مصری کوزہ ۲ تولہ کا سفوف شامل کر کے چار خوراک بنا لیں۔

مقدار خوراک : ہر چار گھنٹہ بعد ایک خوراک گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ کھلائیں۔ دو خوراک میں آرام ہوگا۔

افعال وخواص : احتباس بول میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم خدا بخش۔ پتہ نامعلوم۔

۸۴ء۔ **شیر مدر البول** : اجزاء: تخم کاہو ۳ ماشہ، تخم خرفہ ۳ ماشہ، تخم کاسنی ۳ ماشہ، تخم بادیان ۳ ماشہ، تخم تربوز ۹ ماشہ، جڑ تازہ سبز سرکنڈا (سروٹاں) ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ اشیاء کو پانی ۱/۲ پاؤ میں رگڑ کر شیرہ بنا کر چھان لیں اور اس میں شیرگاؤ ۱/۲ پاؤ شامل کر لیں یا ویسے ہی قدرے

ترکیب استعمال نبات سفید ملا کر نوش کریں۔ یہ ایک خوراک ہے ایسی تین خوراک دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ایک خوراک سے ایک گھنٹہ میں بند پیشاب کھل جائیگا۔ حبس بول میں بے نظیر ہے۔

عطیہ : حکیم میاں محمد سکنہ لیٹی۔ تحصیل تلہ گنگ، ضلع کیمبل پور۔

حرقت البول سوزاک

۸۵ء۔ **اکسیر سوزاک** : اجزاء: روغن صندل ا بوند، روغن قنہ ا بوند، روغن زیتون ا بوند، روغن ہیل ا بوند۔

ترکیب استعمال : سب اجزاء کو ملا کر ایک بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں، ایک ہفتہ میں مکمل آرام ہوگا۔

افعال وخواص : حرقتہ البول اور قرحہ احلیل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالخالق صاحب مقام چک جوگیاں۔ تحصیل وضلع راولپنڈی

۸۶ء۔ **اکسیر حرقتہ البول** ۔ اجزاء: لوبان کوڑیہ ۳ ماشہ، روغن صندل ۵ قطرہ

ترکیب ساختن : لوبان کو باریک کر کے روغن صندل ملا کر محفوظ کر لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

مقدار خوراک : مذکورہ اکسیر کھلا کر ۲ الائچی کلاں پانی میں تر کردہ کو کوئلوں پر بریاں کر کے پانی ا پاؤ میں گھوٹ کر چھان کر قدرے کھانڈ سے میٹھا کر کے پلائیں۔

افعال وخواص : حرقتہ البول میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سلطان محمود موضع کوڑے والا۔ تحصیل کبیر والا۔ ضلع ملتان۔

۸۷ء۔ **حب توتیا** : اجزاء: رس کپور ۳ ماشہ، دار چکنہ ۲ ماشہ، مردار سنگ ا تولہ، نخود بریاں مقشر ا تولہ، طوطیا ہضر مصفیٰ ۲ ماشہ، گل احمر ا تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر ہمراہ آب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔ دوران علاج شوربا سری بز بکثرت کھلائیں۔

افعال وخواص: حرقۃ البول، قرحہ کہنہ، احلیل، تصفیہ دم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ سید عبدالرشید شاہ صاحب۔ مطب محمدیہ۔ جناح چوک۔ ساہیوال۔

۷۸۸۔ **حب سرد چینی** : اجزاء: سرد چینی ا تولہ، کباب چینی ا تولہ، روغن صندل ا تولہ، روغن قنہ ولائتی ا تولہ۔

ترکیب ساختن : پہلی دونوں ادویہ خوب پیس کر بالترتیب روغن میں خوب کھرل کریں اور حبوب ۱۴ عدد تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللہ صاحب مکان نمبر ۲۱۶ سرسید روڈ۔ فرید ٹاؤن ساہیوال۔

۷۸۹۔ **حب قاقلہ کبار** : اجزاء: دانہ قاقلہ کبار، جوکھار، کبابہ، زاج ابیض بریاں، طباشیر کبود، کافور ہر ایک ۳ ماشہ سفید کاشغری، شورہ قلمی ہر ایک ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر گودہ گھیکوار میں خوب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: سوزاک، تقطیر البول، قرحہ کہنہ، احلیل میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۷۹۰۔ **حب قنہ** : اجزاء: آرد بندق، شورہ قلمی، ملح النار، حجر الیہود ہر ایک ۶ ماشہ، جوکھار ۹ ماشہ، سرد چینی ۹ ماشہ، طوطیا اخضر ۲ رتی، آرد نخود بریاں ۲½ تولہ، قنہ رطب ۲½ تولہ۔

ترکیب تیاری : گندہ بیروزہ کے علاوہ باقی ادویہ کا سفوف بناکر بعد ازاں گندہ بیروزہ شامل کرکے خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں اور ا سرد نخود میں خشک کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی (شیر گاؤ ا پاؤ، پانی آدھ سیر) علی الصبح کھلائیں۔

پرہیز : تیل، گوشت گاؤ، گڑ، ترش اور گرم اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

افعال وخواص : حرقۃ البول کے علاوہ سلسل البول، احتباس بول، درد مثانہ، ورم مثانہ میں بھی بہت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد زمان صاحب، مسلم یونانی دواخانہ۔ چکوال۔

۷۹۱۔ **دوائے حرقۃ البول** : اجزاء: کبریت ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، شب یمانی بریاں ا تولہ۔

ترکیب ساختن : کبریت اور شورہ قلمی کو پیس کر آہنی کڑاہی میں ڈال کر اوپر سے دوسری کڑاہی دے کر گل حکمت کرکے

نرم آگ پر رکھیں۔ جب دونوں اشیاء جل کر راکھ ہو جائیں تو شب یمانی بریاں کے ہمراہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ دوا۔ ہمراہ شربت بزوری دن میں تین بار کھلائیں۔ درج ذیل پچکاری بھی استعمال کرائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول اور قرحہ احلیل میں مفید ہے۔

۶۹۲۔ **زردق** : اجزاء: گل ارمنی، مصطگی رومی، کافور، کبابہ ہر ایک ۲ ماشہ، پانی ۱ پاؤ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر پانی ملا کر ایک شیشی میں دو تین دن دھوپ میں رکھیں۔

ترکیب استعمال : حسب دستور بذریعہ پچکاری استعمال کرائیں۔ مندرجہ بالا نسخہ کے ہمراہ اسے بھی استعمال کرائیں۔

افعال وخواص : یہ پچکاری قرحہ احلیل کو دور کرتی ہے۔

عطیہ : معطی کا نام و مقام نامعلوم۔

۶۹۳۔ **دوائے حرقۃ البول** : اجزاء: دھماسا بوٹی خشک ۱ یا ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : بوقت شب کسی کوزہ گلی میں بھگو کر صبح گھوٹ کر مصری ۵ تولہ ملا کر پلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول اور زہرباد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شہاب الدین صاحب چک نمبر ۱۲/۷ نہر داد تحصیل چشتیاں ضلع بہاولنگر۔

۶۹۴۔ **دوائے حرقۃ البول** : اجزاء: روغن بلساں کی ۶ ماشہ، قنہ یا لبس ۲ تولہ، کمون ابیض، ہیل خورد، کبابہ، شورہ قلمی خار خسک ہر ایک ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب اجزاء کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اسلم سجزی۔ پشاور۔

۶۹۵۔ **دوائے حرقۃ البول** : اجزاء: جوہر قنہ (بیروزہ مدبر) ۱ تولہ، جوہر مازو ۱ تولہ، شب یمانی ۱ تولہ، بیخ ریباس خطائی (ریوند خطائی) ۱ تولہ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول اور قرحہ احلیل کو دور کرتا ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۶۹۶۔ **دوائے سوزاک** : اجزاء : روغن صندل، روغن بیروزہ، روغن کباب چینی ہر ایک ۲ ماشہ، روغن لوبان ۲ ماشہ

ترکیب ساخت : سب روغن ملا لیں۔

مقدار خوراک : ۳۰ قطرہ بتاشہ میں ڈال کر صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : سوزاک کہنہ میں موثر ہے۔

عطیہ : حکیم طالب حسین صاحب۔ پتہ ندارد۔

۷۹۷۔ **دوائے حرقتہ البول (سوزاک)** اجزاء : روغن صندل، روغن بلساں، روغن قنہ (بیروزہ) روغن کاہو، خرمہرہ زرد۔
ہر ایک ۱ تولہ، عصارہ ضرد (لوبان کوڑیہ زرد رنگ) ۲½ تولہ۔

ترکیب ساختن : آخری دونوں اشیاء کو مانندِ غبار پیس کر روغن ملا کر خوب کھرل کریں۔ یہ لئی سی بن جائے گی۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ دوا، ہمراہ گوشت بز (جو روغن گاؤ خالص میں خوب مرچ مصالحہ ڈال کر بریاں کیا گیا ہو قدرے شوربا بنائیں) کی اول دو یا تین بوٹی کھلائیں بعد ازاں ایک خوراک دوا ہمراہ شوربا کھلائیں۔ بعد میں باقی سب گوشت کھلا دیں مرچ خوب تیز ہونی چاہیئے۔ روغن گاؤ ۱۰ یا ۱۵ تولہ ضرور ہونا چاہیئے۔ اسی طرح صبح و شام کھلائیں۔ کم از کم چھ روز ضرور کھلائیں ایک دو روز کے استعمال سے مکمل فائدہ نہ ہوگا۔ لہٰذا کورس پورا ہونا چاہیئے۔

افعال و خواص : حرقتہ البول (سوزاک) میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ۔ لاہور۔

۷۹۸۔ **روغن مقل** : اجزاء : مقل ازرق ۵ تولہ، رالیتج (رال) ۵ تولہ، شمع (موم) خالص ۵ تولہ، قنہ رطب (بیروزہ تر) ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

مقدار خوراک : ۲ بوند مذکورہ روغن کو بتاشہ میں ڈال کر کھلائیں اور عرق بادیان ۵ تولہ پلائیں۔ صبح و شام دو بار

افعال و خواص : اندرونی قروح میں عموماً اور قرحہ احلیل میں خصوصاً مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۷۹۹۔ **سفوف جوہر قنہ** : اجزاء : طباشیر کبود ۲ تولہ، ہیل خورد ۲ تولہ، کبابہ ۱ تولہ، نطرون (جوکھار) ۹ ماشہ، کمون ابیض (زیرہ سفید) ۱ تولہ، نمک ترب ۶ ماشہ، جوہر قنہ (بیروزہ مدبر) ۱ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری یا گائے کے دودھ کی لسی کے ساتھ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : قرحہ احلیل سے پیپ اور خون آنے کو روکتا ہے۔ پیاس اور سوزش کو مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۸۰۰۔ **سفوف ریباس جوکھار والا** : اجزاء : شورہ قلمی، بیخ ریباس ہر ایک ۶ ماشہ، کمون ابیض ۱ تولہ، نبات سفید ۲ تولہ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف گائے کے دودھ کی لسی دن میں ۲ بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول میں مؤثر ہے۔

عطیہ حکیم سید محمد حیات شاہ صاحب غوث پور قریشیاں۔ تحصیل خانیوال۔ ضلع ملتان

۸۰۱۔ **سفوف سنگجراحت** : اجزاء: شب یمانی بریاں ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، کبابہ ۶ ماشہ، دانہ ہیل خورد، سنگجراحت جوہر قنہ (بیروزہ مدبر)، گل احمر، طباشیر کبود ہر ایک ۶ ماشہ، بادیان چینی ۹ ماشہ، روغن صندل ۳ ماشہ، کشتہ سہ دھاتا ۲ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول اور قرحہ احلیل میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۸۰۲۔ **سفوف طباشیر** : اجزاء: کشتہ ریاس ابیض در برگ حنا، طباشیر کبود ۱ تولہ، کبابہ ۱ تولہ، دانہ قاقلہ صغار ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور معروف پیس کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان، عرق کیوڑہ ۵ تولہ، عرق بیدمشک ۲ تولہ، شربت نیلوفر ۲ تولہ، ملاکر روزانہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : سوزاک کہنہ وقرحہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محبوب الحق محمود صاحب گجراتی حال سلطانپورہ۔ لاہور

۸۰۳۔ **سفوف کبابہ ضروری** : اجزاء: رالتیج (رال)، ضرو (لوبان)، کبابہ، طباشیر کبود، ہیل خورد۔ شب یمانی بریاں ہر ایک ۱ تولہ، روغن قنہ (روغن بیروزہ) ۶ ماشہ، روغن صندل ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر بعدازاں روغن صندل اور روغن بیروزہ شامل کر کے خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : حرقۃ البول میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم میاں عنایت اللہ صاحب بالمقابل الیور نیو سٹوڈیو ملتان روڈ۔ لاہور

۸۰۴۔ **سفوف گلنار** : اجزاء: دم الاخوین، گل ارمنی، سنگجراحت، گلنار فارسی، اقاقیا، کات سفید، کندر، صمغ عربی، شب یمانی بریاں، تخم خرفہ بریاں ہر ایک ۳ ماشہ، کاکنج ۱ تولہ، نبات سفید ہموزن ادویہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: حرقتہ البول اور بول الدم میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید محمد حیات شاہ صاحب غوث پور قریشیاں۔ تحصیل خانیوال۔ ضلع ملتان

۸۰۵۔ **سفوف مغیلاں**: اجزاء: شب یمانی بریاں ۳ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، گل مغیلاں خشک ۳ تولہ، گل ملتانی زرد ۵ تولہ، مصری کوزہ ۶ تولہ۔

ترکیب تیاری: بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ لسی شیر گاؤ۔ پیشاب کی حاجت سے فارغ ہونے کے بعد ہر کھلائیں۔ ۳ خوراک دن میں

افعال وخواص: سوزاک کو تین خوراک میں مکمل آرام ہوگا۔

عطیہ: حکیم محمد یونس صاحب چک ۵۹ ۳ ای بی۔ براستہ بوریوالہ تحصیل وہاڑی ضلع ملتان

۸۰۶۔ **علاج حرقتہ البول**: اجزاء: روغن صندل ۴ تولہ، کات ۲ تولہ، مازو سبزہ تولہ، رانیج ۲ تولہ، طباشیر ا تولہ، قرۃ الطرفادمائیں ا تولہ، حب کاکنج ا تولہ، برہمی بوٹی ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو باریک مثل غبار کریں اور یک جا کر کے کھرل میں ڈال کر روغن صندل ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔ پرہیز ضروری ہے۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر نہار منہ صبح وشام کھلائیں۔ درج ذیل پچکاری بھی استعمال کرائیں۔

افعال وخواص: حرقتہ البول اور احلیل جدید وکہنہ کو مفید ہے۔

۸۰۷۔ **روغن زبان سگ**: اجزاء وساخت: زبانِ سگ کاٹ کر روغن برشف میں ڈال کر خوب پکائیں۔ جب زبان جل جائے تو تیل چھان کر اس سے پچکاری کرائیں۔

افعال وخواص: اگر قرحہ سے گل گیا ہو اور شفا کی امید نہ ہو تو یہ پچکاری استعمال کرائیں۔

عطیہ: حکیم صوفی دلاور خان صاحب۔ پتہ ندارد۔

۸۰۸۔ **کشتہ توتیا**: اجزاء: طوطیا اخضر ا تولہ، پوست بندق ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں کو جو کوب کر کے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی کشتہ ہمراہ مسکہ گاؤ ۵ تولہ شیر گاؤ آدھ سیر روزانہ رات کو کھلائیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ کھلائیں۔ صحت ہوگی۔

افعال وخواص: سوزاک کے علاوہ آتشک (باد فرنگ) بواسیر، جرب وحکہ، سعال رطب میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عطا محمد صاحب ٹاؤن روڈ۔ جڑانوالہ

۸۰۹۔ **کشتہ سرمہ سفید :** اجزاء : سرمہ سفید ۱ تولہ، صمغ القتادہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : اول صمغ القتادہ کو پانی میں بھگو کر لعاب حاصل کریں اس میں سرمہ سفید کو خوب کھرل کریں خشک ہونے پر پھر اسی قدر لعاب میں دوبارہ خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر خشک کر کے نغدہ شاہترہ میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سفید رنگ کا کشتہ برآمد ہوگا۔

مقدار خوراک : ۴ برنج کشتہ ہمراہ شربت بزوری کھلائیں۔

افعال و خواص : سوزاک کہنہ و قرحہ میں نافع ہے۔

عطیہ : حکیم محبوب الحق محمود صاحب گجراتی حال سلطان پورہ۔ لاہور

۸۱۰۔ **کشتہ صدف مروار یدی :** اجزاء : صدف مروار یدی مصفیٰ ۱۰ تولہ، برگ درخت سرو ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری : صدف کو برگ سرو کے نغدہ میں رکھ کر حسب دستور گل حکمت کر کے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ شگفتہ برآمد ہوگا، محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ کشتہ ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم ایاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : حبس البول بوجہ عظم غدہ قدامیہ میں مفید ہے۔ نیز جملہ امراض بول کا ازالہ کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ محمد عارف صاحب منڈی بہاؤالدین ضلع گجرات۔

امراضِ مخصوص بہ مرداں

ضعفِ باہ

۸۱۱۔ **حب اذاراقی مرکب** : اجزاء : زعفران کشمیری ۱ تولہ، سلاجیت ۴ تولہ، کشتہ فولاد ۴ تولہ، اذاراقی مدبر ۴ تولہ، فلفل سیاہ ۴ تولہ

ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو حسب دستور باریک کرکے ہمراہ عسل خالص حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : مقوی باہ ہے۔ علاوہ ازیں نزلہ بارد، فالج اور وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رشید احمد صاحب بھلیہ کلاں تحصیل قصور۔ ضلع لاہور

۸۱۲ **حب جدوار عنبری** : اجزاء : عنبر اشہب ۱ تولہ، جدوار خطائی ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور باریک کرکے حب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص : تقویت باہ کے علاوہ مقوی اعضاء رئیسہ و معدہ اور نزلہ کہنہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب۔ طفیل شہید روڈ۔ لوہے والا۔ ضلع ملتان۔

۸۱۳۔ **حب شنگرف** : اجزاء : زنجفر رومی ۱ تولہ، آب ادرک ۲۰ تولہ

ترکیب ساختن : شنگرف رومی کو آب ادرک میں سحق بلیغ کرکے حبوب بقدر ارتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : مقوی باہ و ممسک ہے اور بلغمی بخار کو بھی رفع کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب سکنہ بھیڑ تحصیل چونیاں۔ ضلع لاہور

۸۱۴۔ **حب عاقرقرحا** : اجزاء : قرنفل ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، بیخ طرخون (عاقرقرحا) ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ۔

اذاراقی مدبر ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۴ ماشہ، افیون خالص ۲ ماشہ، مویز منقیٰ ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور باریک کرکے مویز منقیٰ کے ہمراہ کوٹ کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : تقویت باہ کے علاوہ وجع المفاصل، فالج، نزلہ اور رعشہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی غلام حسین صاحب خطیب جامع مسجد۔ شادیوال۔ ضلع لاہور

۸۱۵۔ **حب مالکنگنی**: اجزاء: مالکنگنی ۴ تولہ، پوست خشخاش ۱ پاؤ۔
ترکیب ساختن: اول پوست خشخاش کو رات پانی ۱ سیر میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ ایک پاؤ پانی رہنے پر آگ سے اتار کر مل چھان کر اس جوشاندہ کو دوبارہ آگ پر رکھ کر غلیظ کریں اور اس میں سفوف مالکنگنی ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم یا چائے صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: مقوی باہ ہے۔
عطیہ: حکیم عبدالغفور صاحب قریشی۔ گوجری روڈ۔ مانسہرہ۔ ایبٹ آباد۔

۸۱۶۔ **حب مقوی باہ مرکب**: اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، بسباسہ ۶ ماشہ، کشتہ فولاد ۶ ماشہ۔ لعاب گھیکوار بقدر ضرورت۔
ترکیب ساختن: جملہ اجزاء کو حسب دستور باریک کرکے لعاب گھیکوار میں کھرل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب یا چائے صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: تقویت باہ میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں فالج، رعشہ اور وجع المفاصل میں بھی مفید ہے۔

۸۱۷۔ **حب مقوی باہ**: اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، بسباسہ ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ۔
ترکیب ساختن: جملہ اجزاء باریک کرکے شہد میں گوندھ کر حب بقدر ارتی بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: ضعف باہ کے لئے مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم زیدی گل صاحب۔ قصہ خوانی بازار۔ پشاور

۸۱۸۔ **حب مقوی باہ**: اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، نانخواہ ۱ تولہ، کمون اسود ۱ تولہ، مشک خالص ۳ ماشہ، عنبر اشہب ۳ ماشہ زعفران خالص ۳ ماشہ، افیون ۲ ماشہ، مویز منقیٰ ۵ تولہ۔
ترکیب ساختن: پہلی ہر سہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ بعد ازاں باقی ادویہ حسب دستور علیحدہ علیحدہ باریک کرکے ملاکر ہمراہ مویز منقیٰ حب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: قوت باہ کے لئے ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں اور فالج کے لئے ایک حب ہمراہ عسل خالص کھلائیں۔
افعال وخواص: ضعف باہ، سرعت انزال کیلئے مفید ہے۔ فالج اور لقوہ کے لئے بھی مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب۔ لاہور

۸۱۹۔ **حب مقوی باہ**: اجزاء: ریگ ماہی ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، کبابہ ۱ تولہ، خولنجان ۱ تولہ، عاقرقرحا ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ حب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ گرم ½ سیر رات کو کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی باہ ہیں۔

عطیہ حکیم مختار احمد صاحب۔ نیا دواخانہ۔ بورے والا

۸۲۰۔ حب مقوی باہ : اجزاء : ست سلاجیت ۲ تولہ، اذاراقی مدبرہ ۵ تولہ، کشتہ فولاد ۴ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ زعفران ۱ تولہ، مشک خالص ½ ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی باہ ہونے کے علاوہ مقوی اعضاء رئیسہ بھی ہیں۔

عطیہ : حکیم صوفی اللہ بخش صاحب ساہیوال۔

۸۲۱۔ حب مقوی باہ بصلی : اجزاء : زنجفر ۲ تولہ، بزر البنج ۲ تولہ، جوز لبوا ۲ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ، زعفران اصلی ۱ تولہ، بصل (پیاز) ۱ سیر

ترکیب ساختن : شنگرف رومی کو پوٹلی میں باندھ کر آب پیاز میں لٹکا کر پکائیں۔ جب آب پیاز غلیظ ہو جاتے تو شنگرف نکال کر پیس لیں اور باقی ادویہ کا سفوف ملا کر کھرل کر کے ہمراہ شہد حب بقدر ارتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی باہ ہے۔

عطیہ : حکیم محبوب عالم شاہ صاحب۔ گیلانی۔ ظفروال ضلع سیالکوٹ۔

۸۲۲۔ حب نقرہ : اجزاء : تخم بوزماتل ۱ تولہ، فلفل گرد ۱ تولہ، کشتہ نقرہ ½ تولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ½ تولہ، کشتہ قلعی ½ تولہ، صمغ عربی ½ تولہ

ترکیب ساختن : پہلی دونوں ادویہ کو کوٹ چھان کر عرق بادیان ۵ تولہ میں کھرل کریں۔ پھر کشتہ جات شامل کر کے اور لعاب صمغ عربی کا اضافہ کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق بادیان بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی باہ، مقوی اعضاء رئیسہ، دافع جریان، احتلام، سرعت انزال اور ممسک ہے۔ دافع ذکاوت حس بھی ہے۔

عطیہ : حکیم منظور احمد صاحب فاروقی۔ طاہر فارمیسی۔ مین بازار کھاریاں، ضلع گجرات۔

۸۲۳۔ دوائے ضعف باہ : اجزاء : کشتہ شاخ مرجان (در گھیکوار) ۱ تولہ، کشتہ صدف مروارید (در مہوبھلی بوٹی) ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب اشیاء کا باریک سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ½ ۱ ماشہ دوا ہمراہ مسکہ گاؤ ۵ تولہ یا چہار مغز ۲ تولہ یا مغز بادام ۲ تولہ رگڑ کر لعوق بنا کر ملا کر کھلائیں۔

افعال و خواص : مقوی باہ ہے۔ جریان، نزلہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم سائیں سردار محمد چک نمبر ۲۱۴ ڈھڈی والا۔ نیشنل کالونی لاہور روڈ۔ لائل پور

۸۲۴۔ **سفوف اذاراقی مرکب** : اجزاء : اذاراقی مدبر ۱ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، دار چینی ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، تکار ۲ تولہ فلفل دراز ۲ تولہ۔

ترکیب ساخت : اذاراقی کو روغن گاؤ میں بریاں کر کے مدبر کر کے پیس لیں، باقی اشیاء کو بھی حسب دستور پیس کر ملائیں۔

مقدار خوراک : ۱ تا ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نامردوں کے لئے اکسیر ہے۔ علاوہ ازیں اوجاع ہمہ اقسام، سعال بلغمی اور بدہضمی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ غلام محمد صاحب۔ پتہ ندارد۔

۸۲۵۔ **سفوف عقرقرحا** : اجزاء : عقرقرحا ۱ تولہ، زرد چوب ۱ تولہ، مالکنگنی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : ہر سہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ رات سوتے وقت کھلائیں۔

افعال و خواص : سرد مزاجوں کے لئے مقوی باہ، دافع سرعت انزال ہے۔

عطیہ : حکیم سدید الدین صاحب۔ درگاہ بازار۔ پاک پتن۔

۸۲۶۔ **سفوف مقوی باہ** : اجزاء : مغز بزر تر ۱۰ تولہ، خصیہ بزر ۱۰ تولہ، ثعلب مصری ½ ۲ تولہ، موصلی سفید ½ ۲ تولہ، کشتہ قلعی ½ ۲ تولہ، نبات سفید ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساخت : پہلی دونوں اشیاء کو شکر سفید کے ہمراہ زور دار ہاتھوں سے ملیں کر سیال صورت اختیار کر لے۔ پھر کپڑے سے چھان کر آگ پر خشک کریں۔ بعد ازاں بقیہ دو اجزاء کا سفوف ملا کر کھرل کریں کہ خشک ہو جائے۔ بعد ازاں اس میں کشتہ قلعی شامل کر کے کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نہایت مقوی باہ و دماغ ہے اور مولد و مغلظ منی ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۸۲۷۔ **سفوف مغلظ** : اجزاء : تال مکھانہ ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، بہمن سرخ ۱ تولہ، بہمن سفید ۱ تولہ، ثعلب پنجہ ۱ تولہ

ثعلب مصری ۱ تولہ، سبوس اسبغول ۱ تولہ۔
ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو باریک پیس کر ۲۰ عدد پڑیاں بنالیں۔
مقدار خوراک: ایک پڑیا ہمراہ شیر گاؤ روزانہ کھلائیں۔
افعال وخواص: مغلظ منی ہے۔ حار مزاجوں کی باہ کو قوت دے گا۔

۸۲۸۔ **شربت زنجفر**: اجزاء: زنجفر رومی ۱ تولہ، ست لیموں ۱ تولہ، نبات سفید ۱ سیر، ست الائچی ۲ ماشہ، ست پودینہ ۱/۲ ماشہ۔
ترکیب ساختن: شنگرف رومی کو ست لیموں کے ہمراہ ۱۲ گھنٹہ خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں نبات سفید کا قوام تیار کر کے اور سفوف ملا کر نیچے اتار لیں۔ بعد ازاں ست ملا کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ تولہ شربت ہمراہ آب بعد از غذا دن میں ایک بار ۲۰ دن کھلائیں، گھی اور دودھ بکثرت کھلائیں۔ پلانے سے پہلے بوتل ہلا لیا کریں۔
افعال وخواص: مقوی باہ، مقوی کبد، رقت منی اور جریان منی میں مفید ہے۔ خون پیدا کرتا اور رنگ نکھارتا ہے جسم میں قوت پیدا ہوتی ہے۔
عطیہ: حکیم فیروز دین صاحب تحصیل سمندری ضلع لائل پور

۸۲۹۔ **کشتہ زنجفر**: اجزاء: زنجفر ۱ تولہ، پوست بیضہ مرغ مصفیٰ ۵ تولہ، شیر مدار حسب ضرورت۔
ترکیب ساختن: شنگرف رومی اور پوست بیضہ مرغ کو خوب کھرل کریں۔ بعد ازاں شیر مدار میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور گل حکمت کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر مثل غبار کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک رتی کشتہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر میں رکھ کر کھلائیں۔ گھی دودھ بکثرت کھلائیں۔
افعال وخواص: مقوی باہ اور مولد اولاد بھی ہے۔
عطیہ: حکیم محمد ابراہیم صاحب حسین آگاہی ملتان۔

۸۳۰۔ **کشتہ زنجفر**: اجزاء: زنجفر رومی ۱ تولہ، سیماب ۶ ماشہ، کبریت ۶ ماشہ، تنکار ۱ تولہ، آب برگ گھیکوار ۲۰ تولہ۔
ترکیب ساختن: اول سیماب اور کبریت کو سحق کریں کہ بالکل سیاہ ہو جائے پھر زنجفر ملا کر سحق کریں پھر تنکار ملا کر سحق بلیغ کریں اور آب برگ گھیکوار ڈال کر سحق کریں تا آنکہ تمام پانی ختم ہو جائے۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک ہونے کے بعد سکورہ گلی کے تلے چار پہر مسلسل آگ جلائیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک کر کے محفوظ کر لیں۔
مقدارِ خوراک: خوراک روزانہ دو چاول کشتہ بالائی شیر میں رکھ کر نگلا دیں۔ بعد میں دودھ پلائیں۔ بوقت صبح بعد از غذا ایک کیپسول میں رکھ کر بھی کھلایا جا سکتا ہے۔
غذا: گھی، دودھ زیادہ کھلائیں۔

خواص : بارد مزاجوں کی قوت باہ کو قوت دیتا ہے اور امراض باردہ کو بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سردار محمد صاحب انگر چک ۱۳۰، تحصیل سمندری ضلع لائل پور

۸۳۱۔ **کشتہ عقیق** : اجزاء : عقیق عمدہ ایک تولہ۔

ترکیب ساختن : عقیق کو مغز بادام کے لغدہ میں رکھ کر ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں کشتہ ہوگا۔

مقدار خوراک : ایک رتی کشتہ در مسکہ گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : مقوی باہ ہے۔ بالخصوص حار مزاجوں کو مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

جریان و احتلام

۸۳۲۔ **حب اسپند** : اجزاء : جوزبوا ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، بسباسہ ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ قرنفل ۱ تولہ، اسپند ۱ تولہ کنجد ۱ تولہ افیون ۱ تولہ

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر شہد کے ساتھ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا دو حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : جریان تین روز میں دور ہو جاتے گا۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمٰن قریشی صاحب محلہ عثمان آباد۔ چنیوٹ ضلع جھنگ

۸۳۳۔ **حب دافع جریان** : اجزاء : زنجفر رومی ۱ تولہ، بادیان رومی ۱ تولہ، زعفران کشمیری ۱ تولہ، مشک خالص ۱ ماشہ، عنبر ۱ ماشہ

مومیائی ۱ ماشہ، بسباسہ ۱ ماشہ، جوزبوا ۱ ماشہ، قرفہ ۱ ماشہ،

ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو پیس کر شیر برگد سے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : جریان احتلام کے علاوہ مقوی باہ، مقوی بدن اور مقوی قوی ہے۔ نزلہ زکام اور کھانسی میں بھی مفید ہے

عطیہ : حکیم تاج محمد صاحب چک نمبر ۲۵۵ ای۔ بی تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال

۸۳۴۔ **حب عقرقرحا** : اجزاء : مغز بادام مقشر ۴ تولہ، عقرقرحا ۲½ تولہ، جوزبوا ۱½ تولہ، اسگند ناگوری ۱½ تولہ، تخم قنب

۱½ تولہ، نخود بریاں مقشر ۴ تولہ، سبوس اسبغول ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کوٹ چھان کر عسل خالص میں گوندھ کر حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : جریان، احتلام اور سرعت انزال کے لئے مفید ہے۔ ممسک بے نظیر ہے۔

افعال و خواص : جریان و احتلام کیلئے ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں: امساک کیلئے دو گھنٹہ قبل جماع کھلائیں۔

عطیہ : حکیم جیون علی خاں بھٹی، کھوال۔ ضلع لائل پور

۸۳۵۔ سرس : اجزاء : مغز تخم سرس ۱ تولہ، مغز تخم تر مہندی ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : کوٹ چھان کر شیر برگد میں کھرل کر کے حب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : دافع جریان ہے، مغلظ منی ہے، دافع احتلام بھی ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب۔ حسین آگاہی ملتان۔

۸۳۶۔ حب مغیلاں : اجزاء : ثمر مغیلاں خام ۲۰ تولہ، کونپل برگد ۲۰ تولہ، مغز تخم تر مہندی ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، بھوپھلی ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : پہلی دونوں اشیا کو پانی دو سیر میں جوش دیں۔ آدھ سیر رہنے پر اتار کر چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔

جب رب کا قوام ہو جائے تو اتار لیں اور باقی ادویہ کا سفوف اس میں شامل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : مقوی باہ اور جریان میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۸۳۷۔ سفوف بادیان : اجزاء : بادیان مقشر ۲ تولہ، خاکسی مصفیٰ ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ، سبوس اسبغول ۲ تولہ، نبات سفید ۹ تولہ

ترکیب ساختن : حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر بز یا شیر گاؤ صبح اور بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان جس کے ساتھ قبض بھی ہو مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قمر بیدار صاحب۔ پتہ ندارد۔

۸۳۸۔ سفوف بیج بند : اجزاء : تخم انجرہ ۱ تولہ، بیج بند ۱ تولہ، تالمکھانہ ۱ تولہ، لاجونتی ۱ تولہ، موصلی سفید ۱ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و رات کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان و احتلام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی محمد زمان صاحب سکنہ زماہ۔ ضلع میرپور۔ تحصیل کوٹلی

۸۳۹۔ سفوف بیخ مغیلاں : اجزاء : پوست بیخ مغیلاں ۱ تولہ، گل مغیلاں ۱ تولہ، برگ مغیلاں ۱ تولہ، ثمر مغیلاں ۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، نبات سفید ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو خوب کوٹ چھان کر کھرل کریں اور نبات سفید شامل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ ½ پاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : کہنہ سے کہنہ مرض جریان منی ہمیشہ کے لئے ختم ہو جائے گا۔ بے حد مغلظ منی ہے۔

ہدایت : دودھ، دہی اور خالص گھی کا استعمال دوران علاج خاص طور پر زیادہ کریں۔

عطیہ : حکیم عنایت اللہ خاں صاحب ۱۰۲/E اسیلائیٹ ٹاؤن۔ گوجرانوالہ۔

۸۴۰۔ **سفوف تالمکھانہ** : اجزاء : سمندر سوکھ ۱ تولہ، تالمکھانہ ۱ تولہ، تخم سروالی ۱ تولہ، تخم کاہو ۱ تولہ، تخم قنب ۱ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : جریان و احتلام میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم عبد الحمید صاحب پتہ ندارد۔

۸۴۱۔ **سفوف تخم ریحان** : اجزاء : عقرقرحا ۲ ماشہ، مازو سبز ۲ ماشہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، تخم ریحان ۳ تولہ، دانہ ہیل کلاں ½۲ تولہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم اور بوقت صبح ہمراہ باسی پانی کھلائیں۔

افعال و خواص : جریان میں مفید ہے اور کہنہ سے کہنہ مرض احتلام بھی دور ہو جاتے گا۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام پتہ ندارد۔

۸۴۲۔ **سفوف ثعلب** : اجزاء : موصلی سفید ۵ تولہ، سنگھاڑہ خشک ۵ تولہ، خصیۃ الثعلب ۵ تولہ، چاول ساٹھی، کشتہ رصاص ابیض (قلعی) در قنب یا حنا ۱ تولہ،

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کا نہایت باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ۔ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : نہایت اعلی درجہ کا مغلظ منی ہے، جریان، سرعت انزال میں بے حد مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اظہر نصیر صاحب چک نمبر ۹۶/۷۔۱۵ تحصیل خانیوال۔ ضلع ملتان۔

۸۴۳۔ **سفوف جریان منی** : اجزاء : بسنادرہ ۱ تولہ، سنگ جراحت ۱ تولہ، مصری کوزہ ۲۰ تولہ، کشتہ رصاص ابیض (قلعی) ۶ ماشہ

ترکیب ساختن : پہلی دونوں اشیاء کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ مصری کوزہ بھی کھرل کر کے ملا دیں پھر کشتہ قلعی ملا کر اور کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : جریان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب سکنہ کوٹلی مٹی تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خاں

۸۴۴۔ سفوف دافع جریان : اجزاء: مغز تخم جامن ۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، مازو سبز ۱ تولہ، رانیج ۱ تولہ، موچرس ۱ تولہ، ثمر الاثل دانہ خورد ۱ تولہ، افیون ۲ ماشہ، کشتہ قلعی ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری : پہلی چھ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔ افیون کو پانی میں اچھی طرح کھرل کریں۔ پھر کشتہ قلعی ڈالیں اور کھرل کریں۔ بعد ازاں باقی ادویہ آہستہ آہستہ ڈال کر کھرل کریں۔ سفوف تیار کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان احتلام کا شافی علاج ہے۔

عطیہ : حکیم اعجاز احمد صاحب یونانی شفاخانہ۔ بازار کریم پورہ۔ پشاور شہر

۸۴۵۔ سفوف ستاور : اجزاء: ستاور ۱ تولہ، ثعلب پنجہ ۱ تولہ، سبوس اسبغول ۲ تولہ، نبات ۴ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور سفوف تیار کریں پھر سبوس اسبغول اور نبات سفید ملا کر مکمل کرلیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام پتہ ندارد۔

۸۴۶۔ سفوف شقاقل مصری : اجزاء: موصلی سفید ۱ تولہ، ثعلب مصری ۱ تولہ، ثعلب دانہ ۱ تولہ، شقاقل مصری ۱ تولہ، بہمن سرخ ایک تولہ، بہمن سفید ۱ تولہ، تودری سفید ۱ تولہ، تودری زرد ۱ تولہ، لاجونتی ۱ تولہ، مصری کوزہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح اور ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ بوقت شام کھلائیں۔

ہدایت : اگر قبض کی شکایت ہو تو سبوس اسبغول شامل کرلیں۔

افعال وخواص : جریان و احتلام کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب۔ کوٹ مراد خاں۔ قصور

۸۴۷۔ سفوف کشنیز : اجزاء: کشنیز خشک ۱۰ تولہ، بادیان ۱۰ تولہ، برہمی بوٹی خشک ۱۰ تولہ، دار چینی ۵ تولہ، مغز بادام مقشر ۱ تولہ، کشتہ مرجان ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : پہلی دونوں اشیاء کے چاول نکالیں پھر ادویہ کوٹ چھان کر شامل کر کے خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ بوقت صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان، احتلام اور خفقان کے لئے مفید ہے۔ دافع نزلہ، نفخ شکم اور اکثر امراض قلب کو مفید ہے۔

کتاب المجربات

۸۴۸۔ **سفوف کشتہ قلعی والا**: اجزاء: موصلی سفید ۴ تولہ، موصلی سیاہ ۴ تولہ، تالمکھانہ ۴ تولہ، بیج بند ۴ تولہ، عقرقرحا ۲ تولہ کشتہ رصاص ابیض (قلعی) ۱ تولہ، بنات سفید ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو پیس کر کشتہ قلعی ملاکر بنات سفید شامل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: جریان کے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم صوفی احمد یار صاحب۔ مقام درن، ضلع میانوالی۔

۸۴۹۔ **سفوف کمرکس**: اجزاء: کمرکس ۱ تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ ۱ تولہ، افیون ۲ ماشہ، ریش برگد ۲ تولہ، کافور ۲ ماشہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ملاکر ہمراہ شیر برگد کھرل کرکے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۳ حب ہمراہ آب تازہ رات سوتے وقت کھلائیں۔ پرہیز بدستور کریں۔

افعال وخواص: جریان اور احتلام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم شیر محمد صاحب نزد طارق سینما محلہ انند پورہ۔ لائلپور۔

۸۵۰۔ **سفوف کوکنار**: اجزاء: کوکنار ۱ تولہ، عقرقرحا ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، بزرالبنج ۱ تولہ، تخم ریحان ۱ تولہ، بنات سفید ۸ تولہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔ صبح و شام دونوں وقت۔

افعال وخواص: جریان۔ احتلام میں مؤثر ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۸۵۱۔ **سفوف موچرس**: اجزاء: موچرس ۱ تولہ، کشتہ صدف صادق ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: موچرس کا سفوف بنائیں اور کشتہ صدف کو خوب کھرل کرکے مثل غبار کرکے شامل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ مکھن صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: جریان کہنہ، احتلام اور سرعت انزال کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ: حکیم فضل الٰہی صاحب دواخانہ چشمہ حیات ۸/۲۷ اندرون ٹکسالی گیٹ۔ لاہور۔

۸۵۲۔ **سفوف موصلی**: اجزاء: ثعلب مصری ۲ ماشہ، موصلی سفید ۲ ماشہ، تخم ریحان ۴ ماشہ۔

ترکیب ساختن: اول دونوں اشیاء کو خوب پیس کر بعد ازاں تخم ریحان مسلم شامل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: یہ ایک خوراک ہے۔ رات کو اس سفوف کو ایک سیر شیر گاؤ میں پکائیں۔ جب نصف دودھ باقی رہے تو نیچے اتار کر قدرے بنات سفید شامل کرکے کھلائیں۔ اسی طرح دو ہفتہ کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان اور تقطیر البول میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب سکنہ کوٹلہ تحصیل خانپور ضلع رحیم یار خاں۔

۸۵۳۔ **سفوف نارجیل دریائی** : اجزاء : اذاراقی مدبر ا تولہ، نارجیل دریائی ا تولہ، زہر مہرہ خطائی ا تولہ، سلاجیت خاص ا تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی سفوف ہمراہ مسکہ گاؤ علی الصبح کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان۔ احتلام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خان محمد صاحب چاہ اسٹر والا تحصیل وضلع میانوالی۔

۸۵۴۔ **کشتہ نقرہ** : اجزاء : نقرہ تیزابی (باریک پترہ کردہ) ۲ تولہ، تخم دبھن بوٹی) ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : چاندی کے باریک پترے کو آگ میں رکھ کر گرم کرکے آب بھن میں بجھائیں اور یہ عمل اکیس دفعہ کریں بعدازاں تازہ بھن بوٹی ۲۰ تولہ کے نغدہ میں رکھ کر حسب دستور گل حکمت کرکے تیس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ یہی عمل کریں اسی طرح سات بار کریں، کشتہ تیار ہوگا۔

۸۵۵۔ **کشتہ پوست بیضہ مرغ** : اجزاء : پوست بیضہ مرغ مصفیٰ ۱/۲ ۲ تولہ، آب لیموں حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : دونوں اجزا کو کھرل میں ڈال کر خوب کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر حسب دستور گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح سے تین بار آگ دیں۔ سفید کشتہ ہوگا۔

اجزاء : کشتہ نقرہ مذکور ا تولہ، کشتہ پوست بیضہ مرغ ا تولہ، کشتہ فولاد انگوری یا ترپھلہ والا ا تولہ۔

ترکیب ساختن : تینوں کشتہ جات ملا کر یک جان کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی کشتہ در مسکہ گاؤ یا بالائی شیر اور سے شیر گاؤ ۱/۲ سیر پلائیں اسی طرح صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان، احتلام اور سیلان الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ۔ لاہور

۸۵۶۔ **کشتہ نقرہ مرکب** : اجزاء : برادہ نقرہ ا تولہ، رانگ ابیض ۴ تولہ (سوہان کردہ)، صدف مروارید ی ۵ تولہ (سوہان شدہ) سیماب مصفیٰ ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : پختہ کھرل میں پہلی تینوں اشیاء کو ڈال کر کھرل کریں۔ بعدازاں گردہ گھیکوار ۲۰ تولہ میں خوب کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح سے پانچ آنچ پوری کریں۔ بعدازاں نکال کر سیماب مصفیٰ اس میں ڈال کر خوب کھرل کریں اور پھر گودا گھیکوار ۲۰ تولہ کے ہمراہ کھرل کرکے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں خوب مضبوط گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح سے پانچ آنچ مکمل کریں۔ اور ہر بار سیماب مصفیٰ کا اضافہ کرکے کھرل کرتے جائیں۔ جب پانچ آنچ

پوری ہو جائیں تو نسخہ مکمل ہے۔ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی کشتہ کیپسول میں بند کر کے ہمراہ مسکہ گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : جریان، احتلام، سرعت انزال، سیلان الرحم، ضعف بدن، ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری، مہتمم یونانی طبی ریسرچ کمیٹی۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔

۸۵۶- **معجون ثعلب** : اجزاء : گل سرخ ۶ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، زرشک شیریں ۱ تولہ، صندل سفید ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، کشنیز خشک ۱ تولہ، خصیۃ الثعلب ۲ تولہ، مغز تخم خیارین ۲ تولہ، موصلی سفید ۲ تولہ، عسل خالص ۲۰ تولہ،

ترکیب ساختن : جملہ اشیاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر شہد خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ معجون ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں

افعال وخواص : جریان، احتلام، سرعت انزال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم راجہ میاں خاں، نئی آبادی، جلال پور جٹاں۔

امراض مخصوص بہ نسواں

عقر

۸۵۸۔ **حب مرکی** : اجزاء: ملح النار (نوشادر) ۶ ماشہ، مرمکی ۶ ماشہ۔
ترکیب ساختن : دونوں اشیاء کو خوب پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے بوزن ارتی حبوب بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام دوران حیض کھلائیں۔
اور بعد فراغت حیض جماع میں مشغول ہوں۔
افعال وخواص : یہ حبوب معین حمل ہیں اور دافع بانجھ پن ہیں۔
عطیہ : حکیم سکندر علی صاحب ۲۵۹۔ای۔بی بورلیوالہ ضلع ملتان

۸۵۹۔ **حب مشک** : اجزاء: مشک خالص ۲ رتی، افیون ۱ ماشہ، جائفل ۱ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، قنب ۲ ماشہ، قند سیاہ کہنہ ۵ ماشہ، نوفل ۳ عدد، قرنفل ۴ عدد۔
ترکیب تیاری : سب ادویہ کوٹ چھان کر ہمراہ قند سیاہ حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب بعد فراغت حیض پہلے روز سے ہی کھلانا شروع کریں اور تین روز تک کھلائیں ۲ گولی ایک وقت۔ پھر بدستور ایک گولی صبح و ایک گولی شام جاری رکھیں۔
افعال وخواص : بانجھ پن کے لئے مفید ہے۔
عطیہ حکیم محمد اسلم صاحب بازار کلاں، وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۸۶۰۔ **حمول دافع عقر** : اجزاء: زاج احمر ا تولہ، زاج ابیض ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، کف دریا ا تولہ، نبات سفید ا تولہ،
ترکیب تیاری : سب ادویہ کو پیس کر رکھیں۔
ترکیب استعمال : ایک ماشہ دوائی شہد میں ملا کر اس میں روئی لت پت کر کے کسی تجربہ کار دائی سے اندام نہانی میں رکھوائیں اسی طرح کہ ایام حیض کے تین دن پہلے اور تین دن بعد میں رکھوائیں۔ بعد از طہارت جماع کی اجازت دیں۔
افعال وخواص : اس کے استعمال سے حمل قرار پائے گا اور مرض عقر دفع ہو گا۔
عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۸۶۱۔ **دوائے عقر** : اجزاء: بھڑ زرد کا چھتہ (جس میں مصری موجود ہو) قند سیاہ کہنہ پانچ سالہ ہم وزن۔

ترکیب تیاری: کوٹ کر اچھی طرح یک جان کریں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ دوا ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔ پورن ماشی (چودھویں) یا اماسی (اٹھائیسویں) کی رات ایک میں صرف دو یوم۔ اگر خون جاری ہو تو ٹھیک ورنہ دوسرے ماہ پھر کھلائیں۔ دو دن سے زیادہ ہرگز نہ کھلائیں۔

عطیہ: حکیم قربان علی صاحب لدھیکے نیویں۔

۸۶۲۔ **سفوف بامیہ**: اجزاء: ست گلو اتولہ، دانہ ہیل خورد، اتولہ، دانہ ہیل کلاں اتولہ، مغز تخم تمر ہندی اتولہ، کتیرا خشک اتولہ، خار خسک اتولہ، ست سلاجیت اتولہ، ثعلب پنجہ اتولہ، ستاور اتولہ، سمندر سوکھ اتولہ، صندل سفید اتولہ، سوڈا بائیکارب اتولہ، سعد کوفی اتولہ، تخم انجرہ اتولہ، خولنجاں اتولہ، بامیہ خشک (بھنڈی جس میں ابھی تخم نہ پڑے ہوں) ۵ اتولہ۔

ترکیب تیاری: سب اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۹ ماشہ سفوف ہمراہ شربت مختار ۲/۱ ۲ تولہ، عرق بید مشک سادہ ۲ تولہ، عرق نعناع ۲ تولہ، عرق بادیان ۲ تولہ صبح و شام

۸۶۳۔ **سفوف دافع عقر**: اجزاء: مشک خالص اماشہ، افیون ۲ ماشہ، برگ تفاح ۶ ماشہ (برگ سیب)، زعفران ۴ ماشہ، فوفل ۸ عدد، جوز بوا ۳ اماشہ، قرنفل ۸ عدد، قند سیاہ ۱۴ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف بعد از فراغت حیض ہمراہ شیر گاؤ رات کو کھلائیں ۳ روز مسلسل چوتھے روز مقاربت کی اجازت دیں۔ اگر پہلے ماہ استقرار حمل نہ ہو تو اسی طرح دوسرے ماہ بھی ایام طہارت میں ۳ روز کھلا کر چوتھے روز مقاربت کی اجازت دیں انشاء اللہ حمل ضرور قرار پائے گا۔

عطیہ: حکیم ثناء اللہ صاحب فاروقی۔ جہلم شہر۔

۸۶۴۔ **سفوف دافع عقر**: اجزاء: موصلی سفید ۲ تولہ، چوب زرد (ہلدی) ۲ تولہ، اسگند ناگوری ۵ تولہ، زعفران کشمیری ۲ ماشہ، چاول ساٹھی ۵ تولہ، عود صلیب اماشہ، مازو۔ الد، کرکس ۲ تولہ، مجیٹھ ۲ تولہ،

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ تا ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ قبل از ابتدائے حیض چار یوم روزانہ بوقت خواب کھلائیں۔ اکیس دن کھلانے کے بعد ہمبستری کی اجازت دیں۔ انشاء اللہ پہلے ماہ میں ہی حمل قرار پائے گا۔ دوران علاج دودھ چاول زیادہ کھلائیں۔

افعال و خواص: عقر میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حاجی زمان علی صاحب بمقام ساگری ضلع راولپنڈی۔

۸۶۵۔ **سفوف عاج**: اجزاء: قلب الحجر ۶ ماشہ، برادہ دندان فیل ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو پیس کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ تا ۱ تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم بعد از فراغت حیض رات کو سوتے وقت کھلائیں سات روز کھلائیں اور سات روز ہی متواتر جماع کیا جاتے، جماع کے بعد عورت آدھ گھنٹہ تک دائیں کروٹ لیٹی رہے۔ اگر پہلے ماہ میں کامیابی حاصل نہ ہو تو دوسرے ماہ بھی مندرجہ بالا طریقہ سے کھلائیں۔ اسی طرح سے تیسرے ماہ بھی۔ انشاء اللہ حمل قرار پا جائیگا۔

افعال وخواص : بانجھ پن میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رحمت علی صاحب۔ ضلع ساہیوال۔

۸۶۶۔ **سفوف قلب الحجر** : اجزاء : عقرقرحا ۱ تولہ، قلب الحجر ۱ تولہ، کشتہ حلزون ۳ تولہ، برادہ عاج ۴ تولہ، عسل مصفی ۴۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عسل خالص میں ملا کر معجون تیار کریں۔ اور شیشے کے برتن میں ڈال کر ۴۰ یوم تک غلہ گندم میں دفن رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ معجون ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام بعد فراغت حیض ۱۴ یوم کھلائیں۔

افعال وخواص : مرض عقر میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نواب الدین صاحب۔ مقام بھروانہ۔ ضلع جھنگ۔

۸۶۷۔ **سفوف معین حمل** : اجزاء : برادہ عاج ۱ تولہ، قلب الحجر عمدہ ۶ ماشہ، ریش پیپل ۶ ماشہ، دانہ ہیل کلاں ۴ ماشہ، نبات سفید ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ بعد فراغت حیض، ۷ یوم تک روزانہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : استقرار حمل کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب عثمانیہ دواخانہ۔ بورے والا۔

۸۶۸۔ **شربت مختار** : اجزاء : لعاب اسپغول ۱ پاؤ، ترنجبین ۱ تولہ، نبات سفید ۳ پاؤ۔

ترکیب تیاری : اسپغول کا لعاب حاصل کر کے نبات سفید شامل کر کے حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ شربت ہمراہ سفوف بامیہ مندرجہ طریقہ سے کھلائیں۔

افعال وخواص : استقرار حمل کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یامین خاں صاحب فاروقیہ یونانی دواخانہ، بغداد روڈ بہاولپور۔

۸۶۹۔ **علاج عقر** : اجزاء : تخم سرس حسب ضرورت

ترکیب تیاری : تخم سرس کو نہایت باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح اور بوقت خواب ہر حیض کے بعد سات یوم کھلائیں۔ تین حیض کے اندر اندر حمل قرار پائے گا۔ اس کے ساتھ درج ذیل حمول بھی استعمال کرائیں۔

۸۶۰۔ **حمول معین حمل :** اجزاء : پوست بلیلہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری : پوست بلیلہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں، ۶ ماشہ وزن کی سات پوٹلیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال : ایام سے فارغ ہونے کے بعد بذریعہ دایہ روزانہ شب ایک پوٹلی اندام نہانی میں رکھوائیں۔ سات یوم استعمال کرائیں۔

افعال وخواص : عقر کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور صاحب۔ قصور۔

اسقاطِ حمل

۸۶۱۔ **جوشاندہ دافع اسقاط حمل :** اجزاء : آملہ خشک ۱ تولہ، کات سفید ۱ تولہ، لودھ پٹھانی ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پانی میں جوش دے کر چھان کر بغیر شکر کے پلائیں۔ ایسی دو یا تین خوراک روزانہ

استعمال : پلائیں۔ مریضہ کو آرام کی ہدایت کریں۔ پائنتی اونچی کردیں۔

افعال وخواص : حاملہ کے سیلان خون کو روکنے یا حمل گرنے کے امکان کو دور کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم قاضی محمد بخش صاحب جیکب آباد۔

۸۶۲۔ **سفوف انجبار :** اجزاء : بیخ انجبار ۱ تولہ، صمغ عربی ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کرلیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : دو تین دن لگاتار کھلانے سے اسقاط حمل کا عارضہ رفع ہوگا۔

عطیہ : حکیم محمد ہارون صاحب۔ پتہ ندارد۔

۸۶۳۔ **سفوف فادزہر :** اجزاء : فادزہر معدنی ۱ تولہ، ورق نقرہ ۱ تولہ، صدف مروارید ی ۱ تولہ، دار چینی خورد ۱ تولہ، مصری کوزہ ہم وزن

ترکیب ساخت : پہلی تینوں اشیاء کو ایک ہفتہ عرق گاؤزبان میں خوب کھرل کریں اور سایہ میں خشک کرکے باقی ادویہ سائیدہ ملاکر خوب کھرل کریں اور ملاکر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف روزانہ صبح ہمراہ شیر بز یا عرق گاؤزبان کھلائیں۔

افعال وخواص : اسقاطِ حمل کے علاوہ سیلان الرحم اور جریان الرحم کو بھی دور کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب جیبن آگاہی۔ ملتان۔

۸۷۴۔ **سفوف محافظ حمل :** اجزاء: لودھ پٹھانی ا تولہ، برادہ دندان فیل ا تولہ، آرد اصل السوس مقشر ا تولہ، آملہ ا تولہ کہربا شمعی ا تولہ، طباشیر کبود ا تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ شیر بز یا شیر گاؤ تازہ قدرے شہد سے میٹھا کر کے صبح و شام کھلائیں۔ اسی طرح دو ہفتہ متواتر کھلائیں اگر مزاج میں برودت ہو تو دارچینی ۲ ماشہ دودھ میں ڈال کر جوش دیکر پلائیں زنانہ ہی بہتر ہے

افعال وخواص : کثرتِ اسقاط کی عادت میں بھی اور دوران اسقاط بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شیخ احمد علی صاحب۔ مین بازار نارووال۔ ضلع سیالکوٹ۔

۸۷۵۔ **حب انجبار :** اجزاء: بیخ انجبار ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ، سرمہ سیاہ ۲ تولہ، رسوت ۲ تولہ، آب برگ مغیلاں سبز۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر برگ مغیلاں سبز کے پانی سے گوندھ کر حبوب بقدرِ نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۴ حبوب ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی تازہ صبح و شام متواتر چالیس یوم کھلائیں۔

افعال وخواص : دوران حمل خون آنے کو یا حاملہ کے شکم میں بچہ کمزور ہو جانے کو مفید ہے۔

۸۷۶۔ **سفوف چنیخام :** اجزاء: ثمر آثل رمامیں خورد ۲ تولہ، فوہ رمجیٹھ ۲ تولہ، زرنباد ۲ تولہ، لسان العصافیر ۲ تولہ، چنیخام ا تولہ، انیس تلخ ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، گل احمر (گیرو) ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن: جملہ اجزا کو کوٹ چھان کر ہمراہ شہد حبوب بقدرِ نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : جب حمل معلوم ہو تو چاند کی پہلی تاریخ سے ایک حب ہمراہ عرق گاؤ زبان ۲۰ تولہ کھلائیں اور متواتر دس روز یہ عمل جاری رکھیں ولادت تک یہ عمل ہر ماہ کرتے رہیں۔ درج ذیل نسخہ بھی دیں۔

افعال وخواص: اسقاطِ حمل کے عارضہ کو رفع کرتا ہے۔

۸۷۷۔ **حب حجر القلب :** اجزاء: حجر القلب ا رتی، طباشیر کبود ا ماشہ، مویز منقی ۱ دانہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو پیس کر یک جان کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : یہ ایک خوراک ہے۔ شروع حمل سے ہر ماہ ایک مرتبہ ہی کھلانا کافی ہے۔ اسی طرح اگر عورت کو حمل کے نویں ماہ بھی کھلایا جائے تو بچہ دسویں ماہ پیدا ہوگا۔

افعال وخواص: اسقاط کے لئے بھروسہ کی چیز ہے۔ دوسری صفت یہ ہے کہ جس کو یہ دوائی کھلائی گئی

اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوا۔

عطیہ: حکیم عبدالستار صاحب عباسی

۸۷۸۔ **حب رسوت:** اجزاء: بیخ ریباس ا تولہ، فرفیراں (عصارہ ریوند) ا تولہ، رسوت خالص ا تولہ، مغز تخم نیب ا تولہ، چشخام (چاکسو) ایک تولہ، برگ ریحان ا تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوکوٹ پیس کر بقدر دانہ جوار حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ باسی پانی۔ بچہ کو نصف حب ہمراہ آب آہک کھلائیں۔

افعال وخواص: اس سے اسقاط کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ علاوہ ازیں سیلان فدوی کو رفع کرتی ہے مقوی اعضاء رحم رخصیۃ الرحم ہے۔ دافع عقر ہے۔ علاوہ ازیں۔ محافظ جنین ہے اور بچوں کو جو پیدائش کے بعد فوت ہو جاتے ہیں کی محافظ ہے۔ ورم رحم اور اختناق الرحم میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد اشرف صاحب سکنہ کوڑی شاہ زیریں ضلع ساہیوال

۸۷۹۔ **سفوف کہربا:** اجزاء: کہربا شمعی ۶ ماشہ، حب الآس ۱۰ ماشہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۱۰ ماشہ، نشاستہ ۱۰ ماشہ تخم بارتنگ ۱۰ ماشہ، گلنار ۱۰ ماشہ، اقاقیا ۱۰ ماشہ، صمغ عربی ۱۰ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوکوٹ چھان کر ہمراہ شہد حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شربت انجبار ۲ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: اس کے کھلانے سے گرتا ہوا حمل فوراً رک جاتا ہے۔ استحاضہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید شریف الحسن صاحب چک نمبر ۶۹/۵.L تحصیل وضلع ساہیوال

۸۸۰۔ **حب مروارید:** اجزاء: بسد۔ زہر مہرہ ا تولہ، صدف مرواریدی ا تولہ، نارجیل دریائی ا تولہ، مروارید ناسفتہ ا تولہ ورق نقرہ ۱۰ اعدد۔

ترکیب تیاری: حسب دستور تمام ادویہ کو عرق گلاب در آتشہ میں صلایہ کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ بعد از طعام صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: اسقاط کے علاوہ جن مستورات کے بچے فوت ہو جاتے ہیں ان کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم احمد بخش صاحب سکنہ بستی غازی شاہ۔

۸۸۱۔ **کشتہ ہڑتال گئودنتی:** اجزاء: ہڑتال گئودنتی ۲ تولہ، بصل ابیض ا پاؤ۔

ترکیب تیاری: پیاز نیم کوفتہ کوزہ گلی میں ہڑتال کے نیچے اوپر رکھ کر گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی کشتہ ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی دن میں تین بار کھلائیں دو خوراک کھانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

افعال و خواص: اسقاط حمل میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شفیع صاحب منڈی ہیرا سنگھ تحصیل دیپال پور ضلع ساہیوال

کثرت طمث

۸۸۲۔ **دوائے کثرت طمث:** اجزاء: کشتہ شب یمانی ۲ تولہ، کشتہ سنگ جراحت ۲ تولہ

ترکیب تیاری: دونوں کشتوں کو ملا کر سحق کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی کشتہ ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: خون حیض بکثرت جاری ہو تو بند کرتی ہے کثرت طمث میں مفید ہے۔

کشتہ جات کو درج ذیل ترکیب سے تیار کریں۔

۸۸۳۔ **کشتہ شب یمانی:** اجزاء: شب یمانی ۲ تولہ، برگ نیب تازہ ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: برگ نیب کا نغدہ بنا کر نصف نغدہ توے پر رکھیں اور پھر شب یمانی کو رکھ کر باقی نغدہ اوپر رکھ کر ایک پیالہ مٹی رکھ کر توے کے نیچے آگ جلائیں تاآنکہ برگ نیب جل کر شب یمانی کشتہ ہو جائے سرد ہونے پر نکال کر محفوظ رکھیں۔

کشتہ سنگجراحت: اجزاء: سنگجراحت ۲ تولہ، برگ نیب تازہ ۱۰ تولہ

ترکیب تیاری: بدستور ترکیب شب یمانی کشتہ کر لیں اور کام میں لائیں۔

عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب دارثی مقام نکھوٹی ملہو تحصیل و ضلع جہلم۔

۸۸۴۔ **سفوف اسرنج:** اجزاء: سنگ جراحت ا تولہ، زاج احمرا تولہ، اسرنج (سندھور) ایک تولہ۔

ترکیب ساختن: تینوں کو ملا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں بواسیر دموی اور بچوں کے اسہال صفراوی میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مہتاب الدین صاحب بازار اجمیر اسنگھ۔ گوجرانوالہ۔

۸۸۵۔ **سفوف حابس الدم:** اجزاء: کہربا شمعی ۶ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، کاث ۶ ماشہ، رسوت مصفی ۶ ماشہ چنیا گوند ۶ ماشہ

ترکیب ساختن: سب اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ یا بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

انفعال وخواص : استحاضہ کے علاوہ ہر قسم کے جریان خون میں بھی مؤثر ہے۔

عطیہ : طبیبہ کنیز فاطمہ چک ۱۰۶/۹۔ ل، نزد ہڑپہ ۔ ضلع ساہیوال۔

۸۸۶۔ **سفوف رائتیج :** اجزاء : رائتیج (رال) ا تولہ، کمرکس ا تولہ، طباشیر ا تولہ، نبات سفید ۳ تولہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب چاول ساٹھی دن میں تین بار کھلائیں۔ غذا میں چوری یا نانِ گندم مرغن کھلائیں۔

انفعال وخواص : کہنہ سے کہنہ کثرت طمث کو ختم کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید فیاض حسین صاحب گیلانی - لاہور چھاؤنی - لاہور

۸۸۷۔ **سفوف سنگ جراحت :** اجزاء : شب یمانی ا تولہ، سنگجراحت ا تولہ، رائتیج ا تولہ، ثمر مغیلان خام ا تولہ۔

ترکیب ساختن : برگ نیب میں تابہ آہنی پہ رکھ کر اول کی تینوں ادویہ کو الگ الگ کشتہ کریں۔ سفید ہونے پر راکھ سے صاف کر کے جدا جدا پیس کر باہم کھرل کریں اور ثمر مغیلاں مسفوف بھی اس میں شامل کر کے کھرل کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی دن میں تین بار کھلائیں، ترش، قابض اور گرم اشیاء سے پرہیز کریں۔

انفعال وخواص : پرنالے کی طرح بہتا ہوا خون بھی پہلی خوراک سے رک جاتے گا۔ مریضہ کو مکمل آرام کریں۔

عطیہ : حکیم سردار احمد صاحب چک نمبر ۱۱۹ جنوبی تحصیل و ضلع سرگودھا۔

۸۸۸۔ **سفوف کہربا :** اجزاء : دم الاخوین ا تولہ، کہربا شمعی ا تولہ، ہیل خورد ا تولہ، سمندر سوکھ ا تولہ، سنگجراحت ا تولہ، طباشیر نقرہ ۹ ماشہ، کشتہ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار دن میں تین بار کھلائیں۔

انفعال وخواص : کثرت طمث اور جریان خون ہر قسم میں نافع ہے۔ اسہال دموی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبد العزیز صاحب عزیز دواخانہ بھوانہ بازار - لائل پور

۸۔ **سفوف مصطگی :** اجزاء : گل احمر (گیرو) ا تولہ، مصطگی رومی ۸ ماشہ، کہربا شمعی ۴ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان شربت انجبار ۲ تولہ صبح و عصر کھلائیں۔

انفعال وخواص : کثرت طمث میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں خون خواہ کسی مقام سے جاری ہو۔ مثلاً ناک، حلق

یا رحم تو اس دوا کے استعمال سے مکمل طور پر رک جائے گا۔

عطیہ : حکیم محمد صدیق رضوی صاحب چک ۲۶۴ ر۔ب ٹبہ والی ناگ تحصیل ڈسٹرکٹ لائل پور

۸۹۰۔ **شافہ حابس** : اجزاء : مازو ۱ تولہ، شب یمانی ۱ تولہ، کبریت آملہ سار ۱ تولہ، گلنار فارسی ۱ تولہ، سرمہ سیاہ ۱ تولہ

ترکیب ساختن : ذریعہ لعاب اسبغول ادویہ مذکورہ سائیدہ کر کے پانچ شافے تیار کریں۔

ترکیب استعمال : بذریعہ دایہ شافہ رکھوائیں اور چوبیس گھنٹہ کے بعد شافہ تبدیل کرا دیا کریں۔

افعال وخواص : کثرت طمث میں بے حد مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمود الحسن صاحب پاشا سٹریٹ۔ جناح چوک۔ ساہیوال

۸۹۱۔ **کشتہ پوست بیضہ مرغ** : اجزاء : پوست بیضہ مرغ ۵ تولہ، عرق لیموں ۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن : دونوں اجزاء کھرل کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح سات بار آگ دیں کشتہ مکمل ہو گا۔ محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی کشتہ نبات سفید میں ملا کر ہمراہ دودھ کھلائیں۔

افعال وخواص : استحاضہ میں جبکہ کثرت استفراغ سے مریضہ قریب غشی کے ہو یہ دوا کھلانے سے غشی کی حالت دور ہو جاتی ہے۔ دوسری خوراک ۲ گھنٹہ بعد کھلانے سے کلی شفا ہو جاتی ہے اور شاذ و نادر ہی تیسری خوراک کی ضرورت پڑتی ہے علاوہ ازیں بدرقہ مناسبہ کے ساتھ دینے سے نزف الدم، نفث الدم اور ادرار بول میں بہت ہی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرحمٰن صاحب سکنہ میانوالی۔

۸۹۲۔ **کشتہ زنجفر** : اجزاء : زنجفر رومی ۱ تولہ، نانخواہ ۵ تولہ، روغن زرد ۱ تولہ، آب بھنگرہ سبز ۲ تولہ

ترکیب ساختن : اجوائن کو آہنی کڑاہی میں زنجفر کے زیر و بالا رکھ کر اوپر روغن گاؤ ڈال دیں پھر آب بھنگرہ اس طرح ڈالیں کہ اجوائن میں حرکت نہ آئے اور زنجفر برہنہ نہ ہو بعد ازاں کڑاہی کو آگ پر رکھیں جب گھی اور اجوائن کو آگ لگ جائے تو چولہے کی آگ بند کر دیں شعلہ بند ہو جانے کے بعد کڑاہی کو نیچے اتاریں۔ سرد ہونے پر زنجفر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی کشتہ ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر کھلائیں۔

عطیہ : ہدایت : اس کے ساتھ شافہ حابس بھی استعمال کرائیں۔

۸۹۳۔ **کشتہ سنگ جراحت** : اجزاء : سنگ جراحت ۵ تولہ، کشنیز سبز ایک پاؤ۔

ترکیب ساختن : سنگ جراحت کشنیز سبز کے نغدہ میں رکھ کر دس سیر کی آگ دے کر کشتہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ کشتہ ہمراہ شربت انجبار دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : کثرت طمث میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور صاحب سکنہ ادساہن۔ ڈاکخانہ تھلے خورد تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ۔

احتباس طمث

۸۹۴۔ **جوشاندہ مدر حیض** : اجزاء: مندوقی دیکھیڑا ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱½ ماشہ، جوکھار ۱ ماشہ، عنب الثعلب ۲ ماشہ، بنات سفید ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : تمام ادویہ کو پانی تین پاؤ میں اس قدر پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے۔

مقدار خوراک : اب اس جوشاندہ کے دو حصے کریں ایک حصہ میں بنات سفید ۲ تولہ ملاکر صبح پلائیں اور اسی طرح دوسرا حصہ شام کو تین یوم پلائیں۔ سرد پانی سے سخت پرہیز کرائیں۔

افعال وخواص : احتباس طمث اور اس کے عوارضات کو رفع کرتا ہے۔ ورم رحم میں مفید ہے۔

عطیہ : طیبہ کوثر نسیم صاحبہ ملک۔ بڑدال کلاں

۸۹۵۔ **حب ارواح** : اجزاء: ست اجوائن ۶ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، عرق گلاب ۱ تولہ، میدہ گندم ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : پہلی تینوں اشیاء کو عرق گلاب میں کھرل کرکے اس میں میدہ گندم ڈال کر کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق مکو کھلائیں۔

افعال وخواص : احتباس طمث کے دوران جبکہ شدید درد ہو فوراً فائدہ ہوتا ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب عابدی دواخانہ پرانا مچھلی بازار۔ رودھڑی

۸۹۶۔ **حب افسنتین** : اجزاء: صبر ۳ ماشہ، فرق (افسنتین) ۳ ماشہ، زاج اخضر ۲ ماشہ، زراوند مدحرج ۳ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو پیس کر کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب نیم گرم بوقت خواب کھلائیں۔ صرف تین خوراک کا کھانا ہی کافی ہے۔

افعال وخواص : درد پہلے ہی دن بند ہو کر خون حیض جاری ہو جائے گا۔

عطیہ : حکیم نفیر محمد صاحب درویشی دواخانہ۔ ڈھڈی والا۔ ضلع ڈیرہ

۸۹۷۔ **حب ریوند** : اجزاء: نانخواہ ۱ تولہ، کمون اسود (زیرہ سیاہ) ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، بیخ ریباس (ریوند چینی) ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری : اول ریوند چینی کو پانی ۱۲ چھٹانک میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ بعد ازاں جوش دیں اور پانی نصف رہنے پر چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ حتیٰ کہ غلیظ سا قوام بن جائے تو آگ سے اتار کر رکھیں اور اس

میں باقی مندرجہ بالا ادویہ کا سفوف ڈال کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایام حیض سے تین دن قبل ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام بعد از غذا کھلائیں۔ تین ماہ ہر ماہواری سے قبل کھلائیں اور ہر ماہ صرف ۶ دن کھلائیں۔

افعال و خواص : مدر طمث و مسکن درد ہے۔

عطیہ : حکیم محمد رحمت اللہ خاں صاحب بسکنہ مبیانوالہ تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

۸۹۸۔ **حب زعفران :** اجزا: زعفران خالص ۴ ماشہ، کرم عرد سک ۴ ماشہ، زنجفر ۳ ماشہ، غرا ۳ ماشہ، آب گندنا سبز بقدر ضرورت

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کو حسب دستور باریک کر کے ہمراہ آب گندنا بوٹی حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ایام حیض سے ۴ دن پیشتر ہمراہ شیر گاؤ گرم روزانہ کھلانا شروع کریں۔ ہفتہ عشرہ میں حیض جاری ہوگا۔

افعال و خواص : احتباس طمث کو دور کرتی ہے۔

عطیہ : حکیم تاج الدین صاحب مقام کالا گوجراں ضلع جہلم

۸۹۹۔ **حب سورنجان :** اجزا: سورنجاں شیریں ۳ تولہ، صبر سقوطری ۲ تولہ، کبریت آملہ سار ا تولہ، مقل ازرق ا تولہ اسگندنا گوری ا تولہ، زیرہ دشتی (کالی زیری) ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری : جملہ اشیاء کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب تازہ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : احتباس طمث کے لئے بے حد مفید ہے۔ عورت کو ماہواری کی تکلیف سے نجات مل جائے گی۔ علاوہ ازیں، نقرس، وجع القطن، وجع المفاصل میں تریاق کا اثر رکھتی ہے۔

عطیہ : حکیم سید ایم۔ ایچ نازش نقوی صاحب نازش کالونی سانده روڈ۔ لاہور

۹۰۰۔ **حب صبر :** اجزا: صبر ا تولہ، مرکی ا تولہ، حلتیت ۶ ماشہ، نمک لاہوری ۶ ماشہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کو باریک کر کے عرق گلاب کے ہمراہ حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ عرق گلاب یا آب بعد از ناشتہ صبح کھلائیں۔ ایام حیض کے شروع ہونے دو یا تین دن پہلے شروع کریں۔ حتیٰ کہ بے قاعدگی ایام اور اس کے عوارضات دور ہو جائیں۔

افعال و خواص : ادرار حیض اور بے قاعدگی حیض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مختار احمد صاحب۔ نیا دواخانہ۔ بوریوالا۔

۹۰۱۔ **حب عرد سک :** اجزا: کرم عرد سک ا تولہ، تخم حلبہ ا تولہ، اسارون ا تولہ۔

ترکیب تیاری : سب کو جدا جدا باریک کرکے ملا کر کھرل کریں اور ہمراہ شہد حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : احتباس طمث، عسرت طمث اور ورم رحم بلغمی میں فائدہ مند ہے۔

عطیہ : حکیم محمد وجاہت علی قریشی۔ قریشی دواخانہ مین بازار۔ وزیر آباد ضلع گوجرانوالہ۔

۹۰۲ سفوف، مدر : اجزاء : بیخ ریباس (ریوند چینی) ۲ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ، جوکھار ۲ ماشہ، نمک ترب ۲ ماشہ کوزہ ابیض و زیرہ سفید ۴ ماشہ، نبات سفید ۱۰ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو باریک کرکے نبات سفید شامل کرکے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : احتباس طمث کو دور کرتا ہے۔

عطیہ : حکیم بشیر الحق صاحب۔ لائل پور

۹۰۳ حب مدر حیض : اجزاء : زاج اخضر ا تولہ، زنجبیل ا تولہ، صبر ا تولہ، صمغ عربی ا تولہ، زعفران ۲ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سوائے صمغ عربی کے باقی سب اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر زعفران کو علیحدہ باریک کرکے صمغ عربی کو روح کیوڑہ اور روح بادیان میں حل کرکے ادویہ سائیدہ میں ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

اگر گرم دودھ سے کھلائیں تو زیادہ اثر ہوگا۔

افعال و خواص : ادرار حیض کے لئے زیادہ مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب سکنہ کوٹ خیرا تحصیل و ضلع جھنگ۔

۹۰۴ حب مدر حیض : اجزاء : صبر ا تولہ، ریوند عصارہ ا تولہ، زعفران خالص ۲ ماشہ، زاج اخضر ۹ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو جدا جدا پیس کر ہمراہ آب حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔ ایام حیض سے ۴ روز قبل شروع کریں۔

افعال و خواص : احتباس طمث میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خدا بخش صاحب۔ پنڈ سلطانی۔ کیمبل پور۔

۹۰۵ حب مر زعفرانی : اجزاء : مرکی مصفیٰ ۵ تولہ، صبر زرد ۵ تولہ، مصطگی رومی اصلی ۵ تولہ، زعفران کشمیری ا تولہ۔

ترکیب تیاری : حسب دستور سب اجزاء کو اچھی طرح پیس کر ہمراہ آب کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ مٹر تیار کریں۔

مقدار خوراک : چار یوم قبل از وقت حیض ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : احتباس طمث میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔لاہور

۹۰۶. **دوا احتباس طمث** : اجزاء : شورہ قلمی ۲/۱ ۲ تولہ، نظرون ۲/۱ ۲ تولہ، عرق کاسنی ۲/۱ سیر و دو آتشہ، سرمیتی اتولہ، بیخ ریباس خطائی اتولہ،

ترکیب تیاری : شورہ اور جوکھار کو عرق میں خوب حل کر کے فلٹر کر یں۔ باقی ادویہ کو پیس کر الگ محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ محلول مذکورہ ۱۰ تولہ دن میں تین یا چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص : احتباس الطمث حار، حرقتہ البول، احتباس بول میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد بشر صاحب امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار۔ لاہور کینٹ۔ لاہور

۹۰۷. **سفوف ریباس** : اجزاء : بیخ ریباس اتولہ، ملح النار ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۳ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ آب گرم ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : جو درد ایام حیض میں خرابی حیض سے ہوتا ہے دور ہو جاتا ہے۔ پھر زندگی بھر نہیں ہوتا ہے۔

عطیہ : حکیم محبوب عالم چغتائی صاحب پتہ ندارد۔

۹۰۸. **سفوف مدر حیض** : اجزاء و ترکیب تیاری : زرد بھڑوں کا بڑا چھتہ جو بچوں سے پر ہو لے کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر پیس لیں۔

نوٹ : - چھتہ میں بچوں کا موجود ہونا ضروری ہے۔ ورنہ بے فائدہ ہے۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ جوشاندہ بادیان دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال وخواص : مدتوں کا بند شدہ حیض کھل جاتا ہے۔ مخرج آنول اور مخرج جنین مردہ بھی ہے۔

عطیہ : حکیم غلام یٰسین صاحب مستوئی بلوچ۔ عجب والا ضلع مظفر گڑھ۔

۹۰۹ **سفوف مر** : اجزاء : مرمکی اتولہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، جوکھار ۶ ماشہ، زعفران ۳ ماشہ، کمون ابیض اتولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزاء کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ادرار حیض کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالخالق صاحب سکنہ دھلی نامدار۔

۹۱۰ **شافہ مدرحیض**: اجزاء: صبرہ تولہ، انزروت ا تولہ۔

ترکیب تیاری: حسب دستور پیس کر ہمراہ آب کھرل کرکے بوزن ۲ ماشہ شیاف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت بذریعہ قابلہ اندام نہانی میں رکھوائیں۔

افعال وخواص: احتباس الطمث میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ۔ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

سیلان الرحم

۹۱۱ **پنجیری**: اجزاء: گندم ا سیر، پوست درخت مغیلاں ۵ سیر، مازو سبز ۱۰ تولہ، زرنباد ۱۰ تولہ، سپاری ۵ تولہ، پھلی کیکر خام ۵ تولہ گھی ا سیر، نبات سفید ۲ سیر۔

ترکیب تیاری: پوست درخت مغیلاں کو نیم کوب کرکے پانی ۱۰ سیر میں رات بھگو دیں۔ صبح جوش دیں کہ پانی ۲ سیر باقی رہنے پر اتار لیں اور چھان کر نتھار کر صاف پانی حاصل کرکے گندم صاف شدہ کو ڈالکر آگ پر رکھ کر پکائیں جب پانی خشک ہو جائے تو گندم کو دھوپ میں خشک کریں۔ پھر چکی میں پیس کر آٹا بنائیں اور گھی میں بھون لیں۔ دوسری ادویہ کا بھی سفوف بنالیں۔ اور شامل کرکے نبات ڈال کر خوب آمیز کرکے برتن میں محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ کھلا کر گرم دودھ آدھ سیر پلائیں۔ صبح اور رات دو بار روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص: سیلان الرحم کو دور کرتی ہے۔ مقوی رحم ہے۔

ہدایت: اگر قبض ہو تو مزید گھی ۱ تولہ دودھ میں ڈال کر پلائیں۔

عطیہ: نامعلوم۔

۹۱۲ **حب مرواریدی**: اجزاء: تنکار بریاں ا تولہ، مازو سوختہ ا تولہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، اقاقیا مدبر ا تولہ، مروارید ½ ا ماشہ، عنبر اشہب ½ ا تولہ۔

ترکیب ساختن: پیس کر حبوب بقدر ارتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

عطیہ: حکیم محمد اشرف صاحب واں رادھارام۔ ضلع لاہور (ریاض کبیر)

۹۱۳ **سفوف بیل**: اجزاء: سفرجل ہندی (بیل گری) ا تولہ، بیخ انجبار ا تولہ، موچرس ا تولہ، کشتہ فولاد ا تولہ

ترکیب ساختن: حسب دستور نہایت باریک کرکے سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ سفوف ہمراہ شیر بز صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : سیلان الرحم میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم عبدالمجید صاحب سکنہ نور شاہ تحصیل و ضلع ساہیوال

۹۱۴۔ **سفوف بزرین :** اجزاء: تخم کنگھی ۱ تولہ، تخم بہو پھلی ۱ تولہ،
ترکیب ساختن : دونوں اشیاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : سیلان الرحم میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب۔ پتہ ندارد۔

۹۱۵۔ **سفوف ستاور :** اجزاء: اسگند ناگوری ۱۰ تولہ، ستاور ۱۰ تولہ۔
ترکیب ساختن : اول دونوں اجزا کا سفوف تیار کریں۔ بعد ازاں انہی اجزا کا حسب دستور نبات سفید ۲ پاؤ شامل کر کے شربت تیار کریں۔
مقدار خوراک: سفوف ۳ ماشہ ہمراہ شربت مذکور ۲ تولہ باضافہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: سیلان الرحم اور جریان منی کے لئے مفید ہے۔

۹۱۶۔ **سفوف سروالی :** اجزاء: ریش برگد ۵ تولہ، تخم سروالی ۵ تولہ، ریش پیپل ۵ تولہ
ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک تولہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : سیلان الرحم میں مفید ہے۔ نیز مقوی رحم ہے معین الحمل ہے۔ اسقاط حمل بوجہ ضعف الرحم کو مفید ہے۔ ان مستورات کے لئے بھی مفید ہے جن کے بچے بوقت پیدائش فوت ہوتے ہیں۔
عطیہ : حکیم محمد صادق صاحب۔ صادق دواخانہ۔ مڑ کالو۔ ضلع رحیم یار خاں

۹۱۷۔ **سفوف عفص :** اجزاء: مازو بے سوراخ ۵ تولہ، ماش سیاہ ۲۰ تولہ، آب ۱۰ سیر
ترکیب ساختن : تینوں اشیاء کو ایک آہنی کڑاہی میں آگ پر رکھیں۔ جب پانی ختم ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر ماش کو دفن کر دیں اور مازو کو سایہ میں خشک کر کے سفوف بنا لیں۔
مقدار خوراک : ایک تا ۱½ چاول سفوف در مسکہ گاؤ۔ علی الصبح کھلائیں
افعال وخواص : سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم خادم حسین صاحب غلہ منڈی پاک پتن۔ ضلع ساہیوال

۹۱۸۔ **سفوف فوفل :** اجزاء: گل فوفل ۴ تولہ، کمرکس ۴ تولہ، اسگند ناگوری ۲ تولہ، لسان العصافیر (اندرجو شیریں) ۲ تولہ۔

کشتہ شاخ مرجان ۲ ماشہ، کشتہ رصاص (قلعی) ۲ ماشہ، کشتہ عقیق یمنی ۲ ماشہ، مصری کوزہ ۸ تولہ،

ترکیب ساختن: کشتہ جات کے علاوہ باقی ادویہ کا کوٹ چھان کر سفوف بنائیں بعدازاں اس میں کشتہ جات شامل کرکے خوب کھرل کریں۔ سب سے آخر میں کوزہ مصری سائیدہ شامل کرکے کھرل کرکے رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: سیلان الرحم میں بے حد مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حق نواز صاحب۔ تحصیل کبیر والا، ضلع ملتان، موضع کوٹ والا۔

۹۱۹۔ **سفوف کہربا**: اجزاء: دم الاخوین ۸ تولہ، کہربا شمعی ۸ تولہ، ہیل خورد ۸ تولہ، سمندر سوکھ ۸ تولہ، طباشیر نقرہ ۹ ماشہ، کشتہ زہر مہرہ خطائی ۶ ماشہ، سنگ جراحت ۸ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت انجبار کھلائیں۔

عطیہ: حکیم میاں خاں احمد صاحب ۲۶۱ ایف بی ضلع ملتان

۹۲۰۔ **سفوف گل پستہ**: اجزاء: گل نوفل ۴ تولہ، گل پستہ ۴ تولہ، صمغ ڈھاک ۴ تولہ، اندر جو شیریں ۲ تولہ، اسگند ناگوری ۲ تولہ، کشتہ رصاص ابیض ۳ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۳ ماشہ، کشتہ عقیق ۱½ ماشہ، نبات سفید ۸ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کا سفوف تیار کریں اور کشتہ جات شامل کرکے کھرل کریں۔ بعدازاں نبات سفید شامل کرکے مزید کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: سیلان الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالرحیم صاحب۔ ڈھانڈہ۔ تحصیل مری۔ ضلع راولپنڈی

۹۲۱۔ **سفوف گل نوفل**: اجزاء: گل نوفل ۴ تولہ، گل فستق (پستہ) ۴ تولہ، صمغ ڈھاک ۴ تولہ، اسگند ناگوری ۲ تولہ، کشتہ رصاص ابیض (قلعی) ۲ ماشہ، کشتہ شاخ مرجان ۳ ماشہ، کشتہ عقیق ۲ ماشہ، نبات سفید ۸ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کا حسب قاعدہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: سیلان الرحم اور اٹھراہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم امین الرحمٰن صاحب۔ پتہ ندارد۔

۹۲۲۔ **سفوف لک**: اجزاء: لاکھ درخت پیپل ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ پاسیر روزانہ صبح کھلائیں ایک ہفتہ میں مرض دور ہوگا۔

افعال وخواص : سیلان الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم نورالحسن صاحب، محلہ حسن پورہ گجرات۔

۹۲۳ **سفوف لودھ** : اجزاء : انجبار ۲ تولہ، لودھ پٹھانی ۱/۲ ۱ تولہ، ہیل خورد ۶ ماشہ، طباشیر نقرہ ۱/۲ ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ، عرق کاسنی ۵ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : سیلان الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مرزا محمد الیاس۔ سرگودھا روڈ۔ نزد سول لائن۔ لائلپور

۹۲۴۔ **سفوف مغیلاں** : اجزاء : ثمر مغیلاں خام ۱ تولہ، تخم حماض ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : دونوں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : سفوف ۲ ماشہ میں کشتہ قلعی ایک رتی شامل کرکے موسم سرما میں ہمراہ آب تازہ اور موسم گرما میں ہمراہ گائے کے دودھ کی لسی صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : سیلان الرحم خواہ کتنا ہی پرانا کیوں نہ ہو دو ہفتہ میں مکمل صحت ہوگی۔

عطیہ : حکیم عطاء الرحمٰن صاحب گھٹالیاں۔ براستہ بدوملہی۔ ضلع سیالکوٹ۔

۹۲۵۔ **کشتہ صدف عفصی** : اجزاء : صدف صادق ۵ تولہ، مازو سبز ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : مازو کو جوکوب کرکے کوزہ گلی میں مازو کوفتہ کے درمیان صدف رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر سب کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی کشتہ در مسکہ گاؤ تازہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : سیلان الرحم کے علاوہ سیلان خون، جریان واحتلام میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالعزیز خاں صاحب بھابھڑا۔ ماڈل ٹاؤن۔ لاہور

ورمِ رحم

۹۲۶ **فرزجہ مخرج بار رحم** : اجزاء : بابونہ ۲ تولہ، برنگ کابلی ۲ تولہ، مصطگی رومی ۲ تولہ، کاتھ ۳ ماشہ، آب مکو سبز مروق ۲ تولہ روغن کنجد ۵ تولہ، عسل خالص ۲ تولہ۔

سب ادویہ کو پیس کر آب، روغن اور عسل میں کھرل کر کے انگوٹھے کے برابر شافہ تیار کریں۔

ترکیب تیاری : سب ادویہ کو پیس کر آب، روغن اور عسل میں کھرل کر کے انگوٹھے کے برابر شافہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : اندام نہانی میں بذریعہ دایہ رکھوائیں ایک صبح ایک شام۔

افعال وخواص : اس کے استعمال سے تمام رطوبت فاسدہ خارج ہو جاتی ہے اور ورم بھی تحلیل ہو جائے گا۔

عطیہ : حکیم عبدالحمید جانِ عالم صاحب نصیرآباد۔ شالامار ٹاؤن۔ لاہور

۹۲۷۔ **شافہ ورم رحم :** اجزاء : برگ عنب الثعلب سبزہ تولہ، چوب زرد (ہلدی) ۱ تولہ، شہد خالص ۹ ماشہ، روغن گاؤ خالص ۱½ تولہ۔

ترکیب تیاری : برگ اور چوب زرد کو گھوٹ کر رکھیں۔ روغن گاؤ کو آگ پر رکھ کر اس میں دونوں اجزاء کو ڈال دیں۔ جل ہونے پر شہد ڈالیں اور غلیظ ہونے پر اتار کر شافہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال : بطور شافہ استعمال کرائیں اور روزانہ استعمال کرائیں۔

افعال وخواص : ورم رحم کو ایک ہی شافہ دور کردے گا۔

عطیہ : حکیم سید کرامت علی شاہ صاحب ناز جعفری دربار سید لوٹے شاہ صاحب موضع واندر ضلع لاہور

۹۲۸۔ **شافہ ورم رحم :** اجزاء : برنگ کابلی ۱ تولہ، عنب الثعلب ۱ تولہ، ملح اسود ۱ تولہ، ناریل ۱ تولہ، قرنفل ۷ عدد، زعفران ۳ ماشہ، قند سیاہ کہنہ ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب چیزوں کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ اب قند سیاہ کو قدرے پانی ڈال کر برتن میں پکائیں جب پکنے لگے تو سب چیزیں اس میں شامل کر دیں اور اچھی طرح ملائیں اور گرم گرم حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں اور سرد کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : ۲ حب بذریعہ دایہ اندام نہانی میں فم رحم کے قریب رکھوائیں۔

افعال وخواص : اس دوا کے استعمال سے رحم کی تمام گندگی خارج ہو جائے گی اور ورم وغیرہ بھی دور ہو جائے گی۔

عطیہ : حکیم عبداللطیف صاحب عابدی دواخانہ۔ پرانا مچھلی بازار۔ رو ہڑی

۹۲۹۔ **ضماد محلل ورم رحم :** اجزاء : زنجبیل ۱ تولہ، مغز تخم پنبہ دانہ ۱ تولہ، کنجد سیاہ ۱ تولہ، انبہ ہلدی ۱ تولہ

ترکیب تیاری : سب کو پیس کر بول مادہ گاؤ میں پکائیں اور نیم گرم ضماد کریں۔

ترکیب استعمال : عورتوں کو شکم زیر ناف اور مردوں کو انثیین پر ضماد کریں۔

افعال وخواص : ورم رحم اور الانثیین میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالحمید صاحب جانِ عالم۔ نصیرآباد۔ شالامار ٹاؤن۔ لاہور

۹۳۰۔ **فرزجہ** : اجزاء: روغن زیتون ایاؤ، آب کوسبز ایاؤ۔
ترکیب تیاری: دونوں کو آگ پر رکھ کر پکائیں۔ جب صرف روغن باقی رہ جائے تو اتار کر سرد ہونے پر چھان کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: روغن مذکور میں روئی تر کر کے لطور فرزجہ استعمال کرائیں
افعال وخواص: ورم رحم کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: طبیبہ انیس فاطمہ صاحبہ انصاری۔ پتہ ندارد۔

۹۳۱۔ **قطور محلل ورم رحم** : اجزاء: ملح اسود ۵ تولہ، کبریت آملہ سارہ تولہ، شورہ قلمی ۵ تولہ، ملح النارہ ۵ تولہ، زاج احمرہ تولہ، سوہاگہ ۵ تولہ، زاج اخضرہ تولہ، شب یمانی ۵ تولہ، تنکارہ ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری: جدا جدا پیس کر نمبر وار تہ بہ تہ کوزہ گلی میں رکھ کر بدستور روغن کشید کریں۔
مقدار خوراک: ایک تا ۴ قطرہ بتاشہ یا نبات سفید میں رکھ کر کھلائیں۔
افعال وخواص: ورم رحم ریحی (رباؤ گولہ) اختناق الرحم میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم حافظ ظہور احمد صاحب گوجرانوالہ۔

اختناق الرحم

۹۳۲۔ **حب ابہل** : اجزاء: جند بیدستر اتولہ، مرکی اتولہ، صبر اتولہ، ابہل ۲½ تولہ، حلتیت خالص ۶ ماشہ۔
ترکیب تیاری: سب اجزاء کو باریک کر کے ہمراہ آب حبوب بقدر نخود تیار کریں۔ اگر اس میں سے حلتیت خارج کر دیں تو احتباس طمث کو فائدہ مند رہے گا۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ یا شیر گاؤ گرم صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: اختناق الرحم اور احتباس طمث میں مفید ہیں۔
عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

حب اسرول : اجزاء: اسرول ۶ ماشہ، صبر سقوطری ۴ ماشہ، زعفران ۱ ماشہ، پوست املتاس ۱ ماشہ، مرکی ۳ ماشہ۔
ترکیب تیاری: حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ عدد حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: اختناق الرحم میں مفید ہے۔

۹۳۳۔ **حب اسرول** : اجزاء: اسرول اتولہ، فلفل سیاہ اتولہ، ہیل خورد اتولہ، عود صلیب اتولہ۔

ترکیب تیاری: کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ عرق گلاب ۱۰ تولہ کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ غلام محی الدین صاحب۔ لالیاں۔

۹۲۵۔ **حب تنبول**: اجزاء: زعفران ۲ ماشہ، بسباسہ ۳ ماشہ، جوز بوا ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، زنجبیل ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۶ ماشہ، برگ تنبول تازہ سبز ۱۰ عدد۔

ترکیب تیاری: سب اشیاء کو باریک کوٹ چھان کر آب برگ پان سے سحق کرکے حبوب بقدر دانہ ماش بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب صبح و شام بعد از غذا کھلائیں۔

عطیہ: حکیم محمد عارف صاحب۔ ہاتھی دروازہ، لکڑی منڈی روڈ۔ شکار پور (سندھ)

۹۲۶۔ **حب جند بیدستر**: اجزاء: جند بیدستر ۱ تولہ، کافور ۱ تولہ، سنبل الطیب ۱ تولہ، حلتیت ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، مکو تین سلفاس ۱ تولہ، مصطگی رومی ۱ تولہ

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم و مرض صرع کو ایک ہفتہ میں دور کر دیتی ہے۔

۹۲۷۔ **حب دافع اختناق**: اجزاء: حلتیت خالص ۲ تولہ، ثوم مقشر (لہسن) ۲ تولہ، نمک سیاہ ۲ تولہ، نوشادر ۳ تولہ، زنجبیل ۴ تولہ، تنکار بریاں ۲ تولہ، ست پودینہ ۱ تولہ، آب پیاز حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: پہلی دونوں اشیاء کو پیس لیں۔ پھر باقی اشیاء کو پیس کر ملا کر آب پیاز میں ۴ یوم کھرل کرکے حبوب بقدر ۲ رتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب یا عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: دو تین ماہ متواتر کھلانے سے دیرینہ سے دیرینہ مرض ہمیشہ کے لئے دور ہو جاتا ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ محمد حیات صاحب۔ اکبری دواخانہ کوہاٹ۔

۹۲۸۔ **حب زعفرانی**: اجزاء: حلتیت ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، دانہ ہیل خورد ۳ تولہ، دانہ ہیل کلاں ۳ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی سے گوندھ کر حب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب صبح و شام بعد از غذا کھلائیں اور مکمل صحت ہونے تک مسلسل جاری رکھیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد بشیر صاحب چک نمبر ۲۶۳ ای بی۔ باسستہ چک جھمرہ۔ ضلع لائل پور

۹۳۹۔ **حب عود صلیب**: اجزاء: جندبیدستر ۶ ماشہ، حلتیت عمدہ ۶ ماشہ، زعفران اصلی ۶ ماشہ، عود صلیب ۶ ماشہ جدوار خطائی ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو پیس کر کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم ہدایت اللہ صاحب یونانی الکبیری دواخانہ۔ بیرون تھڑ روڈ (نشتر روڈ)۔ لاہور۔

۹۴۰۔ **حب عود صلیب**: اجزاء: زعفران ۳ ماشہ، بسباسہ ۳ ماشہ، جوز بوا ۳ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ اسگند ناگوری ۶ ماشہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ، عود صلیب ۶ ماشہ، جندبیدستر ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: پیس کر آب برگ پان سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم کے علاوہ صرع میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام محمد صاحب جالندھری دارالشفا محمدیہ بازار سبزی منڈی۔ گوجرانوالہ

۹۴۱۔ **سفوف اسرول والا**: اجزاء: زرنباد ا تولہ، جدوار ا تولہ، حلتیت ا تولہ، عود صلیب ا تولہ، اسرول ا تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کا حسب دستور باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق عنب الثعلب صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم اور تشنج رحم میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۹۴۲۔ **سفوف حلتیت**: اجزاء: حلتیت ۲ تولہ، نمک لاہوری ا تولہ، ملح البحر (نمک شور) ا تولہ، زنجبیل ا تولہ، فلفل دراز ا تولہ، ملح اسود ا تولہ،

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو پیس کر آب ثمر زنیب سے کھرل کر کے سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم میں مفید ہے۔

۹۴۳۔ **سفوف دافع اختناق الرحم**: اجزاء: اسرول ۳ ماشہ، ہیل خورد ۳ ماشہ، گل احمر ۶ ماشہ،

بزرالبنج ۶ ماشہ، کشنیز خشک ۶ ماشہ۔

ترکیب تیاری: حسب دستور باریک سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: اختناق الرحم، جنون، فشار الدم اور کثرت احتلام میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

عقر

۹۴۴۔ **حب لبسابسہ**: اجزاء: مشک خالص ۱ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، زعفران ۴ ماشہ، زرورد ۴ ماشہ، برگ ریحان ۲ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ، برگ شہد یوی بوٹی ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کوکوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب دن میں تین بار ابتدائے حمل سے ستر دن تک کھلائیں۔ بعد ازاں ایک حب ہمراہ آب صبح و شام چالیس یوم کھلائیں۔ پھر ایک حب روزانہ وضع حمل تک کھلاتے رہیں۔ وضع حمل کے بعد بھی عورت بچہ کا دودھ چھڑانے تک کھاتی رہے۔ پیدائش کے بعد بچہ کو بھی ایک حب بقدر دانہ باجرہ شیر مادر میں گھس کر دیتے رہیں یہ عمل بھی بچہ کا دودھ چھڑانے تک جاری رکھیں۔

افعال وخواص: جس عورت کے بچے پیدائش کے بعد یا اس کے چھ ماہ اور سال بعد فوت ہو جاتے ہوں۔ اس کے لئے مفید ہے۔

۹۴۵۔ **حب جل نیم**: اجزاء: جل نیم بوٹی ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، نانخواہ ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب کوکوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ شربت عناب ۲ تولہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: مرض عقر کو مفید ہے۔

عطیہ: حکیم لال دین صاحب مٹو، کوٹ حسن خاں حافظ آباد۔

۹۴۶۔ **حب چشخام**: اجزاء: نانخواہ ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، برگ کرنجوہ ۱ تولہ، چشخام (چاکسو) ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کوکوٹ چھان کر ہمراہ شہد حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ باسی پانی صبح روزانہ کھلائیں۔ ابتداء حمل سے شروع کریں اور دودھ چھڑانے تک کھلائیں۔

انفعال وخواص: یہ حبوب عقر کے لئے مفید ہے نیز مصفی خون بھی ہیں۔

عطیہ: حکیم رشید احمد صاحب موضع ہنڈالہ چک ۲۵۱ ر۔ب براستہ دسوہہ۔ ضلع لائل پور

۹۴۷۔ **حب سرو**: اجزا: برگ سرو خشک یا تازہ ۱ پاؤ، فلفل سیاہ ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو خوب باریک کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ یا عرق عشبہ صبح و شام کھلائیں۔ حمل کے تیسرے ماہ شروع کریں تا وضع حمل کھلائیں۔

انفعال وخواص: مرض عقر میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ خاں محمد صاحب چک ۵۰۰ گ۔ب براستہ ماموں کانجن تحصیل سمندری ضلع لائل پور

۹۴۸۔ **حب صدفی**: اجزا: قلب الحجر ۱ تولہ، صدف مرواریدی ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، عود صلیب عمدہ ۱ تولہ، ورق نقرہ ۱ تولہ،

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو باریک کر کے ہمراہ لعاب صمغ عربی حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ روزانہ صبح استقرار حمل سے تا وضع حمل کھلائیں۔

انفعال وخواص: مرض عقر کے لئے مفید ہے۔ جس میں بچے ۶ ماہ یا سال کے اندر فوت ہو جاتے ہوں۔

عطیہ: حکیم ولی محمد صاحب جالندھری۔ محمودیہ دواخانہ۔ اوکاڑہ۔ ضلع ساہیوال۔

۹۴۹۔ **حب عود صلیب**: اجزا: ایلوا ۲ ماشہ، جند بیدستر ۲ ماشہ، کندر ۲ ماشہ، عود صلیب ۱ تولہ، زراوند طویل ۱ تولہ، مشک خالص ۱ رتی۔

ترکیب تیاری: سب ادویہ کو حسب دستور باریک کر کے ہمراہ عرق بادیان حبوب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب صبح و شام سات یوم کھلائیں۔ اس کے بعد ایک حب روزانہ ایام حمل سے ایام رضاعت تک کھلاتے رہیں۔ بچہ کو چوتھائی حب روزانہ دودھ یا پانی میں گھس کر پلائیں۔ مرض عقر کے لئے مفید ہے۔

انفعال وخواص: مرض عقر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم قاری برکات احمد صاحب مقام لشاری۔ ڈاک خانہ خاص براستہ رینالہ خورد ضلع ساہیوال

اولادِ نرینہ

۹۵۰۔ **حب بکن**: اجزا: بکن خشک ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ،

ترکیب تیاری : بکن بوٹی کو معہ برگ و بار حاصل کر کے سایہ میں خشک کریں۔ اس میں فلفل سیاہ شامل کر کے کوٹ چھان کر ہمراہ شہد خالص حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : جس عورت کے ہاں لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں وہ حمل کے تین ماہ گزرنے کے بعد ایک حب ہمراہ آب یا شیر گاؤ نیم گرم بوقت صبح کھلائیں اسی طرح چالیس یوم کھلائیں۔

افعال وخواص : اولاد نرینہ کے لئے مفید ہے۔ علاوہ ازیں کثرت طمث اور اسقاط حمل کے دوران خون کو روکنے اور بواسیر دموی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سردار علی صاحب بمقام کنجروڑ۔ تحصیل شکر گڑھ۔ ضلع سیالکوٹ۔

۹۵۱۔ **حب جواہر** : اجزا: بسد ۶ ماشہ، صدف مروارید ی ۶ ماشہ، نارجیل دریائی ۶ ماشہ، مروارید ۶ ماشہ، فاد زہر معدنی ۶ ماشہ

ترکیب تیاری : سب اجزا کو حسب دستور پیس کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام ابتدا حمل سے کھلانا شروع کریں اور وضع حمل تک کھلائیں۔

افعال وخواص : دوران حمل تقویت کے لئے اور برائے اولاد نرینہ مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۹۵۲۔ **سفوف شونیز** : اجزا: شونیز ۲ ماشہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ، زرنباد ۲ ماشہ، فوہ ۲ ماشہ، مشک خالص ۲ ماشہ۔

ترکیب تیاری : سب کو جدا جدا پیس کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ رتی ہمراہ آب دیں۔ شروع حمل سے وضع حمل تک ہر ماہ دس یوم کھلائیں۔

افعال وخواص : اولاد نرینہ پیدا ہوگی۔

عطیہ : حکیم فضل دین صاحب۔ شاہی چوک۔ لائل پور

۹۵۳۔ **سفوف عاج** : اجزا: موصلی سفید ۲ تولہ، موصلی سیاہ ۲ تولہ، خار خسک ۲ تولہ، انجم انجرو (اوٹنگن) برادہ دندان فیل ۲ تولہ، گل عباسی ۲ تولہ، پوست بیخ سنبھل ۲ تولہ۔

ترکیب تیاری : سب اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

ترکیب استعمال : ایک تولہ سفوف ہمراہ آب تازہ بعد فراغت حیض میاں بیوی دونوں کو بیک وقت شروع کرائیں اور پانچ دن تک کھلائیں۔

افعال وخواص : جس شخص کے لڑکیاں ہی لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں اولاد نرینہ کیلئے ان کیلئے کامیاب نسخہ ہے۔

عطیہ : حکیم عاجز حسین صاحب مجوراں والا نمبر ۲۱ تحصیل و ضلع شیخوپورہ

عسر الولادت

۹۵۴ دوائے عسر ولادت: اجزاء: کینچلی مار سیاہ ۱عدد (جس کا تمام جسم سیاہ ہو)
ترکیب تیاری: تابہ آہنی پر رکھ کر اوپر ایک پیالہ اوندھا دیں تاکہ ہوا اندر داخل نہ ہو سکے۔ پھر آگ پر رکھ کر جلالیں اور خاکستر کو محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: ۲ تا ۴ رتی دوا ہمراہ شیر گاؤ۔ روغن گاؤ ۵ تولہ کھلائیں بہت جلد اور بآسانی ولادت ہوگی۔
افعال وخواص: عسر ولادت میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب چک گاوراں۔ تحصیل پھن آباد۔ ضلع بہاول نگر۔

۹۵۵ دوائے عسر ولادت: اجزاء: زعفران ۱ ماشہ، شورہ قلمی ۱ ماشہ۔
ترکیب تیاری: دونوں اجزاء کو عرق گلاب ۵ تولہ میں خوب کھرل کریں اور نیم گرم پلائیں۔
افعال وخواص: وضع حمل بغیر تکلیف کے ہوگا۔ نیز مقوی قلب بھی ہے۔ جس سے قلب کو تقویت حاصل ہوگی۔
عطیہ: حکیم بشیر احمد صاحب سکنہ باغ فقیریہ براستہ جاتلی۔ ضلع راولپنڈی۔

۹۵۶۔ تصدیق بالا دوائے عسر ولادت: مذکورہ نسخہ زعفران وشورہ قلمی کا وزن درج ذیل حکیم صاحب نے ۲-۳ ماشہ لکھا ہے۔ گلاب کا وزن ۵ تولہ اور حکیم صاحب نے بھی یہ ہدایت کی ہے کہ اگر پہلی خوراک سے کامیابی حاصل نہ ہو تو پندرہ منٹ بعد دوسری خوراک دیں۔ اس سے نہ صرف بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔ بلکہ مریضہ بخار سے بھی بچ جائیگی۔ یہ دوا رحم کی غلاظت کو بھی فوراً باہر نکال دیتی ہے۔ بہت مفید ہے۔
مصدق: حکیم کالو خاں صاحب چمن کوٹ۔ آزاد کشمیر۔

۹۵۷۔ معجون عسر ولادت: اجزاء: مرمکی ۱ تولہ، جندبیدستر ۱ تولہ، میعہ سائلہ ۱ تولہ، ابہل ۱ تولہ، حلتیت ۱ تولہ، شہد ۵ تولہ۔
ترکیب تیاری: حسب دستور سب اجزا کو پیس کر شہد میں معجون بنائیں۔
مقدار خوراک: ۳ تا ۶ ماشہ معجون ہمراہ ماء العسل کھلائیں یا مطابق رائے طبیب کھلائیں۔
افعال وخواص: عسر ولادت میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم مولوی فیض عالم صاحب صدیقی خطیب، دھریالہ جالب۔ ضلع جہلم

ضبطِ تولید

۹۵۸۔ **دوائے ضبطِ تولید:** اجزاء: عین الدیک ابیض (گھونگچی سفید) ۱ عدد۔
ترکیب استعمال: گھونگچی سفید ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر کھلائیں۔ ایک ہفتہ کے وقفہ سے ایک بار کھلائیں اور اسی طرح چار پانچ بار کھلائیں۔
افعال وخواص: چار پانچ بار گھونگچی کھلانے سے ایک سال تک حمل قرار نہیں پاتا۔
عطیہ: حکیم عطا محمد صاحب۔ ٹاؤن روڈ۔ جڑانوالہ۔

۹۵۹۔ **دوائے ضبطِ تولید:** اجزاء: کشتہ سرمہ سفید ۲ تولہ (در میش گاؤ) شورہ قلمی ۲ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۲ تولہ، شب یمانی ۲ تولہ
ترکیب تیاری: سرمہ سفید کو پیس کر شیر گاؤ میش ایا ؤ میں خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں۔ بعد ازاں حسب دستور پانچ سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ پھر نکال کر شیر گاؤ میش ایاؤ میں کھرل کر کے بدستور آگ دیں۔ اسی طرح تین آگ پوری کریں۔ بعد ازاں مندرجہ بالا ادویہ کا سفوف شامل کر کے کھرل کر کے رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب روزانہ صبح کھلائیں۔
افعال وخواص: سات روز کھلانے سے تمام عمر کسی دوا کی ضرورت محسوس نہ ہوگی۔
عطیہ: حکیم بشیر احمد صاحب چک ۱۲۸۔الف۔ ضلع بہاول نگر۔

۹۶۰۔ **دوائے ضبطِ تولید:** اجزاء: انیسوں ۶ ماشہ، تخم کرفس ۶ ماشہ، بادیان ۶ ماشہ، فودنج ۶ ماشہ، ہشک طرامشیع ۶ ماشہ کاکنج ۶ ماشہ، ابہل ۳ ماشہ، قسط شیریں ۳ ماشہ، عود بلسان ۳ ماشہ۔
ترکیب تیاری: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر شہد سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب صبح و شام بعد از فراغت حیض کھلائیں۔
افعال وخواص: اس کے کھلانے سے ایک سال تک اولاد نہ ہوگی۔
عطیہ: حکیم سید سبط نبی صاحب بخاری قبطی موضع عاکوکا۔ ضلع بہاول نگر

۹۶۱۔ **دوائے ضبطِ تولید:** اجزاء: تخم بادنجان دشتی ۱ تولہ، حب النیل ۱ تولہ، تخم کاکنج ۱ تولہ، عین الدیک احمر (گھونگچی سرخ) ۱ تولہ، مروارید ناسفتہ ۱/۲ ۱ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، تخم لاجونتی ۶ ماشہ، بیخ ستیاناسی ۴ ماشہ۔
ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص: اس دوا کے دو ہفتہ کھلانے سے ایک سال تک استقرار حمل نہ ہوگا۔

عطیہ: حکیم سید سبط نبی صاحب بخاری قبطی موضع عاکوکا براستہ ضلع بہاول نگر

۹۶۲. دوائے ضبط تولید: اجزا: برادہ قصب (بانس) حسب ضرورت۔

ترکیب تیاری: برادہ مذکور کو عرق گلاب سہ آتشہ ایک بوتل میں خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ایک ماشہ دوا، در مسکہ گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص: ضبط تولید کے لئے مفید ہے۔ ایک ہفتہ کھلانا کافی ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شریف باجوہ چک ۱۲۸ تحصیل چشتیاں۔ ضلع بہاول نگر

۹۶۳. دوائے ضبط تولید: اجزا: شب یمانی بریاں ا تولہ، کشتہ خرمہرہ ا تولہ۔

ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب خوراک: دوران حیض ایک تولہ دوا، ہمراہ لسی شیر گاؤ روزانہ کھلائیں، اسی طرح تین یوم کھلائیں۔

افعال وخواص: ایک ہی دوران حیض میں تین یوم کھلانے سے عورت پانچ سال تک حاملہ نہ ہوگی۔

عطیہ: حکیم عنایت اللہ صاحب طبیب حاذق۔ لالہ موسیٰ۔ ضلع گجرات۔

حمیٰ نفاسیہ

۹۶۴. حب ماثل: اجزا: تخم بوزماثل سیاہ ۴ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، زرنباد ۲ تولہ، بیخ ریباس ۲ تولہ، صمغ عربی ا تولہ۔

ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کر کے حب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب ہر دو گھنٹہ بعد کھلائیں۔

افعال وخواص: حمیٰ نفاسیہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام حسین صاحب۔ پتہ ندارد۔

۹۶۵. حب ضرو: اجزا: عصارہ ضرو (لوبان ذکر) ا تولہ، فلفل سفید ۳ تولہ، فلفل دراز ۲ تولہ، کرم عرد مکے ۲ تولہ، مویز منقیٰ ۵ تولہ

ترکیب تیاری: تمام ادویہ کو خوب کوٹ کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب قند سیاہ میں ملفوف کر کے ہمراہ چائے گرم یا شیر گاؤ گرم کھلائیں۔ اور سردی سے محفوظ رکھیں۔

افعال وخواص: حمیٰ نفاسیہ میں مفید ہے۔

۹۶۶. دوائے حمیٰ نفاسیہ: اجزا: برگ بید انجیر سبز ۲ سیر، برگ اسپند سبز ۲ سیر، برگ ذرک (ملہ) ۲ سیر، زنجبیل ا پاؤ۔

ترکیب تیاری: زنجبیل کو ململ کے باریک کپڑے میں باندھ کر پوٹلی بنائیں۔ بعد ازاں ایک مٹکہ لے کر برگ مذکورہ

بالترتیب پوٹلی کے نیچے اوپر رکھ کر شکہ کا منہ چینی کے ڈھکنا سے بند کرکے خوب اچھی طرح مٹی لگا کر بند کردیں نیچے چار پہر تک درمیانہ درجہ کی آگ جلائیں۔ چار پہر کے بعد اتار کر خوب سرد ہونے پر زنجبیل کی پوٹلی نکال لیں اور زنجبیل کو روغن گاؤ میں بریاں کریں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدارِ خوراک: ۶ ماشہ تا ایک تولہ دوا حسبِ قوت مریض شہد میں ملا کر بوقت خواب چٹائیں۔ مریضہ کو سردپانی اور سرد ہوا سے بچائیں۔

افعال وخواص: حمیٰ نفاسیہ خواہ جدید ہو یا کہنہ رفع ہو جاتا ہے۔ علاوہ ازیں اوجاع رحمی اور طلغی میں مفید ہے۔ ومنع حمل کے عوارضات کو بھی رفع کرتی ہے۔ درج ذیل شافہ بھی استعمال کرائیں۔

عطیہ: حکیم غلام محمود صاحب سکنہ راجڑ تحصیل خوشاب ضلع سرگودھا۔

۹۶۷۔ **شافہ حمیٰ نفاسیہ:** اجزاء: زعفران ۲ رتی، مشک خالص ۴ چاول

ترکیب تیاری: دونوں اجزاء کو پیس کر قدرے صابن ملا کر خوب کھرل کرکے شافہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت قابلہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔

افعال وخواص: چندروز میں مریضہ کو صحت ہو جائے گی۔ حمیٰ نفاسیہ میں مفید ہے۔

۹۶۸۔ **دوائے حمیٰ نفاسیہ:** اجزاء: جوزبوا ۲ عدد، بسباسہ ۳ ماشہ، قرنفل ۲ ماشہ، کرم عود سک ۳ ماشہ، خولنجان ۳ ماشہ، زراوند ۳ ماشہ، فلفل دراز ۲ ماشہ، عاقرقرحا ۳ ماشہ، زعفران عمدہ ۳ ماشہ، مشک خالص ۴ رتی۔

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو حسب دستور باریک سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدارِ خوراک: ۲ تا ۴ رتی دوا ہمراہ شہد صبح وشام کھلائیں۔ درج ذیل حمول بھی استعمال کرائیں۔

۹۶۹۔ **حمول حمیٰ نفاسیہ:** اجزاء: سفیدی بیضہ مرغ ۱ عدد، روغن گاؤ ۶ ماشہ، عسل خالص ۶ ماشہ، سفوف مذکور ۴ رتی۔

ترکیب تیاری: سب اجزاء کو کھرل کرکے صاف روئی سے حمول تیار کرائیں۔

ترکیب استعمال: ایک حمول بذریعہ قابلہ صبح وشام اندام نہانی میں رکھوائیں۔

افعال وخواص: حمیٰ نفاسیہ کو رفع کرتی ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالقیوم صاحب سکنہ لنگروال۔ ضلع سرگودھا۔

۹۷۰۔ **زنجفر مدبر:** اجزاء: زنجفر رومی ۱ تولہ، آب مشکطرامشیع ۲۰ تولہ۔

ترکیب تیاری: شنگرف کو خوب کھرل کرکے آب پودینہ جنگلی میں سحق بلیغ کریں اور محفوظ رکھیں

مقدارِ خوراک: ۲ تا ۴ چاول ہمراہ مسکہ گاؤ دن میں ایک بار کھلائیں۔

افعال وخواص: حمیٰ نفاسیہ (پرسوت) میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام شبیر خاں صاحب اویس، اویسیہ دواخانہ ریل بازار جھنگ۔

امراض عامہ

وجع القطن

۹۷۱۔ **حب اذاراقی:** اجزاء: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ۔

ترکیب تیاری: تینوں اجزاء کو خوب مثل غبار کرکے ہمراہ آب حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو حب ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ بعد از غذا کھلائیں۔

ہدایت: چالیس سال کے افراد کو مفید ہے۔ جوانوں کو بلا شدید ضرورت نہ کھلائیں۔

افعال وخواص: وجع القطن، اعصابی اور ریحی درد دل میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالرسول صاحب۔ پتہ ندارد

۹۷۲۔ **دوائے وجع القطن:** اجزاء: زاج ابیض ۲ تولہ، حلتیت ۶ ماشہ، زنجفر رومی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن: زاج کو پیس لیں اور حلتیت اور شنگرف کو بھی علیحدہ علیحدہ باریک کرلیں۔ نصف زاج کو تابہ آہنی پر بچھا کر پھر حلتیت نصف بچھا کر اوپر شنگرف کا سفوف رکھ دیں پھر باقی حلتیت پھر باقی زاج بچھا کر تابہ آہنی کو آگ پر رکھیں۔ جب زاج اچھی طرح سے پھول جائے تو اتار کر پیس لیں اور محفوظ کرلیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ دوا ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: وجع القطن اور وجع الظہر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ سید محمد حیات علی جعفری۔ جعفری یونانی دواخانہ۔ سلور کوارٹر ۱۵/۱۔ کراچی۔

۹۷۳۔ **روغن دافع اوجاع:** اجزاء: بابونہ ۱ تولہ، اکلیل الملک ۱ تولہ، سورنجان تلخ ۱ تولہ، قسط تلخ ۱ تولہ، جوزبوا ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، آب نہر ۲/۱ پاؤ، روغن کنجد ۲/۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن: حسب دستور سب اجزاء کو جوکوب کرکے رات پانی میں بھگو کر صبح اتنا پکائیں کہ پانی نصف رہ جائے پھر مل چھان کر روغن کنجد ملا کر اس قدر جوش دیں کہ پانی جل کر صرف روغن باقی رہ جائے اتار کر کام میں لائیں۔

ترکیب استعمال: اول راکھ اور پر کو پانی میں پکا کر مقام ماؤف کو بھاپ دیں پھر تیل مذکورہ کی ہوا سے محفوظ بیٹھ کر مالش کرائیں۔

افعال و خواص : وجع القطن، وجع العنق، وجع الکتفین اور جملہ اعصابی اوجاع میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم سید امیر علی شاہ صاحب ٹیچر گورنمنٹ ہائی سکول، منڈی دیان۔ ضلع بہاولپور

وجع المفاصل

۹۷۴۔ حب اسگند : اجزاء : اسگند ناگوری ۱ تولہ، ستاور ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، سورنجان شیریں ۱ تولہ، بیخ طرخون (عاقر قرحا) ۱ تولہ، مویز منقیٰ ۳ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب صبح اور دو حب بوقت خواب ہمراہ آب گرم کھلائیں۔
ہدایت : پرندوں کا گوشت یخنی، شوربا زیادہ کھلائیں۔
افعال و خواص : وجع المفاصل، ریحی دردوں نیز فالج اور رعشہ میں بھی مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد رمضان صاحب۔ محلہ شیخاں مغربی۔ وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۹۷۵۔ حب اسگند مرکب فلفلین : اجزاء : اذاراقی مدبر ۶ ماشہ، فلفل اسود ۶ ماشہ، فلفل ابیض ۶ ماشہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، سورنجان شیریں ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۱ تولہ، مویز منقیٰ سائیدہ ۵ تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پارچہ بیز کرکے مویز ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ گرم ۱۰ تولہ عرق مصفی خون ۵ تولہ صبح و شام کھلائیں۔
عطیہ : حکیم بشیر احمد صاحب رحیمیہ دواخانہ ریل بازار۔ وزیر آباد۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۹۷۶۔ حب زنجفر : اجزاء : زنجفر رومی ۱ تولہ، قرنفل ۲۸ تولہ، جوزبوا ۱ تولہ، افیون ۳ ماشہ۔
ترکیب ساخت : اول شنگرف کو خوب سحق بلیغ کریں پھر اس میں قرنفل ایک ایک کرکے کھرل کرتے جائیں جب تمام قرنفل ختم ہو جائیں تو بقیہ اشیاء سائیدہ ملا کر خوب کھرل کریں اور ہمراہ عسل خالص حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص : وجع المفاصل۔ امراض باردہ اور فالج میں موثر ہے۔
عطیہ : حکیم سید مزمل حسین صاحب کوٹلی منالیاں۔ تحصیل و ضلع سیالکوٹ

۹۷۷۔ حب سورنجان : اجزاء : صبر زرد ۱ تولہ، سورنجاں شیریں ۱ تولہ، پوست ہلیلہ کابلی ۱ تولہ۔
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر آب کو سبز میں تر کریں۔ خشک ہونے پر کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں
مقدار خوراک : ۲ تا ۳ حب ہمراہ آب گرم بوقت خواب کھلائیں۔

افعال وخواص: وجع المفاصل اور نقرس ایک ہفتہ میں رفع ہوگا۔

۹۷۸۔ **حب سورنجاں مرکب:** اجزاء: سقمونیا ولایتی ۱تولہ، صبر ولایتی ۱تولہ، سورنجاں شیریں ۱تولہ، زنجبیل ۱تولہ
ترکیب ساخت: سب اجزاء کو باریک پیس کر گودا گھیکوار سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ شیر گاؤ گرم بوقت خواب کھلائیں۔
افعال وخواص: اس دوا کے کھلانے سے صبح اسہال ہوکر مادہ ردّیہ خارج ہو جایا کریگا۔ ایک ماہ کھلانے سے وجع المفاصل، نقرس وغیرہ نیز ہر قسم کی دردوں کو مکمل طور پر آرام آجاتا ہے گا۔
ھدایت: اگر مرض کہنہ ہو تو ایک ہفتہ حبوب کھلانے کے بعد حلوہ گھیکوار بھی حبوب کے ہمراہ بوقت صبح روزانہ کھلائیں۔

۹۷۹۔ **حب مقل:** اجزاء: مقل ازرق ۵ تولہ، خرما ایک پاؤ۔
ترکیب ساخت: خرما کا نغدہ بنا کر مقل درمیان میں رکھ کر اوپر آٹا کا سمپٹ کر کے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور ہمراہ شہد خالص حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ روغن گاؤ ۵ تولہ صرف ایک ہفتہ کھلائیں۔ بچوں کو نصف خوراک کھلائیں۔ غذا میں گھی کی چوری دیں۔ تیل، ترشی اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔
افعال وخواص: وجع المفاصل، سوزش کبد اور ریحی دردوں میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم سیف اللہ صاحب چک ۱۳۶ پی ڈاکخرولی۔ ضلع رحیم یار خاں۔

۹۸۰۔ **حب مقل مرکب:** اجزاء: اذاراقی مدبرہ تولہ (در آب ادرک و لعاب گھیکوار)، بسباسہ ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ، قرنفل ۵ تولہ، مقل ازرق ۵ تولہ، شہد خالص ۱۵ تولہ۔
ترکیب ساخت: مقل کے سوا سب اجزاء کا سفوف بنالیں۔ پھر مقل کو ہاون دستہ میں ڈال کر کوٹیں اور آہستہ آہستہ سفوف کو اس میں ملاتے اور کوٹتے جائیں۔ پھر شہد ملا کر کوٹیں اور اس پر کم از کم سوا لاکھ چوٹیں لگائیں یہ ضروری ہے اب حبوب بقدر نخود بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر گاؤ یا چائے کھلائیں۔ شدید حالتوں میں صبح و شام بھی دے سکتے ہیں۔
افعال وخواص: وجع المفاصل، عرق النساء، نقرس اور تمام عصبی دردوں میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم سراج الحق صاحب انصاری دواخانہ۔ اندرون حرم گیٹ۔ ملتان

۹۸۱۔ **حب مقل:** اجزاء: سورنجان تلخ ۱تولہ، مالکنگنی ۱تولہ، مقل ازرق ۱تولہ، تخم اسپند ۱تولہ۔

ترکیب ساختن : مقل کے سوا تمام ادویہ کو پیس کر رکھیں۔ مقل کو زور دار ہاتھوں سے خوب کوٹیں کہ نرم ہو جائے اب سب اشیاء کو ملا کر خوب کوٹیں اور ہمراہ شہد خالص حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ چائے یا عرق کو صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ریحی دردوں میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سائیں سردار محمد صاحب چک نمبر ۲۱۴ - رب۔ ڈھڈی والا انڈسٹریل کالونی لاہور روڈ۔ لائل پور

۹۸۲۔ **حب نانخواہ** : اجزاء : بادیان ۵ تولہ، نانخواہ ۵ تولہ، گودا گھیکوار ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر گودا گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المفاصل اور ریحی دردوں کو خواہ جسم کے کسی حصے میں ہوں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم میراں بخش گل۔ یونانی گل شفاخانہ۔ نواں کوٹ۔ لاہور

۹۸۳۔ **حب ہلیلہ صبری** : اجزاء : پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، صبر زرد ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۱ تولہ، سورنجان شیریں ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو کوٹ کر لعاب گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۳ حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المفاصل، نقرس، وجع العضلات کے علاوہ نزلہ زکام اور کھانسی میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام حسین صاحب لودھرا سکنہ لوپل تحصیل احمد پور شرقیہ۔

۹۸۴۔ **حلوا گھیکوار** : اجزاء : گودا گھیکوار ۱ پاؤ، شیر گاؤ ۴ سیر، خرما ۱ پاؤ، پستہ ½ پاؤ، مغز چلغوزہ ½ پاؤ، سورنجان شیریں ۵ تولہ، ہیل کلاں ۵ تولہ، نبات سفید ۱ سیر۔

ترکیب ساختن : حسب دستور حلوہ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۵ تولہ حلوہ روزانہ کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المفاصل، نقرس، عرق النساء، وجع القطن وغیرہ میں مفید ہے۔

عطیہ : نفیس کیمیکل انڈسٹریز۔ لاہور۔

۹۸۵۔ **دواء وجع المفاصل** : اجزاء : پوست ببول ۲½ سیر، برگ ببول ۲½ سیر، ملح النار ۱ سیر، شیر مدار ½ سیر

ترکیب ساختن : پوست اور برگ کو کچل کر آہنی کڑاہی میں نوشادر کے نیچے اوپر دے کر ڈھک دیں اور نرم آنچ پر ڈیڑھ گھنٹہ رکھیں۔ پھر نوشادر نکال کر پیس لیں اور شیر مدار کو آگ پر رکھ کر نوشادر کی چٹکی دیتے جائیں۔ جب نوشادر ختم ہو جائے تو اتار لیں۔ دوا تیار ہے۔

مقدار خوراک : ایک رتی دوا، کیپ سول میں آب تازہ کے ساتھ کھلائیں۔ صبح وشام ۲ بار روزانہ
افعال وخواص : وجع المفاصل کے علاوہ وجع الکلیہ، ریح الکلیہ، وجع المعدہ و دردفم معدہ، بخار، نزلہ زکام، سعال ذات الریہ، ذات الجنب میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم سراج علی صاحب۔ امن آباد، ضلع گوجرانوالہ۔

۹۸۶ . **روغن اوجاع** : اجزا: زنجبیل ۱تولہ، اسپند ۱تولہ، قرنفل ۶ ماشہ، دارشیشعاں ۶ ماشہ، دارچینی ۱تولہ، سیر دلہسن ۱تولہ پیاز ۲تولہ، پوست بیخ بیدانجیر ۲تولہ، روغن کنجد ۳۰تولہ، زردی بیضہ مرغ ۲ عدد۔
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ کر روغن کنجد میں ملا کر آگ پر رکھ کر پکائیں۔ سرخ ہونے پر زردی بیضہ مرغ ملائیں جب سب چیزیں سیاہی پر آجائیں تو آگ سے اتار کر سرد کریں اور چھان کر محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال : روزانہ ایک بار مقام ماؤف پر مالش کریں۔
افعال وخواص : وجع المفاصل میں مفید ہے۔
عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۹۸۷ **روغن برگ مدار** : اجزا: برگ مدار ۱۰تولہ، اسگندناگوری ۱۰تولہ، جوزماثل ۱۰تولہ، تخم بیدانجیر ۱۰تولہ، روغن کنجد ۱۰تولہ۔
ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو جوکوب کر کے پانی ۲ سیر میں بوقت شب بھگو کر صبح جوش دیں۔ ایک تہائی رہنے پر اتار کر مل چھان لیں۔ اب اس میں روغن کنجد ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب صرف روغن رہ جائے تو اتار لیں بوقت ضرورت کام میں لائیں جو شاندہ کے فضلہ کو پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔
ترکیب استعمال : ایک حب ہمراہ آب گرم صبح وشام کھلائیں اور روغن کی محفوظ ہوا مقام میں بیٹھ کر عضو ماؤف پر مالش کرائیں۔
افعال وخواص : وجع المفاصل میں مفید ہے علاوہ ازیں فالج وجع الورک ضربہ، اوجاع ریاحی میں بھی مفید ہے۔
عطیہ : عفیظیہ فارمیسی۔ دربار بڑیلہ شریف، ضلع گجرات

۹۸۸ **روغن شاخ گوزن** : اجزا: شاخ گوزن حسب ضرورت۔
ترکیب ساخت : شاخ گوزن کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے حسب دستور بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔
ھدایت : اول روغن بزنگ سفید برآمد ہوگا اسے الگ رکھیں۔ بعد ازاں روغن بزنگ سرخ برآمد ہوگا۔ اسے الگ محفوظ رکھیں۔ سفید روغن بطور مالش کام آئے گا۔
مقدار خوراک : روغن سرخ میں سوئی کا سرا ڈبو کر ہمراہ مویز منقی یا بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال وخواص : وجع المفاصل، عرق النسا، ذات الجنب، ریحی دردوں میں مفید ہے۔ خدر میں بھی مفید ہے۔ صفراوی اور دموی مزاج میں مناسب بدرقہ سے دیں۔ روغن بزنگ سفید ایک حصہ روغن کنجد یا روغن زیتون

۱۰ حصہ میں ملا کر طلا کرائیں، گوہانجنی، کھپرالی پر ایک بار لگانا کافی ہے۔ درد دانت میں بھی مفید ہے۔ عصبی دردوں فالج، لقوہ، تشنج میں کھلانا اور طلا کرانا مفید ہے۔ مجلوق کو خالص روغن بقدر ارتی حشفہ دسیون چھوڑ کر مالش کرائیں اور برگ پان باندھیں۔ ایک ہفتہ طلاء کرائیں۔

مصلح : روغن گاؤ، شیر گاؤ۔

عطیہ : حکیم مولوی محمد حیات صاحب۔ پتہ ندارد۔

۹۸۹۔ **روغن قسط** : اجزاء: قسط تلخ ۵ تولہ، بابونہ ۵ تولہ، مالکنگنی ۵ تولہ، برگ اسپند سبز یا خشک ۴ تولہ، برگ بید انجیر ۴ تولہ، برگ حشر راگ ۴ تولہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ، موم ولائتی ۱ تولہ۔

ترکیب ساختی : پہلی تینوں ادویہ کو جوکوب کریں بعد ازاں ہر سہ برگ کو کچل کر سب کو ملا کر ایسے برتن میں ڈالیں جس میں دس سیر پانی آسکے، پانی دس سیر میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب پانی ایک سیر رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔ اب اس پانی میں روغن کنجد ملا کر آگ پر رکھیں۔ آگ نرم ہو۔ جب تمام پانی جل جائے تو اتار کر سرد کر کے چھان کر پھر گرم کر کے موم شامل کر کے محفوظ کر لیں۔

ترکیب استعمال : عضو ماؤف پر آہستہ آہستہ مالش کرائیں اوپر پرانی روئی باندھیں۔ اگر نہ بھی باندھیں تو بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ البتہ سرد ہوا اور نہانے سے پرہیز کرائیں۔ دوبارہ مالش سے قبل عضو ماؤف کو صابن اور گرم پانی سے صاف کر کے خشک کرنے کے بعد مالش کرائیں۔

افعال وخواص : جملہ امراض باردہ مثلاً وجع المفاصل، نقرس، ضربہ وسقطہ، ذات الریہ اور عصبی دردوں کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حفیظ نصرت رحمانی صاحب۔ نواں شہر۔

۹۹۰۔ **سفوف خولنجاں** : اجزاء: خولنجاں ۱ تولہ، سنا کی ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، سورنجاں شیریں ۱ تولہ، نبات سفید ۴ تولہ۔

ترکیب ساختنی : سب کو کوٹ چھان کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد۔

۹۹۱۔ **سفوف سورنجاں** : اجزاء: سورنجاں شیریں ۴ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، نبات سفید ۴ تولہ۔

ترکیب ساختنی تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۶ ماشہ سفوف ہمراہ آب گرم صبح نہار منہ کھلائیں اور متواتر اس وقت تک کھلائیں تاوقتیکہ

تمام فاسد رطوبات خارج نہ ہو جائے۔

افعال وخواص: اس کے کھانے سے اجابت کے ساتھ لیسدار رطوبت خارج ہوگی اور رفتہ رفتہ کم ہو کر ختم ہو جائے گی۔ ورم بھی جاتا رہے گا۔ جب یہ صورت پیدا ہو جائے تو چند روز بعد دوا ترک کردیں۔ وجع المفاصل کو مفید ہے

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۹۹۲۔ **سفوف سورنجان کمونی**: اجزا: سورنجان شیریں ۶ ماشہ، کمون ابیض ۶ ماشہ، زنجبیل ۶ ماشہ، جہیل کلاں ۶ ماشہ، تربد سفید مجوف ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں اس کے ساتھ روغن وجاع کی مالش بھی کرائیں

افعال وخواص: وجع المفاصل میں مفید ہے۔

۹۹۳۔ **سفوف سورنجان**: اجزا: فلفل موبہ ا تولہ، سورنجان شیریں ا تولہ، اسگند ناگوری مصفیٰ ا تولہ، عصارہ صبر دوبان ا تولہ، تخم اسپند ا تولہ، کشتہ شاخ گوزن ا تولہ، شیر مدار ا تولہ۔

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر کے رکھیں اور شیر مدار میں خوب کھرل کر کے خشک ہونے پر سفوف تیار کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک: ا ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں

افعال وخواص: وجع المفاصل میں مفید اور انگریزی ادویہ کے مقابلہ میں زود اثر ہے اور قوی الاثر ہے۔

ھدایت: اگر ان اجزا کے سفوف کو شیطرج ہندی کے آب مروق میں ایک گھنٹہ خوب کھرل کر کے قرص بنا لئے جائیں تو نسخہ مزید قوی الاثر ہو جائے گا۔

عطیہ: حکیم رجب علی صاحب چک ۲۰۰ تحصیل جڑانوالہ ضلع لائلپور

۹۹۴۔ **سفوف عشر**: اجزا: افیون ا ماشہ، پوست بیخ عشر ا ماشہ، شورہ قلمی ۸ ماشہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ا تا ۲ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: وجع المفاصل کے علاوہ صداع، شقیقہ، ذات الجنب، بدن کے تمام دردوں، نزلہ زکام اور نزف الدم میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

نقرس

۹۹۵. حب اذاراقی: اجزا: اذاراقی مدبر ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، فلفل دراز ا تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو جدا جدا پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک: ا تا ۲ حب ہمراہ آب تازہ یا شیر گاؤ بعد از غذا کھلائیں۔ دوران علاج گھی دودھ خوب کھلائیں موسم سرما میں کھلانا زیادہ موزوں ہے۔ بوڑھوں کے لئے خصوصاً اور جوانوں کے لئے حسب ضرورت ایک ہفتہ کھلائیں۔

افعال و خواص: نقرس کے علاوہ ریحی امراض، وجع المفاصل، ضعف اعصاب، رعشہ، وجع القطن نزلہ زکام بارد میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالرسول صاحب پتہ ندارد۔

۹۹۶. حب بوزیدان: اجزا: سورنجاں شیریں ۲ تولہ، قصب الذریرہ ۲ تولہ، قسط شیریں ۲ تولہ، بوزیدان ۲ تولہ، بادیان رومی ۲ تولہ

ترکیب ساخت: حسب دستور سب اجزا کو جدا جدا پیس کر ملا کر شہد سے کھرل کر کے حبوب بوزن ۴ رتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب گرم صبح و شام نہار منہ کھلائیں۔

افعال و خواص: نقرس کے علاوہ ہر قسم کے درد اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شفیع صاحب شہنشاہی شفائی دواخانہ باغبان پورہ لاہور

۹۹۷. حب غاریقون: اجزا: سورنجاں شیریں ۶ تولہ، تربد مجوف ۶ تولہ، حب النیل ۵ تولہ، ایلوہ ۵ تولہ، غاریقون مغربل ۲½ تولہ، بوزیدان ۲½ تولہ، مقل ازرق ۲½، مصطگی رومی ۲½ تولہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ بعد ازاں مصطگی، ایلوا جدا جدا پیس کر شامل کریں مقل کو پانی میں حل کر کے اس سے سفوف گوندھ کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں اگر قبض کی شکایت نہ ہو تو ایلوا کی بجائے اسگندھ ۵ تولہ ڈالیں۔

افعال و خواص: نقرس کے علاوہ وجع المفاصل اور عرق النساء میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد یوسف خاں صاحب جہلم۔

۹۹۸. روغن سہ برگ: اجزا: افتیمون ہندی تازہ ۳۲ تولہ، برگ عشر تازہ ۸ تولہ، برگ بید انجیر تازہ ۸ تولہ، خردل ۸ تولہ، برگ جوز ماثل تازہ ۸ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ نیم کوفتہ کو پانی میں جوش دیں بعدازاں مل چھان کر آب جوشاندہ میں روغن کنجد آدھ سیر شامل کر کے آگ پر رکھیں۔ جب پانی خشک ہو کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اس میں درج ذیل ادویہ شامل کر کے جوش دیں اور صاف کر کے رکھیں۔

اجزاء : جوز بوا ۱ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، بسباسہ ۲ تولہ، زنجبیل ۴ تولہ، روغن کتان ۵ تولہ۔

ترکیب استعمال : سفوف زنجبیل مدبر صبح و شام کھلائیں اور اس روغن کی مالش کرائیں۔

افعال وخواص : نقرس کے علاوہ وجع المفاصل، وجع الخاصرہ، عرق النساء میں بھی مفید ہے۔

۹۹۹۔ **روغن سورنجاں** : اجزاء : سورنجاں شیریں ۲ تولہ، خولنجاں ۲ تولہ، اذاراقی ۲ تولہ، زنجبیل ۲ تولہ، قسط شیریں ۲ تولہ بیخ بیدانجیر ۲ تولہ، قرنفل ۲ تولہ، روغن کنجد ۲ پاؤ، شیر میش ۲۰ تولہ،

ترکیب ساختن : جملہ خشک اجزاء کو باریک پیس کر آہنی کڑاہی میں روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر پکائیں اور تھوڑا تھوڑا شیر میش اس میں ڈال کر جذب کریں جب سب سوختہ ہو جائے تو اتار کر چھان لیں۔

ترکیب استعمال : مقام ماؤف پر بقدر ضرورت مالش کرائیں۔ سرد ہوا سے محفوظ رکھیں اور نمی سے بچائیں۔

افعال وخواص : نقرس، وجع المفاصل، ضربہ استخوان، فالج، لقوہ اور استرخا میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید مقصود الحسن صاحب عرفانی دواخانہ لطیف آباد۔ حیدرآباد (سندھ)

۱۰۰۰۔ **روغن زنجبیل مدبر** : اجزاء : زنجبیل ۱ پاؤ، برگ بیدانجیر نیم کوفتہ ۲½ سیر، شحم حنظل تازہ نیم کوفتہ ۲½ سیر، بادنجان دشتی (کنڈیاری) ۲½ سیر تازہ سالم پودا۔

ترکیب ساختن : ایک کنستر میں نصف ادویہ رکھ کر اوپر زنجبیل رکھیں اور بقیہ ادویہ اس کے اوپر رکھ کر کنستر کو پانی سے بھر دیں۔ کنستر کو آگ پر رکھیں۔ آگ درمیانہ درجہ کی ہو۔ جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو تو زنجبیل کو نکال کر خشک کریں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں اور اس کے ساتھ روغن سہ برگ تیار کر کے استعمال کرائیں۔

۱۰۰۱ **سفوف عاقرقرحا** : اجزاء : سورنجاں شیریں ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، اسگندناگوری ۱ تولہ، ستاور ۱ تولہ، گلسرخ ۱ تولہ، انزروت ۱ تولہ، سنا مکی ۱ تولہ، عاقرقرحا ۱ تولہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق چوب چینی یا آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : نقرس میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم شاہ محمد صاحب یونانی دواخانہ۔ ٹنڈو آدم

۱۰۰۲ **سفوف سورنجان**: اجزا: اسگند ناگوری ۱ تولہ، سورنجان ۱ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۲ تولہ، سنا مکی ۲ تولہ سقمونیا ۲ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۲ ماشہ۔

ترکیب ساخت: کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ گرم صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: نقرس کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فضل محمد صاحب ولیہ کوٹلہ کال تحصیل اوباڑہ ضلع سکھر۔

۱۰۰۳ **ملح اربعہ**: اجزا: برگ پنجنکشت (سنبھالو)، برگ سہانجنا، اسپند سبز معہ برگ و بار، آک معہ برگ و بار اور گل ہر ایک ایک سیر۔

ترکیب ساخت: تمام اجزا کو برگ و بار اور شاخ و بیخ سمیت حاصل کر کے حسب دستور نمک حاصل کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی دوا ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔

افعال و خواص: نقرس میں مفید ہے اور عصبی دردوں میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد بشیر الدین صاحب سکنہ جنڈ والہ تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال۔

عرق النسا

۱۰۰۴ **حب تربد**: اجزا: مصطگی رومی ۱ تولہ، تربد سفید مجوف ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، اجوائن خراسانی ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، کمون اسود ۱ تولہ، صبر ۱ تولہ، حنظل سالم ۱ عدد۔

ترکیب ساخت: حسب دستور ادویہ کو پیس کر رکھیں، بعد ازاں حنظل سالم کو کوٹ کر سفوف ملا کر خوب کھرل کریں کہ یک جان ہو جائے۔ بعد ازاں حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام دو ہفتہ کھلائیں۔

افعال و خواص: عرق النساء اور وجع الخاصرہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد ذکریا نیا ز صاحب چک نمبر ۱۰۸/۱۲۰ تحصیل خانیوال ضلع ملتان

۱۰۰۵ **حب سورنجان**: اجزا: اذاراقی مدبر ۱ تولہ، سورنجان تلخ ۱ تولہ، سورنجان شیریں ۲ تولہ، صبر ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو پیس کر گوار گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ چائے صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: عرق النساء میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم ناظر علی صاحب، سنیاسی یونانی دواخانہ مین بازار، راجگڑھ۔ لاہور

۱۰۰۶۔ حب فودنج : اجزاء: لم الحجر (نمک لاہوری) ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ، حب الرشاد (ہالون) ۵ تولہ، سنبل الطیب ۵ تولہ۔
بادیان رومی (انیسون) ۵ تولہ، فودنج (پودینہ) ۵ تولہ، لمع النار (نوشادر) ۵ تولہ۔
ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ چھان کر ہمراہ گودہ گھیکوار کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النساء میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم محمد علی زیدی صاحب ہارون آباد۔

۱۰۰۷۔ حب قصب الزریرہ : اجزاء: اسگند ناگوری ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ، قصب الزریرہ ۵ تولہ، افسنتین رومی ۵ تولہ
آب بیخ حنظل ۵ تولہ، نانخواہ ۵ تولہ، سورنجاں شیریں ۲½ تولہ، سنا مکی ۲½ تولہ، فلفل سیاہ ۲½ تولہ، حلتیت ۲½ تولہ
مقل ارزق ۲½ تولہ، گل سرخ ۲½ تولہ، ایلوا ۱ تولہ، سقمونیا ۱ تولہ،
ترکیب ساختن : تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب ہمراہ عرق گلاب یا آب تازہ قبل از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النساء اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد صدیق صاحب دواخانہ مصطفےٰ۔ ملتان روڈ۔ لاہور

۱۰۰۸۔ حب قسط : اجزاء: زنجبیل ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۱ تولہ، صبر سقوطری ۱ تولہ، قسط شیریں ۱ تولہ، سورنجاں شیریں
۱ تولہ، تخم اسپند ۱ تولہ، روغن بادام ۱ تولہ، تخم حنظل ۶ ماشہ۔
ترکیب ساختن : سب ادویہ کوٹ کر روغن بادام سے چرب کر کے گودہ گھیکوار میں خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ عرق گلاب۔ ۱ تولہ صبح نہار کھلائیں اور نصف گھنٹہ بعدہ تا۔ ۱ تولہ روغن گاؤ پلائیں
زیادہ سے زیادہ ۲ ہفتہ میں مکمل صحت ہوگی۔ غذا مرغن ہونی چاہیئے۔

افعال وخواص : عرق النساء اور وجع المفاصل میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حافظ رسول بخش صاحب۔ سکنہ خونی برج ملتان

۱۰۰۹۔ حب مفاث : اجزاء: سورنجاں تلخ ۲ تولہ، تخم جوز ماثل سیاہ ۲ تولہ، تخم حلبہ ۲ تولہ، مفاث ۲ تولہ، شکر سرخ ۰ تولہ۔
ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر آب تازہ سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النسا میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم محمد شفیع اختر صاحب قریہ شاہل سدھایہ تعلقہ شکارپور ضلع سکھر۔

۱۰۱۰ **حلوا پیاز** : اجزا: پیاز سفید ۲۴ عدد، روغن گاؤ ا سیر، عسل خالص ا سیر، نبات سفید ا سیر۔

ترکیب ساختن: تمام ادویہ کو ایک روغنی برتن میں ڈال کر اچھی طرح سے گل حکمت کرکے برتن کو زمین میں دفن کردیں صرف برتن کا گلا باہر ہو اوپر بیس سیر اوپلہ دشتی کی آگ لگائیں۔ سرد ہونے پر پھر بیس سیر کی آگ دیں۔ تیسری مرتبہ پھر بیس سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر یہ مرکب حلوہ کی طرح کا تیار ہوگا۔

مقدار خوراک : پہلے ہفتہ میں ۲ تا ۳ تولہ دوسرے ہفتہ میں ۳ تا ۴ تولہ صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النساء، وجع الورک، وجع المفاصل اور نقرس کے دفعیہ میں موثر ہے۔ نیز دفع درد ریح اور نامردی ہر قسم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد رمضان صاحب۔ ڈونگہ بونگہ ضلع بہاولنگر

۱۰۱۱۔ **روغن سرخ** : اجزا: قوہ ۵ تولہ، سلیخہ ۵ تولہ، دارشیشعان ۵ تولہ، اشنہ ۵ تولہ، سعد کوفی ۵ تولہ، وج ۵ تولہ، قرنفل ۵ تولہ، زرنباد ۵ تولہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ، روغن سرشف ۱۰ تولہ، آب آہک ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو باریک کوٹ کر رکھیں دونوں روغنوں کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس میں ادویہ اور آب آہک بھی شامل کریں۔ جب صرف تیل باقی رہ جائے تو اتار کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت بطور مالش کرائیں۔

افعال وخواص : وجع الخاصر نقرس، عرق النسا نیز ہر قسم کے درد کے لئے مفید ہے۔ بہت مفید ہے۔ نظامی

عطیہ : حکیم عبدالرزاق صاحب۔ چک نمبر ۱۵/۹-۹۔ خانیوال ضلع ملتان۔

۱۰۱۲۔ **سفوف سورنجان سنائی** : اجزا: سورنجاں شیریں ۲ تولہ، ہلیلہ زرد ۳ تولہ، سنا مکی مصفیٰ ۳ تولہ، تربد سفید مجوف ۱½ تولہ، مغز بادام شیریں ۲ تولہ، سقمونیا ۱½ ماشہ، زعفران ۱½ ماشہ، کوزہ مصری ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۹ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ روزانہ علی الصبح کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النساء اور ریحی دردوں میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم السید بشیر حسین صاحب۔ تحصیل ضلع ساہیوال

۱۰۱۳۔ **سفوف سورنجاں شیریں** : اجزا: مقل ارزق ا تولہ، سورنجاں شیریں ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، تربد مجوف ا تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ اجزا کو حسب دستور معروف پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : عرق النساء کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالعزیز صاحب سکنہ ڈھولن ہٹھار تحصیل قصور ضلع لاہور

۱۰۱۴۔ **عرق فودنج مرکب** ؛ اجزاء : بادیان ۱۰ تولہ، فودنج ۱۰ تولہ، بزبگ کابلی ۵ تولہ، صعتر فارسی ۵ تولہ، تخم خیارین ۵ تولہ تخم خربزہ ۵ تولہ، ہیل کلاں ۵ تولہ، بیخ کبرہ تولہ، پرسیاؤشاں ۵ تولہ، خارخسک ۵ تولہ، گاؤزبان ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور عرق ۵ بوتل کشید کریں۔

مقدار خوراک : ۱۰ تولہ عرق صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص : یہ اس عرق النساء میں مفید ہے جو بوجہ احتباس نفاس یا طمث ہو۔

عطیہ : حافظ محمد مراد صاحب اویسیہ شفاخانہ، خانپور، ضلع رحیم یار خاں

شری

۱۰۱۵ **حب جل نیم** ؛ اجزاء : جل نیم بوٹی ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ، عسل خالص حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ کر ہمراہ عسل خالص حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ۲ حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔ غذا مرغن کھلائیں۔

افعال وخواص : شری میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم علی احمد صاحب چک نمبر ۵۰ ڈی۔ بی سب تحصیل یزمان ضلع بہاول نگر

۱۰۱۶۔ **حب گھیکوار** ؛ اجزاء : موم خالص ۳ تولہ، نمک لاہوری ۱ تولہ، لعاب گھیکوار ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : ادویہ کو کوٹ کر ہمراہ لعاب گھیکوار کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : شری میں مستعمل ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ابراہیم صاحب محمدی شفاخانہ، راجن پور، ڈیرہ غازی خاں۔

۱۰۱۷۔ **دوائے شری** ؛ اجزاء : فودنج تازہ ۱ تولہ، نبات سفید ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : دونوں ادویہ کو پانی میں گھوٹ کر چھان کر پلا دیں یہ ایک خوراک ہے۔

افعال وخواص : شری ایک ہی خوراک سے دور ہو جائے گی۔ ورنہ دوسری خوراک بھی دے سکتے ہیں۔

عطیہ : حکیم نادر شیر صاحب جنڈولہ کلاں۔

۱۰۱۸۔ **سفوف قسط** : اجزا: قسط حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : کوٹ پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ایک دو روز میں شری کا قلع قمع کر دیتی ہے۔

عطیہ : حکیم سعید اللہ صاحب محلہ نیاریاں۔ راولپنڈی شہر

۱۰۱۹۔ **معجون نارمشک** : اجزا: نارمشک ۱ تولہ، عسل خالص ۳ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۳ ماشہ معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : شری میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بوستان صاحب۔ ضلع راولپنڈی

دُمل

۱۰۲۰۔ **مرہم دُمل** : اجزا: ماندو ۳ عدد زرنباد ۱ تولہ، رائتج (رال) ۵ تولہ، اُسرنج (سندھور) ۶ ماشہ، توتیا اخضر ۶ ماشہ

ترکیب ساختن : سب اجزا کو باریک پیس کر رکھیں، بعد ازاں مسکہ گاؤ ۱۰ تولہ (شستہ ایک سو ایک بار) کسی کانسی کے برتن میں ڈالیں اور سفوف اس میں ملا کر کانسی کے برتن میں ڈال کر کانسی کے دستہ سے خوب کھرل کریں اور متواتر ۲ یوم کھرل کریں اور محفوظ کریں۔

ترکیب استعمال : جس پھوڑے میں جڑیں ہوں اس پر یہ مرہم کپڑے کے پھایہ پر لگا کر معمولی سی پٹی باندھ دیں۔ دس پندرہ منٹ میں درد بند ہو جاتے گا۔ پٹی تیسرے دن کھولیں، انشاءاللہ ساری جڑیں ساتھ ہی کھنچتی چلی آئیں گی۔ بعد ازاں جوشاندہ نیب سے دھو کر دوسرا پھایہ لگا دیں۔ انشاءاللہ پھایہ زخم درست ہونے کے بعد اترے گا۔

افعال و خواص : دُمل۔ جڑوں والے پھوڑے میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صابر حسین صاحب پرانی مارکیٹ۔ میرپور ماتھیلو۔ ضلع سکھر

۱۰۲۱۔ **مرہم دُمل** : اجزا: بزرالبنج ۶ ماشہ، تانخواہ ۶ ماشہ (دُل اجوائن) ۶ ماشہ، تخم کرفس ۶ ماشہ، طوطیا اخضر ۱ ماشہ تنکار ۹ ماشہ، چوک ۱ تولہ، جوتے کا پرانا تلا ۲ تولہ، روغن سرشف ½، تولہ۔

ترکیب ساختن : اول روغن سرشف کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر اس میں چمڑا ڈالیں اور نیچے نرم آگ جلائیں۔ کوئلہ ہونے پر آگ سے اتار کر اسے خوب پیس لیں۔ پھر باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے خوب گھوٹیں کر مانند مرہم ہو

جاتے اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : پھوڑے، پھنسیوں پر لگائیں۔ دن میں دو دفعہ لگائیں چھ سات روز میں بالکل بے داغ ہو جائیں گے۔

افعال وخواص : ناک کی درد خواہ کتنی کہنہ ہو۔ لاہوری پھوڑا یا وہ پھوڑے جو جوڑوں پر ہوتے ہیں۔ سر پر جو پھوڑے ہوتے ہیں۔ خواہ کتنے ہی پرانے کیوں نہ ہوں اس مرہم کے لگانے سے نہیں رہیں گے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب سکنہ منڈی ہیرا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع ساہیوال

خنازیر

۱۰۲۲ اکسیر خنازیر : اجزاء: موش دشتی ۱ عدد، کمون ابیض ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور چوہے کے پیٹ میں زیرہ سفید بھر کر کوزہ گلی میں بند کرکے گل حکمت کریں اور دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک : ۲ برنج تا ۱ رتی اکسیر ہمراہ مناسب قوت وصحت روغن گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص : خنازیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید امانت علی شاہ صاحب تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔

۱۰۲۳ حب چشخام : اجزاء: چشخام (چاکسو) ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۱ تولہ، کنجد سیاہ ۱ تولہ، قند سیاہ کہنہ ۳ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر قند سیاہ کہنہ میں کھرل کرکے حبوب بقدر تخم بندق تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر گاؤ صبح وشام کھلائیں۔ اور مرہم سام ابرص لگائیں۔

۱۰۲۴ حب خنازیر : اجزاء: ریحان دشتی ۱ تولہ، نگند بابری ۱ تولہ، سہدیوی ۱ تولہ، کشتہ فولاد ۱ تولہ، تخم سرس ۵ تولہ، عسل خالص ۳ تولہ

ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو کوٹ چھان کر ہمراہ شہد کھرل کرکے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔ ایک ہفتہ دوا کھلائیں ایک ہفتہ ناغہ کریں۔

پرہیز : ترش اشیاء۔ تیل اور گڑ۔

افعال وخواص : خنازیر کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد علی شاہ۔ کوٹھی ۱۱ فصیح روڈ، اسلامیہ پارک۔ لاہور

۱۰۲۵ حب دارچکنا : اجزاء: دارچکنہ ۱ تولہ، رس کپور ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، آب بھنگرہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : تمام اشیاء کو آب بھنگرہ میں سحق بلیغ کریں اور حبوب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب بھنگرہ ۱ تولہ یا شربت عناب ۲ تولہ علی الصبح کھلائیں۔

افعال و خواص : خنازیر میں فائدہ مند ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۰۲۶۔ **حب رسکپور کبریتی** : اجزاء : رسکپور ا تولہ، کبریت آملہ سار ا تولہ، کات ابیض ا تولہ، آب لیموں ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزا کو پیس کر آب لیموں سے خوب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ روغن گاؤ ۱/۲ ۲ تولہ بعد از غذا صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : خنازیر اور امراض خبیثہ مثلاً آتشک، سوزاک، ہنبل وغیرہ کے لئے بیحد مفید ہے۔ یہی حب روغن گاؤ میں گھس کر قروح پر بھی لگائیں۔

عطیہ : حکیم نبی بخش جالندھری زبدۃ الحکماء ہنگر یکہ بازوالہ وزیرآباد ضلع گوجرانوالہ۔

۱۰۲۷۔ **حب زنجفر** : اجزاء : گودا گھیکوار ۲ سیر، زنجفر رومی ا تولہ، مصطگی رومی ۵ تولہ، فلفل سیاہ ۵ تولہ، زنجبیل ۵ تولہ سفوف اذاراقی ۲ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ اشیاء کو پیس کر گودا گھیکوار میں کھرل کریں۔ بعد ازاں حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : دو حب ہمراہ عرق بادیان یا آؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : خنازیر، نواسیر، گھمبیر، بھگندر، دمبل کہنہ، دق استخوانی میں مفید ہے۔

عطیہ : ڈاکٹر خوشی محمد صاحب اویسی۔ چک ۷۔۱۰/ا ضلع ساہیوال

۱۰۲۸۔ **کشتہ توتیا** : اجزاء : توتیا اخضر ا تولہ، (ڈلی) کافور ۱/۲ ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : کوزہ گلی میں کافور سائیدہ طوطیا کے زیر و بالا رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلہ دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر بحفاظت نکال کر باریک کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ برنج کشتہ در مسکہ گاؤ ایک بار روزانہ کھلائیں۔

افعال و خواص : خنازیر، بواسیر، جذام، آتشک اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رمضان علی صاحب بستی منظور آباد۔

۱۰۲۹۔ **مرہم خنازیر** : اجزاء : اُسریج (سیندھور) ۲ تولہ، برگ بانسہ ۲ تولہ، سنگجراحت ۲ تولہ، موم سفید ۲ تولہ، برگ نیب خشک ۲ تولہ، روغن سرشف ۱۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : روغن کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ تیل کو جوش آنے لگے تو کڑاہی کو آگ سے اتار کر اس میں موم حل کریں۔ بعد ازاں باقی ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : حسب دستور مرہم استعمال کریں۔

افعال وخواص: خنازیر، ناسور، نوابیر کے لئے بہت مفید ہے، قرحہ خواہ کیسا ہی پرانا کیوں نہ ہو مندمل ہو جاتا ہے۔ اگر بھینس وغیرہ کا سینگ ٹوٹ جائے اور زخم درست نہ ہو تو اس میں افسنتین ۵ تولہ، توتیا سبز ½۲ تولہ کا اضافہ کریں۔

عطیہ: حکیم وحید الزمان صاحب چک نمبر ۳۶۹ - جلۃ ارائیں - لودھراں۔

۱۰۲۰۔ **مرہم سام ابرص**: اجزاء: چھپکلی ۱عدد، برگ نیب تازہ ½۲ تولہ، روغن سرشف ۵ تولہ، شاخ دہنگ مادہ گاؤ ۱عدد

ترکیب ساختن: روغن سرشف کو اول خوب گرم کریں اور اس میں چھپکلی جلالیں۔ بعدازاں برگ نیب جلا کر خاکستر شاخ مادہ گاؤ اس میں ڈال کر خوب گھوٹیں۔ مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت زخم خنازیر پر یہ مرہم لگائیں۔

افعال وخواص: خنازیر کے لئے اندرونی اور بیرونی طور پر دوا استعمال کرنے سے بہت جلد فائدہ ہو جائے گا۔

عطیہ: حکیم فیض محمد صاحب سکنہ منڈی چشتیاں۔ ضلع بہاولنگر۔

سعفہ

۱۰۲۱۔ **روغن سعفہ**: اجزاء: طوطیا خضر ۱تولہ، کبریت آملہ سار ۱تولہ، آب برگ ریحان مروق (نازبو) ایک تولہ۔

ترکیب ساختن: پہلے دونوں اجزاء کو خوب پیس کر آب مروق سے کھرل کرتے جائیں۔ جب سب خشک ہو جائے تو شیشی میں ڈال کر کھچڑی میں ایک پہر تک دم میں رکھیں۔ نکالنے پر تیل برآمد ہو گا۔

ترکیب استعمال: تیل کو گنج اور سر کی پھنسیوں پر لگائیں اور آب برگ نیم سے سر دھوتے رہیں۔

ھدایت: بثورات وغیرہ کو مواد سے صاف کر کے سر پر تیل لگائیں۔

افعال وخواص: گنج اور سر کی پھنسیوں کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم فیروز احمد شاہ صاحب۔ پتہ ندارد۔

۱۰۲۲۔ **ضماد سعفہ**: اجزاء: مغز بادام سوختہ ۱تولہ، برگ حنا خشک ۱تولہ، قنبیر (کمیلا) ۱تولہ، مردار سنگ ۱تولہ، طوطیا خضر ۱تولہ فلفل سیاہ ۱تولہ، سرکہ انگوری بقدر ضرورت۔

ترکیب ساختن: تمام اجزاء کو مثل غبار پیس کر سرکہ کے ساتھ ملا کر خوب کھرل کریں مرہم بن جائے گی۔ اس میں قدرے روغن گل ملالیں۔

ترکیب استعمال: اول سر کو استرے سے منڈوائیں تاکہ مسام کھل جائیں پھر اس پر دوائی چپڑ دیں۔

افعال وخواص: سات یوم میں بال اگنے شروع ہو جائیں گے۔ بالچھڑ اور گنجے پن میں مفید ہے۔

حکہ و جرب

۱۰۲۳۔ **حب جرجیر** : اجزا : تخم جرجیر ۱/۲ سیر، نبات سفید ۱/۲ ۲ تولہ۔
ترکیب ساختن : دونوں ادویہ کو باریک کوٹ کر ہمراہ آب ترپھلہ کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔
مقدار خوراک : دو حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
ھدایت - غذا میں بیسنی روٹی کھلائیں، مکھن، گھی سبزیاں زیادہ کھلائیں۔
افعال وخواص : خارش کہنہ کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد یامین خاں صاحب فاروقیہ یونانی دواخانہ۔ بغداد روڈ۔ بہاول پور

۱۰۲۴۔ **دوائے جرب** : اجزا : کبریت آملہ سار ۱تولہ، گل ارمنی ۱تولہ، زیرہ دشتی (کالی زیری) ۱تولہ۔
ترکیب ساختن : سب کو باریک پیس کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ جفرات یا آب صبح و شام کھلائیں اسی سفوف کو روغن کنجد میں ملا کر بیرونی طور پر ضماد کرائیں۔
افعال وخواص : جرب خشک یا تر باد فرنگ اور امراض جلد کو نافع ہے۔ بے حد مفید ہے۔
عطیہ : حکیم مقصود احمد صاحب اعوان۔ شفاخانہ الکوثر کوٹ مٹھن۔ ڈیرہ غازیخاں
بہ ذریعے تصرف : حکیم محمد مرسلین صاحب دہلوی۔ لیاقت آباد۔ کراچی۔

۱۰۲۵۔ **دوائے جرب و حکہ** : اجزا : کبریت آملہ سار ۱تولہ، باپچی ۱تولہ، انبہ ہلدی ۱تولہ، قسط شیریں ۱تولہ۔
ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر اس کے دو حصے کریں۔ ایک حصہ روغن گاؤ میں ملا کر جسم پر مالش کرائیں۔ دوسرے حصہ کی سات پڑیہ بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک پڑیہ روٹی یا پراٹھا میں رکھ کر پکائیں اور کھلائیں اور روغن گاؤ زیادہ کھلائیں۔
افعال وخواص : خارش کا شافی علاج انتہائی مصفیٔ خون ہے۔
عطیہ : حکیم صوفی فقیر محمد صاحب نور پور تحصیل خوشاب، ضلع سرگودھا۔

۱۰۲۶۔ **سفوف باپچی** : اجزاء : کبریت ۱تولہ، تخم سنگ سبویہ (تخم میناز) ۱تولہ، زیرہ دشتی (کالی زیری) ۱تولہ، باپچی ۱تولہ
ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر رکھ لیں۔
مقدار خوراک : ۱تولہ سفوف کو بوقت خواب پانی ۱۰تولہ میں بھگو کر صبح زلال حاصل کر کے پلائیں اور فضلہ کو پیس کر تیل سرسوں میں ملا کر بدن پر مالش کرائیں۔

افعال وخواص: خارش خواہ کسی قسم کی ہو دفع ہو جاتی ہے۔ نیز چنبل میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم صاحبزادہ عبدالرحمٰن صاحب بلدیہ روڈ، ہارون آباد۔ ضلع بہاولنگر

۱۰۳۷۔ **سفوف کبریتی**: اجزاء: زیرہ دشتی (کالی زیری) ۱ تولہ، گل سرخ (گیرو) ۱ تولہ، کبریت آملہ سار ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: حسب دستور سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک: ۶ ماشہ سفوف ہمراہ دہی کی لسی ہر تین گھنٹہ بعد کھلائیں اور اسی میں سے دہی میں ملاکر مقام خارش پر مالش کرائیں، خشک ہونے پر دھو ڈالیں۔

ھدایت: دوا کھلانے سے پہلے کوئی ہلکا سا مسہل دیں۔

افعال وخواص: خارش کا یک روزہ علاج۔

نوٹ: ایک صاحب نے اس کی مقدار خوراک ۲ تا ۳ ماشہ ہمراہ آب یا عرق بادیان تجویز کی ہے۔

۱۰۳۸۔ **طلاء جرب وحکہ**: اجزاء: باؤچی ۱ تولہ، توتیا اخضر ۱ تولہ، کبریت آملہ سار ۱ تولہ، سیندھور ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت سفوف ۵ تولہ بقدرات اپا تو میں ملاکر بدن پر مالش کرائیں ایک گھنٹہ بعد غسل کرائیں۔

افعال وخواص: خارش ہر قسم میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب۔ شجاع آباد۔ ضلع ملتان۔

۱۰۳۹۔ **طلاء جرب وحکہ**: اجزاء: نیلا تھوتھا ۶ ماشہ، کتھا ۶ ماشہ، کبریت آملہ سار ۶ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، تنکار ۶ ماشہ گل سرخ (گیرو) ۶ ماشہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ کو مثل غبار پیس کر روغن کنجد میں اچھی طرح ملالیں۔

ترکیب استعمال: مذکورہ روغن مالش کرائیں۔

افعال وخواص: جرب وحکہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید محمد اصغر صاحب۔ ملتان۔

۱۰۴۰۔ **طلاء جرب وحکہ**: اجزاء: کبریت آملہ سار ۱ تولہ، سیماب ۱ تولہ، باؤچی ۱ تولہ، توتیا اخضر ۱ تولہ، ملح النار ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: اول کبریت اور پارہ کو اس قدر کھرل کریں کہ پارہ کی چمک زائل ہو جائے۔ بعد ازاں باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے رکھیں۔

ترکیب استعمال: سفوف ۶ ماشہ روغن سرشف ۵ تولہ میں ملاکر مالش کرائیں۔ کچھ دیر دھوپ میں بٹھائیں۔ بعد ازاں غسل کرائیں۔

افعال وخواص: جرب اور حکہ کو تین چار یوم میں فائدہ ہوگا۔

مطیہ: حکیم راجہ میاں ... ں صاحب نئی آبادی۔ جلال پور جٹاں۔

۱۰۴۱ **طلا جرب وحکہ** اجزا: کبریت آملہ سار ا تولہ، مردار سنگ ا تولہ، قنبیل کبیلا ا تولہ، توتیا اخضر ا تولہ۔

ترکیب استعمال: سب ادویہ کو خوب کھرل کر کے مسکہ شستہ میں ملا کر مالش کرائیں اور کچھ دیر کے بعد بدن پر بیسن مل کر نہائیں۔

افعال وخواص: جرب وحکہ ہر قسم میں مفید ہے۔

۱۰۴۲ **طلاء جرب وحکہ**: اجزا: کبریت آملہ سار ا تولہ، سیماب تولہ، سندھور ا تولہ، فلفل سیاہ ا تولہ، توتیا اخضر ا تولہ، قنبیل ا تولہ

ترکیب ساختن: اوّل کبریت اور سیماب کو خوب کھرل کریں کہ چمک باقی نہ رہے۔ پھر باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے مزید پانچ گھنٹہ کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: سفوف ا تولہ مسکہ گاؤ شستہ ایک سو ایک بار ۲½ تولہ میں ملا کر علی الصبح مالش کرائیں اور دھوپ میں بٹھائیں۔ بعد ازاں بیسن سے نہلائیں۔

افعال وخواص: تین چار روز کے استعمال سے خارش جاتی رہے گی۔

مطیہ: حکیم محمد حسین صاحب چک ۲۴۴ ضلع رحیم یار خاں۔

۱۰۴۳ **مرہم جرب**: اجزا: سیماب مصفیٰ ۵ ماشہ، کبریت آملہ سار ۵ ماشہ، کافور ۵ ماشہ، مردار سنگ ۴ ماشہ، توتیا اخضر ۴ ماشہ، برگ حنا ۴ ماشہ، برگ نیب ۴ ماشہ، دار شیشعان ۴ ماشہ، ویزلین اصلی ۵ تولہ۔

ترکیب تیاری: اوّل سیماب اور کبریت کو خوب کھرل کریں کہ چمک باقی نہ رہے۔ پھر باقی ادویہ مسحوقہ شامل کر کے کھرل کریں۔ سب سے آخر میں ویزلین شامل کر کے ایک گھنٹہ خوب کھرل کریں مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت مقام ماؤف پر لگائیں۔ خشک ہونے پر کپڑے پہنادیں، غسل دہی اور بیسن سے کرائیں۔ صابن ہرگز استعمال نہ کرائیں۔

افعال وخواص: خارش خشک و تر میں مفید ہے۔ علاوہ ازیں بواسیری مسوں پر بھی لگا سکتے ہیں۔ ذرا تلخی پیدا کرے گی۔

۱۰۴۴ **مطبوخ ہفت روزہ**: اجزا: بیخ بادنجان دشتی ½ پاؤ، بیخ حنظل ½ پاؤ، پوست کچنال ½ پاؤ، پوست مغیلاں ½ پاؤ۔ پوست نیب ½ پاؤ، قند سیاہ ا پاؤ۔

ترکیب ساختن: قند سیاہ کے سوا باقی ادویہ کو ایک مٹکے میں پانی میں بھگو کر موسم گرما میں دو روز اور موسم سرما میں

ایک ہفتہ رکھیں۔ پھر جوش دے کر جب ۲ پاؤ باقی رہے تو حسب دستور شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۵ تولہ شربت صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : فسادِ خون شدید میں مفید ہے بعفی خون بھی ہے۔

عطیہ : مشہور خاندان شریفی کا نسخہ ہے۔

داد

۱۰۴۵۔ **روغن زرنیخ** : اجزا: بابچی ۲ تولہ، قنبر (کیلا) ۲ تولہ، توتیا اخضر ۱/۲ ا تولہ، زرنیخ طبقی ۲ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، پوست ناجیل ایسر

ترکیب ساخت : سب اجزا کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال : داد کو خوب اچھی طرح صاف کر کے پھر یری سے داد پر لگائیں۔

افعال و خواص : داد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رسول بخش صاحب کمبوہ بیرون لوہر گیٹ۔ شاہ حسن پروانہ روڈ۔ ملتان شہر

۱۰۴۶۔ **روغن کبریت** : اجزا: کبریت سادہ۔

ترکیب ساخت : کبریت ڈنڈا کو پیس کر روئی کی تہ پر بچھائیں ایک سرے پر سائیکل کے پہیہ کا تار رکھ کر خوب سختی سے لپیٹ دیں۔ اوپر سے تار لپیٹ کر قابو کریں کہ کھلنے نہ پاتے پھر روغن کنجد میں تر کر کے آگ دیں۔ نیچے کوئی برتن رکھیں اور چمچ سے روغن کنجد بدستور روئی پر ڈالتے رہیں۔ سیاہ رنگ کا تیل برآمد ہو گا۔ محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بقدر مناسب چھاچھ گا ڈال کر بیٹں زہریلے حشرات الارض کے مقام گزیدہ پر ملنے سے سکون ہو گا۔

افعال و خواص : داد اور دیگر دردوں کے لئے بے جلن سو فیصدی کامیاب مصفی دم ہے۔ جلدی امراض میں بے حد سود مند ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۰۴۷۔ **شافہ کبریتی** : اجزا: خردل ۱ تولہ، راتینج (رال) ۱ تولہ، کبریت ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت : سب کو پیس کر آب لیموں کاغذی میں خوب کھرل کر کے شافہ تیار کر لیں۔

ترکیب استعمال : علی الصبح کسی چینی کے برتن میں شافہ کو مریض کے لعاب دہن میں گھس کر داد پر ضماد کرائیں۔ دن میں دو تین دفعہ کرنے سے جتنا بھی پرانا داد ہو ختم ہو جائے گا اور جلد بالکل دوسری جلد کی مانند شفاف ہو جائے گی۔ شافہ کو دوسرے یا تیسرے دن شاذ و نادر ہی استعمال کرنا پڑتا ہے۔ ورنہ پہلے ہی دن داد کا نام و نشان نہیں رہتا۔

افعال و خواص : داد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید ناصر علی شاہ صاحب حیدری شفاخانہ۔ نوشاب۔ ضلع سرگودھا۔

۱۰۴۸۔ **ضماد مقل** : اجزاء: مقل ازرق ۱ تولہ، تخم ترب ۱ تولہ، توتیا اخضر ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : اجزاء کو پیس کر آب ترب میں کھرل کر کے ضماد تیار کریں۔

ترکیب استعمال : آب ترب یا صرف آب تازہ میں گھس کر داد پر لگائیں۔

افعال وخواص : داد کے لئے مفید ہے۔ تین دن داد پر لگا کر قدرت کے کرشمے دیکھیں۔

عطیہ : حکیم ملک نذیر احمد صاحب۔ لاہور

۱۰۴۹۔ **طلاء حب سلاطین** : اجزاء: مغز تخم حب السلاطین۔ حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : مغز تخم حب السلاطین کو ہمراہ آب خوب کھرل کریں۔

منافع : داد پر ایک ہی دفعہ پر لگانے سے ساری عمر کے لئے داد کو نیست و نابود کرتا ہے۔ چاہے پچاس سال کا ہی داد کیوں نہ ہو۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۰۵۰۔ **طلاء داد** : اجزاء: ملح النار ۲/۱ تولہ، کبریت آملہ سار ۲/۱ تولہ، مازو بے سوراخ ۶ ماشہ، سفید دنج ۶ ماشہ، تنکار ۶ ماشہ توتیا اخضر ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر آب لیموں کاغذی میں چار روز کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

ترکیب استعمال : داد کو آب نیم گرم سے صاف کریں اور حب کو آب لیموں میں گھس کر لگائیں۔

افعال وخواص : داد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۰۵۱۔ **طلاء داد** : اجزاء: کبریت آملہ سار ۱ تولہ، مردار سنگ ۱ تولہ، نبات سفید ۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، سیماب ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : اول کبریت اور پارہ کو اس قدر کھرل کریں کہ پارہ کی چمک باقی نہ رہے۔ بعد ازاں باقی ادویہ پیس کر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ یک جان ہونے پر ہمراہ آب حبوب بقدر دانہ مٹر تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک حب قدرے پانی میں گھس کر داد پر طلاء کرائیں صبح و شام لگائیں۔

افعال وخواص : داد کے لئے بہت مفید ہے۔ خارش بہت جلد موقوف ہو جاتی ہے اور چند روز میں داد زائل ہو جاتی ہے۔

عطیہ حکیم عبدالرحمن صاحب تبسم۔ کبیرہ یونانی دواخانہ۔ کچا کھوہ۔ ضلع ملتان۔

چھنبل

۱۰۵۲۔ **حب کتانی** : اجزاء: تخم بادنجان دشتی (کنڈیاری) حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر صمغ عربی بقدر ضرورت شامل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب سرد دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: چھنبل میں موثر ہے۔

(شدید زہریلی دوا ہے۔ احتیاط سے کھلائیں۔ مرہم بھی کوئی ضرور لگائیں) نظامی

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام پتہ نامعلوم۔

۱۰۵۳۔ **روغن شاخ بز** : اجزاء: شاخ بز حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال : مقام ماؤف پر روئی سے لگائیں۔

افعال وخواص : چھنبل کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : پتہ و نام نامعلوم۔

۱۰۵۴۔ **روغن پوست بادام** : اجزاء: پوست بادام ا پاؤ، کبریت آملہ سار ا تولہ، توتیا اخضر ا تولہ۔

ترکیب ساختن: تینوں چیزوں کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال : روزانہ پھریری سے داد اور چنبل پر لگائیں۔

افعال وخواص : چنبل اور داد کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمود احمد صاحب پتہ ندارد۔ بورے والا۔

۱۰۵۵۔ **روغن توتیا اخضر** : اجزاء: توتیا اخضر ۵ تولہ، مردار سنگ ۵ تولہ، کبریت آملہ سار ۵ تولہ، تنکار ۵ تولہ، کمیلہ ۵ تولہ، بابچی ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کا بذریعہ پتال جنتر روغن کشید کریں۔

ترکیب استعمال: پھریری سے داد، چنبل پر لگائیں۔

افعال وخواص : داد، چنبل کو چند یوم میں صحت ہوگی۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۱۰۵۶۔ **طلاء دافع چنبل** : اجزاء: کاربالک ایسڈ ۶ ماشہ، کافور ا تولہ، روغن تارپین ۳ تولہ، روغن قرنفل ا تولہ، آیوڈین ۱½ ماشہ روغن چنبیل ۳ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : دن میں دو بار چنبل پر لگائیں۔

افعال وخواص : چنبل میں مفید ہے۔

عطیــــہ : حکیم قاضی عبدالرؤف صاحب۔ سکنہ چھپال ضلع ہزارہ

۱۰۵۷۔ مرہم چنبل: اجزاء: روغن سرشف ا پاؤ، برگ نیب خشک ۲ تولہ، گل سرخ ۲ تولہ، فلفل احمر ۲ عدد، پیاز ایک عدد، توتیا اخضر ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : ادویہ کو کوٹ چھان کر رکھیں۔ کڑاہی میں روغن سرشف ڈال کر اس میں سفوف ڈال دیں اور آگ پر رکھ کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال : چنبل کو نیم کے صابن سے دھو کر خشک کر کے اوپر مرہم لگا دیں روزانہ ایک بار۔

افعال وخواص : چنبل میں مفید ہے۔

عطیــــہ : صاحب نسخہ کا نام پتہ ندارد۔

۱۰۵۸۔ مرہم چنبل: اجزاء: سیماب ا تولہ، کبریت آملہ سار ۲ تولہ، شب یمانی ۲ تولہ، توتیا اخضر ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب کو ملا کر چار پہر سحق بلیغ کریں۔ پھر اس میں مسکہ شستہ ۱۲ تولہ (ایک سو ایک بار دھویا ہوا) ملا کر رکھیں۔ مرہم تیار ہوگی۔

ترکیب استعمال : زخم کو نیم کے صابن سے دھو کر خشک کر کے مرہم مذکورہ لگا کر کھلا چھوڑ دیں۔ روزانہ ایک بار لگائیں۔

عطیــــہ : حکیم حافظ عبدالحق صاحب دارالشفاء۔ رحیم یار خاں۔

۱۰۵۹۔ مرہم چنبل: اجزاء: پوست بیخ زقوم ۵ تولہ، روغن کنجد ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : دونوں کو ملا کر جلالیں۔ روغن نتھار کر الگ حاصل کرلیں اور بقیہ فضلہ پیس کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال : مرہم داد اور چنبل پر لگائیں اور روغن میں کاربالک ایسڈ ۱۵ بوند ملا کر جذام پر لگائیں۔

افعال وخواص : داد، چنبل اور جذام میں مفید ہے۔

عطیــــہ : حکیم مشتاق احمد صاحب۔ چک ۸۰ گ۔ ب روڈ، ڈجکوٹ تحصیل وضلع لائل پور

باد فرنگ (آتشک)

۱۰۶۰۔ اکسیر آتشک : اجزاء: رسکپور ا تولہ، کبریت آملہ سار ۱۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : رسکپور کو آہنی کڑاہی میں رکھ کر آگ پر رکھیں اور کبریت سائیدہ کی چٹکی دیتے جائیں۔ جب کبریت ختم ہو جائے تو آگ سے اتار کر رسکپور کی ڈلی نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک برنج اکسیر در مسکہ گاؤ، بالائی شیر میں لپیٹ کر نگلا دیں۔ دانتوں کو بالکل نہ لگے دودھ، گھی بکثرت کھلائیں۔ (دوا کیپسول میں کھلائیں تو بہتر ہے۔)

افعال وخواص : باد فرنگ، خنازیر، بواسیر وغیرہ میں مفید ہے۔

پرہیز : سرد پانی، ترشی اور نمک وغیرہ سے پرہیز لازمی ہے۔

عطیہ : حکیم حاجی محمد حسین صاحب گلبرگ ۸ ۳۰۵۔ لائل پور

۱۰۶۱۔ **جوہر دارچکنہ :** اجزاء : توتیا ۶ ماشہ، دارچکنہ ۶ ماشہ، رس کپور ۶ ماشہ، زنجفر ۶ ماشہ، مردار سنگ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور جملہ اجزاء کا جوہر حاصل کریں۔

مقدار خوراک : ایک برنج جوہر در مسکہ گاؤ کھلائیں۔

افعال وخواص : ۳ روز کھلانے سے باد فرنگ اور برص کا نام و نشان نہیں رہتا۔

عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب سکنہ گنگا سرائے۔ براستہ بھائی پھیرو تحصیل چونیاں۔

۱۰۶۲۔ **حب بلادری :** اجزاء : رسکپور ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل سفید ۱ تولہ، کبریت آملہ سار ۶ ماشہ، سیماب ۶ ماشہ، بلادر مدبر ۱ تولہ، زعفران ۶ ماشہ، قند سیاہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن : اول پارہ اور گندھک کو خوب کھرل کریں۔ جب کہ پارہ کی چمک ختم ہو جائے۔ پھر لونگ اور رس کپور کو خوب کھرل کریں اور ہمراہ قند سیاہ کہنہ حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ حلوہ جس میں کافی گھی ڈالا گیا ہو صبح و شام کھلائیں۔

پرہیز : ترش اشیاء اور گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

افعال وخواص : مرض آتشک میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم قمر الدین صاحب چک ۶۰۸/۱۲۳

۱۰۶۳۔ **حب توتیا :** اجزاء : دارچکنہ ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، طباشیر کبود ۲ تولہ، بل کتھ ۱۰ ماشہ، زنگار عمدہ ۱۰ ماشہ، توتیا اخضر ۹ ماشہ، عرق گلاب دو آتشہ ۲ بوتل۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عرق گلاب دو آتشہ میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح و شام کھلائیں اور بعد ازاں روغن گاؤ ۵ تولہ کی چوری بنا کر کھلائیں۔

ہدایت : گھی زیادہ کھلائیں۔

افعال وخواص : آتشک، جذام، جنبل اور امراض خبیثہ میں مفید ہے۔
پرہیز : نمک اور نمکین اشیاء سے پرہیز کرائیں۔
ہدایت : بیرونی طور پر یہی حبوب لعاب دہن میں حل کرکے لیپ کرائیں۔
عطیہ : حکیم غلام محمد جھیڑ صاحب چشتیہ دواخانہ مین بازار ہارون آباد، ضلع بہاولنگر

۱۰۶۴۔ **حب خرزہرہ** : اجزاء: برگ خرزہرہ، برگ کنیرا عدد، فلفل سیاہ ا تولہ، زنجبیل ا تولہ، عاقرقرحا ا تولہ، مویز منقی ۱۰ تولہ۔
ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو پیس کر خوب کھرل کریں، مویز تخم برآوردہ پانی سے دھوکر دو چھٹانک لے کر سفوف شامل کرکے خوب گھوٹیں حتیٰ کہ معجون بن جائے اور حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ روغن ۱۰ تولہ کھلائیں۔ روٹی بھی روغن گاؤ سے کھلائیں۔
پرہیز : نمک اور مرچ سے پرہیز لازمی ہے اور مرہم آتشک بھی لگائیں۔
عطیہ : حکیم راج ولی سکنہ داراکیال۔ ضلع راولپنڈی۔

۱۰۶۵۔ **حب دارچکنہ** : اجزاء: دارچکنہ ۱/۲ ۱ ماشہ، رس کپور ۱/۲ ۱ ماشہ، کافور ۱/۲ ۱ ماشہ، مغز تخم بندق ۱ تولہ، آب لیموں ۱ چھٹانک
ترکیب ساختن : سب اجزاء کو حسب دستور پیس کر آب لیموں سے خوب کھرل کرکے حبوب بقدر دانہ ماش بنائیں۔
مقدار خوراک : ایک حب حلوہ میں رکھ کر کھلائیں اور اوپر سے روغن گاؤ آدھ پاؤ پلائیں۔
ہدایت : اول مسہل حب السلاطین دے لیں۔
افعال وخواص : صرف تین دن میں اس موذی مرض سے نجات حاصل ہو جاتی ہے۔
عطیہ : حکیم محمد حسین صاحب محلہ قاسم پورہ۔ ریلوے روڈ۔ گجرات۔

۱۰۶۶۔ **حب رسکپور** : اجزاء: رسکپور ۶ ماشہ، دارچکنہ ۶ ماشہ، فلفل ابیض ۶ ماشہ، کافور ۶ ماشہ، رسوت مصفیٰ ۶ ماشہ مقل ازرق ۶ ماشہ، قند سیاہ کہنہ ۶ ماشہ۔
ترکیب ساختن : تمام اجزاء کو حسب دستور باریک کرکے گوگل میں ملاکر اس قدر کوٹیں حتیٰ کہ تیل چھوڑنے لگے تو حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ بالائی شیر بعد از لقمہ چرب کھلانے کے اوپر سے شیر گاؤ آدھ سیر پلائیں۔
افعال وخواص : باد فرنگ۔ سرخ باد، برص وغیرہ امراض جلدیہ میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم غلام رسول صاحب چک نمبر ۱۲/۹۰-L تحصیل ضلع ساہیوال

۱۰۶۷۔ **حب سیماب** : اجزاء: رسکپور ۳ ماشہ، سیماب ۶ ماشہ، کبریت آملہ سار ۶ ماشہ، چہار اجوائن ایاؤ۔

ترکیب ساختن: اول رسکپور کو خوب کھرل کریں۔ بعدازاں سیماب مصفیٰ اور کبریت ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر چاروں اجزائے مسفوف شامل کر کے کھرل کریں اور ہمراہ شہد خالص حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب پوست اچار آم میں لپیٹ کر مریض کو نگلوا دیں روزانہ صرف ایک حب سات دن میں سات حب کھلائیں زیادہ نہ کھلائیں۔

ہدایت: اگر دوا کھلانے کے بعد قلاع ہو جائے تو گل یاسمین کے نیم گرم جوشاندہ سے غرغرہ کرائیں آرام ہو جائے گا۔ (قلاع اکثر اسی وقت ہوتا ہے جب دوا اچھی طرح نہ لپیٹی جائے اور کھل جائے اور منہ میں لگ جائے۔ اگر گولی کو کیپسول میں رکھ کر کھلائیں تو زیادہ محفوظ رہے گی۔ اچار بعد کو کھلائیں۔ محمد نورالدین نظامی)

افعال و خواص: آتشک کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۱۰۶۸۔ **دوائے آتشک**: اجزاء: رسکپور ۱۰ ماشہ، دار چکنہ ۶ ماشہ، اُسرنج (سیندھور) ۴ ماشہ، ملح العجین (نمک لاہوری) ۴ ماشہ

ترکیب ساختن: جملہ اجزاء کو شیر زمیں چوبیس گھنٹہ خوب کھرل کریں اور سفوف بنا کر محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک: ایک چاول تا ایک رتی دوا کاغذ میں لپیٹ اور مکھن میں لپیٹ کر نگلا دیں دانتوں کو نہ لگنے پائے۔

نوٹ: کیپسول میں رکھ کر کھلائیں اور مکھن بعد میں کھلا دیں۔ (نظامی)

غذا: غذا میں دال مونگ مقشر، روغن نان گندم یا دودھ چاول روغن زرد بکثرت کھلائیں۔

افعال و خواص: آتشک اور جذام میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم راجہ جہانداد خاں چھپال ضلع گجرات

۱۰۶۹۔ **علاج آتشک**: اجزاء: حب السلاطین مدبر ۱ تولہ، بادیاں ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ شہد خالص کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک حب ہمراہ آب گرم صبح کھلائیں ان حبوب سے مریض کو مسہل دیں اور دوسرے روز مریض کو نہلائیں۔ اس لئے کہ دوران علاج مریض پانی کو ہاتھ تک نہ لگائے گا۔ بعدازاں درج ذیل نسخہ کھلائیں۔

۱۰۷۰۔ **حب رسکپور**: اجزاء: رسکپور ۶ ماشہ، فلفل سفید ۶ ماشہ، قرنفل ۶ ماشہ، شیر گاؤ میش ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن: تمام ادویہ کو خوب کوٹ کر ہمراہ شیر کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: اول مریض کو مسہل حب السلاطین کا دیں دوسرے روز ایک حب کاغذ میں لپیٹ کر مسکہ گاؤ یا بالائی شیر میں رکھ کر کھلائیں روزانہ ایک حب۔

نوٹ: کیپ سول میں رکھ لیں تو بہتر ہوگا۔

افعال وخواص: یہ حبوب بادِ فرنگ میں مفید ہیں۔ اگر اعضاء گلنے بھی شروع ہو گئے ہوں تو اس سے ان کا آکل ختم ہو جائے گا۔

پرہیز: مریض صرف روٹی گندم ہمراہ گھی کھائے مکھن بالائی زیادہ کھلائیں اور پانی چھوئے تک بھی نہیں۔

ھدایت: ان حبوب کی قوتِ منافع ایک سال بعد کمزور ہو جاتی ہے۔

عطیہ: حکیم حیدر اللہ صاحب۔ خیرپور

۱۰۷۱۔ **عرق مصفی خون**: اجزاء: نگندبابری اسیر، عشبہ ولایتی ۵ تولہ، منڈی بوٹی ۵ تولہ، سرپھوکہ ۱۰ تولہ، شاہترہ ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کا حسب دستور تین بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ عرق روزانہ پلائیں صبح و شام۔ روغن گاؤ بکثرت کھلائیں۔

افعال وخواص: جذام، فسادِ خون، برص، دامیل میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید باقر علی صاحب رضوی۔ سیالکوٹ۔

۱۰۷۲۔ **کشتہ توتیا**: اجزاء: توتیا اخضر (نیلا تھوتھا) ۱ تولہ، پوست بندق ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن: پوست بندق کو پیس کر توتیا کے نیچے اوپر دے کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سرخی مائل کشتہ برآمد ہوگا۔ پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: ۲ برنج کشتہ بالائی شیر یا منقیٰ میں رکھ کر بوقت خواب دودھ ½ سیر کے ساتھ کھلائیں۔ اگر پیاس لگے تو دودھ اور گھی پلائیں۔ مریض کو دوا کھلانے کے بعد رات سونے نہ دیں۔ یہی اس نسخے کی کامیابی کا راز ہے۔

افعال وخواص: بادِ فرنگ کے لئے مفید ہے اول تو پہلے ہی دن صحت ہوگی۔ تین خوراک سے زائد کی ضرورت نہیں رہتی۔

عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب۔ سبک دواخانہ موضع کوڑے چھاؤنی روڈ۔ لاہور

۱۰۷۳۔ **مرہم رسکپور**: اجزاء: رسکپور ۲ ماشہ، بورک ایسڈ ۶ ماشہ، مسکہ گاؤ ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن: دونوں اجزاء کو سحق بلیغ کریں اور مسکہ گاؤ (شستہ چالیس بار) میں ملا کر مرہم تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت زخموں پر لگائیں۔

افعال وخواص: بادِ فرنگ کے زخم تین دن میں خشک ہو جائیں گے۔

۱۰۷۴۔ **مرہم آتشک**: راتیج ۱ تولہ، مردار سنگ ۱ تولہ، زنگار ۱ تولہ، قنہ رطب (بیروزہ تر) ۱ تولہ، اسرنج (سندھور) ۶ ماشہ

روغن کنجد ۱۰ تولہ، موم سفید ۲ تولہ۔
ترکیب ساختن : روغن کو آگ پر جوش دیں اور نیچے اتار کر اس میں موم اور بہروزہ حل کریں بعدازاں باقی ادویہ مسحوق شامل کر کے کھرل کریں اور مرہم تیار ہے۔
ترکیب استعمال : اول زخم کو نیم گرم شدہ پانی سے دھوئیں۔ بعدازاں خشک کر کے مرہم زخم پر لگائیں۔
افعال وخواص : یہ نسخہ باد فرنگ کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم راج دلی۔ سکنہ داراکیال۔ ضلع راولپنڈی۔

قروح

۱۰۷۵۔ ذرور عشری : اجزاء: پوست درخت عشر ۱۰ تولہ، رال ۳ تولہ، کات ۴ تولہ۔
ترکیب ساختن : سب اشیاء کو پیس کر مثل غبار کرلیں اور محفوظ رکھیں۔ اگر اس میں آئیوڈوفارم ۱ ماشہ ملائی جائے تو زیادہ موثر ہے۔
ترکیب استعمال : خراب اور متعفن زخموں کو تیل سے تر کر کے مندرجہ بالا ذرور اس پر چھڑکیں۔
افعال وخواص : زخموں کو مندمل کرتا ہے اور ان کو بڑھنے اور متعفن ہونے سے روکتا ہے۔
عطیہ : حکیم محمد اسماعیل جنجوعہ صاحب۔ محلہ باغبانپورہ۔ حافظ آباد روڈ۔ گوجرانوالہ۔

۱۰۷۶۔ مرہم بلادری : اجزاء: روغن کنجد ۱۰ تولہ، بلادر ۵ عدد، رال ۴ تولہ، اسرنج ۴ تولہ، قینہ (گندہ بیرزہ) ۴ تولہ۔
ترکیب ساختن : اول بلادر کو روغن کنجد میں جلا کر نکال دیں۔ بعدازاں تمام اجزاء کو تیل میں ملا کر خوب گھوٹیں اور محفوظ رکھیں
ترکیب استعمال : مرہم مذکور پھاہا پر لگا کر زخم پر لگائیں۔
افعال وخواص : قروح کے لئے فائدہ مند ہے۔
عطیہ : حکیم میاں احمد صاحب نزد مسجد قصاباں والی۔ واں بھچراں۔ ضلع میانوالی۔

۱۰۷۷۔ مرہم زنجفر : اجزاء: زنجفر ۶ ماشہ، کات ۶ ماشہ، قنبیل ۶ ماشہ، رال ۶ ماشہ، مردار سنگ ۴ ماشہ، توتیا اخضر ۲ ماشہ شمع (موم) ۲ تولہ، روغن گاؤ ۴ تولہ۔
ترکیب ساختن : موم کے علاوہ تمام ادویہ کا سفوف کریں۔ بعدازاں موم اور گھی کو آگ پر رکھ کر یک جان کریں۔ یکجان ہونے پر فوراً آگ سے اتار کر اس میں مذکورہ سفوف شامل کر کے حل کریں یک جان ہونے پر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : بقدر ضرورت پھاہا پر لگا کر زخم پر لگا دیں۔ دن میں صرف ایک بار۔

افعال وخواص : ہر قسم کے زخم کے لئے نافع ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرؤف صاحب موضع کنڈور۔ ضلع دیرہ (سرحد)

۱۰۷۸۔ **مرہم زنگار** : اجزاء: زنگار تانبہ ۱ تولہ، رالتیج (رال) ۵ تولہ، توتیا اخضر ۶ ماشہ، فنہ ۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن : اول بیروزہ کو گرم پانی سے سو بار دھوئیں۔ بعد ازاں باقی ادویہ سائیدہ ملا کر کھرل کریں۔ اس سے مرہم تیار ہو جائے گی۔

ترکیب استعمال : اول زخموں کو آب نیم سے دھوئیں اور خشک کر کے مرہم لگائیں۔

افعال وخواص : قروح جلدی میں مفید ہے۔

۱۰۷۹۔ **مرہم قروح** : اجزاء: مردار سنگ ۱ تولہ، سنگجراحت ۱ تولہ، شب یمانی ۱ تولہ، اسرنج ۱ تولہ، خرمہرہ زرد ۱ تولہ، فوفل مدر ایک تولہ، توتیا اخضر (نیلا تھوتھا) ۲ ماشہ۔

ترکیب ساختن : تمام اجزاء کو کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے۔ ۱ سیر اُپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

ترکیب استعمال : مذکورہ سفوف ۱ ماشہ کو ویزلین ۵ تولہ میں ملا کر زخم پر لگائیں۔ پھاہا بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

افعال وخواص : گلے سڑے۔ خراب قسم کے زخم کو مفید ہے۔ آتشک، ناسور، خواہ کتنا ہی پیچیدہ زخم ہو چند دن میں مندمل ہو جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم سراج الدین صاحب کھوکھر چک ۱۵۲/۱۰۔۹ ڈاک خانہ جہانیاں۔ ضلع ملتان

۱۰۸۰۔ **مرہم عشری** : اجزاء: روغن سرشف ۲۰ تولہ، برگ عشر (نرم وتازہ) ۲۰ عدد، اذاراقی خام ۴ عدد، اسرنج ۵ تولہ، رال سفید ½۲ تولہ

ترکیب ساختن : اول روغن کو آگ پر رکھیں اور اس میں برگ مدار کو جلائیں پھر اس میں کچلہ جلائیں اور چھان کر رال کو اس میں حل کریں اور سیندھور ڈال دیں اب اس روغن میں جوش بہت آئے گا۔ فوراً آگ سے اتار لیں۔ اسی طرح چار بار آگ پر رکھیں۔ پھر سرد کر کے خوب کھرل کریں۔ مرہم تیار ہو گی۔

ترکیب استعمال : کپڑے کے پھاہا پر لگا کر زخم یا پھوڑا پر لگائیں۔

افعال وخواص : پھوڑے پھنسی اور گندہ زخموں کے لئے مفید ہے۔

عطیہ حکیم محمد احمد بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ، صدر بازار۔ لاہور کینٹ۔ لاہور

۱۰۸۱۔ **مرہم عشری** : اجزاء: خطل احمر ½ پاؤ، بزرالبنج ½ پاؤ، برگ عشر نرم ½ پاؤ، توتیا اخضر ۶ ماشہ، روغن سرشف ½۱ پاؤ

ترکیب ساختن : سب اشیاء کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جل جانے پر اتار کر پیس کر مرہم تیار کریں۔ بناتے وقت آنکھوں کو دھوئیں سے بچائیں۔

ترکیب استعمال : پھاہا پر مرہم لگا کر زخم پر یا پھوڑا پر لگائیں۔

افعال وخواص : زخم یا دنبل کسی قسم کا بھی اچھا ہو جائے گا۔

برص

۱۰۸۲۔ **حب برص** : اجزاء : جل نیم بوٹی ۱۰ تولہ، باؤچی مقشر ۶ تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور حبوب نخودی تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔

ہدایت : دودھ بالکل نہ دیں اور گوشت اور گھی خوب کھلائیں۔

افعال وخواص : برص میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم علم الدین صاحب چک ۱۶۴۔ بنگلہ نائی والا۔

۱۰۸۳۔ **حب تین** : اجزاء : شیر انجیر دشتی (ڈھگواڑہ) ۵ تولہ، پوست انجیر دشتی ۵ تولہ، کبابہ ۲½ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ روغن گاؤ ۵ تولہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص : برص میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد امین صاحب۔ طارق آباد۔ لائل پور

۱۰۸۴۔ **دوائے برص** : اجزاء : کبریت آملہ سار ۱ ماشہ، باؤچی ۱ ماشہ، گل سرخ ۱ ماشہ، گلنار ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو نیم کوب کر کے کوزہ گلی میں ایک پاؤ پانی ڈال کر ۲۴ گھنٹہ بھگو رکھیں۔ صبح زلال حاصل کریں اور فضلہ کو مقام برص پر طلا کریں۔

ہدایت : مسہل دے کر دوا شروع کرائیں۔

افعال وخواص : چالیس روز استعمال کرنے سے برص کو فائدہ ہوگا۔

۱۰۸۵۔ **دوائے برص** : اجزاء : جھینگن ۳ عدد، نوشادر ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن: بینگن چیر کر ان میں نوشادر بھر دیں۔ جب پانی نکلنے لگے تو اسے صاف برتن میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: یہ پانی برص کے سفید داغوں پر لگائیں۔

ھدایت: اس کے علاوہ صبح کو تخم جو جیرا ماشہ ہمراہ آب شبینہ کھلایا کریں۔

افعال وخواص: برص میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم خوشی محمد صاحب۔ بھٹے ڈوگہ۔ سیالکوٹ۔

۱۰۸۶ **دوائے برص**: اجزا: کبریت آملہ سارہ تولہ، باپچی پاؤ۔

ترکیب ساختن: کوٹ چھان کر پارچہ بیز کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: سفوف چھ ماشہ آب معتدل ایک پاؤ میں حسب دستورات کو بھگو کر صبح زلال حاصل کر کے نہار منہ پلائیں۔ فضلہ کو پیس کر داغوں پر لیپ کریں۔ خشک ہونے پر سرسوں کا تیل داغوں پر لگائیں۔ پندرہ منٹ کے بعد داغوں کو دھو ڈالیں۔

پرہیز: ہر سفید چیز کھانا منع ہے، اگرم، بینگن، مسور، گوشت گاؤ، تیل، ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

غذا: بطور غذا گھی میں روٹی مالیدہ کر کے چوری بنا کر کھلائیں۔ بیسن کی روٹی کا مالیدہ (چوری) بہتر ہے۔

افعال وخواص: برص کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم عطاء اللہ خان صاحب کھوکھر، نواں کلی تحصیل صوابی۔ ضلع مردان۔

۱۰۸۷ **سفوف سرس**: اجزا: تخم سرس ۵ تولہ، شیر گاؤ ۲ سیر۔

ترکیب ساختن: دونوں کو برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور خوب پکائیں۔ بعد ازاں تخم نکال کر مغز حاصل کر کے سایہ میں خشک کر کے پیس لیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ ہمراہ شیر گاؤ روزانہ صبح کھلائیں۔

افعال وخواص: ایک ماہ متواتر استعمال کرنے سے برص کا نام ونشان تک نہ رہے گا۔

عطیہ: صاحب نسخہ کا نام و پتہ مذارد۔

۱۰۸۸ **ضماد برص**: اجزا: تخم ترب ا تولہ، باپچی ا تولہ، کافور ا تولہ، رال ا تولہ، کبریت ا تولہ۔

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو پیس کر دہی میں ملا کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: بدن پر جہاں کہیں برص کے داغ ہوں لگاتے رہیں۔ تین دن لگانا کافی ہے۔

افعال وخواص: برص میں مفید ہے۔ دوا کا تین دن لگانا ہی کافی ہے۔

عطیہ: حکیم فیروز دین صاحب۔ سکنہ کوٹلی۔ ضلع میرپور۔

۱۰۸۹۔ **عرق دافع برص:** اجزاء: گوشت ابابیل (قیمہ شدہ) ½ سیر، بھنگرہ ½ سیر، پوست اندرون درخت شیشم ½ سیر
پوست اندرون درخت نیم ½ سیر، بادیان رومی کوفتہ ۲ تولہ، بابچی ۲ تولہ۔
ترکیب ساختن: حسب دستور تین بوتل عرق کشید کریں۔
مقدار خوراک: عرق ۲ تولہ ہمراہ شہد کردھورج ۴ چاول دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص: برص میں مفید ہے۔
عطیہ: طبیبہ زرین اختر بھکر ضلع میانوالی۔

۱۰۹۰۔ **علاج برص:** اجزاء: گلو تازہ ۲ سیر۔ پوست درخت نیب ۲ سیر، پوست درخت توت سیاہ ۲ سیر، نیل کنٹھی
بوٹی ۲ سیر، گل خافث ا پاؤ۔ منڈی بوٹی ا پاؤ گاؤزبان ا پاؤ، شاہترہ ½ پاؤ۔
ترکیب ساختن: تمام اشیاء کو دو گنا پانی ڈال کر تین دن دھوپ میں رکھیں اور حسب دستور ۶ بوتل عرق کشید کریں۔
اجزاء: بابچی ۲ تولہ، مردار سنگ ۲ تولہ، لسی گاڑھی ۲ سیر
ترکیب ساختن: تینوں کو کوٹ چھان کر حسب دستور ضماد تیار کریں۔
اجزاء: بابچی ۲ تولہ، شہد خالص حسب ضرورت۔
ترکیب ساختن: بابچی کو پیس کر شہد خالص سے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔
ترکیب استعمال: اول مذکورہ عرق ۱۰ تولہ صبح وشام قبل از غذا پلائیں، عرق ختم ہونے پر حبوب کھلائیں۔ ایک حب ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں۔ ایک ہفتہ تک دوسرے ہفتہ دو حب کھلائیں اور تیسرے ہفتہ ضماد لگائیں۔ ضماد لگانے کے بعد اتاریں نہیں بلکہ از خود اتر جائے گا۔ مقام ماؤف پر چھالے نمودار ہوں گے، دوبارہ پھر ایسا کریں۔ بعد ازاں ویزلین میں کافور ملا کر لگائیں۔ ۲ یوم بعد دیکھیں۔ اگر برص کے نشان باقی ہوں تو پھر ان پر مہندی لگائیں۔
جلد کے ہمرنگ ہونے پر علاج کی ضرورت نہیں۔
عطیہ: حکیم محمود الحسن صاحب۔ پتہ نامعلوم۔

حرق بالنار (آگ سے جلنا)

۱۰۹۱۔ **مرہم رال:** اجزاء: رتیج (رال) ۱ تولہ، کاتھ ۱ تولہ، روغن سرشف ۱۰ تولہ۔
ترکیب ساختن: دونوں اجزاء کو باریک پیس کر رکھیں۔ روغن سرشف کو آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب جھاگ دور ہو جائے تو سفوف اس میں ڈال کر ڈنڈا اس میں پھیر کر آگ سے فوراً اتار لیں۔ اب اس میں آب سرد ڈال کر ڈنڈے سے ہلاتے جائیں اور تھوڑا تھوڑا پانی مزید ڈالتے جائیں۔ اس طرح سے اس میں تقریباً ایک سیر پانی جذب

ہو جائے گا۔ جب دوائی خمیرے کی طرح سفید ہو جائے تو محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: باریک ململ کے کپڑے پر مرہم لگا کر مقام ماؤف پر لگائیں۔

افعال وخواص: ہر قسم کے جلے ہوئے کو صحت ہو جائے گی اور نشان بھی جلد پر دیر تک نہیں رہے گا۔

عطیہ: حکیم عبدالحق صاحب چک ۲۶۷ آر۔بی جالندھر تحصیل و ضلع لائلپور

۱۰۹۲ **مرہم کمیلا**: اجزاء: قنبر (کمیلا) ۱ تولہ، موم خالص ۲ تولہ، روغن سرشف ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: تینوں چیزوں کو ہلکی آنچ پر پکائیں۔ جل جانے پر اتار کر رکھیں۔ مرہم تیار ہے۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت جلے ہوئے مقام یا پھوڑے پھنسی پر لگائیں۔

افعال وخواص: آگ سے جلے ہوتے مریض کو صحت ہو جاتی ہے نیز ہر قسم کے پھوڑے پھنسی، ہر قسم کے زخم ہونٹوں، ہتھیلیوں اور پاؤں کے تلوؤں کے پھٹنے میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مولوی سعید الرسول موضع چلدوڑہ تحصیل مری۔ ضلع راولپنڈی۔

حمیات

۱۰۹۳ **اکسیر دق وسل**: اجزاء: سنگجراحت ۱ تولہ، ہڑتال گئودنتی ۶ ماشہ، زاج ابیض بریاں ۲ ماشہ، مصطگی رومی ۳ ماشہ طحلب (کائی سبز) ۳ ماشہ، ورق طلا ۱ ماشہ، موصلی سفید ۱ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو حسب دستور پیس کر ملا کر کھرل میں ڈال کر ایک ایک ورق ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں حتیٰ کہ بالکل یک جان ہو جائیں تو محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: دق اور سل چالیس دن کے اندر اندر ختم ہو جائے گی۔

عطیہ: حکیم محمد بشیر صاحب چاہ میراں روڈ۔ لاہور۔

۱۰۹۴ **اکسیر عشری**: اجزاء: شیر عشر ۱ تولہ، زرد چوب ۱۵ تولہ۔

ترکیب ساخت: ہلدی کو خوب پیس کر کھرل کر کے شیر مدار ڈال کر بیس منٹ تک خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک رتی تا ایک ماشہ اکسیر ہمراہ آب نیم گرم ہر تین گھنٹہ بعد۔ چار ہفتہ تک کھائیں۔

غذا: مقوی غذائیں اور روغن گاؤ زیادہ کھانے کو دیا جائے۔

افعال وخواص: تپ دق میں مفید ہے۔

۱۰۹۵ **حب دق**: اجزاء: برنج ساٹھی ۲ تولہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، رب السوس ۱ تولہ، سرطان محرق ۱ تولہ

ست گلو ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، کافور ۳ ماشہ، افیون ۴ ماشہ، فاد زہر معدنی خطائی ۴ ماشہ، سریشم ماہی ۴ ماشہ، بادیان رومی ۴ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، ورق طلا ۲ ماشہ، ورق نقرہ ۵ ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن: اول برنج ساٹھی کو شیر مادہ خر میں تین دفعہ تر و خشک کریں۔ بعد ازاں سب ادویہ کو پیس کر ہمراہ آب برگ بانسہ کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ شیر بز صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: سل و دق میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم غلام فرید صاحب مجیٹی چک ۱۵۰-ای بی۔

۱۰۹۶۔ حب دافع تپدق: اجزا: مغز کرنجوا ۲ تولہ، افسنتین رومی ۲ تولہ، ریوند خطائی ۲ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، قصب الذریرہ نیپالی ۲ تولہ، ملح النار ۲ تولہ، گھیکوار ۱ پاؤ۔

ترکیب ساختن: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر گودا گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق گلاب صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: تپ دق اور تپ کہنہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد احمد صاحب، عارف بازار۔ بوڑے والا

۱۰۹۷۔ حب سرطان: اجزا: گل ارمنی ۹ ماشہ، صمغ القتاد (کتیرا) ۹ ماشہ، صمغ عربی ۹ ماشہ، تخم خشخاش ۴ تولہ، دم الاخوین ۴ تولہ، تخم اسفاناخ ۴ تولہ۔ بیخ الجبار ۴ تولہ۔ بزرالبنج ۶ ماشہ، فاد زہر معدنی ۱ ماشہ، بادرنجبویہ ۱ ماشہ، درونج عقربی ۱ ماشہ سریشم ماہی ۱ ماشہ، دارچینی ۲ ماشہ، راتینج (رال) ۱½ تولہ، سرطان نہری سوختہ ۳ تولہ۔

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر عرق ابریشم سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ۲ حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: سل و دق کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید محمد ایوب صاحب کوثر ہاشمی دواخانہ چوہان روڈ کرشن نگر۔ لاہور

۱۰۹۸۔ دوائے تپدق: اجزا: زاج ابیض ۱۰ تولہ، شنگرف ۱ تولہ، گودا گھیکوار ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن: ہر دو اشیاء کو پیس کر گودا گھیکوار میں خوب کھرل کر کے آہنی کڑاہی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ راکھ ہونے پر اتار لیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی دوا ہمراہ عرق گاؤزبان کھلائیں۔

افعال و خواص: تپ دق اور کہنہ سے کہنہ بخار میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عصمت اللہ صاحب چک ۶۲ ڈی۔بی سب تحصیل یزمان۔ضلع بہاولپور

۱۰۹۹۔ **سفوف دافع تپ دق :** اجزاء : گلو سبز ۴ ماشہ، شاہترہ ۴ ماشہ، نانخواہ ۴ ماشہ، قصب الذریرہ ۴ ماشہ، کرنجوا ۴ ماشہ، فلفل سیاہ ۴ ماشہ، نمک تنگ ۴ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۵ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں دو بار کھلائیں۔

افعال وخواص : تپ دق میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد حلیم شاہ صاحب چک ۹۰۷/۱۱-۴ تحصیل وضلع ساہیوال۔

۱۱۰۰۔ **سفوف سل ودق :** اجزاء : کشتہ ابرک سفید ۲ تولہ، کشتہ مرجان ۲ تولہ، ذاج اخضر ۱ تولہ، گل احمر ۲ تولہ، کہربا شمعی ۲ تولہ، بیخ ریباس خطائی ۱ تولہ، افیون ۱ تولہ، ست گلو حمدہ ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک رتی در شربت الجبار ۲ تولہ صبح وشام پلائیں۔

افعال وخواص : سل ودق میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالرشید صاحب چک ۱۱۲-۱۰ ای بی تحصیل پاک پتن۔ضلع ساہیوال

۱۱۰۱۔ **سفوف ست گلو والا :** اجزاء : طباشیر کبود ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، آرد گلو ۱ تولہ، دار چینی ۱ تولہ، رب السوس ۱ تولہ، خاکسی ۱ تولہ، مغز کنول گٹہ ۱ تولہ، (ریشہ دور کردہ) ۱ تولہ۔ مصری کوزہ ۳ تولہ، ورق نقرہ ۲۰ عدد۔

ترکیب ساختن : تمام اجزاء کو کوٹ چھان کر بعد ازاں ورق نقرہ ایک ایک ڈال کر کھرل کریں۔ تیار ہونے پر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بزوری صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : تپ دق میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید عبدالغفور شاہ صاحب۔ محمد حسین پورہ۔ مغل پورہ لاہور

۱۱۰۲۔ **سفوف کافوری :** اجزاء : طباشیر ۱ تولہ، دانہ الائچی خورد ۱ تولہ، آرد گلو ۱ تولہ، تخم خرفہ سیاہ ۳ ماشہ، زعفران اصلی ۱ ماشہ، کافور مدبر ۱ ماشہ

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کا حسب دستور سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ ۳ بار دن میں کھلائیں۔

افعال وخواص : تپ محرقہ شدید میں نہایت مفید ہے۔ حار مزاجوں کے لئے مقوی قلب بھی ہے۔

ترکیب تدبیر کافور : کافور ۲ تولہ، آب برگ ریحان سبز ۱ سیر۔ کافور کو پوٹلی میں باندھ کر پانی والے برتن میں لٹکا کر جوش دیں تاکہ پانی ۴/۱ حصہ باقی رہے اتار کر کافور مدبر کو پوٹلی میں سے نکال کر کام میں لائیں۔

عطیہ: حکیم سردار بخش صاحب سکنہ جلیانہ تحصیل شاہ پور ضلع سرگودھا۔

۱۱۰۳۔ **شب مدبر**: اجزاء: شب یمانی ۱۰ تولہ، برگ نیب ۲۰ تولہ۔

ترکیب ساختن: شب یمانی کو برگ نیب کے نغدہ میں رکھ کر آہنی کڑاہی میں کوئلوں کی آگ پر بریاں کرلیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ چاول دوا ہمراہ مسکہ گاؤ یا بالائی شیر یا آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: سل، حمیٰ کہنہ و جدید، بواسیر دموی اور کثرت طمث میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حامد حسین صاحب۔ پتہ ندارد۔

۱۱۰۴۔ **شربت مرکب**: اجزاء: گل بنفشہ ۱۰ تولہ، گاؤ زبان ۱۰ تولہ، گل سرخ ۱۰ تولہ، انجیر ولائتی ۱۰ تولہ، بیخ بانسہ ۲۰ تولہ، تراشہ کدو شیریں ۲۰ تولہ، اصل السوس مقشر ۲۰ تولہ، ہیل کلاں ۵ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۵ تولہ، مغز تخم خیارین ۵ تولہ، زوفا خشک ۵ تولہ، تخم کاسنی ۵ تولہ، بہیدانہ شیریں ۲ تولہ، برگ مورپنکھی سبز ۲ تولہ، نبات سفید ایک سیر۔

ترکیب ساختن: کوٹنے والی ادویہ کو نیم کوب کرکے اور باقی ادویہ کو ملاکر پانی دس سیر میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دیں۔ چوتھائی رہنے پر مل چھان کر دوبارہ پانی کو آگ پر رکھیں۔ آدھ سیر رہنے پر اس میں نبات سفید ڈال کر شربت کا قوام کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ شربت دن میں تین بار پلائیں

افعال و خواص: یہ شربت دق اور سل میں بہت مفید ہے۔

عطیہ: حکیم مولوی حافظ حبیب اللہ صاحب ضلع ملتان

۱۱۰۵۔ **عرق کچنال**: اجزاء: گلو سبز ۸۰ تولہ، گل بنفشہ ۲۰ تولہ، فاکسی ۲۰ تولہ، قصب الزریرہ ۴۰ تولہ، پوست درخت نیب ۳۰ تولہ پوست درخت کچنال ۱۰ تولہ، گاؤ زبان ۲۰ تولہ، اصل السوس ۴۰ تولہ، صندل سرخ ۵ تولہ، صندل سفید ۵ تولہ، تخم کاسنی ۵ تولہ، عنب الثعلب سبز ۵ تولہ، بادیانہ ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن: رات کو سب اجزاء کو پانی ۳ سیر میں بھگو کر حسب دستور ۲۵ بوتل عرق کشید کریں۔ اس میں پھر اتنے وزن کی ادویہ بھگو کر دوبارہ عرق کشید کریں اسی طرح سہ بار کریں آخری بار ۱۰ بوتل عرق کشید ہوگا۔

مقدار خوراک: عرق ۵ تولہ صبح ۵ تولہ شام پلائیں۔

افعال و خواص: کہنہ سے کہنہ بخار میں اکسیر سے کم نہیں۔

عطیہ: حکیم محمد رمضان علی صاحب قصبہ گمہاری والا تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال

۱۱۰۶۔ **کشتہ توتیا**: اجزاء: توتیا اخضر ا تولہ، شب یمانی ا تولہ، ملح النار ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ۔

ترکیب ساختن: سب اجزاء کو خوب کھرل کرکے کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے بارہ سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں سرد ہونے

پر نکال کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ چاول تا ایک رتی کشتہ مویز منقیٰ میں رکھ کر ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ دق اور حمی کہنہ میں مفید ہے۔

عطیہ: نام ومقام نامعلوم۔

۱۱۰۷۔ **لعوق خشخاش**: اجزاء: (۱) فلفل دراز ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ۱ تولہ، مغز تخم کدو رومی ۱ تولہ، مغز تخم تربوز ۱ تولہ، تخم کاہو ۱ تولہ، تخم گاؤزبان ۶ ماشہ، تکر تیغال ۶ ماشہ، پوست خشخاش معتدانہ ۵ عدد، عرق بادیان کیسر نبات ۱۵ تولہ

(۲) رب عناب ۱ تولہ، شیرہ تخم خشخاش ۱ تولہ، شیرہ انجیر ولایتی ۲ تولہ، شیرہ مویز منقیٰ ۲ تولہ، شیر خشت، ۱ تولہ، ترنجبین خراسانی ۵ تولہ

ترکیب تیاری: پہلے ایک نمبر کی ادویہ کو جوکوب کر کے عرق بادیان میں رات بھگوتے رکھیں۔ صبح مل چھان کر نبات سفید ڈال کر شربت پکائیں۔ پھر دو نمبر والی ادویہ شامل کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تولہ لعوق صبح وشام چٹائیں۔

افعال وخواص: تپ دق۔ تپ کہنہ۔ سعال اور ذات الجنب میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید شہاب الدین صاحب۔ علوی دواخانہ۔ مولا بخش روڈ۔ مزنگ لاہور

۱۱۰۸۔ **کشتہ مرگانک**: اجزاء: سیماب ۲ تولہ، رصاص ابیض ۲ تولہ کبریت آملہ سار ۳ تولہ، ملح النار جمدہ (نوشادر) ۲ تولہ، شب یمانی ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن: اول قلعی کو پگھلائیں پھر سیماب ڈال کر اتار کر سرد کرلیں اور ہاون دستہ میں کوٹ کر ریزہ ریزہ کرلیں پھر گندھک نوشادر اور شب یمانی ملاکر خوب کھرل کریں اب آتشی شیشی جسے کپڑ مٹی کیا ہو میں ڈال کر بالو جنتر میں رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب سنہری دھواں نکلنے لگے تو آگ بند کردیں سرد ہونے پر اتار لیں۔ کشتہ تیار ہے۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی کشتہ ہمراہ عرق بالنہ کھلائیں۔ صبح وشام

افعال وخواص: تپ دق کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد ابراہیم صاحب۔ حسین آگاہی۔ ملتان

حمیٰ معویہ

۱۱۰۹۔ **جوشاندہ حمیٰ معویہ**: اجزاء: خاکسی ۶ ماشہ، عناب ۵ عدد، اصل السوس ۴ ماشہ، گاؤزبان ۴ ماشہ، دانہ عنب الثعلب ۶ ماشہ۔

ترکیب استعمال: سب ادویہ کو پانی میں جوش دے کر صاف کر کے صبح وشام پلائیں۔

افعال وخواص : حمّی معویہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سدید الدین صاحب۔ پاک پتن

۱۱۱۰۔ **حب ریحان** : اجزاء : فلفل دراز ۱تولہ، دانہ ہیل کلاں ۱تولہ، تخم ریحان ۱تولہ، مویز منقیٰ ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ کر ہمراہ مویز منقیٰ کھرل کرکے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ جوشاندہ ذیل صبح وشام کھلائیں۔

اجزاء جوشاندہ : مویز منقیٰ ۸ دانہ، انجیر ۱ عدد، خاکسی ۶ ماشہ، عناب ۹ دانہ۔

ترکیب : حب دستور جوشاندہ تیار کرکے حبوب مذکورہ کے ہمراہ پلائیں۔

افعال وخواص : حمّی معویہ میں موثر ہے۔

۱۱۱۱۔ **حب مرواریدی** : اجزاء : مروارید ۱ ماشہ، ورق طلاء ۲۰ عدد، بسباسہ ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۱۰ عدد۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر مویز میں کھرل کرکے حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : بگڑے ہوتے بخار کے لئے مفید ہے۔ نیز اس کے کھلانے سے دو دن کے اندر اندر تمام دانے نمودار ہوجاتے ہیں اور بخار رفع ہوجاتا ہے۔

عطیہ : حکیم ثناء اللہ صاحب سکنہ حویلی لکھا۔ ضلع ساہیوال

۱۱۱۲۔ **سفوف حمّی معویہ** : اجزاء : طباشیر ۶ ماشہ۔ صندل سرخ ۶ ماشہ، ست گلو ۶ ماشہ۔ دانہ الائچی خورد ۳ ماشہ

ترکیب ساختن : سب کو باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّی معویہ کے علاوہ خسرہ میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی نظام الدین صاحب راتیوالا۔ ضلع بہاول نگر۔

۱۱۱۳۔ **سفوف حمّی معویہ** : اجزاء : طباشیر کبود ۳ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۳ ماشہ، ست گلو ۳ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ مصری کوزہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کا حسب قاعدہ سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ عرق گلو ۵ تولہ یا عرق گاؤزبان ۵ تولہ کھلائیں۔ کھانسی کی صورت میں حسب ذیل جوشاندہ کے ہمراہ کھلائیں۔

اجزاء جوشاندہ : خاکسی ۴ ماشہ، عناب ۵ عدد، اصل السوس مقشر ۶ ماشہ، بادیان ۴ ماشہ، انجیر ۳ عدد، گاؤزبان ۶ ماشہ

گل گاؤزبان ۴ ماشہ۔ پانی میں جوش دے کر چھان کر دن میں تین دفعہ پلائیں۔

افعال وخواص : حمیٰ معویہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم حاجی فقیر اللہ صاحب۔ جدید یونانی دواخانہ جلال پور بھٹیاں۔ ضلع گوجرانوالہ۔

۱۱۱۴۔ **سفوف زعفرانی** : اجزا : زعفران ۱ تولہ، جوزبوا ۱ تولہ، بسباسہ ۱ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، دارچینی ۱ تولہ، ہیل کلاں ۱ تولہ، بہیر بہوٹی ۱ تولہ،

ترکیب ساختن : حسب دستور پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ شربت عناب کھلائیں۔

افعال وخواص : حمیٰ معویہ میں مفید ہے۔ دو دن میں دانے نکل کر بخار رفع ہو جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم صوفی نظام الدین صاحب۔ رانیوالا۔ بہاول نگر۔

۱۱۱۵۔ **عرق حمیٰ معویہ** : اجزا : اذخر مکی ۱۰ تولہ، گاؤزبان ۵ تولہ، قصب الذریرہ ۵ تولہ، عناب ایرانی ۵ تولہ، برادہ صندل سفید ۵ تولہ، برادہ صندل سرخ ۵ تولہ، سعد کوفی ۵ تولہ۔ شاہترہ ۵ تولہ، خاکسی ۵ تولہ کشنیز خشک ۵ تولہ، زنجبیل ۲½ تولہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور تین بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک : جوان کو ۵ تولہ بچوں کو ۲½ تولہ عرق حسب عمر پلائیں۔

افعال وخواص : حمیٰ معوی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم جلال الدین صاحب سکنہ موضع نگانوالہ۔ تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

۱۱۱۶۔ **علاج موتی جھرہ** : اجزا : برگ نیب ۱ تولہ، قصب الذریرہ ۶ ماشہ، عناب ۵ دانہ، مویز منقیٰ ۵ دانہ

ترکیب ساختن : سب اجزا کو پانی میں جوش دے کر مل چھان کر رکھیں اور بطریق ذیل استعمال میں لائیں۔

ترکیب استعمال : جوہر لوبان ۲ رتی ہمراہ جوشاندہ مذکور کھلائیں۔ اسی طرح دن میں تین بار کھلائیں۔ تین روز پلانے سے موتی جھرہ کے دانے نکل آتے ہیں۔ جب دانے نکل آئیں تو جوہر لوبان دن میں ایک بار اور جوشاندہ دن میں دو دفعہ دیں۔ جلد آرام آ جائے گا۔

افعال وخواص : حمیٰ معویہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

حمٰی ہمہ اقسام

۱۱۱۷۔ **دوا حمٰی ہمہ اقسام** : اجزاء : کشتہ فولاد جامن والا ۱ تولہ، کونین فولادی ۳ ماشہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، شورہ قلمی ۱ تولہ ساذج ہندی ۴ ماشہ، افسنتین رومی ۱ تولہ، سنبل الطیب ۸ ماشہ، بیخ ریباس خطائی (ریوند) ۸ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۸ ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ ادویہ کو کوٹ پیس کر کشتہ فولاد شامل کرکے خوب اچھی طرح کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق کاسنی یا جوشاندہ کاسنی دن میں دو بار کھلائیں۔ بچوں کو حسب عمر ۱ تا ۴ رتی۔

افعال وخواص : جملہ حمیات میں مفید ہے۔ حتیٰ کہ کہنہ سے کہنہ تپ کو دور کرتی ہے۔ تولید دم میں بھی مفید ہے۔ علاوہ ازیں استسقاء اور ورم کبد میں بھی مفید ہے۔

۱۱۱۸۔ **دوا حمٰی** : اجزاء : زرنیخ طبقی ۶ ماشہ، ہڑتال گئودنتی ۵ تولہ، آب گلو سبز ا یاد۔

ترکیب ساخت : دونوں اجزاء کوٹ کر آب گلو سبز میں خوب کھرل کریں اور خشک ہونے پر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی تا ۲ رتی دوا ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ہر قسم کے بخار میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید فرزند علی شاہ صاحب۔ شیر گڑھ۔

۱۱۱۹۔ **سفوف خراتین** : اجزاء : افسنتین ۱ تولہ، خراتین ہندی (پتیس) ۱ تولہ، قصب الذریرہ (تلخ) ۱ تولہ، گلو خشک ۱ تولہ، شاہترہ ۱ تولہ، اتیس ۱ تولہ، مغز تخم کرنجوا ۱ تولہ، جوہر ملح النار ۱ تولہ، فلفل دراز ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۶ ماشہ، کشتہ گئودنتی ۴ ماشہ۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : جملہ حمیات میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب۔ پتہ ندارد

۱۱۲۰۔ **سفوف سرطان** : اجزاء : مغز تخم کرنجوا ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۳ ماشہ، ست گلو ۱ تولہ، رب السوس ۱ تولہ، ست عناب ۱ تولہ، کشتہ ابرک سفید ۱ تولہ، کشتہ سرطان نہری ۱ تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ، مغز تخم کدو شیریں ایک تولہ صمغ عربی ۱ تولہ، بہیدانہ ایک تولہ۔

مقدار خوراک : حصات کے لئے ۲ رتی دوا شیر گاؤ کی لسی کے ہمراہ کھلائیں۔ صرف تین دن میں پتھری خارج ہو جائے گی۔ درد گردہ کے لئے ۱ رتی دوا، شیر گاؤ کی لسی کے ہمراہ صرف دن میں ایک بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حصاۃ کلیہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم غلام سرور صدیقی صاحب۔ گوٹیاں کلاں۔

۴۲۶۔ **دوائے حصات :** اجزاء : حجر الیہود ۵ تولہ، قرنفل ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، ریوند خطائی ۱ تولہ، حب القلت ۱ تولہ

ترکیب تیاری : پہلی دونوں اشیاء کو حسب دستور کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے پاچک دشتی ۲۰ سیر کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور باقی ادویہ کو جدا جدا کوٹ چھان کر ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : کشتہ حجر الیہود ایک ماشہ سفوف مذکور ۳ ماشہ میں ملا کر ہمراہ دودھ کی لسی کھلائیں۔

افعال وخواص : خواہ پتھری کیسی بھی ہو تین یوم میں خارج ہو جاتی ہے گی۔

عطیہ : حکیم عمر علی صاحب دربیر۔ سمہ سٹہ۔ ضلع بہاولپور۔

۴۲۷۔ **دوائے حصات کلیہ ومثانہ :** اجزاء : جوکھار، سجی، سہاگہ خام، نوشادر ٹھیکری، فلفل سیاہ، نمک لاہوری، نمک شیشہ ملیت عمدہ، شورہ قلمی ہموزن۔

ترکیب تیاری : جملہ ادویہ کو باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال : مذکورہ سفوف ۱ تولہ چینی کی پیالی میں ڈال کر اس پر سرکہ دو آتشہ ۵ تولہ ڈال کر پلائیں۔ ایسی تین خوراک دن میں پلائیں۔

افعال وخواص : درد گردہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد علی صاحب۔ پتہ نامعلوم

۴۲۸۔ **دوائے حصات کلیہ ومثانہ :** اجزاء : حجر الیہود ۵ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ، آب ترب آدھ سیر، برگ بھنگ تازہ ایک پاؤ۔

ترکیب تیاری : دونوں اشیاء کو آب ترب میں کھرل کر کے قرص بنا کر برگ بھنگ تازہ کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر آدھ پاؤ آب ترب میں کھرل کر کے حسب دستور آگ دیں اسی طرح چار بار آگ دیں بعد ازاں کشتہ مذکور ۱ تولہ، نمک ترب ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت ۲ رتی تا ۱ ماشہ دوا، ہمراہ جوشاندہ ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔

جوشاندہ : ریشہ مکی ۱ تولہ، خار خسک ۶ ماشہ، حب القلت ۶ ماشہ حسب دستور جوشاندہ تیار کریں۔

افعال وخواص : حصاۃ کلیہ ومثانہ میں نہایت مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اللہ الحق چک ۹۹/۵-ایل کسووال ضلع ساہیوال۔

۳۹۔ دوائے حصات کلیہ و مثانہ: اجزاء: حجر الیہود ۹ تولہ، نوشادر، تنکار، شورہ قلمی، پوست بندق ہر ایک ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی ۱/۲ پاؤ میں آہنی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ پانی خشک ہونے پر اتار کر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ایک رتی دوا ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔
افعال و خواص: درد گردہ کو فوری سکون دیتی اور چند یوم میں سنگ گردہ و مثانہ کو بذریعہ بول خارج کرتی ہے۔

۴۰۔ دوائے مفتت: اجزاء: حجر الیہود، شورہ قلمی، جوکھار، حلتیت بریاں، حجر السنگ (سنگ سرماہی) ہر ایک ۱ تولہ۔
ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر دوبارہ کھرل کرکے مثل غبار کرکے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ ماشہ دوا، ہمراہ آب گرم کھلائیں۔
افعال و خواص: وجع الکلیہ البسبب ریح یا بوجہ سنگ، دونوں کو مفید ہے۔ پتھری کو خارج کرتی ہے۔
عطیہ: حکیم محمد اقبال صاحب۔ سکنہ کوڑے شاہ۔ تحصیل و ضلع ساہیوال

۴۱۔ روغن دفلی: اجزاء: اصل دفلی الابیض (بیخ کنیر سفید تازہ)، اصل دفلی الاحمر (بیخ کنیر سرخ تازہ) ہر ایک ۵ تولہ
شیر گاؤ ۲ سیر۔
ترکیب تیاری: دونوں اشیاء کو کچل کر شیر گاؤ میں جوش دیں۔ نصف رہنے پر حسب دستور دہی جما کر مکھن نکالیں اور مکھن کو آگ پر گرم کرکے گھی تیار کر لیں۔
ترکیب استعمال: ایک تا ۳ رتی گھی نبات سفید میں رکھ کر کھلائیں۔ مقام درد پر مالش کریں۔
افعال و خواص: سنگ و ریگ گردہ و مثانہ اور سنگ و ریگ پتہ کو خارج کرتی ہے۔ وجع الکبد بالحمیٰ میں بھی مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمود احمد صاحب۔ طب جدید، شاہدرہ۔ لاہور۔

۴۲۔ دوائے حجر الیہود: اجزاء: حجر الیہود، سنگ سرماہی، جوکھار، ملح ترب ہر ایک ۶ ماشہ، شورہ قلمی ۲ ماشہ۔
ترکیب تیاری: جملہ اجزاء کو حسب دستور کوٹ پیس کر مثل غبار کر لیں۔
مقدار خوراک: ایک ماشہ دوا ہمراہ شربت بزوری معتدل صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: حصات کلیہ و مثانہ میں مفید ہے۔

۴۳۔ سفوف بلادری: اجزاء: شورہ قلمی ۱ پاؤ، نوشادر ۲ تولہ، تنکارہ ۱ تولہ، بلادرہ ۱ تولہ۔

مقدار خوراک : دو حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّی عفنیہ کہنہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۲۸۔ **تپ نوبتی** : اجزاء : تخم جوزماثل سیاہ ۶ ماشہ، زاج ابیض ا تولہ، ہڑتال گئو دنتی ۲ تولہ، شیر عشرہ ۵ تولہ،

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ۵ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ قبل از نوبت بخار کھلائیں۔

عطیہ : حکیم غلام دستگیر صاحب فیضی روڈ۔ لاہور

۱۱۲۹۔ **دوائے تپ** : اجزاء : شب یمانی ۶ تولہ، تنکار ا تولہ، شورہ قلمی ۰ تولہ، نانخواہ ۶ تولہ، فلفل سیاہ ۶ تولہ۔

ترکیب ساختن : تمام ادویہ کا سفوف کرکے تابہ آہنی پر رکھ کر آگ پر رکھیں۔ جب دھواں ختم ہو جائے اتار لیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ شربت عناب آب تازہ میں حل کرکے کھلائیں اسی طرح دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّی عفنیہ (ملیریا) کے لئے اکسیر ہے۔

عطیہ : حکیم محمد اکبر خان نکائی صاحب حکیم حاذق۔ اکبری دواخانہ بلاک ۱۱ ڈیرہ غازی خاں

۱۱۳۰۔ **دوائے شبی** : اجزاء : شب یمانی بریاں ۲ تولہ، ملح النار ۲ تولہ، طین احمر ۲ تولہ، مغز تخم کرنجوا ۲ تولہ، تخم جوزماثل ا تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ تا ۸ رتی دوا ہمراہ آب تازہ، شربت بنفشہ، شربت انار یا شربت مصری دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّی عفنیہ پہلے ہی روز ورنہ دوسرے روز یقینی رک جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید صابر حسین صاحب نقوی دواخانہ۔ ساگری۔ راولپنڈی

۱۱۳۱۔ **دوائے حمّی عفنیہ** : اجزاء : شورہ قلمی ۰ تولہ، شب یمانی ۹ تولہ، تنکار ا تولہ، نانخواہ ۶ ماشہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : پہلی تینوں ادویہ کو آہنی کڑاہی میں آگ پر رکھیں اور بقیہ ادویہ مسحوقہ کی چٹکی دیتے جائیں۔ جب جل کر خشک ہو جائے تو اتار لیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک ۴ رتی تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّی عفنیہ اور حمّی ہمہ اقسام میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم احمد بخش صاحب تحصیل احمد پور شرقیہ۔

۱۱۳۲۔ **دوائے نوبتہ**: اجزاء: نوشادر ا تولہ، شورہ قلمی ا تولہ، شیر مدار ۴ تولہ۔

ترکیب تیاری: نوشادر اور شورہ قلمی کو پیس کر ایک آہنی کڑاہی میں رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھ کر اوپر تھوڑا سا شیر مدار ڈال کر آہنی سلاخ سے چلاتے جائیں۔ جب کناروں سے سیاہ ہونے لگے تو آگ سے اتار کر نیچے رکھیں۔ دھواں بند ہونے پر مزید شیر مدار ڈال کر آگ پر رکھیں اسی طرح پانچ بار میں تمام شیر مدار ختم کر دیں۔ دوا کا رنگ بالکل سیاہ سرخی مائل ہو جائیگا سرد ہونے پر پیس لیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی دوا نبات سفید ۳ ماشہ میں ملا کر ہمراہ آب گرم کھلائیں۔

افعال و خواص: عام بخاروں میں موثر ہے۔ ۴ رتی دوا نبات سفید ۳ ماشہ میں ہمراہ آب گرم، قولنج میں بھی مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حاجی محمد رفیق صاحب۔ حیدر آباد

۱۱۳۳۔ **دوائے معرق**: اجزاء: جوہر ملح انار (جوہر نوشادر)، طین احمر ا تولہ، فلفل سیاہ ۶ ماشہ، ست اجوائن ۳ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اجزاء کو پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو رتی دوا ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: حمی عفنیہ اور درد شکم میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۳۴۔ **سفوف طباشیر**: اجزاء: طباشیر کبود ۲ تولہ، ست گلو اصلی ۲ تولہ، ہیل خورد ۲ تولہ، گاؤزبان ۱½ تولہ، رب السوس ۱½ تولہ، مغز کنول گٹہ ۱½ تولہ، فادزہر معدنی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام اجزاء کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۳ ماشہ سفوف ہمراہ شربت بنفشہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص: حمی عفنیہ میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم محمد عالم صاحب۔ پتہ ندارد۔

۱۱۳۵۔ **سفوف زہر مہرہ کبودی**: اجزاء: فادزہر معدنی ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، ست گلو اصلی ۶ ماشہ، ہیل خورد ۶ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ ۶ ماشہ، کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: حمی عفنیہ میں موثر ہے۔

عطیہ: حکیم عبدالمجید صاحب موضع پیراں شاہ ڈاکخانہ پکہ سدھار تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال

۱۱۳۶۔ **سفوف کرنجوا**: اجزاء: مغز تخم کرنجوا ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۲ تولہ، بیخ ریباس ا تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّیٰ عفنیہ میں مؤثر ہے۔

عطیہ : حکیم منظور احمد صاحب منظور رحمانیہ فارمیسی نئی منڈی سکھیکی تحصیل حافظ آباد، ضلع گوجرانوالہ۔

۱۱۳۷۔ **سفوف گلو** : اجزاء : گلو خشک ۱۰ تولہ، قصب الزریرہ ۵ تولہ، برگ نیب ۵ تولہ، مغز تخم کرنجواہ ۵ تولہ، اتیس ۳ تولہ، کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، عصارہ ریوند ۱ تولہ، کشتہ ابرک سیاہ ۱ تولہ، کوئین سلفاس ۱ تولہ، کشتہ ابرک سفید ۱ تولہ، ببول خورد ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّیٰ ہر اقسام میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۳۸۔ **سفوف ماثل** : اجزاء : تخم جوز ماثل سیاہ ۱ تولہ، ملح النار ۲ تولہ، فلفل دراز ۵ تولہ، زنجبیل ۱۰ تولہ، سوڈا بائیکارب ۲۰ تولہ

ترکیب ساختن : کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ سفوف ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : حمّیٰ عفونتی میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم صوبیدار مرزا خاں صاحب پڑی درد یرہ

۱۱۳۹۔ **محلول نوشادری** : اجزاء : گلو ۲۰ تولہ، شاہترہ ۲۰ تولہ، قصب الزریرہ ۲۰ تولہ، گل منڈی ۲۰ تولہ، نانخواہ ۲۰ تولہ، نوشادر ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن : حسب دستور دس بوتل عرق کشید کریں اور ہر بوتل میں نوشادر ۱ تولہ علیحدہ ملا دیں۔ بعد ازاں کپڑے سے چھان کر فی بوتل تیزاب گندھک دس قطرہ شامل کریں اور کوئی میٹھا رنگ ملا کر محفوظ کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تولہ محلول دن میں تین بار پلائیں۔

افعال وخواص : یہ عرق حمّیٰ عفنیہ (ملیریا) کے لئے اکسیر ہے۔ باری (نوبت) سے تین گھنٹہ قبل ۲ خوراک ایک گھنٹہ کے وقفہ سے دیں۔ بخار نہیں ہوگا۔ چڑھے ہوتے بخار کو اتارتا ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب رشید یہ دواخانہ، رنگہ۔ ضلع سرگودھا۔

حمّیٰ مزمن

۱۱۴۰۔ **شربت بزور مرکب** : اجزاء : تخم کاسنی ۵ تولہ، تخم خربزہ ۵ تولہ، تخم کدوئے شیریں ۵ تولہ، تخم قرطم ۲ تولہ، تخم

خیارین ۲½ تولہ، پوست بیخ کاسنی ۱۰ تولہ، گل غافث ۲ تولہ، تخم خطمی ۵ تولہ، سنبل الطیب ۱ تولہ، بنفشہ ۵ تولہ، گاؤزبان ۵ تولہ، مویز منقیٰ ۱۰ تولہ، مصری کوزہ ۱ سیر۔

ترکیب ساختن: حسب دستور معروف شربت تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۵ تولہ شربت ہمراہ آب سرد صبح و شام بعد از تنقیہ پلائیں۔

افعال وخواص: حمیٰ مزمنہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم اللہ بخش صاحب والی سلامت تحصیل لودھراں ضلع ملتان

۱۱۴۱۔ **عرق مرکب**: اجزاء: بادیان ۱ پاؤ، بیخ بادیان ۱ پاؤ، بیخ کاسنی ۱ پاؤ، عنب الثعلب ۱ پاؤ، ترپھلہ ۱ پاؤ، فودنج ۱ پاؤ، انجیر زرد ۱۰ تولہ، ملح النار ۱۰ تولہ، فافلہ صغار ۵ تولہ، فافلہ کبار ۵ تولہ، قرنفل ۵ تولہ، بیخ اذخر ۱ سیر، گودہ گھیکوار ۱ سیر

ترکیب ساختن: حسب دستور معروف بارہ بوتل عرق کشید کریں۔

مقدار خوراک: پانچ تولہ عرق صبح و شام دو بار پلائیں۔

افعال وخواص: تپ کہنہ کے علاوہ امراض کبد و معدہ، نفخ اور امراض طحال میں مفید ہے۔

عطیہ: صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

خسرہ

۱۱۴۲۔ **سفوف طباشیر**: اجزاء: دارچینی ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، فلفل دراز ۱ تولہ، طباشیر ۲ تولہ، کوزہ مصری ۴ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب اجزاء کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ہمراہ شیر گاؤ یا آب تازہ صبح دوپہر و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: خسرہ، موتی جھرہ، ذات الریہ اور سعال میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم اللہ بخش صاحب بلاک نمبر ۱۲۳/۶۵ بہکان سلانوالی ضلع سرگودھا۔

تپ محرقہ

۱۱۴۳۔ **حب تیفودیہ**: اجزاء: کشتہ ملزون ۹ ماشہ، صندل سفید ۹ ماشہ، دانہ ہیل کلاں ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، فادزہر معدنی ۶ ماشہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ، فاکسی ۶ ماشہ، ورق طلا کلاں ۶ ماشہ، مویز منقیٰ ۱۰ عدد، کافور ۱ ماشہ، عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن: حسب دستور سب اجزاء کو کوٹ چھان کر کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم شمس الدین صاحب چک نمبر ۱۲ ای۔ بی ضلع ساہیوال۔

وحکیم تاج الدین صاحب ای۔ بی حکیم حاذق کالا باغ۔ ضلع میانوالی

۱۱۴۴۔ **دوائے تپ محرقہ**: (۱) اجزا: شورہ قلمی ½۲ تولہ، ملح النار ½۲ تولہ، لبن العشر (آک کا دودھ) ۱۰ تولہ،

ترکیب ساختن: دونوں اجزا کو پیس کر ملائیں اور شیر مدار میں ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب دھواں بند ہو جائے تو نیچے اتار کر دوا کو کھرچ کر نکال لیں اور پیس کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب دوا کا رنگ نسواری ہو جائے تو آگ سے اتار کر پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ رتی دوا، ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شاہ صاحب حیدری شفاخانہ۔ خوشاب۔

۱۱۴۵۔ **دوائے تپ محرقہ**: (۲) اجزا: کشتہ ہڑتال گئودنتی ۱ تولہ، ست پودینہ ۱ رتی، ست اجوائن ۱ رتی، طباشیر کبود ½۲ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ، ست گلو ۱ تولہ، خاکسی مسلم ½۲ تولہ۔

ترکیب ساختن: پہلی تینوں اشیاء کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔ بعد ازاں حسب دستور باقی ادویہ کو پیس کر رکھ لیں اور اس میں خاکسی مسلم ملا کر محفوظ رکھیں۔ یہ سفوف نمبر ۲ ہے الگ رکھیں۔

مقدار خوراک: سفوف نمبر ۲ میں سے ۳ ماشہ لے کر اس میں سفوف نمبر ایک ۱ رتی ملا کر ہمراہ عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ دن میں دو یا تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شاہ صاحب۔ حیدری دواخانہ خوشاب

۱۱۴۶۔ **دوائے تپ محرقہ**: اجزا: کشتہ صدف مروارید ۱ تولہ، کشتہ ابرک سفید ۱ تولہ، کشتہ ملزون ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن: سب کو کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: تین رتی دوا، ہمراہ جوشاندہ ذیل دن میں تین بار کھلائیں۔

اجزائے جوشاندہ: عناب ۹ عدد، خاکسی ۲ ماشہ، مویز منقی ۹ دانہ، برگ گاؤزبان ۱ تولہ، پانی ۱ پاؤ

ترکیب ساختن: حسب دستور جوشاندہ یا خیساندہ بنا کر ہمراہ سفوف بالا پلائیں۔

افعال وخواص: حمی محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم حافظ محمد شفیع چشتی صاحب چشتیہ دواخانہ۔ شیرو ضلع ڈیرہ غازی خاں۔

۱۱۴۷۔ **سفوف تپ محرقہ** : اجزاء: ست گلو ۹ ماشہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، مغز بادام شیریں ۶ عدد، قاقلہ صغار (الائچی خورد) ۲ تولہ، کشتہ عقیق ا تولہ، کشتہ ابرک سفید ۶ ماشہ، کشتہ سنگجراحت ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور معروف پیس کر اور کشتہ جات ملا کر کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیان دن میں چار مرتبہ کھلائیں۔

ہدایت : اگر حرارت زیادہ ہو تو کشتہ فولاد ایک تولہ اور ورق نقرہ ۱۲ عدد کا اضافہ کر کے کھرل کریں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ کے لئے بالخاصہ مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام نبی صاحب پتہ ندارد۔

۱۱۴۸۔ **سفوف خاکسی** : اجزاء: خاکسی ۵ تولہ، ریوند خطائی ۵ تولہ۔

ترکیب ساختن: خاکسی کو پوٹلی میں باندھ کر لٹکا کر شیر گاؤ یا شیر بز میں جوش دے کر خشک کر کے پیس لیں بعد ازاں سفوف ریوند خطائی ملا کر خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۳ تا ۶ رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۴۹۔ **سفوف ست گلو والا** - اجزاء : ست گلو ۱/۲ ا تولہ، طباشیر کبود ۳ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۳ ماشہ، کشتہ ابرک سفید ۳ ماشہ، کشتہ صدف مروارید ۳ ماشہ، کشتہ حلزون ۳ ماشہ، شورہ قلمی ۱/۲ تولہ، کوزہ مصری ۱/۲ ۲ تولہ، بادیان رومی ۱/۲ تولہ۔

ترکیب ساختن: حسب دستور سب اجزاء کو پیس کر خوب کھرل کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ ماشہ سفوف ہمراہ شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ دن میں تین یا چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رحمت علی صاحب چک ۲۵۵-ای-بی تحصیل پاک پتن ضلع ساہیوال۔

۱۱۵۰۔ **سفوف مروارید** : اجزاء : مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، شاخ مرجان ا تولہ، عقیق سرخ ا تولہ، صدف مروارید ۲ تولہ طباشیر کبود ا تولہ، کافور ۲ ماشہ،

ترکیب ساختن: حسب دستور سب ادویہ کو پیس کر عرق گلاب سہ آتشہ میں خوب کھرل کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا ۲ رتی سفوف ہمراہ عرق گلاب ۵ تولہ، عرق گاؤزبان ۵ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص: تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم کبیر شاہ۔ ڈہرکی ضلع سکھر۔

۱۱۵۱۔ **کشتہ صدف مرکب** : اجزاء۔ صدف مروارید ی ۲ تولہ، عظم سنگ پشت ۲ تولہ، شاخ مرجان ۲ تولہ، حلزون ۲ تولہ
ترکیب ساختن : چاروں اجزا کو کوزہ گلی میں بند کرکے گل حکمت کریں اور دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی کشتہ ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ و شربت عناب ۵ تولہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص : تپ محرقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سخاوت علی صاحب سندھ قصر الطب دواخانہ سی ۲۵۱ الیونٹ ۳ لطیف آباد۔ حیدرآباد۔

۱۱۵۲۔ **علاج تپ محرقہ** : اجزاء : رماد عظم سنگ پشت ۳ ماشہ، کشتہ ابرک اسود ۳ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، جدوار خطائی ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن : حسب دستور سب ادویہ کو پیس چھان کر کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : پانچ سال تک کے بچے کو ارتی، پانچ سے دس سال تک ۱ رتی، دس سال سے اوپر ۲ رتی۔ جوان کے لئے انتہائی خوراک ۴ رتی، ہمراہ عرق مکو ۵ تولہ، اور شربت عناب ۵ تولہ دن میں ۳ بار کھلائیں۔

ھدایت : نیز عرق مکو پر خاکسی ایک ماشہ بطور سردارو استعمال کرائیں۔

اسہال کی صورت میں بطور سردارو خاکسی ۱ ماشہ اور تخم ریحاں ۳ ماشہ استعمال کرائیں۔

قبض کی صورت میں انجیر زرد ۵ عدد، خاکسی ۲ ماشہ، عرق مکو ۱۰ تولہ میں جوش دے کر پلائیں۔

افعال و خواص : تپ محرقہ کے لئے نہایت مفید نسخہ ہے۔

عطیہ : حکیم عبدالکریم صاحب فاضل دیوبند۔ چیچہ وطنی۔ ضلع ساہیوال۔

امراض متفرق

داء الکلب

۱۱۵۳۔ **دوائے سگ گزیدہ :** اجزا : مغز حب السلاطین مدبر ۱ تولہ، مغز پستہ ۵ تولہ، مغز بادام شیریں ۵ تولہ، شہد خالص ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن : سب اجزا کو کوٹ چھان کر شہد میں معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : دوا بقدر ایک نخود بتاشہ سفید میں ملا کر ہمراہ آب سرد کھلائیں۔

افعال و خواص : مار گزیدہ کے لئے بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم خان محمد صاحب چک ۲۰۹ گ۔ب ہرجرمی تحصیل سمندری ضلع لائل پور

۱۱۵۴۔ **دوائے داء الکلب :** اجزا : کرم عرو سک ۱ عدد، قند سیاہ ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن : گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں۔

ترکیب استعمال : روزانہ صرف ایک عدد گڑ میں لپیٹ کر صبح کھلائیں۔ پہلے تین روز نمک کھلا سکتے ہیں اور شیریں اشیاء بند ہیں۔ آئندہ تین روز میں شیریں اشیاء کھلائیں اور نمکین اشیاء بند۔ علاج چھ یوم جاری رکھیں۔

ہدایت : نسخہ اس وقت بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ جب مریض پاگل ہو گیا ہو اور کتے کی طرح بھونکتا ہو دوسرے روز ہی صحت یاب ہو جائے گا۔

افعال و خواص : بعض جگہ اتنا زود اثر ثابت ہوا ہے کہ چند گھنٹوں کے بعد مریض ہوش میں آ گیا کر اپنے عزیز و اقارب کو پہچاننے لگا۔

عطیہ : حکیم محمد یامین خاں صاحب ۲۲۶۶ اندرون لوہاری گیٹ۔ لاہور

۱۱۵۵۔ **علاج گزیدہ سگ دیوانہ :** اجزا : تخم ستیاناسی ۲ تولہ، طوطیا اخضر ۱ ماشہ۔

ترکیب : اول تخم ستیاناسی کو پانی ایک پاؤ میں گھوٹ کر سات مرتبہ چھان کر مریض کو پلائیں۔ اس کے دس منٹ بعد طوطیا ۱ پا سیر لسی میں حل کر کے پلائیں۔

افعال و خواص : اس کے پلانے سے اسہال اور قے شروع ہوں گے اس کے بعد صحت ہو جائے گی۔ بعد ازاں کشتہ زمرد ۱ رتی مربہ آملہ کو لگا کر دو ہفتہ کھلائیں۔

عطیہ : حکیم عبد الغنی صاحب چک ۴۱/ ۲۰۔ ۷ تحصیل اوکاڑہ ضلع ساہیوال

۱۱۵۶۔ **علاج گزیدہ سگ دیوانہ:** اجزاء: مغز حب السلاطین ۱عدد۔
ترکیب: کتے کے کاٹنے کے دن بارہ روز کے اندر مغز جمال گوٹہ کو پتھر پر گھس کر سلائی کے ذریعہ سے دونوں آنکھوں میں لگائیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ جو مواد آنکھ، ناک اور منہ سے خارج ہو اس کو صاف کرتا رہے ایک گھنٹہ بعد مریض کی آنکھیں لسی شیر گاؤ سے دھوئیں اور یہ خیال رہے کہ دوا آنکھ میں بالکل نہ رہے۔ دس گھنٹہ بعد مریض کی آنکھوں پر بالائی شیر یا مسکہ گاؤ کا پھایہ باندھیں۔ صبح کو اگر آنکھوں میں کوئی تکلیف باقی ہو تو پھایہ دوبارہ باندھیں۔ تیسرے روز مریض کو مسہل حب السلاطین دیں۔
ہدایت: (۱) چالیس روز تک زخم سگ گزیدہ کو مندمل نہ ہونے دیں۔ اس لئے لہسن یا مرچ سرخ کی پٹی باندھیں (۲) مریض کو پانی اور سورج کی چمک سے بچائیں۔ مریض پانی کا استعمال مٹی کے برتن میں کرے۔
افعال وخواص: یہ نسخہ سگ دیوانہ کے کاٹے میں مؤثر ہے۔
عطیہ: حکیم حبیب اللہ صاحب سکنہ ۳، ۱۲۷۔ای۔بی ضلع ساہیوال

لذع عقرب

۱۱۵۷۔ **علاج لذع عقرب:** اجزاء: شیر عشر ۲ تولہ، ملح النار ۶ ماشہ، آہک آب نارسیدہ ۴ ماشہ، گلیسرین ۳ ماشہ۔
ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کھرل کرکے مرہم بنائیں اور محفوظ رکھیں۔
ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ۴ رتی مقام ماؤف پر مل دیں۔ فوراً آرام ہوگا۔
افعال وخواص: عقرب گزیدہ کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد اقبال صاحب جہانیاں منڈی۔ ضلع ملتان۔

مار گزیدن

۱۱۵۸۔ **تریاق مار گزیدہ:** اجزاء: حلزون عمدہ ۱۰ تولہ، شاخ گوزن ۱ تولہ، صدف مروارید ۱ تولہ، شیر عشر ۲ تولہ ۶، آب سرس ۵ ۱ تولہ۔
ترکیب ساختن: سب اجزاء کو کوٹ کر معہ شیر مدار اور آب سرس ملا کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے سات سیر اوپلوں کی آگ دیں سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ رتی دوا ہمراہ آب کھلائیں اور ملتانی مٹی بدن پر مل کر حرارت موسم گرم یا سرد پانی سے حسب برداشت غسل کرائیں۔

افعال وخواص: مارگزیدہ کے لئے تریاق ہے۔

عطیہ : حکیم زوار محمد صالح شہید عیدن۔ سندھ۔

۱۱۵۹۔ **تریاق مارگزیدہ**: اجزا: ناقوس ۵ تولہ، ورق الخیال سبز ۲ تولہ

ترکیب ساختن: ناقوس کے باریک ٹکڑے کرکے ورق الخیال کے نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کرکے ایک من کچہ اوپلوں کی آگ دیں اسی طرح تین بار یہ عمل کریں۔ سرد ہونے پر پیس کر رکھیں

مقدار خوراک : ۲ ماشہ دوا ہمراہ آب تازہ ہر تین گھنٹہ بعد تین یوم کھلائیں۔ مریض شفایاب ہوگا۔

ہدایت : یہی کشتہ اگر کوئی تندرست آدمی سات یوم بقدر ۲ ماشہ ہمراہ آب تازہ روزانہ صبح کھالے تو سات سال تک زہر مار اس کو کوئی اذیت نہیں پہنچا سکے گا۔

افعال وخواص: صاحب نسخہ نے اسے تریاق مار تحریر فرمایا ہے۔

عطیہ : حکیم سید احمد شاہ صاحب، سادات دارالادویہ۔ بدوملہی۔ ضلع سیالکوٹ۔

۱۱۶۰۔ **دوائے مارگزیدہ**: اجزا: قشر بیضۂ طاؤس ۱ تولہ، نطرون ۱ تولہ، ملح النار ۱ تولہ، نوشادر (جو اینٹوں کے بھٹہ سے سفید رنگ میں برآمد ہوتا ہے) ۱ تولہ، طین احمر ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن: سب اجزا کو پیس کر مضبوط ڈاٹ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ دوا ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں اور مقام گزیدہ پر پچھنے لگا کر تھوڑی سی دوا مل دیں۔ پندرہ منٹ میں تین بار ملیں ہر دفعہ روئی یا کپڑے سے زخم کو صاف کرکے ملیں۔

ہدایت : قشر بیضۂ طاؤس وہ لیں جن سے بچے نکل چکے ہوں۔

افعال وخواص : مارگزیدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد حسن صاحب سکنہ چک ۱/۲ پورہ داخلی موضع اڈوالی تحصیل دیپال پور ضلع ساہیوال

۱۱۶۱۔ **دوائے مارگزیدہ**: اجزا و ترکیب: بیخ گلو ۲ تولہ نیم کوفتہ کا جوشاندہ پلانے سے زہر اتر جاتا ہے۔

افعال وخواص: مارگزیدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شریف صاحب موضع نتان علاقہ دینہ۔ ضلع جہلم،

۱۱۶۲۔ **دوائے مارگزیدہ**: اجزا: ناقوس حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن: ایک نیولا مار کر اس کا محکم الاحشا سے پاک کرکے اس میں ناقوس کے ٹکڑے بھر دیں اور سی دیں اور کوزہ گلی میں رکھ کر اس پر شیر مدار اس قدر ڈالیں کہ نیولا نظر نہ آئے اس کا منہ بند کرکے دس دن تک گوبر میں دفن رکھیں گیارھویں دن نکال کر بیس سیر اوپلوں کی محفوظ الہوا آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر رکھیں

مقدار خوراک: ایک ماشہ دوا لے کر مقام مارگزیدہ پر اُسترا سے پچھنے لگا کر اس پر لگا کر پٹی باندھیں اور ایک ماشہ کی مقدار میں پانی سے کھلا دیں۔

افعال وخواص: ایک ہی خوراک سے مکمل شفا ہوگی۔

عطیہ: حکیم احمد بخش صاحب سکنہ کچی جاگیر تحصیل شاہ پور۔ ضلع سرگودھا۔

۱۱۶۳۔ **دوائے مارگزیدہ**: اجزاء: بیضۂ طاؤس سالم ۱ عدد، فلفل سیاہ حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن: بیضہ میں ایک طرف سے سوراخ کر کے اس میں جس قدر فلفل سیاہ آسکیں بھر دیں اور منہ بند کر کے محفوظ مقام پر رکھیں۔ خشک ہونے پر تمام بیضہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال: خواہ کسی قسم کے سانپ نے کاٹا ہو ناک میں نسوار دیں اور بقدر ۴ رتی مریض کو ہمراہ آب کھلا دیں۔

افعال وخواص: مارگزیدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد عالم صاحب سکنہ کھوکھر تحصیل پسرور ضلع سیالکوٹ۔

۱۱۶۴۔ **دوائے مارگزیدہ**: اجزاء: صدف مروارید ی ۵ تولہ، شیر مدار حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن: صدف کے باریک ٹکڑے کر کے پیالہ میں رکھ کر شیر مدار اتنا ڈالیں کہ صدف اس میں ڈوبا رہے گیارہ دن تک محفوظ جگہ پر رکھیں اور گرد و غبار سے بچائیں۔ اس دودھ پر جو جالا جمع ہوتا رہے اسے اتارتے رہیں بارھویں دن صدف کے ٹکڑے نکال کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے پچیس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک: اس کشتہ کی تین انگشت کی چٹکی لے کر گودا نان میں لپیٹ کر مریض کو کھلا دیں اور اس کے نیچے اوپر لحاف اوڑھا کر سلا دیں۔ ایک گھنٹہ بعد دیکھیں گے کہ وہ پسینہ سے تر بتر ہوگا اور زہر خارج ہو جائے گا۔ ایک ہی دن میں شفا ہو جائے گی۔

ہدایت: وزن خوراک تقریباً ۴ رتی ہے۔ احتیاطاً اگر دوسری خوراک کھلانی ہو تو تقریباً بارہ گھنٹہ بعد وزن کم کر کے کھلائیں تو کوئی حرج نہیں۔ اگر مریض کو پیاس لگی ہو تو دوا کھلانے سے پہلے مریض کو پانی پلا لیا جائے۔

افعال وخواص: مارگزیدہ کو ایک ہی روز میں مکمل شفا ہو جاتی ہے۔

عطیہ: حکیم نور محمد صاحب چوبارہ ۶ و حکیم عبدالحق صاحب

۱۱۶۵۔ **علاج مارگزیدہ**: ترکیب: بلادر کی چاقو یا چھری سے ٹوپی اتار کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور خوب گرم کریں۔

جب سیاہ رنگ کا تیل ہوش کھانے لگے تو مقام ماؤف پر چسپاں کر دیں۔ سرد ہونے پر بطریق مذکورہ دوسرا ملا در لگا دیں
مریض جسم پر چیونٹیاں سی رینگنے کی کیفیت محسوس کرے گا اور جب تک مریض ایسی کیفیت بتاتا رہے عمل جاری
رکھیں۔ جب کیفیت بند ہو جائے تو بلادر کو مقام لدغ پر باندھیں اور کسی مقئی دوا سے معدہ کو صاف کریں۔ اس
کے لئے ذیل کا نسخہ بہتر ہے۔

اجزاء : کرم عروسک ۸ عدد، عصارہ ریوند ۴ ماشہ، پوست بندق ۴ ماشہ، گھونگھچی ۸ عدد، ملح النار ۴ ماشہ
حقہ کی میل ۴ ماشہ۔

ترکیب ساخت : تمام ادویہ کو ریشمی کپڑے میں باندھ کر جلالیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ رتی دوا، ہمراہ آب تمبا کو کھلائیں۔

ہدایت : مذکورہ دونوں عمل کرنے کے بعد بذریعہ حقنہ انتڑیاں صاف کریں۔

افعال وخواص : اس طریقہ علاج سے مریض چند منٹوں میں رو بصحت ہو جاتا ہے۔

عطیہ : حکیم سید محمد الطاف حسین صاحب گیلانی۔ گیلانی شفاخانہ۔ کیمبل پور۔

۱۱۶۶۔ **کشتہ خرمہرہ** : اجزاء : خرمہرہ زرد ۱۰ تولہ، سرمق (بتھوا) ۱/۲ سیر

ترکیب ساخت : سرمق کا نغدہ بنا کر درمیان میں کوڑیاں رکھ کر گل حکمت کر کے پندرہ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔
سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۲ ماشہ کشتہ ہمراہ آب ہر ایک گھنٹہ بعد کھلائیں اور مقام ماؤف پر پچھنے لگا کر دوائی مذکور لگائیں۔

افعال وخواص : مارگزیدہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید امیر حسین شاہ صاحب سید میڈیکل سٹور ہارون آباد۔ ضلع بہاولنگر۔

امراضُ الاطفال

عطاش

۱۱۶۷۔ **جوشاندہ زرشک والا :** اجزاء : زرشک ۳ ماشہ، فودنج ۱ ماشہ، انار دانہ ۲ ماشہ، ہیل خورد ۴ دانہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر چھان لیں۔

مقدار خوراک : جرعہ جرعہ دن میں تین بار پلائیں۔

افعال وخواص : مرض عطاش میں نافع ہے۔

عطیہ : حکیم فضل الٰہی صاحب مصری شاہ - لاہور

۱۱۶۸۔ **خیساندہ زرشک :** اجزاء : زرشک ، ماشہ، نیلوفر ، ماشہ، حب الآس ، ماشہ، فودنج ۱ ماشہ، مویز منقیٰ ، دانہ بادیان ۵ ماشہ، گاؤزبان ۵ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو پانی میں بھگو کر زلال حاصل کریں اور بنات سفید شامل کر کے پلائیں۔ موسم سرما میں جوش دے کر پلائیں۔

افعال وخواص : مرض عطاش میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سدید الدین صاحب درگاہ بازار - پاک پتن۔

۱۱۶۹۔ **سفوف تباشیر :** اجزاء : کافور ۱ ماشہ، تباشیر کبود ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ،

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ یا عرق گاؤزبان دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : عطاش میں مفید ہے۔ پیاس کو فوراً روکتی ہے۔

عطیہ : حکیم الحاج محمد اسماعیل صاحب پاکستانی دواخانہ ۴ فرید گنج - لائل پور

۱۱۷۰۔ **سفوف فادزہر :** اجزاء : انار دانہ ۱ تولہ، ہیل خورد ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۱ تولہ، پوست دانہ سماق ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ

ترکیب تیاری : سب ادویہ کا سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۴ رتی سفوف حسب عمر ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

ہدایت : عرق گلاب اور سرکہ کی پٹی سر پر رکھیں۔

افعال وخواص : عطاش میں مفید ہے، پیاس، بے چینی، دست، قے اور بخار کو پہلی خوراک سے سکون ہوگا۔

عطیہ : حکیم خدا داد صاحب سکنہ مراڑیاں تحصیل کھاریاں ضلع گجرات۔

۱۱۷۱۔ **سفوف نارجیل** : اجزاء : فادزہر معدنی ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو حسب دستور پیس کر کھرل کر کے محفوظ کر لیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی سفوف ہمراہ عرق گاؤزبان یا عرق بادیان دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : عطاش میں نہایت نافع ہے۔

عطیہ : حکیم علی محمد صاحب چک نمبر ۲۹ ایچ-آر تحصیل فورٹ عباس ضلع بہاول نگر۔

ام الصبیان

۱۱۷۲۔ **اکسیر ام الصبیان** : اجزاء : فادزہر معدنی ۶ ماشہ، فادزہر حیوانی ۶ ماشہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ، عود صلیب ۶ ماشہ، جندبیدستر ۱ ماشہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر عرق گلاب سے سحق بلیغ کر کے رکھیں۔

مقدار خوراک : ۴ برنج اکسیر حسب العمر ہمراہ بدرقہ مناسب کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب سکنہ منہالہ خاں خاناں ضلع لاہور

۱۱۷۳۔ **حب ام الصبیان** : اجزاء : عود صلیب ۶ ماشہ، جدوار خطائی ۶ ماشہ، فادزہر معدنی خطائی ۶ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، مصطگی رومی ۶ ماشہ، صبر زرد ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو باریک کر کے عرق گلاب سے سحق بلیغ کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب شیر مادر میں حل کر کے پلائیں یا ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان میں نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد ساجد چک ۴/۵۰ بورلوالہ ضلع ملتان

۱۱۷۴۔ **حب ام الصبیان** : اجزاء : جندبیدستر ۲ ماشہ، عود صلیب ۲ ماشہ، مقل ارزق ۲ ماشہ، صبر زرد ۲ ماشہ، کندر ۲ ماشہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو پیس کر حسب دستور حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر مادر صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم چوہدری عبدالحمید صاحب چک ۱۲-ایم بی براستہ قائد آباد تحصیل خوشاب ضلع سرگودہا۔

۱۱۷۵۔ **حب ام الصبیان:** اجزاء: جند بیدستر ۲ ماشہ، جدوار خطائی ا تولہ، عود صلیب ا تولہ، عسل خالص ا تولہ۔
ترکیب ساختن: جملہ اجزاء کو پیس کر ہمراہ شہد کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں، دورہ کی صورت میں دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص: ام الصبیان اور اٹھرا کے لئے نہایت مفید ہے۔
عطیہ: حکیم یعقوب علی صاحب سکنہ منڈی ہیرا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع ساہیوال

۱۱۷۶۔ **حب ام الصبیان:** اجزاء: کندر ا تولہ، جند بیدستر ا تولہ، عود صلیب ا تولہ، صبر ا تولہ۔
ترکیب ساختن: جملہ اجزاء کو پیس کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
مقدار خوراک: ایک حب شیر مادر میں حل کر کے کھلائیں۔
افعال وخواص: ام الصبیان میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم عبدالحی صاحب پوسٹ چیلڈ و دایاکندری ضلع تھرپارکر۔

۱۱۷۷۔ **حب ام الصبیان:** اجزاء: جند بیدستر ا ماشہ، زعفران اصلی ا ماشہ، صبر ا ماشہ، جدوار خطائی ا ماشہ سقمونیا مشوی ا ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ا ماشہ، ریوند خطائی ا ماشہ، دارچینی ا ماشہ، مشک خالص ا ماشہ، فادزہر معدنی ا ماشہ، تنگ لیشب ا ماشہ
ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر کھرل کریں اور ہمراہ عرق گلاب حبوب بقدر دانہ خردل بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک تا ۲ حب حسب العمر شیر مادر میں حل کر کے کھلائیں اسی طرح دن میں تین بار کھلائیں۔
افعال وخواص: ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: حکیم عبدالعلیم صاحب پوسٹ آفس ملکانی شریف دیا جھنڈو تعلقہ ٹنڈو باگو ضلع حیدرآباد

۱۱۷۸۔ **حب جدوار:** اجزاء: جدوار خطائی ا تولہ، جند بیدستر ا تولہ، شہد بقدر ضرورت۔
ترکیب ساختن: ادویہ کو کوٹ چھان کر قدرے شہد سے کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونٹھ بنائیں۔
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص: مرض ام الصبیان میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم محمد یونس صاحب منڈی ہیرا سنگھ تحصیل دیپالپور ضلع ساہیوال

۱۱۷۹۔ **حب مرجند:** اجزاء: مرکی ۲ ماشہ، جند بیدستر ۲ ماشہ، عود صلیب ۲ ماشہ، جدوار خطائی ۲ ماشہ، فادزہر معدنی خطائی ۲ ماشہ، حلتیت ۲ ماشہ، زعفران ا ماشہ۔
ترکیب ساختن: حسب دستور سب ادویہ کو باریک کر کے ملا کر کھرل کریں اور ہمراہ عرق بادیان حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔ متواتر کھلانے سے فائدہ ہوتا ہے۔

عطیہ : حکیم محمد شفیع۔ کوارٹر نمبر ۱۴ یونٹ ۸ لطیف آباد۔ حیدر آباد (سندھ)

۱۱۸۰۔ **حب جند بیدستر** : اجزاء : جند بیدستر ۲ ماشہ، کمون ابیض ۲ ماشہ، عود صلیب ۲ ماشہ، تربد سفید مجوف ا تولہ، مویز منقیٰ ا تولہ، مشک خالص ۲ رتی۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر حبوب بقدر نخود بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ جوشاندہ گلقند صبح و شام کھلائیں۔

افعال و خواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام احمد تیور صاحب محلہ معظم شاہ چنیوٹ ضلع جھنگ

۱۱۸۱۔ **حب جوز** : اجزاء : جوز بوا ۲ ماشہ، حلتیت ا ماشہ، قرنفل ا ماشہ۔

ترکیب ساخت : جملہ اجزا کو پیس کر حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک حب پانی میں گھس کر صبح و شام کھلائیں۔ عرق بادیان زیادہ مفید ہے۔

افعال و خواص : ام الصبیان اور کزاز کے لئے نافع ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۱۱۸۲۔ **حب حلتیت مرکب** : اجزاء : مشک خالص ا ماشہ، جند بیدستر ۲ ماشہ، عود صلیب ۳ ماشہ، جدوار خطائی ۳ ماشہ، زعفران ۱½ ماشہ، حلتیت ۲ ماشہ، صبر ۹ ماشہ، فادزہر حیوانی ۲ ماشہ (گاؤ لوچن)، شہد بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ کر بار چہ بیز کر کے ہمراہ آب بقدر دانہ مونگ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب شیر مادر میں حل کر کے کھلائیں۔

افعال و خواص : صرع اطفال، ام الصبیان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم نذیر احمد صاحب للیانی۔ تحصیل قصور ضلع لاہور

۱۱۸۳۔ **حب زعفران** : فادزہر معدنی خطائی ا تولہ، نارجیل دریائی (زرد رنگ) ا تولہ، مغز تخم کنول گٹہ ا تولہ، طباشیر کبود ا تولہ، مروارید ناسفتہ ۳ ماشہ، زعفران کشمیری ۳ ماشہ، مشک ۱½ ماشہ، بنات سفید ۵ تولہ، عود صلیب ۲½ تولہ، دواء المسک معتدل سادہ ۵ تولہ۔

ترکیب ساخت : حسب دستور سب اجزا کو باریک کر کے دواء المسک میں ملا کر حبوب بقدر دو رتی بنائیں۔

مقدار خوراک : ایک تا دو حبوب ہمراہ شیر مادر یا شیر گاؤ دن میں چار بار کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے علاوہ دق الاطفال میں بھی مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد احمد صاحب بشر امرتسری۔ اتحاد یونانی دواخانہ صدر بازار لاہور کینٹ۔ لاہور

۱۱۸۴۔ **حب سلحفاۃ** : اجزا : آرد جو ۵ تولہ، خون سنگ پشت بقدر ضرورت۔

ترکیب ساختن : آرد جو کو خون کچھوا میں بھگو کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص : سات دن میں مرض جاتا رہے گا، ام الصبیان اور صرع میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۸۵۔ **حب صبر مرکب** : اجزا : زعفران ۱ ماشہ، صبر زرد ۱ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ، جدوار نفنجی ۲ ماشہ، جند بیدستر ۲ ماشہ، بادیان رومی ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۲ ماشہ، عود صلیب ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن : جملہ اجزا کو خوب باریک کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر مادر صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے نہایت مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد انور صاحب۔ چوک بیری والا شیخوپورہ

۱۱۸۶۔ **حب کندر** : اجزا : جند بیدستر ۳ ماشہ، کندر ۳ ماشہ، صبر زرد ۳ ماشہ۔

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر ہمراہ عرق بادیان حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک تا ۲ حب حسب عمر بچہ شیر مادر یا آب تازہ میں حل کر کے کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سلطان محمود صاحب موضع کوڈیوالہ تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

۱۱۸۷۔ **حب مشک** : اجزا : جدوار خطائی ۲ ماشہ، جند بیدستر ۳ ماشہ، کافور ۳ ماشہ، مشک خالص ۱ ماشہ۔

ترکیب ساختن : ادویہ کو باریک کر کے ہمراہ شہد بقدر دانہ موٹھ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ شیر مادر کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔ صرع اطفال کو بھی مفید ہے۔

عطیہ : طبیبہ امت اللہ بیگم سیفی دواخانہ۔ لارنس روڈ۔ کراچی۔

۱۱۸۸۔ **دوائے ام الصبیان** : اجزا : فلفل سیاہ ۱ تولہ، زرنباد ۱ تولہ، منڈی بوٹی ۱ تولہ، مغز تخم نیب ۱ تولہ، مغز تخم بکائن ۱ تولہ، نانخواہ ۱ تولہ، ترمد سفید مجوف ۱ تولہ، فودنج ۱ تولہ، پوست طیلہ ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ اجزاء کو حسب دستور پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک تا دو ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام ابتداء ایام حمل تا آخر ایام رضاعت والدہ پسر کو کھلائیں۔
افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم محمد بخش صاحب جامع محمدی شریف پتہ نذارد۔

۱۱۸۹۔ **دوائے ام الصبیان** : اجزاء : تربد سفید مجوف ۱ تولہ، فودنج ۱ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔
ترکیب ساختن : سب اشیاء کو پیس کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ایک سال کے بچے کو ایک ماشہ دوا، عرق بادیان میں حل کر کے بوقت صبح پلائیں۔
افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔
عطیہ : حکیم احمد دین صاحب بھٹی لدھیانوی موضع ونی تحصیل حافظ آباد ضلع گوجرانوالہ۔

۱۱۹۰۔ **دوائے ام الصبیان** : اجزاء : دانہ قاقلہ صغار ۱ تولہ، سفر جل ہندی (بیل گری) ۱ تولہ، تخم خرفہ ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ۔ پوست سنگ دانہ مرغ ۱ تولہ، عود ہندی ۱ تولہ، حب الآس ۱ تولہ۔
ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کا حسب دستور معروف سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۴ برنج تا ایک رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ صبح و شام کھلائیں۔
افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔
عطیہ : حکیم مولوی احمد دین صاحب موضع بھٹو منڈ ضلع گوجرانوالہ۔

۱۱۹۱۔ **سفوف عود صلیب** : اجزاء : جدوار خطائی ۱ ماشہ، فادزہر حیوانی (گاؤ زلوچن) ۱ ماشہ، فادزہر معدنی ایک ماشہ۔ جندبیدستر ۱ ماشہ، عود صلیب ۱ ماشہ۔
ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۲ چاول تا ۴ چاول سفوف حسب عمر ہمراہ عرق گلاب ۴ بار کھلائیں۔
افعال وخواص : ام الصبیان وصرع اطفال میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم غلام محمد صاحب سکنہ ننھالہ خاں خاناں ضلع لاہور

۱۱۹۲۔ **لعوق کرنڈ** : اجزاء : کرنڈ بوٹی ۱ پاؤ، عسل خالص ۵ تولہ۔
ترکیب ساختن : مذکورہ بوٹی کو کوب کر کے ایک پاؤ پانی میں پکائیں ایک چھٹانک رہنے پر مل چھان کر عسل خالص ۵ تولہ ملا کر پکائیں قوام ہونے پر اتار کر رکھ لیں۔

مقدار خوراک : ایک پچہ چائے چٹائیں اور دن میں تین بار اور بوقت خواب بھی چٹائیں

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد قاسم صاحب کامل طب والجراحت لاہور۔

۱۱۹۳۔ **معجون ام الصبیان** : اجزاء : بیخ طرخون (عاقرقرحا) ۳ ماشہ، شاہترہ ۱ تولہ، عسل خالص ۲ تولہ۔

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو پیس کر حسب دستور معروف معجون تیار کریں۔

مقدار خوراک : ۴ رتی معجون ہمراہ بدرقہ مناسبہ حسب العمر کھلائیں۔

افعال وخواص : ام الصبیان کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم غلام حسین صاحب خطیب جامع مسجد شادیوال۔ ضلع لاہور

قلاع

۱۱۹۴۔ **دوائے قلاع** : اجزاء : گل احمر دگیر ۱ ماشہ، تنکار ۱ ماشہ، کات ۱ ماشہ، فاقلہ صغار ۱ ماشہ، چرم کہنہ سوختہ ۱ ماشہ، گاؤزبان ۲ ماشہ، طباشیر کبود ۱ ماشہ

ترکیب ساختن : جملہ ادویہ کو حسب دستور پیس کر رکھیں۔

ترکیب استعمال : بوقت ضرورت شہد میں ملا کر زبان اور تالو پر لگائیں۔

افعال وخواص : قلاع میں عجیب الاثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد۔

۱۱۹۵۔ **ذرور قلاع** : اجزاء : گاؤزبان سوختہ ۱ ماشہ، کبابہ ۱ ماشہ، دانہ ہیل کلاں ۱ ماشہ، کات سفید ۲ ماشہ، طباشیر کبود ۱ ماشہ، نانخواہ معمولی ۱ ماشہ

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال : حسب دستور منہ میں بر کیں۔

افعال وخواص : قلاع میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یوسف علی صاحب نقوی، چک جھمرہ۔ ضلع لائل پور

۱۱۹۶۔ **ذرور قلاع** : اجزاء : طباشیر کبود ۱ تولہ، کات ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں ۱ تولہ، سنگجراحت ۱ تولہ۔

ترکیب ساختن : سب اجزاء کو پیس کر سفوف تیار کریں اور محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : بوقت ضرورت منہ میں بر کیں۔

افعال وخواص : قلاع اطفال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم چوہدری فتح محمد صاحب۔ سکنہ تتہ پانی۔

ورم لوزتین

۱۱۹۷۔ **ضماد ورم لوزتین اطفال :** اجزاء : طباشیر کبود ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، کھنسب کہنہ ایک تولہ، گل مغیلاں ایک تولہ،

ترکیب ساختن : سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ایک ماشہ دوا، تر پھریری کو آلودہ کرکے لگائیں۔

افعال وخواص : ورم لہاۃ، ورم لوزتین اطفال کو مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید منور شاہ صاحب پنڈ دادنخان۔ ضلع جہلم۔

ضیق النفس

۱۱۹۸۔ **دوائے ضیق الاطفال :** اجزاء : عصارہ ریوند ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۱ تولہ، شورہ قلمی ۱ تولہ،

ترکیب ساختن : سب کو پیس کر سفوف بنالیں۔

مقدار خوراک : ایک رتی تا ۲ رتی سفوف ہمراہ شیر مادر یا آب امونیز ہر ۳ ساعت بعد کھلائیں۔

افعال وخواص : ضیق الاطفال اور قبض میں مؤثر ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ کا نام و پتہ ندارد۔

۱۱۹۹۔ **دوائے ضیق الاطفال :** اجزاء : تمر خیار شنبر پختہ ۱ عدد، ملح العجین نمک سانبھر حسب ضرورت۔

ترکیب ساختن : پھلی املتاس کے اندر جس قدر نمک سانبھر سائیدہ آسکے بھر کر جلا کر کوئلہ کرلیں اور پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ رتی تا ۱ ماشہ دوا، ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال وخواص : ضیق الاطفال، کالی کھانسی (شہقہ)، ذات الریہ اور قبض میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم رمضان علی صاحب بستی منظور آباد۔

سُعال

۱۲۰۰۔ **حب شکر تیغال :** اجزاء : شکر تیغال ۴ ماشہ، خشخاش سفید ۶ ماشہ، رب السوس ۶ ماشہ، افیون خام ۶ ماشہ، صمغ عربی ۶ ماشہ۔

ترکیب ساختن :- جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر ہمراہ آب کھرل کر کے حبوب بقدر فلفل سیاہ تیار کریں

مقدار خوراک :- ۱ تا ۲ حب ہمراہ عرق گاؤزبان ۵ تولہ، شربت بنفشہ ۱ تولہ کھلائیں، بچوں کو حسب العمر چوتھائی تا ایک حب کھلائیں۔

افعال و خواص :- بچوں کے سرفہ اور اسہال سبز میں مفید ہے، بڑوں کے نزلہ حار میں بھی مفید ہے۔

عطیہ :- حکیم عبدالمنان صاحب میرتول پھلیلی بازار حیدر آباد (سندھ)

۱۲۰۱۔ **سفوف ترکٹا والا** : اجزا : زنجبیل ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، کاکڑا سنگی ۱ تولہ، ملح اسود ۱ تولہ، ملح العجین ۱ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، پوست بلیلہ ۱ تولہ، آملہ مصفیٰ ۱ تولہ، جوکھار ۱ تولہ، پھوکرمول ۱ تولہ

ترکیب ساختن :- تمام ادویہ کو حسب دستور کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں

مقدار خوراک :- ۴ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب گرم یا شربت بنفشہ میں ملا کر دن میں تین بار چٹائیں

افعال و خواص :- شہیقہ (کالی کھانسی) اطفال میں مفید ہے

عطیہ : حکیم حافظ عبدالواحد صاحب نقشبندیہ دواخانہ منڈی مریدکے۔ ضلع شیخوپورہ

۱۲۰۲۔ **سفوف تنکار** :- اجزا : تنکار بریاں ۱ تولہ، فلفل سیاہ ۱ تولہ

ترکیب ساختن : دونوں اشیاء کو پیس کر لعاب کھیگوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنا لیں۔

مقدار خوراک : ایک حب شیر مادر میں گھس کر پلائیں۔

افعال و خواص : بچوں کی سرد موسم کی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی محمد شفیع صاحب مدنی دواخانہ ساھیوال

۱۲۰۳۔ **سفوف خارخسک** : اجزا : خارخسک محرق ۵ تولہ، خار داثر گونہ محرق ۵ تولہ جوہر خود بیج ۶ ماشہ

ترکیب ساختن : اوّل دونوں اجزا کو ملا کر خاکستر کر لیں اور باریک کر کے ۶ ماشہ عرق گلاب خالص سے ۳ دن خوب کھرل کریں اب اس میں ست پودینہ ملا کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۱ ماشہ دوا کو شہد خالص ۵ تولہ میں ملا کر ۴ رتی تا ۲ ماشہ حسب عمر آدھ آدھ گھنٹہ بعد بچہ کو چٹائیں۔

افعال و خواص : شہیقہ (کالی کھانسی) میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سید احمد علی شاہ صاحب شمیم ۹۵ عمر دین روڈ وسن پورہ لاہور

شہقہ

۱۲۰۴۔ حب شہقہ: اجزاء: افیون ایک ماشہ، بذرالبنج ۲ ماشہ، کافور ۴ ماشہ، صمغ عربی، صمغ القتاد (کتیرا) ۴ ماشہ، رب السوس ۴ ماشہ، شکر تیغال ۴ ماشہ، میعہ سائلہ ۴ ماشہ، لوبان ۴ ماشہ، مرکی ۴ ماشہ، کندر ۴ ماشہ، کاکڑا سنگی ۴ ماشہ

ترکیب ساختن: سب ادویہ الگ الگ پیس کر عرق بادیاں سے کھرل کر کے بقدر دانہ مونگ حبوب بنائیں

مقدار خوراک: حسب عمر ۱تا ۲ حب ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: شہقہ میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید محمود الحسن صاحب پاشا سرپ جامع چوک ساہیوال

۱۲۰۵۔ دوائے شہقہ: اجزاء: ملح اسود ۱ تولہ، ملح النار (نوشادر) ۱ تولہ، نطرون (سجی) ۱ تولہ، گل بادنجان وحشی (گل کٹائی خورد) ۱ تولہ۔ تنکار ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزاء کو کوٹ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے ۴ سیر اوپلوں کی آگ دیں، سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔

مقدار خوراک: ارتی دوا نبات سفید میں ملا کر چٹائیں

افعال و خواص: شہقہ (کالی کھانسی) میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد سلیمان خاں صاحب سکنہ رتن پور تحصیل شکر گڑھ، ضلع سیالکوٹ

۱۲۰۶۔ دوائے شہقہ: اجزاء: فلفل سیاہ ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، نطرون ۱ تولہ، ملح ۱ تولہ، قند سیاہ ۱ تولہ، انار دانہ ۵ تولہ

ترکیب ساختن: تمام ادویہ کو خوب کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب بچہ کو ہمراہ آب دن میں تین بار کھلائیں۔

افعال و خواص: شہقہ کے لئے مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد داؤد صاحب مرالیوالہ

۱۲۰۷ دوائے شہقہ: اجزاء: ماہی امیز نمک حسب ضرورت

ترکیب ساختن: مچھلی کو اچھی طرح صاف کر کے اس کے پیٹ میں نمک بھر دیں، پھر کوری ہنڈیا میں گل حکمت کر کے ۲۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں یہ عمل رات کو کریں۔ صبح نکال کر پیس کر استعمال کریں۔

مقدار خوراک: ارتی دوا ہمراہ مسکہ گاؤ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: شہیقہ میں خصوصاً اور سعال میں عموماً فائدہ مند ہے

۱۲۰۸۔ **دوائے شہیقہ**: اجزاء: تنکار ا تولہ، شہر تال گئودنتی ا تولہ، سوڈا بائیکارب ا تولہ، گل احمر ا تولہ

ترکیب ساختن: تمام ادویہ کو باریک پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۲ رتی دوا ہمراہ شربت نبات سادہ دن میں تین بار کھلائیں

افعال وخواص: شہیقہ میں مفید ہے

عطیہ: حکیم سرور خاں صاحب رنگ پورہ روڈ سیالکوٹ

۱۲۰۹ **دوائے شہیقہ**: اجزاء: گل بادنجان دشتی (گل کٹائی خورد) ۲ تولہ، گل وخلی ابیض (گل کبر سفید) ۲ تولہ، گل عشر (گل مدار) ۲ تولہ

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو پیس کر ایک گولہ سا بنالیں۔ بعدازاں اس پر کچا دھاگہ ۲۰ تولہ لپیٹ کر آگ کا انگارہ لگادیں اور ہوا سے محفوظ رکھیں۔ جب جل کر سرد ہوجائے تو دوا مذکور کو خوب پیش کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ رتی دوا ہمراہ آب تازہ کھلائیں۔

افعال وخواص: کالی کھانسی کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔

عطیہ: حکیم غلام رسول صاحب پاک پتن ضلع ساہیوال

۱۲۱۰۔ **دوائے شہیقہ**: اجزاء: جوکھار ۲ ماشہ، فلفل سیاہ ۲ ماشہ، فلفل دراز ا تولہ، انار دانہ ۲ تولہ، قند سیاہ ۴ تولہ

ترکیب ساختن: سب کو کوٹ چھان کر، قند سیاہ میں ملا کر سفوف تیار کرلیں

مقدار خوراک: ۴ رتی تا ا ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ حسب عمر کھلائیں

افعال وخواص: شہیقہ (کالی کھانسی) کو مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد شریف شاہ صاحب ساجد میڈیکل سٹور خیر پور سادات ضلع مظفر گڑھ

۱۲۱۱۔ **دوائے موز**: اجزاء: شب یمانی ا تولہ آب موز (کیلا) ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن: شب یمانی کو تابہ آہنی پر رکھ کر اوپر آب موز کا چوبہ دیتے رہیں، ختم ہونے پر بریاں کرکے نیچے اتار کر پیس کر رکھیں

مقدار خوراک: ۱ رتی دوا ہمراہ بالائی شیر بوقت عصر یا پانی میں حل کرکے پلائیں

افعال وخواص: شہیقہ (کالی کھانسی) کے لئے مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد عارف گڈ گور تحصیل پسرور

۱۲۱۲۔ **سفوف اصل السوس** اجزا: کاکڑاسنگی ۳ ماشہ تنکار بریاں ۳ ماشہ، اصل السوس مقشر ۳ ماشہ

خار واژگونہ ۳ ماشہ، بزر البنج ۳ ماشہ

ترکیب ساخت: سب اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۲ تا ۴ رتی سفوف حسب عمر چھوٹے بچوں کو شہد ایک چمچہ میں ملا کر چٹائیں

افعال وخواص: شہقہ میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد

۱۲۱۳۔ **سفوف شہقہ** اجزا: بادیاں ۱ تولہ، طباشیر ۱ تولہ، گل زوفا ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں ۱ تولہ، تربد سفید

مجوف ۱ تولہ، فودنج ۱ تولہ، کاکڑاسنگی ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، تنکار بریاں ۱ تولہ، صمغ القتاد ۱ تولہ دارچینی ۶ ماشہ

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر باریک کرکے محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۴ رتی سفوف شہد یا شربت مناسب میں ملا کر بچے کو چٹائیں

افعال وخواص: کالی کھانسی، سوءہضم، قبض، اسہال، بخار اور قے میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم عبداللہ خاں صاحب چک ۳/۷ ۴۰R تحصیل وضلع ساہیوال

۱۲۱۴ **سفوف کاکڑاسنگی والا** اجزا: کاکڑاسنگی ۵ تولہ، فلفل دراز ۳ تولہ، رب السوس ۲ تولہ، مغز بادام شیریں

۱ تولہ، صمغ عربی ۱ تولہ، نانخواہ ۱/۲ ۲ تولہ تنکار ۱ تولہ

ترکیب ساخت: سب کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۱ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ آب بعد از غذا صبح وشام کھلائیں۔

افعال وخواص: شہقہ (کالی کھانسی) میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم سردار محمد چک E.B/۱۷۵ ماچھی وال (ضلع ملتان)

۱۲۱۵۔ **سفوف کٹائی** اجزا: تنکار ۶ ماشہ، ملح النار (نوشادر) ۶ ماشہ، نطرون (سجی) ۶ ماشہ، ملح اسود

(کالا لون) ۶ ماشہ بزر البنج ۱/۲ ۱ تولہ، کٹائی خورد ۶ تولہ

ترکیب ساخت: سب اشیا کو معہ پھل کٹائی خورد کو زہ گلی میں گل حکمت کرکے ۶ سیر اوپلوں کی آگ

دیں، سرد ہونے پر نکالیں اور پیس کر رکھیں۔

مقدار خوراک: ۴ رتی سفوف ہمراہ آب صبح وشام کھلائیں

افعال وخواص: شہقہ میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم محمد ایوب صاحب اسلام آباد لائل پور

۱۲۱۶- لعوق شہقہ : اجزا : خاکستر خار داز گونہ ر گندا) ا تولہ، خاکستر برگ موز (کیلا) ا تولہ، عسل خالص ۱۰ تولہ

ترکیب ساختن حسب دستور ملاکر لعوق تیار کریں

مقدار خوراک : حسب عمر بچوں اور بوڑھوں کو ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ چٹائیں۔

افعال و خواص : شہقہ میں مفید ہے

عطیہ حکیم محمد اشرف صاحب رکھانوالہ تحصیل قصور

ذات الریہ

۱۲۱۷- حب توتیا : اجزا : توتیا اخضر بریاں ۶ ماشہ، تنکار بریاں ۶ ماشہ

ترکیب ساختن : دونوں اجزا کو شیر بز میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنائیں

مقدار خوراک : ا تا ۲ حب حسب عمر بوقت ضرورت شیر مادر سے یا آب میں حل کر کے کھلائیں

افعال و خواص : ذات الریہ اطفال کو مفید ہے

عطیہ : حکیم عبدالکریم صاحب میاں چنوں، تحصیل خانیوال، ضلع ملتان

۱۲۱۸- حب رب السوس اجزا : بادیاں ا تولہ، نانخواہ ا تولہ، رب السوس ا تولہ، عقرقرحا ا تولہ، تنکار ا تولہ، ملح انار ا تولہ

ترکیب ساختن : سب اجزا کو کوٹ چھان کر ہمراہ عرق بادیاں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں

مقدار خوراک : ایک دن سے چھ ماہ کے بچے کو نصف حب دو سال تک ایک حب ہمراہ عرق بادیاں نیم گرم۔

افعال و خواص : ذات الریہ اطفال، نزلہ زکام، قے اور اسہال بوجہ سردی میں مفید ہے

عطیہ : حکیم سید امیر حسن صاحب قصبہ شہری، تعلقہ، ہیرورہ، ضلع خیرپور

۱۲۱۹- حب عصارہ اجزا : عصارہ ریوند ا تولہ، صبر زرد ا تولہ، مصطگی رومی ا تولہ، عصارہ گھیکوار بقدر ضرورت

ترکیب ساختن : ہر سہ ادویہ کو پیس کر عصارہ گھیکوار میں کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ موٹھ بنائیں

مقدار خوراک ایک حب ہمراہ آب یا شیر مادر میں حل کر کے صبح و شام پلائیں۔

افعال و خواص : ذات الریہ اطفال میں موثر ہے

عطیہ حکیم مقبول احمد صاحب منڈی صادق گنج تحصیل منچن آباد ضلع بہاولنگر۔

۱۲۲۰۔ **حب زعفران** اجزاء: شیر خر مادہ ۴ تولہ، زعفران ۱ تولہ (عصارہ ریوند) دم الاخوین ۲ تولہ
ترکیب ساختن: شیر خر اور خونِ خرگوش کو خوب کھرل کریں بعد ازاں عصارہ ریوند سائیدہ خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر ایک رتی بنائیں اور محفوظ رکھیں
مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب گرم یا شیر مادر صبح و شام کھلائیں اگر بچہ چھوٹا ہو تو نصف حب کھلائیں
افعال و خواص: نمونیہ (ذات الریہ) اطفال میں مفید ہے۔

۱۲۲۱ **دوائے ذات الریہ** اجزاء: کشتہ بارہ سنگا ۱ ماشہ، زنجبیل ۱ ماشہ، کاکڑا سنگی ۲ ماشہ
ترکیب ساختن: سب اجزا کو پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں
مقدار خوراک: ۲ رتی دوا ہمراہ عرق گاؤزبان ہر چار گھنٹہ بعد کھلائیں اور حسب ذیل نسخہ بھی پلائیں
افعال و خواص: ذات الریہ کے لئے مفید ہے۔
عطیہ: نسخہ معاون مندرجہ بالا

۱۲۲۲ **جوشاندہ ذات الریہ اطفال (معاون)** اجزاء: عناب ۲ دانہ، گل بنفشہ ۲ ماشہ، انجیر زرد ½ عدد اصل السوس ۱ ماشہ، زوفا ۱ ماشہ، سپستان ۳ دانہ
ترکیب ساختن: سب ادویہ کو ۱۰ تولہ پانی میں جوش دے کر ۱ تولہ شہد سے یا ۲ تولہ شربت بنفشہ سے شیریں کر کے جرعہ جرعہ پلاتے رہیں۔
افعال و خواص: نسخہ مندرجہ بالا کے ہمراہ ضرور پلائیں ذات الریہ میں مفید ہے
عطیہ: حکیم محمد شریف صاحب پتہ ندارد

دوائے ذات الریہ اطفال: اجزاء: تخم بادنجان دشتی ۲ ماشہ، عصارہ ریوند ۲ ماشہ، تنکار ۲ ماشہ
ترکیب ساختن: سب ادویہ کو پیس کر ہمراہ عرق بادیان کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنائیں۔
مقدار خوراک: ۱ تا ۲ حب حسب عمر ہمراہ شیر مادر یا عرق بادیان صبح و شام کھلائیں۔
افعال و خواص: ذات الریہ اطفال میں مفید ہے۔
عطیہ: حکیم امان اللہ صاحب مقام برکی لاہور

۱۲۲۳۔ **سفوف جند**: اجزاء: فادزہر حیوانی ۱ تولہ، جند بیدستر ۳ ماشہ
ترکیب ساختن: ہر دو کو پیس کر رکھیں۔
مقدار خوراک: ۲ رتی سفوف ہر چار گھنٹہ بعد پانی میں حل کر کے پلائیں قبض ہو تو رفع کر لیں۔

افعال و خواص : ذات الریہ اطفال ایک دن میں رفع ہو جائے گا

۱۲۲۴- **سفوف تنکار** :- اجزا: تنکار بریاں ۱ تولہ، قرنفل ۶ ماشہ، ایلوا ۳ ماشہ
ترکیب ساختن : سب اجزا کو پیس کر محفوظ رکھیں
مقدار خوراک : دو تا چار رتی سفوف مادر شیر میں حل کر کے پلا دیں اور بچہ کو لحاف میں ادھ گھنٹہ تک رکھیں تاکہ گرم ہو جائے ایک ہی خوراک سے آرام آجائے گا۔ اگر کچھ مرض باقی رہ جائے تو دوسری خوراک دے سکتے ہیں۔
افعال و خواص : ذات الریہ ہر قسم میں مفید ہے۔
حکیم عبد اللطیف صاحب پرانا کاہنہ ضلع لاہور

۱۲۲۵- **سلاجیت** ، اجزا: سلاجیت ۱ رتی
ترکیب ساختن : سلاجیت اصل کو شیر مادر میں حل کر کے پلائیں۔ ایک خوراک صبح۔ اگر مرض ترقی پذیر ہو تو بوقت شام دوسری خوراک دیں ورنہ ایک خوراک ہی کافی ہے۔ اس سے فوراً صحت ہو جاتی ہے۔
افعال و خواص : ذات الریہ اطفال میں موثر ہے۔
عطیہ حکیم رحمت خان صاحب چک نمبر 15/5L تحصیل و ضلع ساہیوال

اسہال

۱۲۲۶- **سفوف بادیاں رومی** اجزا: بادیاں رومی (انیسوں) ۶ ماشہ، زرنباد ۶ ماشہ، سوڈا بائیکارب ۳ ماشہ ریوند خطائی ۳ ماشہ۔
ترکیب ساختن : حسب دستور سب ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور محفوظ رکھیں
مقدار خوراک ، ۲ تا ۴ رتی سفوف حسب عمر عرق بادیاں میں حل کر کے تین بار پلائیں
افعال و خواص : بچوں کے دستوں میں مفید ہے
عطیہ ، حکیم محمد امجد صاحب، عارف بازار بورے والا

۱۲۲۷- **سفوف طباشیر** ، اجزا، طباشیر کبود ۶ ماشہ، جادزہر خطائی ۶ ماشہ، زرورد ۶ ماشہ، صدف صادق ۶ ماشہ، گلنار ۹ ماشہ
ترکیب ساختن ، ۱ تا ۲ رتی سفوف ہمراہ عرق بادیاں ۳ بار دن میں کھلائیں۔

افعال وخواص : اسہال اطفال میں مفید ہے۔

عطیہ صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد

۱۲۲۸۔ **سفوف طباشیر** اجزا، طباشیر کبود ۱ تولہ، صندل سفید ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، گرد سماق ۱ تولہ

ترکیب ساخت، سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک، ۱ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ حسب عمر مریض کھلائیں

افعال وخواص : اسہال صفراوی اطفال میں موثر ہے۔

عطیہ، صاحب نسخہ نام و پتہ ندارد

۱۲۲۹۔ **سفوف حابس** : اجزا: کمون ابیض ۱ تولہ، ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، بادیان ۱ تولہ، پوست خشخاش ۱ تولہ، نبات سفید ۱ تولہ

ترکیب ساخت، جملہ ادویات کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک : ۴ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں، کمی بیشی برائے طبیب

افعال وخواص: اسہال الاطفال میں موثر ہے۔

عطیہ : نام ومقام نامعلوم

۱۲۳۰۔ **سفوف گرد سماق** : اجزا: پوست دانہ سماق ۱ تولہ۔ بادیان ۱ تولہ، بادیان رومی ۱ تولہ، زنجبیل بریاں ۱ تولہ۔ انار دانہ بریاں ۱ تولہ۔ تخم قنب بریاں ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، کوکنار ۱ تولہ،

ترکیب ساخت : حسب دستور سب ادویہ کا سفوف بنا کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک : ۱ رتی تا ۱ ماشہ سفوف حسب عمر ہمراہ شیر بز یا شیر مادر دن میں تین بار کھلائیں

افعال وخواص: یہ سفوف اسہال اطفال میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم حافظ محمد اسماعیل صاحب عنایت پوری ضلع جھنگ۔

۱۲۳۱۔ **سفوف کات** : اجزا: آملہ مقشر ۲ ماشہ، بیخ ریباس ۲ ماشہ، کات ابیض ۲ ماشہ، زرورد ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، زرنباد ۱ تولہ

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۱ رتی تا ۱ ماشہ سفوف ہمراہ عرق بادیاں دن میں تین بار کھلائیں

افعال وخواص: اسہال اطفال ہر قسم میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد یوسف صاحب، موضع چیچہ ملتان

۱۲۳۲۔ **سفوفِ مس** : اجزا؛ گلِ سرخ ۱تولہ، بیخ ریباس ۱تولہ۔ زرنباد ۱تولہ، بادیان ۱تولہ، تنکار بریاں ۳ماشہ، ملح انار ۳ماشہ، ملح اسود ۱تولہ، نانخواہ ۱تولہ
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔
مقدار خوراک : ۱تا ۳ رتی سفوف حسب عمر ہمراہ شیر مادر یا آب تازہ کھلائیں۔
افعال و خواص : اسہال اطفال کے علاوہ دردِ شکم، بدہضمی، قبض وغیرہ کو بھی بہت مفید ہے (جنم گھٹی)

۱۲۳۳۔ **سفوف گل انار** : اجزا؛ گلنار ۱تولہ، کتیرا گوند ۱تولہ، صندل سفید ۱تولہ، گلِ ارمنی ۱تولہ
ترکیب ساخت : سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں
مقدار خوراک : ۱رتی تا ۱ماشہ سفوف حسب عمر ہمراہ شیر مادر کھلائیں
افعال و خواص : اسہال اطفال میں موثر ہے۔

۱۲۳۴۔ **نارجیل دریائی** : اجزا: سعد کوفی ۱تولہ، نارجیل دریائی دانہ ۱تولہ، ہیل خورد ۱تولہ۔ کاکڑا سنگی ۱تولہ، فاد زہر معدنی ۱تولہ، فلفل دراز ۱تولہ، صدف مروارید ی ۱تولہ، ست گلو ۱تولہ
ترکیب ساخت : سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار خوراک : ۱رتی تا ۴ رتی سفوف ہمراہ شیر مادر ۳بار دن میں کھلائیں
افعال و خواص : اسہال، سوء ہضم، قبض ، حمی، سعال، دق الاطفال میں مفید ہے۔
عطیہ : حکیم سردار علی صاحب گلی ۴۰۹/F-۲۲۔ واہ چھاؤنی۔

دق الاطفال

۱۲۳۵۔ **حب بادیان** : اجزا؛ سونف کے چاول ۱تولہ، گوداگھیکوار ۵تولہ
ترکیب ساخت : دونوں کو اس قدر کھرل کریں کہ مانند موم ہوجائے پھر حبوب بقدر نخود بنائیں
مقدار خوراک : ایک حب ہمراہ عرق گاؤزبان صبح و شام کھلائیں
افعال و خواص : دق الاطفال میں مفید ہے
عطیہ : حکیم پیر فضل کریم صاحب نامدوال ضلع سیالکوٹ

۱۲۳۶۔ **حب حجرالیہود** : اجزا ہڑتال ورقیہ سفید ۴ رتی، فادزہر معدنی ۶ماشہ، حجرالیہود ۶ماشہ، نارجیل دریائی ۶ماشہ

پوست ہلیلہ زرد ۲ ماشہ، مغز کنول گٹہ ۲ ماشہ، طباشیر کبود ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۲ ماشہ، زردرد ۲ ماشہ

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو پیس کر عرق گلاب سے کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک سال کے بچے کو دو حب ہمراہ شیر مادر یا آب تازہ صبح و شام کھلائیں

افعال و خواص: لاغر بچہ پندرہ بیس روز میں طاقتور ہو جاتا ہے۔ ہمیشہ کھلائی جائیں تو بچہ کے بیمار ہونے کا خدشہ نہیں رہتا۔ علاوہ ازیں بچہ کا بخار، پیاس، دست، قے بہت جلد رفع ہو جاتے ہیں اس سے قبض رفع دانتوں کا نکالنا آسان ہے۔

عطیہ: حکیم محمد نسیم صاحب مقام شہر بیہ ضلع ساہیوال

۱۲۳۷۔ حب دق اسرولی: اجزا: کہربا شمعی ۴ ماشہ، طباشیر کبود ۴ ماشہ، فادزہر معدنی ۴ ماشہ، ست گلو ۲ ماشہ، نارجیل دریائی ۲ ماشہ، دانہ ہیل خورد ۲ ماشہ، زردرد ۱۰ ماشہ، جل نیم تازہ ۱۰ ماشہ اسرول ۱۰ ماشہ

ترکیب ساختن: سب کو کوٹ چھان کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب شیر مادر یا آب تازہ میں گھس کر صبح و شام پلائیں

افعال و خواص: دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد عرفان صاحب مظفر نگری

۱۲۳۸۔ حب دق الاطفال زعفرانی: اجزا: مشک خالص ا ماشہ، زعفران ا ماشہ، مروارید ا ماشہ افیون ا ماشہ، بسباسہ ا ماشہ، جوزبوا ا ماشہ، مغز بادام شیریں ۵ عدد، مویز منقی ۵ عدد

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو باریک کوٹ کر کھرل کر کے خرما گٹھلی دور کرده میں بھر کر دھاگہ لپیٹ کر اس کے اوپر آٹا لگا دیں اسی طرح جتنے خرما تیار ہو جائیں۔ انہیں روغن گاؤ میں بریاں کر لیں۔ جب سرخ ہو جائیں نکال لیں۔ اور آٹا اتار کر خرما کو معہ دوا کوٹ کر کھرل میں ڈال کر اس میں مغز بادام شیریں، مویز منقی شامل کر کے خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر فلفل سیاہ بنائیں۔

مقدار خوراک: حسب عمر ایک تا دو حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص۔ دق الاطفال کے لئے مفید ہے۔

عطیہ حکیم محمد اشرف صاحب دواخانہ خاص۔ مین بازار، مزنگ لاہور

۱۲۳۹ حب دق الاطفال عود صلیب والی: اجزا: تخم بادنجان دشتی (تخم کٹائی خورد) ۱ تولہ، عصارہ ریوند ۲ تولہ، تنکار ا تولہ، عود صلیب ا تولہ، فادزہر معدنی ا تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کو کوٹ چھان کر بقدر دانہ مونگ حبوب بنائیں

مقدار خوراک: ایک تا دو حب ہمراہ آب گرم دن میں تین بار کھلائیں

افعال و خواص: دق الاطفال اور ام الصبیان میں مفید ہے

عطیہ: حکیم فیروز دین صاحب نیاز بیگ۔ ملتان روڈ لاہور

۱۲۴۰- **حب کات**: اجزاء: رسوت ۱ تولہ، کات ۱ تولہ، مغز بادام شیریں ۱ تولہ، مازو ۲ عدد، لعاب گھیکوار بقدر ضرورت۔

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو سفوف کر کے لعاب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنائیں

مقدار خوراک: ایک تا تین حب ہمراہ عرق پودینہ دن میں تین بار گھس کر پلائیں۔

افعال و خواص: دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم سید عبدالعلیم صاحب پتہ ندارد

۱۲۴۱- **حب کبد**: اجزاء: کبد بز نر (جو تندرست ہو) آدھ سیر، کشتہ فولاد ۱ تولہ، کشتہ صدف مرواریدی ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۶ ماشہ، کمون ابیض ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، سنگ دانہ مرغ ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، آب برگ ریحاں بقدر ضرورت۔

ترکیب ساختن: کبد بز کو تابہ آہنی پر رکھ کر آگ پر رکھیں اور کشتہ فولاد اور کشتہ صدف کی چٹکی دیتے جائیں۔ جب ختم ہو جائیں اور دوا پسنے کے قابل ہو جائے تو نیچے اتار کر باقی ادویہ سائیدہ شامل کر کے آب برگ ریحان سے کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ موٹھ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ بدرقہ مناسبہ دن میں تین بار کھلائیں

افعال و خواص: اسہال، دق الاطفال، دانت نکلنے کی تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ بچہ تندرست ہو جاتا ہے

عطیہ: حکیم محمد فاروق صاحب ٹھٹھہ پارسیاں

۱۲۴۲- **سفوف برگ قنب**: اجزاء: برگ قنب ۱ تولہ، کبد بز سیاہ خشک شدہ ۵ تولہ، سوڈا بائیکارب ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کا سفوف تیار کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا تین رتی سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ کھلائیں۔

افعال و خواص: دق الاطفال، قے، دست وغیرہ کے لئے مفید ہے

عطیہ: حکیم منظور علی صاحب سرانوالی براستہ پسرور تحصیل ڈسکہ ضلع سیالکوٹ

۱۲۴۳- **سفوف سرطان اسگندی**: اجزاء: سرطان محرق ۱ تولہ، اسگند ناگوری ۱ تولہ، گلوکوز ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں

مقدارخوراک : ایک تا ۲ رتی سفوف ہمراہ شربت عناب صبح وشام کھلائیں

افعال وخواص : دق الاطفال میں مفید ہے

عطیہ : حکیم مفتاح الدین سکنہ لونڈ خوڑ تحصیل وضلع مردان

۱۲۴۴ سفوف شونیز : اجزا : مرارہ گاؤمیش ۱ عدد، فلفل دراز بقدر ضرورت، شونیز ۱ ماشہ۔ ملح النار ۱ ماشہ زرنباد ۱ ماشہ۔

ترکیب ساخت : فلفل دراز کو مرارہ گاؤمیش میں بھر کر سایہ میں لٹکا دیں، خشک ہونے پر سفوف نکال لیں اب اس میں سے ایک تولہ سفوف اور باقی ادویہ کا مذکورہ سفوف شامل کر کے کھرل کر کے محفوظ رکھیں

مقدارخوراک : حسب عمر ایک دانہ خشخاش تا ایک چاول شیر مادر میں حل کر کے صبح وشام کھلائیں

افعال وخواص : دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم انور علی صاحب۔ سمندری

۱۲۴۵ سفوف خاکسی مدبر : اجزا : خاکسی ۵ تولہ

ترکیب ساخت : خاکسی کو کثافت سے پاک کر کے پوٹلی میں باندھ کر شیر بز تین پاؤ میں جوش دیں پھر خاکسی کو سایہ میں خشک کر کے دوبارہ شیر بز میں اسی طرح جوش دیں۔ اسی طرح تین بار عمل کریں خشک کر کے باریک سفوف تیار کریں۔

مقدارخوراک : ۲ رتی تا ۱ ماشہ سفوف شیر مادر میں حل کر کے صبح وشام پلائیں۔

افعال وخواص : دق الاطفال میں مفید ہے اس سے بخار بھی جاتا رہے گا۔ اور بچہ بھی تندرست ہو جائیگا

عطیہ : حکیم عبدالرحیم صاحب چک نمبر ۹ ۴ ۔ جڑانوالہ

۱۲۴۶ شربت عشر : اجزا : آب برگ عشر مقطر ۱ پاؤ، نبات سفید ۲ پاؤ

ترکیب ساخت : آب برگ عشر میں نبات سفید شامل کر کے حسب دستور شربت تیار کریں اور محفوظ رکھیں

مقدارخوراک : چھ ماہ کے بچے کو ۲ بوند ایک سال کے بچہ کو ۳ بوند دو سال تک چھ بوند، آٹھ سال تک کے بچے کو آٹھ بوند پانی میں حل کر کے پلائیں، دن میں دو بار۔

افعال وخواص : امراض الاطفال میں آب حیات۔ کمزور اور دبلے پتلے بچے موٹے تازے ہو جاتے ہیں دانت آسانی نکالتے ہیں۔ درد شکم، نفخ - سوء ہضم۔ قے قبض، کثرت لعاب دہن، پھوڑے پھنسیاں بخار، ذات الریہ، دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم مولوی محمد شفیع زاہد صاحب، گلی ماشکیاں نزد محلہ بکریاں والا وزیرآباد

۱۲۴۷- **سفوف کبد المماعز**: اجزا: کبد الماعز (بکری کا جگر) سوختہ ۲ تولہ، کمون ابیض ۶ ماشہ، طباشیر کبود ۶ ماشہ، ہیلہ خورد ۶ ماشہ، ست گلو ا تولہ، گلوکوز ۹ تولہ

ترکیب ساختن: جملہ ادویہ کو کوٹ چھان کر گلوکوز ملا کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ۲ رتی سفوف ہمراہ چہار عرق صبح و شام کھلائیں

افعال و خواص: دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم مولوی محمد سلیمان صاحب حال وارد چک ۹/۲۷۶ تحصیل لودھراں ضلع ملتان

کثیر الفوائد

۱۲۴۸- **جوشاندہ نزلہ اطفال**: اجزا: نانخواہ ا ماشہ، بادیان ا ماشہ، اصل السوس ا ماشہ، گل بنفشہ ۳ ماشہ، فلفل ۳ دانہ،

ترکیب ساختن: تمام اجزا کو جو کوب کر کے آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں نصف رہنے پر مل چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: بقدر ۳ تولہ جوشاندہ بوقت خواب پلائیں۔ اگر بچہ بیک وقت نہ پی سکے تو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے پلائیں۔

افعال و خواص: نزلہ زکام اطفال میں مفید ہے

عطیہ حکیم محمد بخش صاحب بھٹی، موضع کوڑے والا تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

۱۲۴۹- **گھٹی اصل السوس** اجزا: گل بنفشہ ا تولہ، اصل السوس مقشر ا تولہ، سنا مکی ا تولہ، گل سرخ ا تولہ پوست ا تولہ، ہلیلہ زرد ا تولہ، تخم کشوث ا تولہ، عنب الثعلب خشک ا تولہ، طمع ا سود ا تولہ نبات سفیدہ تولہ

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو پیس کر محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ا رتی تا ا ماشہ سفوف حسب عمر ہمراہ عرق بادیان کھلائیں

افعال و خواص: بچوں کے تمام امراض شکم و شش میں مفید ہے۔

عطیہ حکیم سدید الدین صاحب درگاہ بازار پاک پتن

۱۲۵۰ **جب کنول**: اجزا: طباشیر کبود ۶ ماشہ، دانہ ہیل کلاں ۶ ماشہ، مغز کنول گٹہ ۶ ماشہ، مغز تخم کدو شیریں ۶ ماشہ، تخم کاسنی ۶ ماشہ، تخم خرفہ ۶ ماشہ، تخم لیموں کاغذی ۶ ماشہ، فاد زہر خطائی ا تولہ نارجیل دریائی ا تولہ

ترکیب ساختن: اوّل زہر مہرہ اور نارجیل کو عرق گلاب میں خوب کھرل کریں، پھر دوسری ادویہ کا سفوف بنا کر شامل کریں اور سب کو ملا کر خوب کھرل کریں اور حبوب بقدر ایک ماشہ بنائیں

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ آب تازہ صبح و شام کھلائیں۔

افعال وخواص: امراض اطفال کے لئے تریاق ہے۔ بچوں کے اسہال، قے۔ بچے کا رنگ زرد ہونا، تشنگی اور حرارت کے لئے مفید ہے۔ دق الاطفال کو دور کر کے بچہ کو تندرست اور توانا کرتی ہے۔

۱۲۵۱۔ حب مقوی معدہ: اجزا: کمون ابیض ۹ ماشہ، جوزبوا ۲ ماشہ، بادیان ۲ ماشہ، نانخواہ ۱ ماشہ افیون ۲ رتی، انار خام ۱ عدد

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر انار خام میں بھر کر آٹے کا لیپ کر کے بھوبل میں دبا دیں۔ آٹا سرخ ہونے پر اتار کر ادویہ معہ انار کوٹ کر خوب کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ باجرہ بنائیں۔

مقدار خوراک: ایک حب ہمراہ عرق بادیان و گاؤزبان دن میں دو بار کھلائیں۔ یہ خوراک ایک سال کے بچے کے لئے ہے۔

افعال وخواص: بچوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔

عطیہ: حکیم محمد دین صاحب سکنہ مرجال تحصیل نارووال ضلع سیالکوٹ

۱۲۵۲۔ حب نارجیل دریائی: اجزا: برہمی بوٹی ۲ تولہ، پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ، حجرالیہود ۱ تولہ، نارجیل دریائی ۱ تولہ، مغز تخم کنول گٹہ ۱ تولہ، دانہ ہیل خورد ۱ تولہ، فادزہر معدنی ۱ تولہ، طباشیر کبود ۱ تولہ، ورق نقرہ ۲ ماشہ

ترکیب ساختن: سب ادویہ کو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں کھرل کر کے بقدر مونگ حبوب تیار کریں۔

مقدار خوراک: ایک حب شیر مادر میں گھس کر صبح و شام پلائیں۔

افعال وخواص: بچوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ خصوصاً جو امراض معدہ کی خرابی سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً سوءہضم، قے، اسہال یا دق الاطفال وغیرہ

عطیہ: حکیم محمود احمد صاحب عارف بازار بورے والا

۱۲۵۱۔ سفوف انیس: اجزا: انیس ۱ تولہ، فلفل دراز ۱ تولہ، سعد کوفی ۱ تولہ، کاکڑا سنگی ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک تا دو رتی سفوف شہد یا شربت بنفشہ میں ملا کر چٹائیں

افعال وخواص: بخار، اسہال، سعال، قے میں مفید ہے

عطیہ : حکیم سید مظفر علی شاہ صاحب رکھانوالہ تحصیل قصور ضلع لاہور

۱۲۵۴- **سفوف فودنج**: اجزاء: ہلیلہ زرد ۱ تولہ، فودنج ۱ تولہ، تربد سفید مجوف ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب ادویہ کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سفوف ایک برس کے بچے کے لئے دو ماشہ سفوف دو سال کے لئے اسی طرح حسب عمر کھلائیں۔

افعال وخواص: مرض خواہ بارد ہو یا حار ہو۔ مفرد ہو یا مرکب ہر مرض میں مفید ہے۔ اس لئے ام الصبیان صداع۔ سعال، ضیق النفس، وجع المعدہ، النفخ، قبض، قولنج، مغص وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے

عطیہ حکیم عبدالعزیز صاحب چک نمبر ۱۶۴/۹۔ل ضلع ساہیوال۔

۱۲۵۵- **سفوف قرفہ**: اجزاء: قرفہ ۱ تولہ، زنجبیل ۱ تولہ، دانہ ہیل کلاں ۱ تولہ

ترکیب ساختن: سب کو کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۴ رتی سفوف ہمراہ آب تازہ۔ دن میں تین بار حسب عمر مریض کو کھلائیں۔

افعال وخواص: نزلہ و زکام، ناک وحلق کی خراش میں مفید ہے۔

عطیہ : حکیم محمد بخش صاحب بھٹی موضع کوڑے والا تحصیل کبیر والا ضلع ملتان

۱۲۵۶- **شربت شبت**: اجزاء: تخم شبت ½ سیر، بھیاں ۱ پاؤ۔ فودنج ۳ پاؤ، کمون ابیض ۱۰ تولہ، ہیل خورد ۵ تولہ، نبات سفید ۵ سیر

ترکیب ساختن: حسب دستور ۲ بوتل عرق کشید کریں اور اس میں نبات سفید ڈال کر شربت تیار کریں

مقدار خوراک: ایک چھوٹا چمچ صبح وشام پلائیں۔

افعال وخواص: پیاس، دست، قے۔ خرابی خون اور دق الاطفال میں مفید ہے۔

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد

۱۲۵۷- **گھٹی حار**: اجزاء: حلتیت ½۱۰ ماشہ، روغن گاؤ ½۱۶ ماشہ، کات ابیض ۷ ماشہ، فلفل سفید ½۳ ماشہ، افیون ½۳ ماشہ، رسوت ۱ ماشہ، برگ نیم خشک ۱۱۱ عدد

ترکیب ساختن: اول حلتیت کو گھی میں بریاں کر لیں۔ پھر تمام ادویہ کو پیس کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: بچوں کو نصف رتی۔ بڑوں کو ایک رتی سفوف ہمراہ آب تازہ دیں۔

افعال وخواص: سعال بارد، اسہال، نزلہ زکام بارد اور زحیر کے لئے مفید ہے

عطیہ : صاحب نسخہ نام وپتہ ندارد

۱۲۵۸۔ **گھٹی قودنج:** اجزا: پوست ہلیلہ زرد ۵ تولہ، تربد سفید مجوف ۵ تولہ، فودنج ۵ تولہ، سنا مکی مصفیٰ ۲½ تولہ، بادیاں ۲½ تولہ، روغن بادام یا مغز بادام شیریں ۲½ تولہ

ترکیب ساختن: سب اجزا کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک: حسب عمر ایک سال کے بچہ کو ا ماشہ ہمراہ عرق بادیاں دن میں تین بار دیں۔

افعال وخواص: بچوں کے امراض میں بمنزلہ تریاق ہے۔ صداع۔ ضیق النفس، سرسام، ذات الریہ، صرع، سعال شدید، اکثر امراض معدہ، امعا، کبد میں مفید ہے۔ قبض، سدہ، ریح، وجع المعدہ وغیرہ امراض بارد ہوں یا حار، مفرد ہوں یا مرکب مفید ہے

عطیہ: حکیم محمد عظیم خاں صاحب، شکری ملی خیل تحصیل کرک ضلع کوہاٹ

امراض متعدیہ

۱۲۵۹۔ **علاج امراض متعدیہ اطفال:** اجزا: گاؤزبان ا تولہ، کشتہ صدف مروارید ۴ رتی، کشتہ شاخ مرجان ۴ رتی، ورق طلا ۲ عدد

ترکیب ساختن: اول گاؤزبان کو پیس کر رکھیں پھر ورق طلا اور کشتہ جات کو ملا کر عرق کیوڑہ ۵ تولہ یا عرق گلاب ۵ تولہ میں خوب کھرل کریں بعد ازاں سفوف گاؤزبان شامل کر کے کھرل کر کے محفوظ رکھیں

مقدار خوراک: ایک رتی ہمراہ آب تازہ دن میں تین بار کھلائیں

افعال وخواص: موتی جھرہ کے لئے مفید ہے۔

ہدایت: شیر خوار بچہ کے والدین جماع سے پرہیز کریں، سرد اشیا کے استعمال سے ماں بچہ دونوں کو پرہیز کرائیں۔ اگر بچہ کو پیاس کی زیادتی ہو تو درج ذیل اشیا کا جوشاندہ پلائیں۔

اجزا: خاکسی ا ماشہ۔ مویز منقیٰ ۵ دانہ، عناب ایرانی ۳ دانہ

ترکیب ساختن: پانی میں جوش دے کر چھان کر بقدر ضرورت بنات سفید ملا کر سرد کر کے دوران پیاس پلائیں تاکہ جلد میں خارش اور خون میں حدت اور تلخی پیدا نہ ہو۔

عطیہ: عنایت دواخانہ الکریم روڈ۔ قلعہ گوجر سنگھ لاہور

فائن پرنٹنگ ایجنسیز لاہور نے حنیف پریس لاہور سے چھپوایا۔ کتابت: محمد یعقوب چوہان